جادو کا پلٹنا خود دیکھیں



جمع وترتیب

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ پی ایچ ڈی (امریکہ)

جادو کا پلٹنا
خود دیکھیں

جمع و ترتیب

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی مدظلہٗ

پی۔ ایچ۔ ڈی (امریکہ)

دفتر ماہنامہ عبقری
عالمی مرکز روحانیت وامن 78/3 عبقری
اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

جملہ حقوق بحق ادارہ محفوظ ہیں

نام کتاب: جادو کا پلٹنا خود دیکھیں!
جمع و ترتیب: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی
ناشر: دفتر ماہنامہ عبقری مرکز روحانیت وامن عبقری اسٹریٹ
نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور
ایڈیشن: اول
قیمت: 350روپے

گھریلو الجھنوں سے نجات کیلئے لاکھوں لوگ اس ویب سائٹ سے استفادہ کرتے ہیں

Website:www.ubqari.org

042-37597605,37586453

یہ تو ضروری پڑھیے!

حتی الامکان کوشش کی گئی ہے کہ الفاظ اور آیات میں کوئی غلطی نہ ہو لیکن پھر بھی ہم ہر پل اپنے آپ کو قابل اصلاح سمجھتے ہیں۔ آپ کی تحقیقی نظر کہیں بھی کوئی قابل اصلاح پہلو کی طرف جائے تو اطلاع کیجئے، مشکور رہیں گے۔ کتاب کی تیاری میں قارئین عبقری کے تجربات و مشاہدات سے استفادہ کیا گیا ہے، مؤلف کا ان کے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں، ہماری اصل بنیاد قرآن وحدیث ہے۔ (ادارہ عبقری)

فہرست

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
1	حالِ دل	7
2	منزل سے جادو جنات کا علاج	8
3	مٹھائی کھلا دی	9
4	سب جادو بھاگ جائے گا	10
5	قصیدہ بردہ شریف	11
6	بدری صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین	13
7	سخت جادو ہو گیا	20
8	آیت الکرسی کا حصار	23
9	رحمت برکت کا نزول	26
10	ایٹم بم وظیفہ اور جادوگر کی معافیاں	30
11	معوذتین کا آسان اور مؤثر عمل	32
12	جادو کے ذریعے ہونے والی طلاق کا آیات قرآنی کے ورد سے بچاؤ	34
13	بسم اللہ سے بندشوں کا حل	37
14	جادوگر تھا...... یا...... اللہ کا فضل تھا	41
15	جادوگر کی کہانی اسی کی زبانی	43
16	دروازے پر دستک ہوئی اور بندش کھل گئی	46
17	چار الفاظ نے کایا پلٹ دی	48
18	14 سالہ پرانا کالا جادو اور بندشیں کیسے ٹوٹیں	50

19	ایک عامل کی آپ بیتی	56
20	یَاحَفِیْظُ سے جادو ختم اور بندش ٹوٹی	60
21	حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے خط مبارک کے کمال	64
22	جادو و جنات کی بندشیں، ایک خط سے نجات	66
23	تہدیدی نامے نے مکار عاملین سے جان چھڑوا دی	69
24	بیوی بے گناہ نکلی......!!!	71
25	یاقہار کے ورد سے جادو ختم	74
26	جنات سے چھٹکارا	79
27	شادی میں رکاوٹ ڈالنے والا جن	83
28	دوشیزاؤں کا شریر جنات سے چھٹکارا	86
29	یاقہار اور سورۃ اخلاص کے فضائل ہی فضائل	91
30	جنات کے ساتھ عجیب وغریب سلسلہ	97
31	جادو جنات میں مبتلا ایک نامور ڈاکٹر	102
32	کالے جادو سے 5 روز میں نجات	105
33	اکیس سال پرانا جادو ختم	106
34	ہر قسم کے جادو اور بیماری کا روحانی علاج	107
35	جنات کو بھگانے کا سریع التاثیر عمل	109
36	تعویذ نبویؐ سے بھابھی پر آیا جن جل گیا	112
37	نظر بد کے قاتل وار اور ان کا شافی علاج	116
38	خوف ناک خوابوں سے نجات	124
39	بیماری، جھگڑے، جادو جنات کیلئے وظیفہ درود	127

40	سخت ترین خطرناک جادو کا پلٹنا	130
41	رشتوں کی بندش و جادو ختم	131
42	ایک چھوٹی سی آیات، بڑا کام، قارئین عبقری کے نام	132
43	جادو کا سو فیصد یقینی توڑ	133
44	جنات نے میرے پانچ ہزار چرائے اور کھا لیے	138
45	شیطان اس گھر کے قریب نہیں آتا	141
46	اب نہیں ڈروں گی!	142
47	حیرت کا انوکھا جہاں	144
48	سخت جادو سے جان چھوٹ گئی!	145
49	سخت بندش کا خاتمہ	146
50	تسبیح خانے کا دامن تھاما اور سب جادو جنات ختم	147
51	یاقہار نے سخت ترین جادو کو تین دنوں میں توڑ دیا	149
52	بندش و شدید کالا جادو نجات صرف دو انمول خزانہ	153
53	دو انمول خزانے نے جنات کو آزادی دلا دی	155
54	سخت ترین سفلی جادو کیسے پلٹا؟	159
55	نیک جنات نے انسانی شکل میں مدد کی	160
56	کالے وار نے مجھ پر کیا ظلم ڈھائے	166
57	جعلی عامل اور جادو سے جان چھڑوائی؟	169
58	جادو جنات سے چھٹکارا پانے والے	171
59	دشمن جن کو دوست بنانے والا لاجواب عمل	174
60	دو انمول خزانے نے بائیس سال پرانا جادو ختم کر دیا	176

61	افحسبتم اور اذان کے عمل نے جنات کو چیخنے پر مجبور کر دیا	179
62	بال بال جنات کے جادو سے اٹا ہوا	181
63	جسمانی درد اور جنات سے حفاظت	182
64	آیت الکرسی کی برکت سے چڑیل بھاگ گئی	187
65	جانوروں کو لگی نظر بد کا علاج	190
66	طریقہ دریافت مرض یا سحر	194
67	جادو ٹونے کا شکار ہوں!	203
68	جادو سفلی ٹونے کا علاج	204
69	جادو کے توڑ کیلئے تلوار سے تیز عمل	206
70	ہر قسم کے جادو سے حفاظت	208
71	نظر بد سے بچنے کیلئے آزمودہ تعویذ	209
72	سحر جادو سفلی کا اثر ختم	210
73	نظر بد سے نجات کا ایک عمل آپ کی خدمت میں	213
74	سحر، جادو، سفلی کو ختم کرنے کیلئے	216
75	میاں کو محبت پر مجبور کرنے والا عمل	219
76	نمک کی ڈلی سے سخت جادو اور نظرِ بد ختم	223
77	ہر مقصد میں کامیابی کا انوکھا تعویذ	223
78	رشتہ تو ہو گیا مگر شوہر سے نہ بنتی تھی	227
79	گھریلو جھگڑوں کے خاتمہ کیلئے انوکھا عمل	229
80	آیت پڑھیں، پانی پر دم کر کے پلا دیں اور	230
81	شوہر کی نوکری کا مسئلہ حل	233
82	حوالہ جات	234

حالِ دل

جادو گری اور آسیب کا اثر بلاشبہ ایک شیطانی عمل ہے۔ قرآنِ کریم کے مطابق یہ خبیث انسانوں اور جنوں کا فعل ہے۔

جس طرح اللہ تعالیٰ نے ہر مرض کی دوا پیدا کی ہے اسی طرح اس شیطانی عمل کا علاج بھی اس نے اپنے بندوں کو سکھایا ہے۔ بندہ کو عرصہ دراز سے تشویش ہے کہ بعض فٹ پاتھ پر بیٹھے غلط ذہنیت کے لوگ جادو یا اس کے علاج کو اپنے مذموم مقاصد کی خاطر استعمال کرتے ہیں، لوگ جادو کے علاج کے نام پر دولت کے ساتھ ساتھ اپنی عزتیں بھی گنوا رہے ہیں۔ ان نام نہاد جھوٹے عاملین کا سدباب کرنا انتہائی ضروری ہے۔ پھر اس پر مزید حسرت و افسوس اس وقت ہوتا ہے کہ جب ان شیطانی اعمال و افعال کا اسلام کے نام پر ارتکاب کیا جاتا ہے۔ چنانچہ میری یہ تالیف ان نام نہاد جھوٹے عاملین (جن کے ہاتھوں نہ کسی کی دولت محفوظ نہ عزت) کے خلاف اعلان جہاد ہے۔

آئیے! حاسدین کے جادو کا علاج خود کریں، اپنی لڑائی خود لڑیں۔ میں چاہتا ہوں کہ اگر ہم ایمان، اعمال، تقویٰ اور طہارت کی زندگی مسلسل اختیار کریں اور اعمال سے بننے، اعمال سے بچنے اور اعمال سے پلنے کا یقین ہو تو کسی شریر کا شر، کسی جادوگر کا جادو اور کسی حاسد کی بری نظر آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی۔ ان شاء اللہ

یہ کتاب قارئین کے آزمودہ در آزمودہ تجربات و مشاہدات پر مشتمل ہے، اس میں موجود اعمال کو بے شمار نے آزمایا آپ بھی گھر بیٹھے خود پر ہوئے جادو، بندش اور نظر بد کا علاج کیجئے اور جادو کا پلٹنا خود دیکھیں۔ آپ کو کسی بھی عمل سے فائدہ ہوا، ماہنامہ عبقری کو ضرور لکھیں، آپ کا لکھا ایک لفظ کسی کی نسلوں سے دکھ درد دور اور اسے سکون دلا سکتا ہے اور آپ کیلئے ہمیشہ کا صدقہ جاریہ۔

خواستگار اخلاص و عمل
حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی عفی اللہ عنہ
عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ
چونگی لاہور۔ 042-37425801-3

منزل سے جادو جنات کا علاج

فلق اور ناس کی برکت:

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معمول نقل کرتے ہوئے فرماتی ہیں کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوتے تو سورۃ الفلق اور سورۃ الناس پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیتے تھے جب آخری دنوں میں تکلیف بہت بڑھ گئی تو میں خود آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ سورتیں پڑھا کرتی قرآن پاک کی وہ آیات جنہیں علماء کرام منزل کا نام دیتے ہیں جادو اور آسیب کے علاج میں حرف آخر ہیں ان آیات کو پڑھنا، دم کرنا، تعویذ بنا کر باندھنا سب ہی کے بے شمار فوائد ہیں، اس کے علاوہ ان آیات کو پڑھنے سے اور بھی بہت سارے فوائد حاصل ہوتے ہیں اور دینی و دنیوی مشکلات سے نجات ملتی ہے۔ اس مفید تمہید میں جو کہ ایک اللہ والے کے اپنے الفاظ میں ہے لکھنے کے بعد اب اپنے ذاتی واقعات و مشاہدات کو تحریر کرتا ہوں کہ کیسے محض اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس بابرکت عمل کو کرنے سے ان کو جادو و سحر اور جنات کے شیطانی اثرات سے نجات ملی۔ احقر کے بڑے بھائی چند سال قبل اپنے ہم زلف کے بیٹوں سے اپنی بیٹیوں کے رشتے طے کرنا چاہتے تھے والدین اور سب بہن بھائیوں نے اس جگہ رشتے دینے پر اپنی ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے منع کیا جس کی وجہ یہ تھی کہ عرصہ دراز سے کبھی نہیں بنی اب کیسے بنے گی؟ اس کے باوجود بڑے بھائی نے سب کی ناراضگی مول لے کر دونوں بیٹیوں کا نکاح اپنے ہم زلف کے دونوں بیٹوں سے کر دیا۔ چند مہینے خیر خیریت سے گزر گئے پھر وہی ہوا جس کا خدشہ تھا کبھی کسی بات پر لڑائی کبھی کسی بات پر دونوں لڑکے کوئی کام نہیں کرتے۔ بچیاں کبھی ماں باپ کے گھر، کبھی نانی کے گھر بات بڑھتے بڑھتے بہت آگے تک چلی گئی۔ چھوٹی بچی کی بنسبت بڑی بچی کے شوہر کچھ نہ کچھ ان کے ساتھ بہتر تھے۔

چھوٹی کے ساتھ معاملہ زیادہ خراب تھا۔ اچانک ایک دن احقر کو والدہ کا فون آیا انہوں نے بڑی بچی کو طلاق دے دی ہے اور چھوٹی کو ویسے ہی گھر سے نکال دیا ہے کہ تجھے ہم طلاق نہیں دیں گے خوب ذلیل وخوار کریں گے، بندے کو بڑا ہی صدمہ ہوا، بندہ نے امی کو تسلی دیتے ہوئے کہا کہ اللہ مالک ہے لیکن جس انداز سے انہوں نے یہ سلوک کیا ہے اس سے تو یوں لگتا ہے جیسے اس نے ہم سے کوئی نا کردہ جرم کا انتقام لیا ہے امی نے فرمایا کہ ہاں بیٹا خود اس نے بھی یہی کہا ہے کہ ہم نے بدلہ لیا ہے کیا بدلہ۔ بہن بھائیوں کی آپس کی لڑائی (ان کی والدہ ہمارے والد دونوں بہن بھائی ہیں) اس میں ان کی اولاد کی اولاد کا کیا قصور ہے۔ بہن بھائی لڑتے بھی ہیں، ملتے بھی اور اب بھی یہ دونوں بہن بھائی ایک دوسرے سے ملتے ہیں۔ بات کرتے ہیں، ایک دوسرے کے گھر آتے جاتے ہیں بہر حال بھائی کے ہم زلف نے اتنا خیال بھی نہیں کیا کہ بھائی سے کتنے رشتے ہیں۔

مٹھائی کھلا دی

چھوٹی بچی جس کا نام مریم ہے اور پیار سے سب اسے چندہ کہتے ہیں، یہ اپنی نانی کے گھر گئی ہوئی تھیں کہ وہاں پر ان کی کسی عزیزہ نے انہیں جادو کی ہوئی مٹھائی کھلا دی اس مٹھائی کا کھانا تھا کہ وہ چندہ جو کل تک کسی بھی صورت اپنے سسرال جانا نہیں چاہتی تھی اور کہتی تھی کہ مجھے مر جانا تو منظور ہے ان کے گھر جانا منظور نہیں ابو اگر مجھے دو وقت کی روٹی نہیں دے سکتا تو میں چاچو کے پاس کراچی چلی جاؤں گی لیکن اپنے سسرال نہیں جاؤں گی۔ آج مٹھائی کے کھاتے ہی بری طرح رونا شروع کر دیا اور بار بار دروازے کی طرف جاتی اور کہتی کہ مجھے میرے خالو (ان کے سسر) خالو بلا رہے ہیں میری خالہ مجھے آوازیں دے رہی ہے، بڑی مشکل سے ان کی چھوٹی خالہ اور خالو نے اسے قابو میں کیا اور دروازے کو تالا لگا دیا اور پھر بڑے بھائی کو فون پر اطلاع دی ساری بات بتا کر کہا کہ آپ آ کر لے جائیں بات ہمارے بس سے باہر ہے۔

بھائی نے جیسے ہی یہ خبر سنی فوراً ٹیکسی کروا کر اسے لینے کیلئے روانہ ہوئے اور راستے میں مجھے فون کر کے ساری صورتحال سے آگاہ کیا اور مجھے کہا کہ آپ فوراً تشریف لائیں اور چندہ کیلئے کچھ کریں ہم سب گھر والے بڑے پریشان ہیں آپ آئیں گے تو کام بنے گا۔ میں نے انہیں خوب تسلی دی اور کہا کہ آپ کسی قسم کی فکر نہ کریں بس اللہ کریم سے دعا کریں انہیں لیکر گھر آئیں بندہ بھی ایک عمل کرتا ہے آپ کو بھی بتاؤں گا آپ بھی وہ عمل کرنا انشاء اللہ سب ٹھیک ہو جائے گا۔ ضرورت پڑی تو پھر میں آ جاؤنگا فی الحال آپ انہیں فلاں قاری صاحب کے پاس لے جائیں ان سے میرا نام لینا وہ بڑے پرہیز گار اور متقی انسان ہیں وہ انہیں دم کر دیں گے، بہرحال ان سے مسلسل فون پر رابطہ تھا۔ چندہ کو قاری صاحب سے دم کروا کر کنڈیارو آگئے وہ رات اور اگلا دن خیریت سے گزر گیا اگلے دن مغرب کی نماز کے بعد چھوٹے بھائی غلام مصطفی کا فون آیا فون پر بڑے شور شرابے اور چیخ و پکار کی آوازیں آ رہی تھیں۔ دھڑکتے دل کے ساتھ پوچھا کہ چندہ کا کیا حال ہے بھائی نے کہ آپ خود سن لیں میں فون چندہ کے پاس لیکر جاتا ہوں۔

سب جادو بھاگ جائے:

چندہ کہہ رہی تھی مجھے چھوڑ دو میں نے خالو کے گھر جانا ہے یہ کہے جا رہی تھی اور بری طرح رو رہی تھی تڑپ رہی تھی، اس کے ساتھ ہی سب گھر والے بے بسی سے رو رہے تھے اسے سنبھال رہے تھے چھوٹے بھائی نے بتایا کہ ان کے شوہر پڑوس میں کسی کو کہہ رہے تھے کہ ہم نے اس پر جادو کیا ہے یہ خود چل کر ہمارے گھر آئے گی یا ایسے ہی تڑپ تڑپ کر مر جائے گی۔ میں نے فون امی کو دینے کا کہا اور پھر امی سے گزارش کی آپ کسی قسم کی فکر نہ کریں اور چھوٹے بھائی کو بھی سمجھائیں کہ وہ جذبات میں آکر کوئی قدم نہ اٹھائیں میری آپ سب سے گزارش ہے کہ نہ کسی سے لڑنا ہے اور نہ چندہ کو کسی بھی عامل کے پاس لے کر جانا ہے اور نہ ہی کسی کو گھر پر بلانا ہے آپ نے

صرف ایک عمل کرنا ہے سب گھر والے خاص طور پر والد صاحب منزل پڑھ کر پانی پر دم کر کے اسے پلائیں اور چہرے پر چھڑکیں اور دعا کریں اور گھر سے تصویریں وغیرہ اگر ہیں تو نکال دیں تسلی رکھیں انشاء اللہ سب ٹھیک ہو جائے گا میں بھی دعا کرتا ہوں اور ایک عمل بھی کرونگا سب جادو وغیرہ بھاگ جائے گا۔

رات بندہ تھکاوٹ کی وجہ سے جلدی سو گیا عمل نہ کر سکا صبح نماز فجر کے بعد دو رکعت نماز صلوٰۃ الحاجات پڑھی اس کے بعد منزل پڑھی پھر اس کے بعد حدیقه الصانی اسماء النبی المصطفی فی اسماء النبی المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نامی کتاب جسے آج سے تقریباً تین سو سال قبل شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے ہم عصر اور سندھ کے مشہور محدث اور بزرگ عالم دین حضرت علامہ سید مخدوم ہاشم ٹھٹھوی سندھی رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا جن کی قبر مبارک ٹھٹھہ کے مکلی کے قبرستان میں ہے اور باوجود سخت گرمی کے بھی ٹھنڈی رہتی ہے اس کتاب کو (الترازی) شعبہ تحقیق وتصنیف جامعہ قدسیہ کراچی نے اعلیٰ ترین میٹ پیپر پر 4 کلر میں شائع کیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر نام کو درود شریف کے ساتھ مزین کیا ہے اس کے ہر صفحہ پر قصیدہ بردہ شریف کا ایک شعر بھی تحریر ہے۔ خاتمہ مسک کے طور پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ان جاں نثار صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسماء جو غزوہ بدر میں شریک ہوئے شامل تحریر ہیں جن کی خاصیت یہ ہے کہ ان کے نام لیکر جو دعا مانگی جائے اللہ تبارک وتعالیٰ اسے قبول فرماتے ہیں۔

قصیدہ بردہ شریف

کتاب کشف الباری (کتاب المغازی) کے مصنف اپنی اس کتاب میں تحریر فرماتے ہیں کہ بدری صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے توسط سے جو دعا مانگی جائے اللہ تبارک وتعالیٰ قبول فرماتے ہیں یہ نہایت ہی مجرب عمل ہے (بندہ انشاء اللہ اس مجرب عمل کے واقعات جو کہ انتہائی دلچسپ اور حیرت انگیز ہیں ماہنامہ عبقری کے محترم

قارئین کیلئے تحریر کرے گا) بہر حال بندہ نے اس کے مکمل اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم جو کہ 1177 ہیں انہیں پڑھا قصیدہ بردہ شریف کے اشعار پڑھے آخر میں اسماء بدرین رضی اللہ تعالیٰ عنہ، پڑھ کر دعا کی عاجز کو اس عمل کے کرنے میں ساڑھے چار سے پانچ گھنٹے صرف ہوئے دل کو اطمینان نصیب ہوا اور بڑی بے فکری کے ساتھ ناشتہ کیا اور بڑے سکون کے ساتھ کنڈیارو فون کیا والدہ محترمہ نے فون پر بات کی بندے نے گڑیا کا پوچھا امی نے اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے بتایا کہ الحمدللہ ان کی طبیعت بالکل ٹھیک ہے اللہ نے بڑا کرم کیا ساتھ ہی امی نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ اگر یہ واقعہ کسی اور کے ساتھ پیش آتا تو پتہ نہیں کس کس کے دروازے پر کن کن مزاروں پر کون کون سی جگہ پر انہیں لے کر جاتے اور گھر پر پتہ نہیں کتنے عاملوں کو بلایا جاتا یہ قرآن پاک کی برکت ہے کہ گھر بیٹھے اللہ کریم نے انہیں شفاء دے دی۔

الحمدللہ بندہ نے چندہ سے بات کروانے کی عرض کی تو والدہ نے انہیں فون دے دیا ان کی ہستی مسکراتی آواز سے چاچو جی السلام علیکم کہنا دل کی گہرائیوں سے الحمدللہ کہنا حیران کر گیا کل پرسوں والی چیختی چلاتی چندہ تو لگتی نہیں تھی بندے نے کہا بیٹا آپ کا جن اتر گیا نا اب اگر چاہتی ہو تو کہ یہ جن ہمیشہ اترا رہے تو بیٹا نماز کی پابندی کریں اور تلاوت کلام پاک روزانہ کیا کریں۔ آج الحمدللہ اس واقعے کو تین ماہ کے قریب ہو گئے الحمدللہ آج تک طبیعت بالکل ٹھیک ہے یہ صرف اور صرف اللہ کے فضل وکرم اور منزل اور اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے ہوا۔ جیسا کے چند شمارے پہلے ہمارے مرشد و استاد جناب حکیم طارق محمود عبقری مجذوبی مدظلہ العالیٰ نے ایک صاحب کا ذکر کیا تھا کہ انہوں نے کس طرح حاجیوں کی خدمت عبادت سمجھ کر کی پڑھ کر عقل حیران ہوئی سائیں کا مقصد تھا کہ ہر کوئی ان سے مستفید ہو جائے میں اسی نیت سے اس کتاب اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا تعارف کروا رہا ہے اور اسی کے اقتباسات ملاحظہ فرمائیں۔ اس مبارک کام کے دوران بعض ایسے امور بھی پیش آئے جن کا ذکر

نہ کرنا بے انصافی ہوگا اللہ تبارک وتعالیٰ غریق رحمت کرے بھائی احمد شاہ مرحوم کو کہ کتابت مکمل ہونے کے چوتھے روز انتقال فرما گئے تھے انتقال کے بعد انہیں خواب میں دیکھا گیا کہ انتہائی خوش وخرم اور عمدہ لباس میں ہیں پوچھنے پر انہوں نے یہ بھی کہا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے میرے ساتھ بہت اچھا معاملہ فرمایا ہے۔

☆ پہلی مرتبہ اسکینگ کے بعد جب صفائی ہو چکی تو کام آگے بڑھنے سے پہلے پتہ چلا کہ صفائی میں کچھ کمی رہ گئی ہے جس میں ایک رائے یہ آئی کہ اسی پر اکتفا کیا جائے کیونکہ اس پر زرکثیر خرچ ہو چکا تھا مگر بھائی اجمل جو اس معاملے میں ہمارے ذمہ دار ہیں انہوں نے خواب میں اپنے آپ کو ریاض الجنہ میں پایا اور دیکھا کہ ایک بزرگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا عصا مبارک لیے چلے آرہے ہیں انہوں نے عرض کیا مجھے بھی اس کی زیارت کرا دیجئے تو دیکھا اس پر گردوغبار جمع ہے۔ انہوں نے اس عصا مبارک کو اپنے چہرے سے صاف کیا اس کے بعد دیکھا کہ منبر مبارک پر بھی گردوغبار تھا اسے بھی اپنی ڈاڑھی اور پیشانی سے صاف کیا اس پر ان کی آنکھ کھل گئی پھر یہی فیصلہ ہوا کہ اس کی سکینگ وصفائی کا کام نئے سرے سے کیا جائے۔

بدری صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

☆ ہمارے محسن ومشفق جناب صوفی ندیم صاحب سے جب بدری صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے حوالے سے تذکرہ کیا کہ آیا ان کو بھی شامل کتاب کرلیا جائے یا نہیں تو اس پر انہوں نے جواب دیا کہ یہ کتاب جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ناموں پر مشتمل ہے لہٰذا شامل نہ کیا جائے تو اگلے دن انہوں نے بتایا کہ بھائی نوید رات مجھے خواب میں بہت ڈانٹ پڑی لہٰذا آپ بدری صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ناموں کو بھی شامل کتاب کردیں بہرحال چند فوائد مولانا موسیٰ خان روحانی البازی رحمۃ اللہ علیہ نے ان اسماء کو اپنی کتاب برکات مکیہ میں ان الفاظ میں تحریر فرمائے ہیں۔

20 فوائد:

1۔ ہر مشکل آسان ہوگی۔

2۔ لاعلاج بیماری اور ہر مرض سے شفاء ہوگی۔

3۔ تجارت و کاروبار میں بہت برکت ہوگی۔

4۔ مقدمہ میں کامیابی ہوگی۔

5۔ سحر اور جادو کا اثر کاروبار مال اور گھر کے افراد سے زائل ہوگا۔

6۔ جنات کی شرارت سے خلاصی ہوگی۔

7 عقیمہ عورت یا بے اولاد مرد پڑھے تو اللہ تبارک وتعالیٰ کے فضل وکرم سے اولاد حاصل ہو۔

8۔ نرینہ اولاد سے محروم شخص پڑھے تو اللہ تبارک وتعالیٰ کے فضل سے بیٹا پیدا ہوگا۔

9۔ سفر میں کامیابی وسلامتی حاصل ہوکر واپسی بخیر ہوگی۔

10۔ سفر یا حضر میں اپنے پاس رکھنے سے ہر شر و آفت سے سلامتی حاصل ہوگی۔

11۔ ملازمت بسہولت حاصل ہوگی۔

12۔ غیر شادی شدہ کی جلدی شادی ہوگی اور پیغام نکاح قبول ہوگا۔

13۔ دلوں کو مسخر و تابع بنانے کیلئے نہایت مفید و نافع ہے۔

14 گمشدہ چیز جلد ملے گی باذن اللہ

15۔ دشمنوں اور اہل بدعت پر غلبہ حاصل ہوکر ان کا ہر شر دفع ہوگا۔

16۔ ملازمت میں ترقی حاصل ہوگی۔

17۔ جس گھر میں یہ کتاب موجود ہو تو درود شریف و اسماء نبویہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی برکت سے اس گھر کے باشندے بڑے بڑے مصائب حوادث غم چوری ڈاکے اور آگ لگنے سے محفوظ ہوں گے انشاء اللہ تعالیٰ۔

18۔ طالب علم پڑھے تو علم میں برکت و امتحان میں کامیابی ہوگی۔

19۔ حج وعمرہ کی نیت سے پڑھے تو اللہ تبارک وتعالیٰ حج وعمرہ کی توفیق دیں گے۔

20۔ خواب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت حاصل ہونے کی زیادہ توقع ہے۔

☆ سفر یا حضر میں اپنے پاس رکھنے سے ہر شر و آفت سے سلامتی حاصل ہوگی اس کا تجربہ تو کتاب کے لیتے ہی ہو گیا وہ ایسے کہ پہلی مرتبہ جب اس کتاب کا اشتہار ایک جگہ پڑھا تو کتاب دیکھنے کا اشتیاق پیدا ہوا ایک دوست کو کتاب لینے کیلئے تیار کیا۔

کتاب کی برکت

ایک مکتبہ پر گئے، یہ کتاب اور چند دوسری کتابیں لیکر واپسی کیلئے روانہ ہوئے میرے دوست کا روٹ دوسرا تھا وہ یہاں سے جدا ہو کر دوسری سواری سے اپنی منزل کو روانہ ہوئے بندے کو سبزی منڈی میں رشتے داروں میں سے تھا۔ سواری میں سوار ہوا سواری میں سیٹیں سب پر تھیں لوگ کھڑے ہوئے تھے سب سے آخر والی سیٹ پر پانچ سواریاں بیٹھی ہوئیں تھیں، ان میں سے دو آدمیوں نے مجھے بیٹھنے کیلئے کہا اور ساتھ ہی ایک آدمی فوراً یہ کہتے ہوئے کھڑا ہو گیا کہ مولوی صاحب تشریف رکھیں بندہ نے بڑا اصرار کیا کہ آپ تشریف رکھیں میری منزل زیادہ دور نہیں ہے صرف 15-20 منٹ کی بات ہے لیکن وہ نہیں مانا اور زبردستی مجھے سیٹ پر بٹھا دیا بندہ نے کتابیں گود میں رکھیں اور بسم اللہ پڑھ کر بیٹھ گیا اور کتابوں کی دنیا میں کھو گیا اچانک مجھے محسوس ہوا کہ میرے برابر بیٹھے ہوئے میرے محسن کا ہاتھ میری سائیڈ والی جیب میں جا رہا ہے مجھے فوراً خطرے کا احساس ہوا اور ساتھ ہی آج سے دو سال پہلے کا واقعہ مجھے یاد آ گیا جب اسی طرح ایک شخص نے بھری کوچ میں جہاں تل دھرنے کیلئے جگہ نہیں تھی آگے پیچھے سے زور لگا کر میرے لیے جگہ بنا کر مجھے کہا مولوی صاحب یہاں بیٹھ جائیں بندہ اس کا شکریہ ادا کر کے بیٹھ گیا اور دل ہی دل میں اسے دعائیں دے رہا تھا وہ تو گھر جا کر پتہ چلا کہ وہ تو مولوی صاحب کی جیب کاٹ کر اسے 13 ہزار سے محروم کر گیا ہے۔ بہر حال بندہ نے ایک نظر اس کی طرف دیکھا اور اپنی سائیڈ کی جیب

سے موبائل نکال کر ویسے ہی ٹائم دیکھ کر اگلی جیب میں رکھ لیا میں نے صاف سنا وہ جو اپنے ساتھی سے آہستہ سے کہہ رہا تھا بندہ ہوشیار ہے اور جب ان کا داؤ نہ چلا تو مجھے اگلی سیٹ پر بیٹھنے کو کہا جو کہ کسی مسافر کے اترنے سے خالی ہوئی تھی بندہ نے عرض کی میں یہی ٹھیک ہوں انہوں نے کہا کہ مولوی صاحب ہم سب دوست ایک جگہ بیٹھ جائیں گے آپ مہربانی کر کے آگے تشریف لے جائیں بندہ شکریہ کہہ کر مسکراتے ہوئے آگے بیٹھ گیا بہرحال اس بابرکت کتاب کی برکت سے بندہ نقصان سے محفوظ رہا۔

لٹنے سے محفوظ

ایک سیاسی جماعت کی نسوانی قیادت کے قتل پر جہاں پورے ملک میں لوٹ مار کا بازار گرم ہوا وہیں ہمارے شہر کنڈیارو میں بھی جتنی بھی غیر سندھیوں کی دکانیں پہلے لوٹیں پھر انہیں پٹرول چھڑک کر آگ لگا دی۔ پورے شہر کو کھنڈرات میں تبدیل کر دیا گیا۔ اس دوران بندہ کراچی میں تھا۔ قیامت صغریٰ کا منظر تھا ہزاروں لوگ افراتفری کے عالم میں بھاگ رہے تھے ہزاروں گاڑیاں ٹریفک میں پھنسی ہوئیں تھیں بندہ کا یہ موضوع نہیں بندہ تو منزل کے واقعات تحریر کرنا چاہتا ہے، بندے نے اپنے بڑے بھائی عاشق رسول سے عرض کی بندہ منزل پر واقعات تحریر کرنا چاہتا ہے، دعا فرمادیں کہنے لگے دعا تو میں کرونگا ہی لیکن ایک واقعہ میری طرف سے ہو جائے وہ یہ کہ کنڈیارو شہر میں اتنی تباہی و بربادی ہوئی کہ جس کا کوئی حساب نہیں، سب دکانیں جلا دیں لیکن ان میں ایک ایسی دکان بھی تھی جس کا ذرہ برابر بھی کسی قسم کا کوئی نقصان نہیں ہوا حالانکہ اس کے برابر والی دائیں بائیں جانب والی دکانیں مکمل جل کر راکھ ہو گئیں لیکن اسے کچھ نہ ہوا، نہ لٹی اور نہ ہی جلی اور اس کی وجہ صرف اور صرف یہ تھی کہ اس دکاندار کے مالک کا ایک عرصہ سے منزل پڑھنے کا معمول ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سب اسی منزل کی برکت سے ہوا ہے۔

ایک جاننے والے اور بڑے مخلص اور نیک صورت عالم باعمل مولانا احتشام الحق

اصرار صاحب تشریف لائے جو کہ ہمارے حضرت مرشد کامل شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی مدظلہ العالیہ سے بڑے متاثر ہیں اور غائبانہ طور پر حضرت کو ڈھیروں دعائیں دیتے ہیں ان سے اپنے مضمون منزل کیلئے کوئی واقعہ سنانے کا عرض کیا انہوں نے فرمایا کہ یہ منزل جادو اور آسیب کے علاج میں حرف آخر ہیں ان آیات کو پڑھنا دم کرنا تعویذ بنا کر باندھنا سب ہی کے بے شمار فوائد ہیں اور ان آیات کو پڑھنے سے بہت سارے فوائد حاصل ہوتے ہیں اور دینی دنیوی مشکلات سے نجات ملتی ہے۔

فیکٹری سے نکالا جائے

میرے ایک عزیز دوست ہیں جناب قاری حبیب الرحمن صاحب انہوں نے کسی فیکٹری میں ملازمت اختیار کی، ان سے پہلے اس فیکٹری میں دو اور ملازم بھی کام کرتے تھے، انہوں نے جب قاری صاحب کو دیکھا انہیں اپنے لیے خطرہ محسوس ہوا کیونکہ یہ دونوں ملازم آپس میں ملے ہوئے تھے اور حساب کتاب میں گڑبڑ کرتے تھے خرچہ 500 ہوا تو ایک ہزار لکھ دیا آمدنی ایک لاکھ ہوئی تو 80 یا 90 ہزار لکھ دی۔ انہوں نے سوچا کہ اگر ہمارے سیٹھ نے ان قاری صاحب کو حساب کی جانچ پڑتال پر لگا دیا تو ہمارا پول کھل جائے گا۔ نوکری بھی جائے گی اور عزت بھی برباد ہوگی لہٰذا اسے کسی طریقہ سے راستے سے ہٹاؤ، قاری حبیب الرحمن کہنے لگے ایک مرتبہ میرے سیٹھ نے مجھے ایک لاکھ روپے دیئے اور کہا کہ فلاں شہر میں فلاں بندے کو یہ دے کر آؤ اور ان دونوں ملازموں کے سامنے انہوں نے مجھے رقم گنتی کر کے دی میں وہاں سے چلا اور بس میں بیٹھ کر دوسرے شہر میں جا کر مطلوبہ شخص کو رقم دی اور موصول شدہ رسید لیکر واپس آ گیا اور اگلے دن فیکٹری میں آ کر سیٹھ کو کارگزاری سنائی، فیکٹری کے دونوں ملازم مجھے حیرت سے دیکھ رہے تھے اس وقت میں نے کوئی خیال نہ کیا لیکن چھٹی کے وقت انہوں نے مجھے بٹھا لیا اور کہنے لگے کہ قاری صاحب آپ ہمیں معاف کر دیں،

آپ کی بڑی مہربانی ہوگی۔ اللہ کریم آپ کو جزائے خیر دے گا۔ قاری صاحب نے بڑی حیرت سے پوچھا بھائی کس چیز کی معافی، آپ لوگوں سے تو مجھے کوئی شکایت نہیں ہے نہ ہی آپ لوگوں نے مجھ سے کوئی غلط قسم کا برتاؤ کیا ہے آپ تو پرانے ملازم ہیں میں تو کل یہاں آیا ہوں اگر مجھ سے کوئی غلطی کوتاہی ہوگئی ہے تو میں آپ سے معافی چاہتا ہوں۔ کہنے لگے نہیں آپ تو ماشاء اللہ بہت نیک ہیں آپ تو بڑے ہی اچھے ہیں غلطی ہم سے ہوئی ہے۔ لہٰذا برائے مہربانی آپ ہمیں معاف کردیں۔ قاری صاحب نے پوچھا کہ بات کیا ہے؟۔

انہوں نے کہا کہ پہلے آپ معاف تو کریں بات بھی بتادینگے۔ قاری صاحب نے کہا کہ میں نے آپ لوگوں کو معاف کیا اللہ تعالیٰ بھی معاف فرمائیں اب بتاؤ کیا بات ہے؟ انہوں نے بتایا کہ آپ جب سے آئے ہیں ہم ہر وقت پریشان رہتے ہیں کیونکہ ہم سے حساب کتاب میں غلطیاں ہوجاتی ہیں ہم ڈرتے رہتے ہیں کہ اگر سیٹھ نے آپ کو ہمارے بتائے ہوئے حساب کتاب کو چیک کرنے کا کہا اور آپ نے ہماری غلطیاں بلکہ فراڈ پکڑ لیا تو ہمارا کیا بنے گا۔ ہم نے کئی بار سوچا کہ آپ سے بات کی جائے اور آپ کو بھی اس کام میں حصہ دار بنایا جائے لیکن آپ کی شکل وصورت اور سیرت دیکھ کر ہمیں ہمت نہ ہوئی آپ سے بات کرنے کی۔ ہم سوچتے رہتے تھے کہ کسی طرح قاری صاحب کو فیکٹری سے نکالا جائے کوئی ترکیب سمجھ میں نہیں آرہی تھی کہ کیسے نکالا جائے۔ جب سیٹھ نے آپ کو ایک لاکھ روپے دیئے کے اسے فلاں شخص کو دے آؤ تو ہم دونوں نے مشورہ کرکے یہ پلان بنایا کہ کسی طرح اس سے رقم غائب کردی جائے تو سیٹھ اس سے بدگمان ہوجائے گا ہمیں بھی پروپیگنڈا کرنے کا موقع مل جائے گا ہم کہیں گے کہ قاری صاحب تو ہیں ہی ایسے ویسے وغیرہ وغیرہ لہٰذا سیٹھ ان کو نوکری سے نکال دے گا۔ ہمارا بچاؤ ہوجائے گا ہم نے اس پلان کو عملی جامہ پہناتے ہوئے ایک کرائے کے قاتل سے بات کی اور اسے بتایا کہ اس کے پاس ایک لاکھ کی

رقم ہے آپ نے اس سے یہ رقم بھی چھیننی ہے یا چوری کرنی ہے یہ رقم بھی آپ کی اور ہم بھی انعام دیں گے اگر یہ اس دوران مزاحمت کرے تو بے شک مار بھی دینا تا کہ قصہ ہی پاک ہو جائے ہم اپنے طور پر یہ کام کر کے بڑے مطمئن اور خوش تھے کہ کل اس کرائے کے قاتل نے آ کر جب اپنی ناکام خبر سنائی تو ہماری ساری خوشیاں غرق ہو گئیں اور اس نے ہمیں جو بات بتائی اس سے ہم ششدرہ رہ گئے اور ہمیں شدت سے اپنی غلطی کا احساس ہوا اور ہم سمجھ گئے کہ آپ کوئی بڑے ہی اللہ والے اور اس کے ولی ہیں۔ اس نے ہمیں بتایا کہ میں جیسے ہی کارروائی کرنے کیلئے قاری صاحب کے قریب جانے کی کوشش کرتا تو یکا یک قاری صاحب کے چاروں طرف ایک لوہے کی فولادی دیوار حائل ہو جاتی جس سے میں ڈر جاتا۔

میں نے کئی دفعہ تجربہ کیا جیسے ہی میں قریب ہوتا وہ چادر قاری صاحب کو گھیر لیتی مجھے بڑا خوف ہوا کہ یہ تو شخص کوئی جادوگر ہے یا پھر کوئی بہت بڑا اللہ والا ہے۔ میں نے اسی وقت اللہ سے توبہ کی اور فوراً واپس اپنے شہر آ گیا تو قاری صاحب یہ معمہ ہے آپ ہمیں معاف کر دیں ہم سچے دل سے وعدہ کرتے ہیں کہ آئندہ ہم ہر کام ایمانداری سے کریں گے۔ قاری صاحب نے انہیں معاف کیا اور چند مفید نصیحتیں کرنے کے بعد بتایا کہ میں روزانہ منزل پابندی سے پڑھتا ہوں جو کہ قرآن شریف کی آیات پر مشتمل ہے اس کی برکت سے میں ہر بلا اور مصیبت سے بچا رہتا ہوں اور مزید یہ کہ رات کو میں جب منزل پڑھتا ہوں اور خود یہ مشاہدہ کرتا ہوں کہ جیسے کوئی آہنی دیوار گھر کے چاروں طرف تن گئی ہے۔

منزل پڑھنے سے بچے بچ گئے

ایک صاحب اپنے بیٹے کے علاج کیلئے تشریف لائے جہاں بندے نے اسے دوا دی وہیں ان سے یہ بھی عرض کی آپ اس بچے پر الحمد شریف پڑھ کر دم بھی کریں اس پر اس نے فرمایا کہ واقعی دم میں بڑی طاقت ہے اس پر میں ایک اپنا واقعہ سنا تا ہوں۔

ان صاحب نے بتایا کہ میری ایک بڑی بیٹی ہے جو بخیر و عافیت سے پیدا ہوئی اور اب 30 سال کی ہے اور الحمدللہ اب بھی بخیر و عافیت سے ہے صرف یہ لڑکی خیریت سے پیدا ہوئی اس کے بعد چار بچے دوران حمل ہی (پیدائش سے پہلے) وفات کر گئے کوئی 4 ماہ کا اور کوئی 5 ماہ کے دوران جب یہ چھوٹا لڑکا جس کی عمر اب 18 سال ہے جب اپنی والدہ کے پیٹ میں تھا تو مجھے ایک گراؤنڈ کے قریب ایک بزرگ صورت فقیر سے ملاقات ہوئی گفتگو کے دوران میں نے ان سے اپنے مسئلے کا ذکر کیا کس طرح دوران حمل ہی بچے انتقال کر جاتے ہیں۔

انہوں نے مجھے ایک جگہ ملاقات کیلئے وقت دیدیا۔ بندہ مقررہ جگہ پر گیا ان سے ملاقات ہوئی انہوں نے مجھے دم کر کے پانی دیا اور ایک پاکٹ سائز میں چھپا ہوا وظیفہ دیا جس پر منزل لکھا ہوا تھا اور مجھے تاکید کی کہ روزانہ یہ پڑھ کر اپنی بیوی پر دم کروں اور ساتھ ساتھ پانی پر بھی دم کرنا ہے پانی تھوڑا تھوڑا کر کے سارا دن اپنی بیوی کو کہنا کے پیتی رہے باقی وظیفہ (منزل) پڑھ کر صبح و شام دم کریں جب تک کے بچہ پیدا نہ ہو جائے اور جب بچہ پیدا ہو تو یہ پانی ان کے ساتھ ساتھ بچے کو پلانا ہے اور ساتھ ہی ان دونوں پر دم کرنا ہے پورے گیارہ مہینے تک میں نے ایسے ہی کیا اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دوران حمل کسی قسم کی کوئی تکلیف نہیں ہوئی ٹھیک نو مہینے بعد بچی پیدا ہوئی۔ یہی عمل ان بزرگ کے بتائے طریقے پر بچی پر کیا آج وہ تیس سال کی ہوگئی ہے خیرت سے ہے بلکہ اس کے بعد بیٹا پیدا ہوا اس کیلئے بھی یہی (منزل) عمل کیا الحمدللہ بالکل خیر خیریت سے پیدا ہوا اور اب آپ کے سامنے ہے۔

سخت جادو ہوگیا

اسی طرح ایک خاتون تشریف لائیں اور کہنے لگیں کہ ہمارے اوپر ہمارے گھر پر میرے شوہر پر میرے بچوں پر ہمارے رشتے داروں نے کچھ کروا رکھا ہے جس کی وجہ سے میری طبیعت مسلسل خراب رہتی ہے میرے شوہر کی بیماری کی وجہ سے ان کی

نوکری چھوٹ چکی ہے دو بیٹے اور ایک بیٹی ہے وہ ہر وقت آپس میں لڑتے رہتے ہیں کسی قسم کا کوئی کام کاج نہیں کرتے بیٹی تو مجھ سے ایسے بدتمیزی سے پیش آتی ہے جیسے میں ان کی ماں نہیں سوکن ہوں۔ آپ چل کر ہمارے گھر کو دیکھیں کہ کیا معاملہ ہے بندہ اس کے بیحد اصرار پر ان کے گھر پر گیا اور کیا دیکھا کہ گھر کے دونوں کمرے تصویروں سے بھرے ہوئے ہیں ایک کمرے میں ٹیلی ویژن لگا ہوا ہے ان کے صاحبزادے نے ریموٹ ہاتھ میں پکڑا ہوا ہے اور نظریں ٹی وی پر لگی ہوئی ہیں ہمارے اندر آنے کے باوجود ٹیلی ویژن بند نہ کیا۔ نہ سلام کہا ان کی والدہ نے آنکھوں ہی آنکھوں میں سلام کرنے کا کہا بندہ انجان بن کر کمرے کا جائزہ لے رہا تھا بہر حال انہوں نے سلام کیا۔

بندہ کو جو چیز دیکھ کر سب سے زیادہ دکھ ہوا کہ جہاں پر ٹیلی ویژن رکھا ہوا تھا اس کے سامنے اور سائیڈ والی دیواروں پر قرآن مقدس کی فریم میں آویزاں آیتیں لگیں ہوئیں تھی اور ظلم کی حد یہ کہ چھوٹے چھوٹے فریم ٹی وی کے اوپر بھی رکھے ہوئے تھے یہ منظر دیکھ کر دماغ سن ہو گیا دل کی ایک عجیب کیفیت ہو گئی اور جب کہیں یہ منظر دیکھتا ہوں تو یہی کیفیت ہو جاتی ہے کئی جاننے والوں کو پیار محبت سے سمجھایا ہے کہ اتنا ظلم تو نہ کرو مصیبت کے اس آلے کے برابر کلام اللہ کو رکھا ہوا ہے ایک جگہ ایک بچپن کے دوست کے ہاں جانا ہوا تو دیکھا کہ ٹی وی پر قرآن شریف رکھا ہوا ہے اور ریموٹ سے کبھی کوئی چینل لگا رہے ہیں کبھی کوئی یہ دیکھ کر بندے کی طبیعت بے چین ہو گئی لیکن اب ادھر بندہ مہمان کیسے ان سے بات کروں، اسی کشمکش میں کافی دیر مبتلا رہا آخر ضمیر نے فیصلہ دیا کہ حق بات کہہ دے زیادہ سے زیادہ ناراض ہو گا نا لیکن قرآن مجید کی بے ادبی تو نہ ہو۔ میں نے ان سے کہا بھائی ایک گزارش ہے آپ سے وہ میری طرف متوجہ ہوا۔ میں نے کہا بھائی قرآن مجید اللہ کا کلام ہے یہ اللہ کی مخلوق نہیں ہے یہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے وجود میں سے نکلا ہوا اس کا کلام ہے اور جس شخصیت پر نازل ہوا وہ

اللہ اور اس کی کل کائنات کی محبوب ہے جن کا نام نامی ہے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کلام پاک کی شان کی کوئی حد ہے نہیں بے شک نہیں، میرے دوست میرے بھائی، ٹھیک ہے ہم گنہگار ہیں سیاہ کار ہیں، جیسے بھی ہیں مسلمان تو ہیں نا اور مسلمان سب کچھ گوارہ کرسکتا ہے لیکن قرآن مجید کی گستاخی و بے ادبی برداشت نہیں کرسکتا جب دوسروں سے دیکھ کر برداشت نہیں کرسکتا تو خود کیسے گستاخی بے ادبی کرے گا یہ تو ہو ہی نہیں سکتا۔

وہ کہنے لگا بھائی عاشق آپ کیسی باتیں کر رہے ہیں میں آپ کی باتوں کا مطلب نہیں سمجھ سکا آپ کہنا کیا چاہتے ہیں؟ میں نے عرض کی ہاں بھائی! اصل میں مجھے الفاظ نہیں مل رہے کہ کن لفظوں سے آپ کو کہوں ارے بھائی یہ جو ٹی وی کے اوپر قرآن شریف پڑا ہوا ہے کیا یہ قرآن کی گستاخی بے ادبی نہیں ہے۔ اس ٹی وی پر کیا کچھ نہیں ہوتا بھائی آپ ناراض نہ ہو ماشاء اللہ آپ کے گھر کے تین چار کمرے ہیں آپ قرآن پاک کو کسی دوسرے کمرے میں بھی رکھ سکتے ہیں۔ اللہ کیلئے یہاں سے یہ قرآن پاک اٹھائیں۔ شریف النفس انسان تھا بہت شرمندہ ہوا اور فوراً قرآن پاک وہاں سے اٹھا کر دوسرے کمرے میں رکھا بہر حال اس خاتون کے کمرے میں بھی قرآن پاک کا یہ حشر دیکھ کر دل کانپ گیا جب مسلمانوں کے گھر میں قرآن مقدس کے ساتھ یہ برتاؤ ہوگا جن چیزوں سے قرآن اور صاحب قرآن صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سختی سے منع کیا ہے اور ہم قرآن کے سائے میں بڑی جرأت کے ساتھ وہی کام کریں تو پھر بیٹی ماں کے سامنے کیوں نہ زبان چلائے گی، بیٹے کیوں نہ ماؤں کے سروں سے دوپٹہ اتارینگے، شوہر کیوں نہ بیوی کو پاؤں کی جوتی سمجھے گا۔ بیماری کیسے ہماری جان چھوڑے گی۔ مصیبتیں کیسے نہ ہمارے گھر کو برباد کرنے کیلئے آئیں گی۔ رنج والم کے کیوں نہ ڈیرے ہمارے گھروں میں ہوں گے۔ آواز آ رہی ہے مدینہ سے تم کو یہ در در کی کیوں ٹھوکریں کھا رہا ہے۔ ارے مومنو! تم کیا سو گئے ہو یہ قرآن اللہ کا لٹا جا رہا ہے۔

آیت الکرسی کا حصار

اللہ تعالیٰ ہم سب کے حال پر رحم فرمائے بندہ نے ان خاتون سے کلام پاک لیکر پانی پر دم کر کے دیا اور تسلی کیلئے آیت الکرسی پڑھ کر گھر کو چاروں طرف سے حصار کھینچا اور ان سے عرض کی بندہ نے علاج کر دیا ہے لیکن یہ عارضی علاج ہے مستقل اور پائیدار علاج اگر کروانا ہے تو میری چند باتوں پر عمل کرنا ہوگا پھر جا کر یہ سارے مسائل حل ہونگے۔ انہوں نے پوچھا وہ کیا ہیں آپ بتائیں ہم آپ کی ہر بات پر عمل کرنے کیلئے تیار ہیں میں نے عرض کی آپ جلدی نہ کریں پہلے سوچ لیں ایسا نہ ہو کہ میں آپ سے کوئی مطالبہ کروں اور آپ کہیں کہ یہ تو ممکن ہی نہیں ہے۔ میرے نزدیک مشکل ضرور ہے ناممکن نہیں۔ جیسے آپ کی مرضی ہو میرا دواخانہ بند ہے میں چل کر اسے کھولتا ہوں آپ سوچیں پھر کل دواخانہ پر آ جانا۔

بندہ آپ کو وہ باتیں بھی بتا دے گا بندہ انہیں حیران و سرگرداں چھوڑ کر دواخانے پر چلا آیا اور ان کیلئے دعا کرتا رہا کہ اللہ انہیں ہدایت عطا فرمائے اور کل جب آئے تو اللہ کریم میری زبان سے ایسے پر تاثیر لفظ نکلوا دے کہ ان کو اچھی باتوں پر فوری عمل کی توفیق مل جائے اور ان کا گھر امن و سلامتی کا گہوارہ بن جائے، پیار و محبت کی فضاء سے بھر جائے اگلے دن تو یہ بہن تشریف نہ لائیں بلکہ کئی دنوں بعد آئیں تو کہنے لگیں کہ جب سے آپ پڑھائی کر کے آئے تھے اس دن سے امن و سکون تھا آج پھر گھر میں لڑائی ہوئی ہے۔ میں نے ان سے عرض کی بندہ نے تو پہلے ہی آپ سے یہ کہہ دیا تھا کہ یہ مستقل علاج نہیں ہے۔ انہوں نے کہا میں آپ کی ہر بات پر عمل کرنے کیلئے تیار ہوں اگر آپ کو پیسے چاہئیں تو میں بڑی سے بڑی رقم دینے کیلئے تیار ہوں آپ بتائیں کیا کرنا ہے میں نے بڑے پیار سے انہیں سمجھایا کہ پہلے تو آپ گھر سے ہر قسم کی تصویریں اتار دیں اور خاص طور پر ٹی وی کو اپنے گھر سے نکال دیں یہ سن کر فوراً بولی کے گھر والے مجھے گھر سے نکال دیں گے، میں کہاں جاؤں گی۔

بندہ نے عرض کی تو پھر ٹیلی ویژن والے کمرے سے اللہ کا کلام اس کے کلام پاک کے فریم شدہ نقشے نکال دیں، کسی دوسرے کمرے میں لگا دیں۔ انہوں نے کہا کہ ہاں یہ میں کرلونگی اللہ کریم علماء کرام کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ واقعی اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ انبیاء علیہ السلام کے وارث ہیں انہوں نے امت کو سمجھانے کا حق ادا کردیا۔ بندہ نے اپنے طور پر انہیں جو سمجھایا عبقری کے قارئین کیلئے عالم دین کے اپنے لفظوں میں بیان کررہا ہوں تا کہ ان کو بات سمجھانے میں بڑی آسانی رہے گی۔

بہرحال بندہ نے ان سے عرض کی بہن ہمارے معاشرے کی ایک عام سی شکایت ہے کہ گھروں میں سکون نہیں رہا باہمی اعتماد اور بھروسہ کم ہوتا جارہا ہے جھگڑے اور تنازعات بڑھ رہے ہیں رشتوں اور کاروبار میں رکاوٹیں پیدا ہورہی ہیں اور برکت ختم ہوکر رہ گئی ہے اور ہم نے اس کا ایک حل سوچ رکھا ہے کہ کسی نے کچھ کردیا ہے، جادو ہوگیا ہے کسی نے کالا علم کردیا ہے اور بند باندھ دیا ہے، شریکوں نے کچھ کردیا ہے، پڑوسوں نے کردیا ہے ہم یہ سوچ کر مولوی صاحب کے پاس بھاگتے ہیں کہ مولوی صاحب یہ دیکھو کس نے کیا ہے؟ اور کیا کردیا ہے؟ اس کا کچھ علاج کرو، مولوی صاحب غریب کچھ نہ کچھ کرتا ہے مجھے اس سے انکار نہیں کہ ہمارے گھروں میں یہ شکایات پائی جاتی ہیں اور کرنے والے کرتے بھی ہیں، ان کے اثرات بھی ہوتے ہیں اور ان کا علاج بھی ضرور ہونا چاہیے لیکن کیا یہ سب کچھ اسی وجہ سے ہورہا ہے، مجھے اس میں کلام ہے اور میں اس کو نہیں مانتا کہ سارا کچھ کسی کے کرنے سے ہورہا ہے میرا خیال ہے کہ اصل بات کچھ اور ہے جس کی طرف ہماری توجہ نہیں ہے۔

غیبی مخلوق

تھوڑی دیر کیلئے غور فرمائیں کہ ہمارے گھروں میں اگر نماز کا ماحول ہو قرآن کریم کی تلاوت روزانہ ہوتی ہو اللہ تعالیٰ کا ذکر ہوتا ہو، جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا جاتا ہو اور نیکی کی باتیں ہوتی ہوں تو اس پر کوئی غیبی مخلوق آتی ہے یا

نہیں یقیناً فرشتے آتے ہیں اسی طرح ہمارے گھروں میں آج کل جو ہو رہا ہے میں اس کی تفصیل میں نہیں جاتا آپ بخوبی جانتے ہیں سمجھتے ہیں لیکن جو کچھ بھی ہوتا ہے کیا اس پر بھی کوئی غیبی مخلوق آتی ہے یا نہیں یقیناً اس پر جنات آتے ہیں، شیاطین آتے ہیں اب دیکھیں جو بھی آئے گا وہ اپنے اثرات چھوڑ کر جائے گا تو نحوست اور بے برکتی ہوگی۔ سوال یہ ہے کہ انہیں کون بھیجتا ہے ظاہری بات ہے کہ میں خود ان چیزوں کو بلاتا ہوں اپنے گھر کا ماحول فرشتوں والا بناؤنگا تو وہ آئیں گے اور جب وہ آئیں گے تو برکتیں اور رحمتیں ساتھ لیکر آئیں گے لیکن اگر میں نے اپنا گھر شیاطین اور جنات کی دل چسپی والا بنا رکھا ہے تو وہی آئیں گے اور اپنے اثرات لے کر آئیں گے۔

یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ جنات اور شیاطین تو میرے گھر میں آئیں اور اپنے اثرات لے کر نہ آئیں اور پھر واپس جائیں تو اپنے اثرات میرے گھر میں چھوڑ کر نہ جائیں میں ایک چھوٹی سی مثال سے بات سمجھانا چاہونگا کہ اگر میرا گھر صاف ستھرا ہے، غسل خانہ اور نالیاں صاف ہیں گھر کے صحن میں پھولوں کی کیاریاں ہیں تو اس پر تتلیاں آئیں گی، جگنوں آئیں گے، بلبلیں آئیں گی لیکن اگر میرا گھر صاف نہیں ہے، نالیاں گندی ہیں اور غسل خانہ گندا ہے تو ظاہر بات ہے کہ مکھیاں آئیں گی، مچھر آئیں گے اور کاکروچ آئیں گے۔ سوال یہ ہے کہ یہ کس نے بھیجے ہیں کسی نے بھی نہیں بھیجے بلکہ میں نے خود انہیں بلوایا ہے اس لیے کہ میں گھر میں تتلیوں اور جگنوؤں کا ماحول بناؤں گا تو وہ آئیں گے اور اگر مکھیوں اور مچھروں والا ماحول رکھوں گا تو وہی آئیں گے نہ تتلیاں اور جگنوں کو کوئی بھیجتا ہے اور نہ ہی مچھر اور مکھیاں کسی کے بھیجنے سے آتے ہیں۔

میرا گھر مکھیوں، مچھروں اور کاکروچوں سے بھرا ہوا ہو اور میں گھر کی صفائی کرنے کی بجائے پڑوسیوں کو کوستا رہوں کہ انہوں نے ان سب کو میرے گھر میں دھکیل دیا ہے تو یہ بے وقوفی کی بات ہوگی مجھے ان سے نجات حاصل کرنے کیلئے گھر کی صفائی کرنا ہوگی اور گندگی کو باہر نکالنا ہوگا، بالکل اسی طرح اگر میں اپنے گھر کو نحوست

اور بے برکتی سے پاک کرنا چاہتا ہوں تو مجھے جنات اور شیاطین کے ماحول سے نکلنا ہوگا اور فرشتوں کا ماحول پیدا کرنا ہوگا اس لیے کہ فرشتوں کا آنا جانا ہوگا تو رحمتیں نازل ہوں گے برکتوں کا ڈیرہ ہوگا امن وسلام کا پہرا ہوگا اور بے برکتی اور نحوستوں سے چھٹکارا حاصل ہوگا اور فرشتوں کا ماحول ہمیں قرآن کریم کی تلاوت سے ملے گا نماز سے ملے گا، اللہ کے ذکر سے ملے گا اور جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کی کثرت سے ملے گا۔

رحمت برکت کا نزول

اس لیے ہمیں یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے اگر ہم دنیا کی اس زندگی (اور آخرت کی دائمی زندگی میں) میں سکون چاہتے ہیں اطمینان حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ رحمت اور برکت کا نزول چاہتے ہیں اور باہمی اعتماد ومحبت کی زندگی کے طلب گار ہیں تو اللہ رب العزت کے ساتھ تعلق جوڑنا ہوگا، گھر کو تلاوت کلام پاک سے آباد کرنا ہوگا اس کی تعلیمات سے استفادہ کرنا ہوگا میری یہ ساری گفتگو سن کر یہ بہن کہنے لگیں میں اپنے حد تک تو یہ سارے کام کرلونگی، نماز بھی پڑھ لونگی، تلاوت کلام پاک درود شریف ذکر اذکار بھی کرلونگی لیکن گھر کے دیگر افراد پر میرا بس نہیں چلتا۔

بندہ نے انہیں عرض کی آپ اپنے طور پر ان اعمال کی پابندی کریں اور ان کیلئے دعا کریں اور منزل جو کہ ایک قرآنی آیتوں پر مشتمل کتابچہ ہے اسے لیکر پڑھیں اور پڑھ کر پانی پر دم کر کے ان کو یہ پانی پلائیں اور اگر وہ یہ پانی پینے پر تیار نہ ہوں تو کھانا پکانا تو آپ ہی کرتی ہیں، اس کھانے پکانے میں اس پانی کو استعمال کریں جب آٹا گوندھیں تو اس پانی کے ساتھ، سالن پکائیں تو اس پانی کے ساتھ، چائے پکائیں تو اس پانی کے ساتھ، انہوں نے دوسری ترکیب کو پسند کیا اور اللہ کا نام لیکر یہ سب اعمال کرنا شروع کر دیئے، آہستہ آہستہ ان کے گھر میں تبدیلی آنا شروع ہوئی۔

اسی دوران اس نے اپنے بیٹے کی شادی کر دی۔ شادی کے بعد بیٹا کام پر جانے

لگا ان کے شوہر کی طبیعت ٹھیک ہوئی تو انہوں نے یہ کہہ کر کہ بہت عرصہ ہو گیا ناکارہ گھر میں پڑے پڑے، اب میں بھی کوئی کام دھندا کرتا ہوں، انہوں نے رکشہ چلانا شروع کر دیا، گھر میں جب امن وسکون قائم ہوا تو ان کی طبیعت بھی بہتر ہونا شروع ہو گئی۔ ان کی آنے والی بہو نماز کی پابند تھی پہلے ہی دن آتے ہی نماز شروع کر دی تھی اس کی دیکھا دیکھی اور ان کے سمجھانے سے ان کی بیٹی نے بھی نماز شروع کر دی اس طرح اعمال کی پابندی اور منزل کی برکت سے تقریباً تین ماہ کے قلیل عرصہ میں ان کا گھر مثالی گھر بن گیا۔ سالوں سال کے مسائل یوں حل ہوئے جیسے تھے ہی نہیں۔

ماشاءاللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔

مزید واقعات لکھنے سے قبل اہل اللہ سے منقول اس آیات (منزل) کے فوائد تحریر کرتا ہوں، یہ عظیم الشان قرآنی وظیفہ خیرالقرون سے اہل اللہ کا ورد رہا ہے، خوابوں کی تعبیر کے امام، حضرت مولانا امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ ہم کسی سفر میں تھے ایک نہر پر ہمارا قیام ہوا لوگوں نے ڈرایا کہ یہاں لوگ لٹ جاتے ہیں میرے سب رفیق وہاں سے چل دیئے مگر میں چونکہ آیات حرز پڑھا کرتا تھا اس لیے وہی ٹھہرا رہا، جب رات ہوئی ابھی میں سونے بھی نہ پایا تھا کہ چند آدمی شمشیر بکف آئے مگر مجھ تک نہ پہنچ سکے۔

ایک شخص گھوڑے پر ملا

جب صبح کو وہاں سے چلا تو ایک شخص گھوڑے پر سوار ملا اور مجھ سے کہا کہ ہم لوگ رات کو سو بار سے زائد تیرے پاس آئے مگر درمیان میں ایک آہنی دیوار حائل ہو جاتی تھی۔ میں نے کہا، یہ ان آیات (منزل) کی برکت ہے اس پر اس شخص نے عہد کیا کہ آئندہ وہ ڈاکہ اور چوری والا کام نہیں کرے گا۔ صاحب نافع الخلائق نے مذکورہ بالا قصے کو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی طرف منسوب کیا ہے اور انہوں نے ان آیات (منزل) کے درج ذیل خواص لکھے ہیں۔ 1۔ یہ آیات جذام اور برص جیسے

موذی مرض کا علاج ہے۔ 2۔ حاجات کے پورا ہونے میں یہ آیات اکسیر ہیں۔ 3۔ جو صبح پڑھے گا، رات تک خود اس کی اور اس کے جان و مال کی حفاظت رہے گی اور جو شام کو پڑھے گا صبح تک محفوظ رہے گا۔ 4۔ اگر فقیر ان آیات کا ورد کرے تو غنی ہو جائے۔ 5۔ مریض پڑھے تو شفایاب ہو جائے۔ 6۔ زخموں پر ان آیات کو پڑھا جائے تو جلد اچھے ہو جائیں۔ 7۔ اگر قیدی ان آیات کو پڑھے تو رہائی پائے یا کم از کم قید کی مدت میں کمی ہو جائے۔ 8۔ ان آیات میں فالج بواسیر، لقوہ، قولنج اور امراض چشم زخم کا علاج ہے۔ 9۔ یہ آیات جنات، انسانوں، درندوں اور موذی حشرات الارض سے حفاظت کا بہترین ذریعہ ہیں۔ 10۔ ظالموں اور حاسدوں کے شر سے حفاظت کیلئے یہ آیت بہت مفید ہیں۔ 11۔ یہ آیات جادو اور جناتی اثر کا بہترین علاج ہیں۔ 12۔ ان آیات میں مقبولیت کا اثر بھی ہے پس جو انہیں ورد رکھے گا وہ مخلوق میں مقبول اور عزیز ہو اور اس کا قول و عمل بھی لوگوں کے ہاں مقبول ہو۔ 13۔ بچوں کو یہ آیات باندھی جائیں تو جملہ بلاؤں سے ان کی حفاظت رہے۔ 14۔ اگر کوئی شخص گم یا غائب ہو جائے تو تین دن تک اس کیلئے یہ آیات پڑھی جائیں انشاء اللہ چوتھے روز تک اس کی حیات و زندگی کا حال معلوم ہو جائے گا۔ 15۔ جس گھر میں یہ آیت ہو وہ جادو اور جلنے سے محفوظ رہے۔ فضائل حفاظ القرآن لکھتے ہیں ان آیات کے پڑھنے سے آسیب و درندہ چور اور ہر قسم کی بلا اور آفت دفع ہو جاتی ہے کہا گیا ہے کہ ان میں سو بیماریوں سے شفاء ہے حضرت محمد بن علی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہمارے ایک بوڑھے کو فالج ہو گیا تھا اس پر یہ آیتیں پڑھیں اس کو شفاء ہوئی، نیز ان آیتوں (منزل) کو پڑھنے والا سرکش شیطان، جادوگر، ظالم، حاکم اور تمام چور، ڈاکوؤں اور درندوں سے محفوظ رہے گا

طریقہ عمل:

فوائد اور طریقہ عمل یہ منزل جیسا کہ پہلے تحریر کیا جا چکا ہے۔ آسیب، جادو،

جنون، شیاطین اور جنات کے اثرات، نظر بد، چوری اور ڈاکوؤں، درندوں اور جانوروں اور ہر ظالم کے ظلم اور شر سے حفاظت کیلئے اور طاعون وباء وغیرہ دیگر مہلک بیماریوں سے نجات کیلئے ایک مجرب عمل ہے۔ منزل پر عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ان آیات کو پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے اگر مرض معمولی ہو تو دن میں ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرنا کافی ہے اور اگر تکلیف زیادہ ہو تو صبح و شام پڑھ کر دم کریں اور بوقت ضرورت اس سے زیادہ بھی پڑھ کر دم کیا جا سکتا ہے اور مریض پر دم کرنے کے ساتھ ساتھ اگر پانی کی بوتل پر بھی دم کر لیا جائے اور مریض کو دم کیا ہوا پانی بھی سارا دن یا صبح و شام پلایا جائے تو اس طرح انشاء اللہ مریض کو جلدی صحت ہوگی جس دکان مکان میں آسیب یا جادو ہو وہاں اس کو قدرے بلند آواز سے پڑھنا اور پانی پر دم کر کے ہلکا ہلکا چھڑکنا مفید ہے اور اگر کوئی شخص محض اپنی حفاظت کیلئے پڑھنا چاہے تو اس کیلئے بھی ان آیات کو پڑھ کر اپنے جسم پر دم کرنا مفید ہے، جادو آسیب اور نظر بد وغیرہ سے انشاء اللہ حفاظت رہے گی۔ یاد رہے کہ عملیات اور دعاؤں میں زیادہ دخل پڑھنے والے کی نیت، توجہ اور یکسوئی کو ہوتا ہے، جتنی زیادہ توجہ اور صدق دل اور یقین سے ان کو پڑھا جائے گا اتنا ہی زیادہ اثر ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

وضاحت: یہ منزل چالیس دن یا ایک سو بیس دن تک صبح و شام یا ہر نماز کے بعد اہتمام سے پڑھے انشاء اللہ بہت ہی فائدہ ہوگا، ہاں اس کے ساتھ ساتھ مرد حضرات پانچ وقت کی نماز جماعت سے مسجد میں پڑھیں اور اس کے ساتھ ساتھ مسجد کو آباد کرنے کیلئے چوبیس گھنٹوں میں سے ڈھائی گھنٹے سے لیکر آٹھ گھنٹے تک مسجد میں رہنے کی کوشش کریں اور مسجد اور محلہ والوں کو بٹھا کر فکر کریں کہ مسجد سے ملحقہ آبادی کا ہر بالغ مرد مسجد میں آ کر نماز پڑھے اور عورتیں گھروں پر اذان ہوتے ہی نماز پڑھ لیں اور گھر میں کسی جاندار کی تصویر نہ ہو اور چھوٹے بڑے گناہوں سے بچنے کی پوری کوشش کریں اگر غلطی سے گناہ ہو جائے تو توبہ استغفار کر لیں اور صدقہ کی کثرت

رکھیں ان چار باتوں کے اہتمام سے بہت ہی جلد ہر بلا اور مصیبت سے نجات مل جائے گی۔ منزل کی تمام آیتوں کے حوالے کیلئے دیکھیں (مسند احمد 5:125 الفتح الربانی 17:183 مجمع الزوائد 5:115)۔

ایٹم بم وظیفہ اور کالے جادوگر کی معافیاں

ایک صاحب اور ان کی بیوی پر کسی جادوگر نے انتہائی سخت جادو کا وار کیا، یہ جادوگر اس جادو پر باقاعدہ پہرہ بھی دیا کرتا اور کسی عامل کو اس کا توڑ نہ کرنے دیتا۔ وہ صاحب فرماتے ہیں کہ ان کی بیوی کے ہاں اول تو حمل ہی نہ ٹھہرتا اور اگر ٹھہر بھی جاتا تو ساقط ہوجاتا اگر کسی طریقہ سے 9 ماہ پورے بھی ہوتے تو بچے کی پیدائش مردہ حالت میں ہوتی۔ یہ صاحب انتہائی باکردار اور پانچ وقت کے نمازی تھے اور بچوں کو مسجد میں قرآن بھی پڑھایا کرتے تھے۔ بہت علاج کروائے بڑے سے بڑا عامل بلوایا اور علاج کروایا اور ایڑی چوٹی کا زور لگادیا مگر نتیجہ صفر نکلتا۔

ایک دن ایک انتہائی درویش باعمل عالم اور عامل کے پاس جانا ہوا۔ یہ صاحب اپنے استخارہ کے لیے مشہور تھے اور ان کا استخارہ ایک منٹ کا ہوا کرتا تھا۔ ایک منٹ میں سارا کچا چٹھا کھول کے رکھ دیتے۔ اللہ نے بہت عطا کیا تھا ان کو...... اب یہ پریشانی لے کر ان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ مولوی صاحب نے بتایا کہ یہ کسی عام زور آور جادوگر کا وار نہیں بلکہ یہ تو کسی خبیث العین (جادو کی دنیا کا انتہائی غلیظ اور ماہر جادوگر) کا وار ہے اور یہ میرے بس سے باہر ہے۔ میں اس عمر میں اتنی سخت محنت نہیں کرسکتا۔ اس کا توڑ بھی کوئی خبیث العین ہی کرسکتا ہے۔ یہ چونکہ مجبور تھے اس لیے پوچھنے لگے کہ کچھ تو حل ہوگا۔ مولوی صاحب فرمانے لگے کہ سندھ کے فلاں علاقے فلاں جگہ پر ایک گاؤں کے باہر اسی خبیث العین نے ان دنوں ڈیرہ لگایا ہے تو فوراً

اس کے پاس چلا جا۔ (یہاں بیان کرتا چلوں کہ مولوی صاحب کا یہ حکم مشیت ایزدی کے تحت تھا خود ساختہ نہ تھا پورا واقعہ پڑھنے کے بعد قارئین کی سمجھ میں آئے گا کہ مولوی صاحب نے ایک جادوگر کے پاس کیوں بھیجا)

یہ صاحب فوراً سندھ روانہ ہو گئے اور جیسے ہی اس گاؤں کے باہر پہنچے تو دور سے ایک آگ کا دہکتا الاؤ لگا ہوا دکھائی دیا۔ انہوں نے بزرگوں کی بتائی ہوئی نشانی دیکھ کر اس کی طرف بڑھنا شروع کیا، دور سے دیکھتے ہیں کہ ایک آدمی آگ کے پاس بیٹھا ہوا ہے اور ارد گرد اس کے ماننے والوں کا جمگھٹا ہے۔ ابھی ایک ایکڑ دور تھے کہ وہ شخص اچھل کر کھڑا ہو گیا اور زور زور سے چلانے لگا کہ وہ دیکھو آ گیا، جادو کا ڈسا، وہ آ گیا قرآن پڑھانے والا، یہ اس کے پاس پہنچے اور اپنا مقصد بتایا۔ اب خبیث العین خوشی سے پاگلوں کی طرح ناچنے لگا اور بولا جاؤ فلاں کے پاس، جاؤ فلاں کے پاس، یہ گرہ جو لگی ہے کھلواؤ اپنے مولویوں سے، غرض اس نے مولوی صاحبان کے ساتھ ساتھ ان صاحب کو بھی برا بھلا کہا اور بڑے بڑے خدائی کے دعوے بھی کیے اور جادو توڑنے سے انکار کر دیا۔ یہ صاحب واپس آئے اور اپنے رب کو پکارا کہ یا اللہ! یہ بھی مخلوق ہے تو چاہے تو کیا نہیں ہو سکتا، یہ ظالم مجھ پر غالب آ گئے ہیں اور ظلم کرنے سے باز نہیں آ رہے اور رو رو کے اللہ کے حضور التجائیں کیں۔ دفعتاً دل میں القا ہوا کہ جادو کا توڑ تو آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے معوذتین سے کیا تھا اور جادو بھی انتہائی سخت بلکہ آخری درجے کا تھا جب آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے معوذتین سے یہ جادو توڑا تو میں بھی معوذتین ہی پڑھتا ہوں۔

اب انہوں نے اللہ کا نام لیا اور اسی رات سے باوضو ہو کر مسجد میں جا کر معوذتین اس جادو کی توڑ کی نیت سے پڑھنی شروع کی۔ یہ پوری رات پڑھتے رہے اور وقتاً فوقتاً دن کو بھی ورد چلتا رہتا ہر وقت باوضو رہنے لگے، غالباً چھٹے دن رات کو اونگھ آ گئی اور اچانک خون کی پوری بالٹی ان کے اوپر جیسے کسی نے گرا دی ہو۔ یہ بہت پریشان ہوئے اٹھے مسجد کے ساتھ ہی کنواں تھا وہاں نہائے دھوئے اور کپڑے بھی پاک کیے،

مسجد دھوئی۔ اب سوچا بی بی کی بھی خبر لوں، گھر پہنچے تو وہاں بھی یہی حال تھا اور بیوی انتہائی پریشان تھی۔ بیوی کو دلاسہ دیا اور فرمانے لگے کہ بھلی مانس اب کچھ ہلچل ہوگئی ہے، انشاءاللہ اب کام بن جائے گا۔

ایک نئے ولولے سے اسی رات سے پھر دوبارہ مسجد میں عمل شروع کر دیا نویں دن پھر وہی ہوا اونگھ آئی اور دونوں میاں بیوی پر خون کی بالٹی گرادی گئی۔ انہوں نے ہمت نہ ہاری اور پڑھنا جاری رکھا۔ تیرہویں دن صبح کے وقت وہی سندھ والا خبیث العین مسجد میں داخل ہوا اور آتے ہی پیروں میں گر کے معافیاں مانگنے لگا۔

ان صاحب نے اسے بولا کہ تو مجھ سے کیوں معافیاں مانگ رہا ہے؟ کہنے لگا کہ اللہ کے واسطے مجھے معاف کر دیجئے، پھر بتاؤں گا۔ انہوں نے معاف کر دیا اور وجہ پوچھی۔ کہنے لگا کہ آپ میاں بیوی پر جادو میں نے کیا تھا جب آپ مسجد میں عمل کرنے بیٹھے تو میں بھی آپ کے مقابلے پر بیٹھ گیا اور روزانہ میرا کیا ہوا جادو مجھ پر ہی الٹا چلنے لگا اور میرے مؤکل میرے دشمن ہوگئے۔ یہ صاحب فرمانے لگے کہ اگر یہ بات تو نے مجھے پہلے بتادی ہوتی تو تجھے میں کبھی معاف نہ کرتا۔ بہر حال یہ جادوگر معافی مانگ کر اپنی جان بچا کر واپس سندھ لوٹ گیا۔ کیونکہ اگر وہ معافی نہ مانگتا تو جان سے ہاتھ دھو بیٹھتا۔ انہوں نے اللہ کا شکر ادا کیا مگر جادوگر کی صلح کا اعتبار بھی نہ کیا اور اکتالیس دن مسلسل عمل کرتے رہے اس کے بعد اللہ نے ان کو نرینہ صحت مند اولاد سے نوازا اور دو سے زائد بیٹے عطا فرمائے اور بندش ہمیشہ کیلئے ٹوٹ گئی۔

معوذتین کا آسان اور مؤثر عمل

نوچندی جمعرات سے عمل شروع کریں، عشاء کے بعد وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ معوذتین 505 مرتبہ اول و آخر درود ابراہیمی پانچ مرتبہ پڑھیں۔ پہلے سورۂ فلق 505 مرتبہ پھر سورۂ ناس 505 مرتبہ اور روزانہ پانی، چینی اور سونف پر دم کر لیا کریں۔ 41 دن عمل کریں اور کم از کم 21 دن ہر روز چینی اور سونف استعمال کریں اور

ساتھ محفوظ بھی رکھیں اور ہر دسویں دن دم کیے ہوئے پانی سے کسی پاک صاف جگہ پر نہالیا کریں۔ دم کیا ہوا (پانی، چینی اور سونف) محفوظ رکھیں اور عمل کے بعد روزانہ 41 مرتبہ پڑھ کر پھونک دیا کریں تاکہ عمل جاری رہے انشاء اللہ جادو، ٹونہ، حسد، آسیب وغیرہ سے مکمل شفاء ہوگی۔ نوٹ: عمل شروع کرنے سے پہلے اور مکمل کرنے کے بعد شیرینی بچوں میں تقسیم ضرور کریں۔ دم کیے ہوئے پانی سے تین گھونٹ پانی برتن میں ڈالیں باقی حسب ضرورت سادہ پانی ملالیں جس کسی کو بھی دم کیا ہوا پانی، چینی اور سونف دیا کریں گے انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ تیل بھی دم کیا جاسکتا ہے۔

حصار کا طریقہ:

عمل شروع کرنے سے پہلے سات مرتبہ آیۃ الکرسی اور سات مرتبہ تیسرا کلمہ اول و آخر درود شریف ہاتھوں پر دم کرکے پورے جسم پر بہ نیت حصار پھیر لیا کریں۔

* * *

جادو کے ذریعے ہونے والی طلاق کا آیات قرآنی کے ورد سے بچاؤ

گندے عملیات اور میرا خاوند:

میرے والد کی شادی گھریلو حالات کی وجہ سے چھ سال بعد ہوئی تھی اور میں شادی کے چار سال بعد اس دنیا میں آئی چونکہ میری دونوں پھوپھیوں کے ہاں پہلے ہی سال لڑکے پیدا ہوئے تھے اسلیے جب بڑی پھوپھی کو رشتہ سے والد صاحب نے جواب دے دیا تو فوراً چھوٹی پھوپھی نے اپنے بیٹے کے لیے رشتہ مانگ لیا اور متفقہ طور پر اسے منظور کر لیا۔ طے یہ ہوا کہ دونوں کو نکاح کے بندھن میں جکڑ دیا جائے اور رخصتی بعد میں کر دی جائے۔

اس سلسلے میں پندرہ دن کے اندر اندر نکاح ہو گیا میری بڑی پھوپھی بظاہر تو ناراض نہیں تھیں لیکن دل ہی دل میں میری پھوپھی اور اس کی دو بڑی بیٹیوں جو کہ شادی شدہ تھیں ہمیں سبق سکھانے کی ٹھانی اور کالے جادو کرنے والے عامل سے رابطہ کر کے میرے خاوند کے دل میں میرے لیے نفرت پیدا کرنے والے عملیات کرنے شروع کر دیئے۔ نفرت اس حد تک پہنچی کہ میری رخصتی کیلئے چھ سال گزر گئے لیکن لڑکا رخصتی کیلئے مان نہیں رہا تھا اور گندے عملیات کی وجہ سے میرا خاوند جواری، شرابی اور زانی ہو گیا تھا۔

اسی دوران میرے والد محترم کا انتقال ہو گیا اور میرے تایا صاحب نے میری پھوپھی اور پھوپھا پر زور دیا کہ میری رخصتی کروالیں انہوں نے کہا کہ میرے چھوٹے بیٹے کی شادی جلدی ہونیوالی ہے اس کے ساتھ ہی ہم اس کی بھی رخصتی لے لیں گے۔ لہٰذا تین ماہ بعد میرے دیور کی شادی ہو گئی اور میری رخصتی بھی...... رخصتی کو دس دن ہو گئے تھے میرا دیور اور اس کی بیوی بڑی خوشحال زندگی گزار رہے تھے لیکن میرے

خاوند نے میرا منہ تک نہیں دیکھا تھا۔ سارے گھر میں میرے متعلق چہ میگوئیاں شروع تھیں۔ لڑکا سارا دن غیر لڑکیوں کے ساتھ رہتا اور رات کو الگ سے ایک کمرے میں سو جاتا۔ سب کے کہنے سننے پر ایک رات میرا خاوند رات کو میرے کمرے میں آیا اور مجھے کہا کہ تم نے مجھے بدنام کر کے رکھ دیا ہے گھر کے تمام چھوٹے بڑے افراد مجھے نفرت سے دیکھنے لگے ہیں میں نے قسمیں کھا کھا کر کہا کہ میں نے آپ کے کسی گھر والے سے کچھ نہیں کہا وہ خود سب کچھ دیکھ رہے ہیں لیکن وہ ناراضگی کا اظہار کرتا رہا اور کہا کہ آپ بہت خوبصورت ہیں اس کے باوجود میں جب تمہیں دیکھتا ہوں تو میرے سارے جسم میں سوئیاں چبھتی ہیں اور آپ سے دور بھاگنے کو جی کرتا ہے اگر میں آپ کے ساتھ پیار محبت کی باتیں کروں تو ممکن ہے کہ میں اس دنیا میں نہ رہوں...... لہٰذا اپنی زندگی بچانے کیلئے مجھے آپ سے چھٹکارا حاصل کرنا پڑے گا اور وہ رات...... اسی طرح جلی کٹی باتیں سننے میں گزر گئی۔ صبح اٹھ کر اس نے کہا کہ اپنے گھر سے ہو آؤ آ کر میں تمہیں طلاق دے دوں گا۔ میں اپنے بھائی کے ساتھ اپنے گھر آ گئی۔

اچانک میرے دل میں خیال آیا کہ کیوں نہ مجھے اپنی لیکچرار سے مل کر مشورہ کرنا چاہیے اور میں اسے مل کر اپنے خاوند کے تمام الفاظ جو اس نے مجھ سے کہے تھے وہ بتا دیئے میری میڈم نے کہا کہ بیٹے تمہارے خاوند پر جادو ہوا ہے میں رونے لگ گئی میری میڈم نے مجھے تسلی دی اور کہا کہ بیٹے یہ قرآنی آیات ہیں 21 دن تک 21 مرتبہ پڑھیں۔ لہٰذا میں نے اپنے اور اپنے تمام گھر والوں کو اس عذاب سے بچانے کیلئے یہ عمل شروع کر دیا۔

عمل یہ ہے:۔

وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ o وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ o (مومنون 97،98) اکیس مرتبہ پڑھیں اور اکیس مرتبہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ رات کو سوتے وقت اور صبح نماز فجر کیلئے اٹھنے سے

پہلے پہلے ...... دونوں عمل پڑھیں۔ میں نے اللہ سے آس لگا کر یہ عمل شروع کیا۔ میں نے کسی کو یہ بات نہیں بتائی سوائے اپنی لیکچرار کے ...... مجھے میری میڈم نے کہا بیٹے 21 دن کے بعد اب 21 دن یہ عمل کریں اور اس نے بتایا کہ سات مرتبہ سورۂ کافرون سات مرتبہ سورۂ اخلاص، سات مرتبہ معوذتین پڑھیں۔ سورۂ فلق اور سورۂ ناس ملا کر پڑھیں درمیان میں بسم اللہ نہ پڑھیں ابھی تیرہ دن ہی ہوئے تھے کہ میرے خاوند نے میرے گھر فون کیا اور مجھ سے بھی بات کرنے کی خواہش ظاہر کی جب ڈرتے ڈرتے میں نے فون پر بات کی تو بڑے پیار سے سلام کیا اور اپنے کہے ہوئے الفاظ اور بُرے کاموں کے نہ کرنے کا وعدہ کیا اور بہت زیادہ شرمندگی کا اظہار کیا اور اپنے آنے کے بارے میں کہا کہ میں خود آپ کو لینے آرہا ہوں۔ میں نے دس دن بعد آنے کا کہا کہ میرا یہ عمل پورا ہو جائے ...... میں نے اپنی میڈم کو فون کر کے ساری باتیں بتائیں تو میڈم نے کہا کہ اب ایسا کریں کہ موسم گرمی کا ہے آپ تین بوتل روح افزاء کی منگوائیں اور یہ قرآنی سورۂ اور آیۃ پڑھ کر ہر بوتل کو کھول کر دم کریں اور جب آپ کا خاوند آئے تو ان میں سے کسی بھی بوتل سے شربت بنا کر پلا دینا اور باقی اپنے سسرال میں گھر کے تمام افراد کو استعمال کروائیں۔ پندرہ دن کے بعد میرے شوہر آئے میں نے انہیں شربت پیش کیا اور ہم سب گھر والوں نے بھی پیا وہ قرآنی سورتیں یہ ہیں۔ سورۂ فاتحہ سات مرتبہ، آیۃ الکرسی سات مرتبہ، سورۂ کافرون سات مرتبہ، سورۂ اخلاص سات مرتبہ، معوذتین سات مرتبہ، ہر سورت سات مرتبہ پڑھ کر بوتل شربت پر دم کردیں۔ اب الحمدللہ میں اپنے گھر میں بہت خوش و خرم ہوں۔

* * *

بسم اللہ سے بندشوں کا حل

بندہ کو معلوم ہوا کہ عبقری کا خاص نمبر آرہا ہے تو دل میں داعیہ پیدا ہوا کہ چونکہ ہر چیز کی ابتدا بسم اللہ سے ہوتی ہے۔ اس لیے اس رسالہ کے شروع میں تسمیہ یعنی بسم اللہ الرحمن الرحیم کے فضائل، ثمرات اور خواص لکھے جائیں چنانچہ اللہ تعالیٰ کا نام لیکر قلم اٹھایا اور اسی اللہ کے نام سے تسمیہ کے متعلق یہ چند کلمات زیب قرطاس کر رہا ہوں۔ اس آیت کا عام فہم ترجمہ یہ ہے کہ ''شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔''

بسم اللہ قرآن کریم کی آیت ہے:

اس پر تمام اہل اسلام کا اتفاق ہے کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم قرآن شریف میں سورۂ نمل کا جزو ہے اور اس پر بھی اتفاق ہے کہ سورۂ توبہ کے علاوہ ہر سورت کے شروع میں بسم اللہ لکھی جاتی ہے۔ ہر اہم کام بسم اللہ سے شروع کرنے کا حکم: اہل جاہلیت کی عادت تھی کہ اپنے کاموں کو بتوں کے ناموں سے شروع کیا کرتے تھے اس رسم جاہلیت کو مٹانے کیلئے قرآن کی سب سے پہلی آیت جو جبرائیل علیہ السلام لیکر آئے اس میں قرآن کو اللہ کے نام سے شروع کرنے کا حکم دیا گیا کہ اقراء بسم ربك۔۔۔ (العلق پ30)

امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خصوصیت:

علامہ سیوطی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ قرآن کے سوا دوسری تمام آسمانی کتابیں بھی بسم اللہ سے شروع کی گئیں ہیں اور بعض علماء نے فرمایا کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم قرآن اور امت محمدیہ کی خصوصیت میں سے ہے۔ (قرطبی، روح المعانی)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث کا مفہوم ہے کہ ہر اہم اور نیک کام جو بسم اللہ سے شروع نہ کیا جائے وہ بے برکت رہتا ہے۔ ایک حدیث میں ارشاد فرمایا کہ گھر

کا دروازہ بند کرو تو بسم اللہ کہو، چراغ گل کرو تو بسم اللہ کہو، برتن ڈھکو تو بسم اللہ کہو، غرض کھانا کھاتے، پانی پیتے، وضو کرتے، سواری پر سوار ہونے اور اترتے وقت بسم اللہ پڑھنے کی ہدایات قرآن و حدیث سے بار بار آئی ہے۔ (معارف القرآن جلد اول ص ۴۷)

بسم اللہ کی برکت:

ایک روایت میں ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راویت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چھ ساتھیوں کے ساتھ کھانا تناول فرمارہے تھے کہ اتنے میں ایک دیہاتی آدمی آیا اور دو ہی لقموں میں سارا کھانا چاٹ لیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر یہ شخص بسم اللہ پڑھ لیتا تو یہ کھانا تم سب کیلئے کافی ہوجاتا۔ تفسیر کبیر میں ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے آدھی بسم اللہ پڑھی تھی یعنی ”بِسۡمِ اللّٰهِ مَجۡرٖىهَا وَمُرۡسٰىهَا (ھود 41)“، تو طوفان سے نجات پائی تو جو شخص پوری عمر مکمل بسم اللہ پڑھتا رہے وہ نجات سے کیسے محروم رہ سکتا ہے؟

کھانے میں برکت کا نبوی صلی اللہ علیہ وسلم نسخہ:

اسی طرح ایک اور روایت میں ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! ہم کھانا کھاتے ہیں مگر پیٹ نہیں بھرتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سے پوچھا کہ شاید تم لوگ الگ الگ کھاتے ہو؟ انہوں نے جواب دیا کہ ہاں الگ الگ کھاتے ہیں تب حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ ایک ساتھ کھالیا کرو اور ابتداء میں بسم اللہ پڑھ لیا کرو تو کھانے میں برکت ہوجائے گی۔

بسم اللہ باب رحمت ہے:

حضرت شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کی آیت، آیت رحمت ہے یہ داخلے کا دروازہ ہے جب مسلمان قرآن کریم کی ابتدا کرنا

چاہتا ہے اور تلاوت شروع کرنا چاہتا ہے تو وہ اس دروازے سے داخل ہوتا ہے کیونکہ یہ آیت، آیت رحمت ہے اس میں اللہ تعالیٰ کی دو صفت رحمت بیان کی گئی ہیں ایک الرحمن دوسری الرحیم، یہی وجہ ہے کہ اس کو اللہ پاک نے تمام سورتوں کے شروع میں رکھا ہے اور پڑھنے کا حکم دیا ہے مگر سورۂ توبہ یا سورۂ برأت میں اس کے پڑھنے کا حکم نہیں ہے اس لیے کہ سورۂ برأت کے شروع میں جو مضامین ہیں اس کے اندر اللہ کے غضب کا اظہار ہے اور جہاں پر اللہ کے غضب کا اظہار ہو اللہ کے قہر کا اظہار کیا جا رہا ہو وہ موقع آیت رحمت کی تلاوت کا نہیں ہے۔ (خطبات احتشام ص ۶۸ جلد اول)

بسم اللہ پڑھنے کی حکمت:

آپ اندازہ لگائیے کہ اسلام کی کیسی حکیمانہ تعلیمات ہیں کہ جب تم کام شروع کرو تو ان تین کلمات کو ادا کر لیا کرو یعنی اللہ، الرحمن، الرحیم اور یہ تین کلمے ایسے ہیں کہ جیسے تین محکمے ہوں اور تین محکموں سے گزرے بغیر تمہارا کام ہو نہیں سکتا، کیونکہ اللہ کا لفظ کہہ کے بتلایا کہ وہ خالق کائنات ہیں، سارے جہاں کو پیدا کرنے والا ہے، ہر چیز کو پیدا کرنے والا ہے اور جب آپ کوئی کام شروع کرتے ہیں تو سب سے پہلے اسباب و اشیاء کی ضرورت ہوتی ہے کھانے بیٹھیں گے...... کیا کھائیں گے...... بھائی گندم ہوگی تو کھائیں گے...... مکان بنانا شروع کریں...... ارے بھائی اینٹیں ہونگی تو بنائیں گے زمین ہوگی سیمنٹ ہوگی، سریا ہوگا، تب ہی تو بنائیں گے تو سب سے پہلے سامان کی ضرورت ہے اس لیے اے انسانوں! کام کو شروع کرنے سے پہلے اس خالق کائنات کو یاد کرو جس نے یہ سارے اسباب اور سامان پیدا کیے اگر اللہ تعالیٰ سازوسامان کو پیدا نہ کرتا تو آپ کسی کام کی ابتدا نہیں کر سکتے۔ آگے فرمایا کہ سارے اسباب بھی ہیں لیکن اللہ کی طرف سے اس کام کی توفیق نہیں ہے تو یہ اسباب بھی بیکار ہیں اس لیے فرمایا کہ اگر تمہیں توفیق بھی چاہیے تو اللہ کیساتھ اس کی صفت رحمٰن بھی پکارو۔ گویا کہ تم دوسرے محکمے سے کہہ رہے ہو کہ اے اللہ! سازوسامان کو پیدا کرنے

والا بھی تو ہے اور اس سامان کو استعمال کرنے کی توفیق دینے والا بھی تو ہی ہے۔ اسباب بھی مہیا ہیں اور توفیق بھی دیدی اور کام ہو گیا مگر پورا نہیں ہوا کیوں......؟

ہر کام کا مقصد اور بسم اللہ:

اس لیے کہ ہر کام کی ایک غرض اور ایک مقصد ہوتا ہے مثلاً مکان بنایا کس لیے؟ رہائش کیلئے لیکن اگر شداد کی طرح مکان بن کے تیار ہو جائے اور قدم رکھنا بھی نصیب نہ ہو تو کیا فائدہ؟ تو معلوم ہوا کہ تیسری منزل اور محکمہ یہ ہے کہ جس مقصد کیلئے کام کیا گیا ہو وہ مقصد بھی حاصل ہو اگر ہاتھ میں جلیبی بک گئی...... تو آپ کہیں گے کہ سامان بھی اللہ نے دیا توفیق بھی اللہ نے دی اور جو مقصد تھا وہ بھی پورا ہو گیا۔ اب معلوم ہو گیا کہ واقعی دنیا کا کوئی کام بھی نہیں ہو سکتا جب تک کہ ایک انسان ان تین محکموں سے نہ گزرے اور ان تین منزلوں سے اپنے آپ کو نہ گزارے۔ تو خیر اسلام کی تعلیم کتنی حکیمانہ تعلیمات ہیں دعا کیجئے کہ اللہ پاک ہمیں عمل کرنے کی توفیق دے۔ (خطبات احتشام ص ۷۸)

* * *

جادوگر تھا...... یا...... اللہ کا فضل تھا

اوائل عمر میں اکثر اپنے گھروں سے و دیگر محلہ داروں سے یہ سننے میں آتا تھا کہ فلاں گاؤں میں بہت بڑا جادوگر ہے جس مقصد کیلئے اس کے پاس جاؤ منٹوں میں کام ہو جاتا ہے۔ جادوگر کا گھر ایک پہاڑی علاقہ کے ایک گاؤں میں تھا جو ہم سے کافی دور تھا لوگوں کی باتیں سن سن کر دل میں اس کے پاس جانے کا شوق پیدا ہوتا مگر ہمارے گھر سے یہ بھی سننے میں آتا کہ جادو کرانے والا اور کرنے والا دونوں کافر ہیں۔ یہ بات سارے شوق پر پانی پھیر دیتی۔ جادوگر کا نام عبدالمجید تھا۔ دور پار سے کوئی رشتہ داری بھی تھی جب بھی کوئی واقعہ پیش آتا فوراً دل میں اس کے پاس جانے کا خیال آتا مگر نہ جاسکا۔

جادوگر سے اچانک ملاقات:

تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد ملازمت مل گئی۔ پانچ چھ سال ہو گئے تھے ایک دن میں روزمرہ معمول کے مطابق اپنا کام کر رہا تھا کہ ایک شخص نے دفتر والوں سے میرا نام پوچھا اور کہا کہ اس کو ملنا ہے چپڑاسی اُسے میرے پاس لے آیا۔ میں اچھے طریقہ سے اس کو ملا، کرسی پر بیٹھنے کو کہا چہرہ پر نظر ڈالی اور غور کیا زندگی میں کبھی ملاقات ہوئی یاد نہ آئی۔ بہت ہی صحت مند اور چاق و چوبند شخصیت تھی۔ سر پر حاجیوں کی طرح رومال لپٹا تھا میں سوال کرنے والا ہی تھا مگر اس نے پہل کر دی مجھ سے پوچھا کہ مجھے پہچانتے ہو۔ میں نے جواب دیا نہیں؟ میں نے کبھی آپ کو نہیں دیکھا۔ اس نے کہا کہ یہ بات تو ٹھیک ہے میں نے بھی تمہیں نہیں دیکھا تھا۔ میرا نام عبدالمجید ہے اور میں فلاں گاؤں کا رہنے والا ہوں اب پہچانا؟ میں نے جواب دیا کہ نہیں...... پھر کہنے لگا کہ میں تو مشہور آدمی ہوں، مجھے بچہ بچہ جانتا ہے، میرے نام سے ہر ایک واقف ہے تم کس طرح مجھے نہیں پہچانتے، میں نے کہا کہ جناب لوگ پہچانتے ہوں گے میں لاعلم

ہوں یہ بات سن کر فوراً بولا تم نے کبھی جادوگر کا نہیں سنا۔ میں نے کہا کہ جی واقعی سنا ہے کہ فلاں گاؤں میں ایک زبردست جادوگر رہتا ہے کہنے لگا کہ میں وہی ہوں۔ مجھے نام سے کم اور جادوگر سے زیادہ لوگ پہچانتے ہیں۔ میں بڑا خوش ہوا اور ہنسا اور ہنستے ہوئے پوچھا کہ آپ خود اپنے آپ کو جادوگر کے نام سے تعارف کراتے ہیں کیا واقعی آپ جادوگر ہیں۔ کہنے لگا کہ اس میں کیا شک ہے کوئی کام ہے تو بتاؤ کر کے دکھاؤں گا۔ تم پہلے یہ میرا کام کر دو پھر جو کہو گے وہی ہوگا۔ کام کیا تھا، چار پانچ اسلحہ لائسنس ڈاک خانہ میں درج کرانے تھے، ڈاک خانے کا وقت برائے اندراج لائسنس ختم ہو گیا تھا۔ میں نے لائسنس لیے اور ڈاک خانہ گیا۔

بابو صاحب جو ایک بہت ہی شریف اور پرہیز گار آدمی تھے۔ ان کو میں نے لائسنس درج کرنے کا کہا۔ انہوں نے مہربانی فرماتے ہوئے فوراً رجسٹر کھولا اور لائسنس درج کر کے مجھے دے دیئے۔ میں خوشی خوشی دوڑتا ہوا واپس آیا اور جادوگر صاحب کو لائسنس دے دیئے۔ ان کیلئے چائے بھی منگوائی وہ مجھ سے پوچھنے لگے کہ تمہارا کام کرنا ہے میں نے کہا کہ جناب دفتر میں کیا بتاؤں آپ کو میں آج آپ کو جانے نہیں دوں گا۔ آج آپ میرے مہمان ہیں وہ بمشکل راضی ہوئے، میں نے خدا کا شکر ادا کیا کہ جادوگر خود بخود میرے پاس حاضر ہو گیا ہے اور میرے بچپن کا شوق پورا ہوا۔ میں نے چھٹی کی اور جادوگر کو لے کر گھر کی طرف روانہ ہو گیا۔

یہ کیسا جادوگر ہے؟؟؟:

جب گھر پہنچے، کھانا تیار تھا، کھانا کھایا، پھر قہوہ پیا، جادوگر صاحب بولے کہ لوٹے میں پانی دے اور نماز پڑھنے کیلئے جائے نماز دے دو، میں حیران ہوا...... اور حیرانگی سے پوچھا کہ آپ نماز بھی پڑھتے ہیں؟ جادوگر تو سنا ہے کہ وہ نماز وغیرہ نہیں پڑھا کرتے۔ آپ کیسے جادوگر ہیں......؟؟؟ ہنستے ہوئے کہنے لگا کہ وہ جادوگر کچے ہیں میں پکا ”جادوگر،، ہوں۔ میں نماز بھی پڑھتا ہوں، قرآن مجید کی تلاوت بھی کرتا ہوں

باقی باتیں نماز پڑھ کر کروں گا۔ میں نے کہا ٹھیک ہے۔ جادوگر صاحب نے وضو ہماری طرح کیا اور پھر نماز بھی بڑے اچھے طریقہ سے ادا کی بعد میں ورد وظیفہ کر کے اللہ تعالیٰ سے دعا بھی مانگی، میری حیرانگی کی انتہا نہ رہی یہ کیسا جادوگر ہے، جو سب کچھ کرتا ہے۔ جب عبادت سے فارغ ہوئے بستر پر بیٹھ گئے اور کہنے لگے کہ تم نے کبھی ایسا جادوگر دیکھا ہے جو اپنے مالک کو بھی یاد کرتا ہو اور جادو بھی کرتا ہو اگر دیکھا نہیں تو سنا تو ہوگا۔ میں نے جواب دیا کہ میں نے زندگی میں کسی جادوگر کو دیکھا ہی نہیں ...... آپ کو دیکھنے کا شوق تھا جو آج پورا ہوا۔

سنا یہی ہے کہ جادوگر کافر ہوتے ہیں ......!!! الٹے کام کرتے ہیں، دین کے خلاف ان کے سارے کام ہوتے ہیں۔ آپ مجھے سچ سچ بتائیں کہ آپ کیسے جادوگر ہیں ......؟؟؟ وہ بار بار کہتے رہے کہ ان باتوں کو نہ چھیڑو۔ میرے مجبور کرنے پر جادوگر صاحب نے کہا سنو میں کیسا جادوگر ہوں ......!!! میں نے جادو کس طرح حاصل کیا۔

جادوگر کی کہانی اسی کی زبانی:

کہنے لگے کہ میں جب پانچ سال کا تھا میری والدہ اور والد کچھ ماہ کے وقفے سے وفات پا گئے میرا ایک چھوٹا بھائی تھا جس کو پالنے کیلئے خالہ لے گئی تھی۔ مجھے ایک رشتہ دار نے میرے شہر سے دور ایک یتیم خانہ میں لاکر چھوڑ دیا۔ جہاں میں تعلیم حاصل کرنے لگا اور کھانے کیلئے لوگوں کے گھروں سے وظیفے بھی مانگتا۔ کافی لڑکے میری طرح تھے میں سب سے جسم کے لحاظ سے توانا تھا۔ خوب پڑھتے اور دوسروں کے ساتھ گھر گھر جاکر آواز لگاتے وظیفہ دے دو۔ بعض گھروں سے بڑی بہترین ترکاری بھی دی جاتی جو ہم وہیں باہر بیٹھ کر کھا لیتے۔ چند ماہ گزرنے پر مجھے لوگ پہچان گئے۔

ایک بڑا مخیر امیر گھرانہ تھا۔ وہ اکثر مرغ وغیرہ یا چھوٹے گوشت کی ترکاری پلیٹ میں رکھ کر ساتھ روٹی بھی رکھ کر کھانے کا کہتے۔ ہم دو تین لڑکے باہر گلی میں بیٹھ کر کھا کر

آجاتے، باپردہ گھر تھا۔ ایک چھوٹی بچی جو اس گھر میں کام کرتی تھی، ہمارے لیے روزانہ آواز لگانے پر ٹرے میں روٹی لاتی، کھانا ایسا ہوتا کہ جس کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے بس ایک عادت پڑ گئی، جو بچی ہمارے لیے کھانا لاتی تھی وہ پانی بھی پوچھ کر لاتی۔ ہماری خاطر و مدارت کرتی، قدرتی طور پر مجھے اس لڑکی سے انسیت ہوگئی اور وہ بھی مجھے بڑی ہمدردانہ نظروں سے دیکھتی، وہ بچی بھی جوان ہوگئی، لیکن کھانا وہی ہمارے لے کر آتی، وہ کافی دیر ہمارے پاس بیٹھی رہتی، پوچھتی اور کچھ کھانا ہے؟ کئی دفعہ فروٹ وغیرہ بھی لا کر کھلائے، گلی میں بٹھانے کی بجائے بیٹھک میں بٹھا کر تواضع کی جاتی، گھر کا کوئی فرد ہم نے نہ دیکھا تھا اور نہ آواز سنی تھی، ایک دن اس نے کہا کہ دوپہر کا کھانا تم ادھر سے کھالیتے ہو تو شام کا کہاں سے کھاتے ہو؟ میں نے کہا کہ دوسرے محلہ میں شام کو چکر لگانا پڑتا ہے اس نے کہا کہ نہیں اُدھر مت جاؤ ادھر ہی آیا کرو۔ میں نے خدا کا شکر کیا، عادت بھی ایسی ہوگئی تھی کہ بغیر یہاں آئے چین نہیں آتا تھا۔

چاند اور بیکار پتھر کی شادی:

شام کو میں اکیلا ہی آتا اور کھانا بھی کھاتا، اور ایک دوسرے سے کلام بھی ہوجاتا، ایک دن وہ بولی کہ مجھے تمہاری شرافت سے محبت ہوگئی ہے، میں تم سے شادی کرنا چاہتی ہوں، اپنی ماں کو بھیجو کہ رشتہ مانگے، میں نے کہا کہ میرے ماں باپ تو بچپن میں وفات پا گئے ہیں میرا ایک چھوٹا بھائی تھا وہ بھی نامعلوم کس حال میں ہوگا۔ جب سے یتیم خانہ آیا ہوں پھر لوٹ کر گاؤں نہیں گیا۔ یتیم...... بے کس...... طالب علم ہوں۔ آپ اتنی امیر گھرانے کی ملازمہ ہیں اور خوبصورت ہیں...... اور تعلیم یافتہ بھی ہیں...... میرے ساتھ کیسے شادی کریں گی......؟؟؟ یہ کبھی نہیں ہوسکتا...... میں اس قابل کہاں......!!! آپ چاند کی مانند ہیں اور میں ایک بیکار پتھر کی طرح ہوں جو راستے میں ہی پڑا رہتا ہے اور گزرنے والا ٹھوکر کھاتا ہے اللہ آپ کو اچھا اور خوبصورت اور آپ کی طرح مخلص خاوند نصیب کرے۔ میرے ساتھ کوئی مانگنے والی عورت بھی

شادی نہیں کرتی، نہ گھر ہے نہ اور کوئی ذریعہ معاش ہے۔ یہ شادی بہت مشکل ہے۔ اس نے میری بات نہ سنی روزانہ ہماری اسی موضوع پر گفتگو ہوتی، روزانہ طرح طرح کی سکیمیں سوچتے، کوئی حل نہ نکلتا ناسمجھی کی عمر تھی کوئی اپنا بھی نہ تھا جس سے پوچھتا۔ لڑکی روزانہ پوچھتی میرا جواب نہ ہی ہوتا۔ میں اسے کہتا کہ اگر ان باتوں کا علم تمہارے گھر والوں کو ہو گیا وہ مجھے تو تجھے جان سے ماردیں گے۔ وہ مجھے جواب دیتی کہ تمہاری خاطر سب کچھ برداشت کرلوں گی، یونہی وقت گزرتا رہا۔۔۔

ایک رات ہم نے سکیم بنائی اور رات کے اندھیرے میں دونوں گھر سے بھاگ گئے اور پیدل چلتے چلتے بھوکے پیاسے اپنے گاؤں پہنچ گئے، کوئی انسان مجھے نہ پہچان سکا، اپنا گھر دیکھا چھت درمیان سے گری ہوئی تھی اور اندر سوائے ایک چارپائی کے جو چمڑے سے بُنی ہوئی تھی موجود تھی، اس کے اوپر بھی چھت کی مٹی کا ڈھیر تھا، وہ ہٹایا اور پڑوسی لوگوں کو بتایا کہ میں فلاں شخص ہوں، آج واپس آیا ہوں، انہوں نے رات کو روٹی وغیرہ کھلائی۔ دوسرے دن لوگوں سے مل کر چھت وغیرہ بھی ٹھیک کی اور ادھر ادھر سے مدد مانگ کر گھر آباد کیا۔ نکاح پڑھوایا اور رہنے سہنے لگے۔ میں اپنی بیوی سے کہتا کہ کتنے اچھے تمہارے مالک اور رہن سہن تھا تم نے بادشاہی سے گداگری کیوں قبول کی؟ وہ تعلیم یافتہ تھی کہنے لگی کہ اللہ پر بھروسہ رکھو جس نے پیدا کیا ہے جو ہوگا اسی کے حکم سے ہوگا، اللہ اگر وہاں اچھا رزق دیتا تھا تو یہاں بھی دیگا۔ ایک ماہ بعد مجھے مزدوری مل گئی، ایک جگہ سڑک بن رہی تھی وہاں پتھر اٹھانے کا کام ملا اور یوں گھر کا خرچہ پورا ہونے لگا۔

مجذوب سے ملاقات:

ماہ رمضان تھا میں روزہ رکھ کر جب گھر سے نکلا تو راستے میں دور سے مجھے ایک آدمی نظر آیا، اس کے جسم پر کوئی کپڑا نہ تھا، صرف ایک جانگیہ پہنے ہوئے تھا، میں نے اس کو حقارت سے دیکھا مگر جیسے ہی وہ میرے قریب آیا مجھے محسوس ہوا کہ میرے جسم سے طاقت نکل چکی ہے، مجھ پر اس کا رعب طاری ہو گیا، میرے پاؤں لرز رہے تھے،

دل میں خیال آیا کہ یہ کوئی فقیر ہے اور اس کو آزمانا چاہیے فقیر نے مجھ پر نظر کر کے نگاہیں نیچی کر لیں اور راستے کو دیکھ دیکھ کر چل رہا تھا میں راستے سے ایک طرف ہو گیا وہ چپ چاپ میرے قریب سے گزر گیا میں نے آزمائش کیلئے درود شریف اس کی پیٹھ کے پیچھے پڑھنا شروع کر دیا فقیر ایک دم پیچھے مڑ کر میری طرف متوجہ ہو کر کہنے لگا آزمائشیں کرتے ہو اور پھر چل پڑا۔

میں پیچھے دوڑ کر اس کے نزدیک گیا کہ اس سے دعا کراؤں۔ میں جوں ہی قریب پہنچا بڑے غصے سے فرمایا جاؤ کام پر جاؤ۔ ایک سال بعد ملاقات ہو گی۔ یہ سن کر میں بڑا مایوس ہوا اور کام پر چلا گیا۔ سارا دن اپنی بدنصیبی پر روتا رہا رات کو جب اپنی بیوی کو سارا واقعہ بتایا اس کو بھی بہت دکھ ہوا۔ زندگی کے دن گزرتے رہے، ہر وقت ہمیں پولیس کا بھی ڈر رہتا کہ گھر والوں نے رپورٹ تو کی ہو گی اور پولیس تلاش کر رہی ہو گی، یہ بھی ڈر رہتا کہ کسی کے ذریعہ پتہ کروا کر ہمیں جان سے ختم کروا دیں گے۔

دروازے پر دستک ہوئی اور بندش کھل گئی:

سال بھی گزرنے والا تھا ہم بھی بھول گئے کہ فقیر صاحب ملاقات کریں گے کیونکہ ٹھکانہ کا نہ انہوں نے پوچھا اور نہ ہم بتا سکے۔ ایک دفعہ آدھی رات کے قریب دروازے پر دستک ہوئی ہم نیند سے بیدار ہوئے اور ڈرے بڑے زور سے کوئی دروازہ کھٹکھٹا رہا تھا۔ میں نے چھریاں وغیرہ ہاتھ میں رکھ کر بیوی کو کہا کہ گھبرانا نہیں، کلمہ پڑھتے ہوئے بڑی ہوشیاری سے دروازہ کھولا اندھیرا چھایا ہوا تھا، دیکھا کہ وہی فقیر کھڑا ہے۔ میں ساتھ اندر لے آیا، میری اہلیہ نے بھی سلام کیا، انہوں نے چادر مانگی میری اہلیہ نے اپنی موٹی چادر دیدی، فقیر صاحب نے چادر اوڑھ کر مکان کے ایک کونے میں بیٹھ کر ٹیک لگا لی اور خاموش ہو گئے۔ ہم دونوں میاں بیوی بڑے خوش تھے کہ سارا قصہ بتا کر دعا کرائیں گے ساری رات ہم سرگوشی کرتے رہے، میں یہ کہوں گا؟؟ تم یہ کہنا؟ صبح کی اذان ہوئی...... ہم نے وضو کیا اور نماز پڑھی......

اللہ فضل کرے گا:

ایک ہی مٹی کی ہانڈی تھی، اس میں چائے بھی بناتے اور اسی میں ترکاری...... رات کو مکئی کی آدھی روٹی صبح ناشتہ کیلئے چھوڑی تھی، چائے بنائی گھروالی کہنے لگی کہ فقیر صاحب کو تو باسی روٹی نہیں دے سکتے تم پڑوسیوں سے انڈوں کا پتہ کرو اور میں آٹا گوندھ کر روٹی پکاتی ہوں فقیر صاحب نے آواز دی چائے بن گئی ہے، ہم نے جواب دیا جی ہاں کہنے لگے جلدی لے آؤ، دیر ہو رہی ہے۔ خدا کی قدرت ہم کچھ بول نہ سکتے تھے، کہتے کہتے رک جاتے، تھوڑی دیر انتظار کرتے پر نہ کہہ سکے، رات کی بچی ہوئی آدھی روٹی اور ایک پیالہ میں چائے لا کر فقیر صاحب کو پیش کی، فقیر صاحب نے روٹی کے دو ٹکڑے کیے۔ ایک خود کھانا شروع کیا اور دوسرا ہمیں دے کر کہنے لگے یہ تم دونوں کھالو۔۔۔ ہم نے بھی دو حصوں میں تقسیم کر کے کھالی۔

بیگم مجھے اشارہ کرتی ہے کہ فقیر صاحب سے دعا کی درخواست کرو، میں اس کو اشارہ کرتا، ہمت نہ پڑتی، فقیر صاحب چائے کا آخری گھونٹ پی کر پیالہ زمین پر رکھ کر اٹھ کر باہر جانے لگے ہم دونوں ایک دوسرے کو کہنے لگے کہ اب جا رہے ہیں بولو......! بولو بولو کرتے کرتے وہ دروازے سے نکل گئے ہم کوئی بات نہ کر سکے۔ میں باہر ان کو رخصت کرنے لگا، فقیر بولے فوراً واپس چلو میرے پیچھے مت آؤ، اللہ فضل کرے گا۔

اللہ نے فضل کر دیا:

میں واپس آ گیا، ہماری لڑائی شروع ہو گئی، میں بیوی کو کوستا، وہ مجھے کوستی، چند دن ہماری تلخی رہی پھر صلح ہو گئی...... ایک دن ٹھیکیدار صاحب ہمارے کام کی خود نگرانی کرنے لگے، سارا دن ہمارے پاس کھڑے رہے، شام کے وقت جب ہماری چھٹی ہوئی انہوں نے مجھے بلایا اور کہا کہ تمام مزدوروں سے تم اچھا کام کرتے ہو اور کہا تم

ان مزدوروں کے آج سے انچارج ہو اور تمہاری ایک دن کی تنخواہ ایک آنہ سے اب چار آنہ یومیہ ہوگی، میں بڑا ہی خوش ہوا، خدا کا شکر ادا کیا، ٹھیکیدار صاحب مجھ سے بہت خوش تھے مجھے روزانہ چار کی بجائے آٹھ آنہ دے دیتے، میں نے اپنے بستر وغیرہ بنانے شروع کر دیئے، آج اور کل اور...... دو چار سالوں میں میں امیر آدمی بن گیا، اس کے علاوہ میں نے گاؤں میں دم کرنا شروع کر دیا۔

خدا کی قدرت جس کو سر میں درد ہوتا میں سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرتا درد فوراً ختم...... کسی کی کمر میں درد ہوتا میرے دم سے اچھا ہو جاتا، میری شہرت ہونے لگی، دور دور سے لوگ آنے لگے، مجھے تعویذ وغیرہ لکھنے نہیں آتے تھے، کوئی من پسند شادی کیلئے تعویذ لینے آتا، کوئی مقدمہ میں کامیابی کیلئے تعویذ لیتا، میں چھوٹے سے کاغذ پر خانے بنا کر دو چار چھ کے ہندسے ویسے ہی تکہ مار کر لکھ کر دیتا جس کام کیلئے میں کاغذ کی پرچی دیتا وہ ہو جاتا، کام ہونے کے بعد کوئی مرغی لاتا، کوئی بکرا لاتا، کوئی گندم، کوئی چاول لاتا، میرے مفت میں مزے ہونے لگے، ہر وقت گھر رہتا، ہر چیز خداوند کریم گھر پر مہیا کر دیتے، میں نے پکا مکان بنانا شروع کر دیا، مستریوں نے کہا کہ ایک پیسہ نہیں لیں گے، لکڑیاں لوگوں نے مفت لا کر دیں، صرف روٹی اور چائے کا خرچ مجھے کرنا پڑتا، وہ بھی لوگ تعویذوں کے بدلے دے جاتے تھے۔

چار الفاظ نے کایا پلٹ دی:

میں نے اپنی بیگم کو کہا کہ فقیر کو ہم اپنی داستان غم نہ سنا سکے اور دعا کی درخواست تک نہ کر سکے مگر اس نے خود جو الفاظ نکالے ''اللہ فضل کرے گا،، ان الفاظ نے میری کایا پلٹ دی، لوگ چونکہ ہر کام ان کا ہو جاتا تھا ہر ایک کہتا کہ ایسے کام صرف جادو سے ہی ہو سکتے ہیں۔ عبدالمجید صاحب کہنے لگے کہ میں یہ باتیں سنتا رہتا اور خوش ہوتا رہتا میں نے کبھی کسی کو نہیں کہا کہ مجھے جادوگر مت کہو اور نہ ہی کسی کو اپنی داستان سنائی، صرف تم ایک واحد آدمی ہو جو مجھے اچھے لگے ہو تو میں نے بتایا۔

میرے پاس صرف فقیر کی دعا ہے:

میرے پاس نہ کوئی روحانی علم ہے، نہ جادو کا علم ہے صرف فقیر کی دعا ہے جس کسی کو کسی کام کا کہتا ہوں وہ کر دیتا ہے۔ اللہ مہربان ہو گیا ہے۔ آج ہی گھر سے آیا، ڈی سی صاحب کو چار پانچ آدمیوں کو اسلحہ کے لائسنس کی درخواستیں کی انہوں نے اسی وقت منظوری دیدی، لائسنس کلرک نے لائسنس بنا کر اسی وقت دے دیئے، اندراج تم نے کرا دیا، یہی جادو ہے۔ مجھے کہنے لگے کہ کوئی کام ہے تو میں پرچی دے دیتا ہوں ہو جائیگا۔ میں نے انہیں کہا کہ مجھے کوئی ایسا عمل بتا دیں کہ جس سے میرے کام بھی ہوتے رہیں تو انہوں نے کہا کہ نماز کی پابندی کرو اور اَللّٰہُ الصَّمَدُ کا ورد 100 دفعہ عشاء کی نماز کے بعد کر لیا کرو اور مجھے اپنے گھر آنے کی دعوت دی۔ میں نے بھی وعدہ کیا مگر میری تبدیلی ہو گئی اور ہماری دوبارہ ملاقات نہ ہو سکی بعد میں پتہ چلا کہ وہ اس دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں۔

* * *

14 سالہ پرانا کالا جادو اور بندشیں کیسے ٹوٹیں

میں اپنی نوجوانی میں بالکل دنیا دار تھا، ہر وقت کاروبار کی فکر تھی، نماز روزہ کی کوئی فکر نہ تھی، دوستوں کے ساتھ گپ شپ لگائی، عیاشی کی، تاش کھیلے، کھایا پیا اور سو گئے، ایک مرتبہ چند پرانے دوست آئے دیکھا تو انہوں نے سفید لباس اور سنت کے مطابق ڈاڑھی رکھی ہوئی تھی، وہ مجھے قریب خالی پلاٹ میں لے گئے، وہاں انہوں نے عارضی زندگی کی حقیقت سمجھائی اور ابدی زندگی کی یاد دلائی بات میری سمجھ میں آ گئی۔ اپنی گزری ہوئی زندگی پر انتہائی ندامت ہوئی اپنے آپ کو لعنت ملامت کی، عشاء کی نماز کا ٹائم تھا اللہ نے توفیق دی اسی وقت مسجد گیا وضو کیا، نماز ادا کی اور رب کے حضور گزشتہ زندگی کے کارناموں سے توبہ کی اور آئندہ ایسے کاموں کو نہ کرنے کا عہد کیا۔

تبدیلی کی شروعات:

زندگی کا رُخ تبدیل ہونا شروع ہوا، مختلف دینی کتابوں کا مطالعہ کیا۔ ہمارے قریب ایک جنگل میں ایک مزار تھا، وہاں ایک فقیر بیٹھتے تھے میں سمجھتا تھا کہ روایتی فقیروں کی طرح یہ بھی لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں، ایک دن میں اس فقیر کا امتحان لینے وہاں پہنچا تو جا کر میں نے جو دیکھا وہ یہ تھا:۔

مجذوب سے دل کی تسلی:

مزار والے کمرے سے ایک عورت نکل کر مجذوب کے پاس آئی اور کہنے لگی مزار والے بابا جی کو کہیں کہ میرا بیٹا رہا کرا دیں جو کہ نو ماہ سے جیل میں ہے مجذوب غصے سے کہنے لگے پگلی تیرا بیٹا قبر والوں نے رہا نہیں کرانا اللہ نے رہا کرانا ہے اس لیے اس سے مانگ جو اس کی طاقت رکھتا ہے۔ اس طرح میرے ایک سوال کا جواب میرے پوچھنے سے پہلے ہی انہوں نے دیدیا۔ تھوڑی دیر میں مزار پر کچھ نوجوان لڑکیاں آ گئیں میری نظر ان پر پڑی اور بدنظری ہوگئی مجذوب کہنے لگے میری عمر ستر سال سے

زیادہ ہوگئی ہے لیکن میرے اندر (دل) کا جوان ہے اس طرح میرے دوسرے سوال کا جواب آ گیا۔ تھوڑی دیر میں مجذوب بزرگ نے میرے سارے سوالوں کے جواب پوچھنے کے بغیر ہی دے دیئے اور میری تشفی کر دی۔ میں نے آنا جانا شروع کر دیا، کچھ فقیری کا رنگ چڑھا۔

ایک مرتبہ میں نے ان مجذوب سے کہا کہ مجھے بیعت کر لیں کہنے لگے میں بیعت نہیں کر سکتا، میں نے اصرار کیا فرمانے لگے، بیعت ہونا ہے تو ایک بہت بڑے مجذوب ہیں۔ ان کے پاس چلے جائیں اور ان کا نام بھی بتایا۔ میں نے کہا وہ بہت بڑے عالم ہیں ہم پر فقیری رنگ چڑھ چکا ہے، مجذوب بڑے پیار سے فرمانے لگے بس ان کے پاس چلے جائیں بڑی محبت کرنے والے لوگ ہیں، پھر میں ان عالم بزرگ سے بیعت ہو گیا۔

خواب میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا رہنمائی کرنا:

اپنے پیر و مرشد سے تعلق کے بعد میں اپنے والد صاحب کے ساتھ ہی کاروبار میں شریک ہو گیا۔ والدہ صاحب دنیادار تھے انہیں میرا نماز، روزہ کرنا اچھا نہیں لگتا تھا، اس وجہ سے میں نے کاروبار ان کے حوالے کیا اور خود سوچ بچار میں مصروف ہو گیا کہ کیا کام کیا جائے۔ ایک رات خواب میں دیکھا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کندھے پر چادریں رکھے مدینہ شریف کے بازار میں فروخت کر رہے ہیں صبح اٹھا دل مطمئن تھا کپڑے کا کام شروع کیا۔ چند دنوں میں ہی اللہ تعالیٰ نے حیرت انگیز حد تک برکت اور ترقی دی۔ گاؤں میں دکان خرید لی ساتھ ملازم رکھ لیے، کام اور بڑھا، شہر میں بہت بڑی ہول سیل کے کپڑے کی دکان بنائی، آٹھ سے دس ملازم دکان پر کام کرتے تھے، الحمدللہ۔

کچھ عرصے بعد وہ مجذوب اس دنیا فانی سے کوچ کر گئے، پھر وہ 2004ء کا سال بھی آیا جب میرے پیر و مرشد رحمۃ اللہ علیہ متعلقین کو روتا ہوا چھوڑ کر سفر آخرت پر

روانہ ہوگئے، جو خادم بوقت خدمت آپ کے پاس موجود تھے کہتے ہیں کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ ساری رات اللہ جی اللہ جی کہتے رہے، انتہائی ضعف اور علالت کے باوجود وفات سے تھوڑا وقت پہلے حاجت کیلئے اٹھایا گیا خادم نے غفلت میں بایاں جوتا پہنانے کی کوشش کی تو آپ نے پہننے سے انکار کر دیا اور دائیں جوتے کی طرف اشارہ فرمایا آخر وقت میں بھی سنت عمل کو نہ چھوڑا۔ صبح سحری کے وقت کلمہ شہادت پڑھا اور ہنستے مسکراتے چہرے کے ساتھ اپنے پیارے اللہ جی کے دیدار کیلئے روانہ ہوگئے۔

مرشد کے انتقال سے پریشانیوں کا نزول:

میرے مرشد اس دنیا سے پردہ فرما گئے تو آزمائشوں اور مصیبتوں کا دور شروع ہو گیا، پھر اندازہ ہوا کہ ایک اللہ والے کے سائے اور شفقت میں رہتے ہوئے آدمی کتنا پرسکون ہوتا ہے، کتنی بلاؤں سے حفاظت ہوتی ہے۔

کالے جادو سے کاروبار اور صحت کی تباہی

چکوال میں کپڑے کا بہت بڑا کاروبار تھا، تقریباً آٹھ دس ملازم بھی رکھے ہوئے تھے۔ آہستہ آہستہ نقصان شروع ہوا۔ ہوتے ہوتے پچیس لاکھ کے مقروض ہوگئے، صحت تباہ ہوگئی، مہروں کی تکلیف کی وجہ سے مکمل چارپائی پر پڑ گیا۔ ہمارے شہر میں ایک مشہور عامل تھے ان سے کافی عرصہ علاج چلتا رہا لیکن مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ اس کے علاوہ بھی ایک بہت بڑے عامل ہیں میرے گھر میں آکر پانچ چھ گھنٹے پڑھائی کرتے رہے بعد میں پورا دفتر تعویذات کا بھی دیا لیکن کالے جادو کے کان پر جوں تک نہ رینگی۔

خواب میں پیر و مرشد کی طرف سے رہنمائی:

سخت پریشانی کے عالم میں دن رات کٹ رہے تھے، میرے ایک دوست حافظ صاحب اسپین میں ہیں میں نے خواب میں دیکھا کہ میں موٹر سائیکل چلا رہا ہوں

اور دو، دوست میرے ساتھ بیٹھے ہیں اور لاہور جا رہے ہیں۔ اس دوست کے سسرال لاہور میں ہیں ان کے گھر جانا ہے جب اس مکان کے سامنے پہنچے درمیان میں تقریباً بیس فٹ گہری کھائی ہے اور اس میں گندا کالا پانی کھڑا ہے ہم وہاں جا کر رک جاتے ہیں میں نے حافظ صاحب سے کہا کوئی اور راستہ بتائیں کہتے ہیں راستہ بھی اور نہیں ہے اور جانا بھی ضرور ہے میں نے کہا پھر اترتے ہیں جو ہوگا دیکھا جائے گا۔

خواب کی تعبیر:

ہمارے چچا کے گھر دو انمول خزانے کا کتابچہ موجود تھا۔ مندرجہ بالا خواب کے دوسرے یا تیسرے روز چچا نے وہ کتابچہ ہمارے گھر ٹرانسفر کر دیا۔ چند دن بعد چکوال سے سالی محترمہ ملنے کیلئے تشریف لائیں اور ساتھ ماہنامہ عبقری لے آئیں۔

حکیم صاحب دامت برکاتہم کی خدمت میں حاضری:

ماہنامہ عبقری کا مطالعہ کیا اس سے پتہ چلا کہ حضرت جی حکیم صاحب دامت برکاتہم لاہور میں روحانی اور جسمانی بیماریوں کا علاج کرتے ہیں۔ ہم نے بھی کمر کس لی۔ فون پر ٹائم لیا، مقررہ ٹائم پر حاضر خدمت ہوئے۔ مندرجہ بالا تمام واقعات وحقائق آپ کی خدمت عالیہ میں گوش گزار کیے اور مدد کی درخواست کی۔ حکیم صاحب نے ہمارا علاج تجویز کیا۔

خواب میں بشارت:

جب لاہور سے چیک اپ کے بعد گھر واپس آئے رات کو خواب میں کسی نے دروازہ پر دستک دی۔ دیکھا ایک خوبصورت نوجوان کھڑے ہیں ان کے ہاتھ میں بڑا سا ڈبہ ہے۔ ڈبہ انہوں نے میرے حوالے کیا اور بتایا کہ عبقری والوں نے تحفہ بھیجا ہے، میں اندر لایا کھول کر دیکھا تو اس میں تقریباً 45 لاکھ روپے موجود تھے۔ میں نے ان نوجوان سے کہا میری ضرورت سے زائد ہیں مجھے 22 لاکھ چاہیے تھے۔ کہنے لگے یہ سب آپ کے ہیں رکھ لیں۔

چودہ سالہ پرانا جادو:

حضرت جی حکیم صاحب دامت برکاتہم نے ہمیں بتایا کہ چودہ سالہ پرانا کالا جادو ہے۔ انشاء اللہ اس کا توڑ کر دیا گیا ہے۔

جنات کے رسے:

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم نے فرمایا کہ ایک انسانوں کے رسے ہوتے ہیں اور ایک جنات کے رسے ہوتے ہیں۔ ایک رسوں کی قسم ہوتی ہے جو کہ جنات بناتے ہیں اور سٹیل کے ہوتے ہیں ان سے آپ کو باندھا گیا تھا۔

محترم حکیم صاحب کی شفقت اور آزمائشوں کا خاتمہ:

دوبارہ لاہور میں محترم حکیم صاحب کے پاس حاضری دی حکیم صاحب نے خصوصی محبت اور شفقت سے نوازا۔ صحت پہلے سے بہتر ہونا شروع ہوگئی، بندشیں ختم ہوئیں، قرض اترنا شروع ہوا، کاروبار کی صورتحال بہتر ہوئی۔ حکیم صاحب کی برکت، خصوصی توجہ اور دعاؤں سے اللہ جی نے ہمیں بڑی آزمائشوں سے نکالا۔ گھر میں برکت اور خوشحالی کا دور دورہ ہوا۔ پھر حضرت حکیم صاحب چکوال تشریف لائے مکہ ہوٹل میں۔ وہاں میں نے بیوی بچوں سمیت آپ کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔

جو لٹا تھا وہ مل گیا:

جو کچھ میرا لٹا تھا وہ سب واپس آگیا۔ اللہ جی نے نماز باجماعت تکبیر اولیٰ کے ساتھ پڑھنے کی توفیق دیدی، جب سے بیعت ہوا تہجد کی نماز بھی الحمدللہ قضا نہیں ہوئی، جب سے بیعت ہوا اعمال کی پابندی نصیب ہوگئی، تسبیحات، ذکر اذکار پہلے نہیں تھا اب کبھی ناغہ نہیں ہوا۔ حضرت جی کی برکات اور انوارات کی وجہ سے نماز کے اندر خشوع وخضوع نصیب ہوگیا۔

تہجد میں نوری ہاتھ:

مسجد میں تہجد ادا کر رہا تھا کہ ایک خوبصورت نورانی ہاتھ جس سے نور کی شعاعیں

نکل رہی تھیں میری طرف بڑھتا ہوا میرے دل کے عین مقابل آ گیا اور شعاعیں دل میں جذب ہونی شروع ہوئیں، تھوڑی دیر کے بعد مجھے محسوس ہوا کہ میرا دل بھر گیا ہے اب پھٹ جائے گا تو نوری ہاتھ آہستہ آہستہ دور ہونا شروع ہوا اور غائب ہو گیا، ایسا دو بار ہو چکا ہے۔

جن لوگوں نے جادو کرایا، خواب میں دکھایا گیا:

شیخ الوظائف دامت برکاتہم کی برکت سے وہ لوگ خواب میں دکھائے گئے جنہوں نے یہ سارا پروگرام چلایا تھا اور یہ وہی لوگ تھے جنہوں نے ان حالات میں مجھے قرض کی پیشکش کی تھی اور میں نے انکار کر دیا تھا۔

چکوال میں حکیم صاحب کی آمد:

چند دن پہلے کی بات ہے حضرت جی دامت برکاتہم چکوال تشریف لا رہے تھے۔ مجھے ڈیڑھ لاکھ روپے اشد ضرورت تھی، صبح صبح ایک دوست دکان پر تشریف لائے اور ڈیڑھ لاکھ روپے میرے حوالے کیے اور کہا یہ رکھ لو اور میری کمیٹی نکلی تھی، استعمال کر لیں اور روزانہ کے دو ہزار دکان پر جمع کراتے رہیں۔

آخری دو سورتوں کا کمال:

میرے پیارے پیرو مرشد حضرت جی دامت برکاتہم العالیہ نے ہمیں آخری دو سورتیں صبح و شام دو دو تسبیحات پڑھنے کیلئے بتائی ہوئی ہیں۔ جب سے یہ دو سورتیں پڑھتا ہوں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ایک پہاڑی کی چوٹی پر بیٹھا ہوں آگے خوبصورت درہ ہے اللہ جی بیٹھ کر خود سن رہے ہیں۔ بہر حال حضرت حکیم صاحب کو اللہ نے جو مقام اور مرتبہ دیا ہے وہ ہم بیان نہیں کر سکتے اور ہماری سوچ سے باہر ہے۔

* * *

ایک عامل کی آپ بیتی

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! عملیات سیکھنے کی وجہ سے میرے اپنے گھریلو حالات یہ تھے کہ ایک عرصہ سے حاسدین نے پریشان کر رکھا تھا، والدین پریشان حال اور بیمار رہتے تھے، مختلف عاملوں کے پاس جاجا کر ہم تھکے ہوئے تھے، میں نے سوچا تھا کہ میں خود عملیات سیکھتا ہوں، ایک دوسری وجہ یہ تھی کہ میں افریقہ موزمبیق جارہا تھا تو مجھے بلانے والے میرے بہنوئی صاحب نے کہا تھا کہ عملیات کی یہاں بہت ضرورت ہے لہٰذا عملیات ضرور سیکھ لو، تو میں کسی استاد کامل کی جستجو میں تھا کہ وہ کریم ذات میرے اوپر مہربان ہوگئی اور حکیم نور شاہ صاحب (جو کہ آپ کے شاگرد ہیں) کے ذریعے آپ تک پہنچا دیا آپ نے مجھے یہ عمل دیا (اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ) یہ عمل 90 دن میں سوا کروڑ کی تعداد میں پڑھنا تھا مگر میں نالائق صرف کم وبیش پندرہ یا سولہ لاکھ دفعہ پڑھ سکا نوے دن کے اس عمل سے مجھے جو فوائد ملے وہ کچھ یوں ہیں:۔

1۔ مسلسل اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے سے اللہ پاک کے نام کی ایسی لذت نصیب ہوئی کہ دنیا کی ہر شے ہیچ ہوتی جارہی تھی، کبھی کبھی تو دنیاوی بڑی بڑی چیزیں کاریں، موٹریں، کوٹھیاں ایسی لگتی جیسے یہ کسی کا پاخانہ پڑا ہے۔

2۔ الحمدللہ تقویٰ میں اضافہ ہوگیا تھا۔

3۔ نماز میں دھیان خاصی حد تک بڑھ گیا تھا۔

4۔ وقت کی قیمت کا اندازہ اور اہمیت آگئی تھی۔

5۔ اللہ پاک کی ذات عالی کے تعلق کا جو لطف ہوتا ہے اس کا کچھ ذائقہ نصیب ہوا اسی چیز کا اثر ہے کہ جب کبھی اعمال میں سستی وغفلت ہوتی ہے تو زندگی کا مزہ پھیکا پھیکا لگنے لگتا ہے اور وہ میٹھے دن یاد آتے ہیں دل تھوڑا بے چین ہوجاتا ہے کہ پہلے کی

طرح ہونا چاہیے پھر اللہ پاک توبہ کی توفیق عطا فرما دیتے ہیں توبہ کر کے پھر کوشش کرتا ہوں پھر جب غفلت ہوتی ہے پھر توبہ کر کے پھر کوشش کرتا ہوں پھر جب غفلت ہوتی ہے پھر اسی طرح اللہ پاک رخ درست فرما دیتے ہیں یہ فائدہ مجھے سب سے زیادہ محسوس ہوتا ہے۔

دوران عمل آپ سے ملاقات ہوتی رہتی تھی تقریباً ہر درس میں شریک ہوتا تھا۔ نوے دن کے بعد جب آپ کے پاس اجازت لینے کیلئے آیا کیونکہ میری تیاری قریب تھی میں نے افریقہ جانا تھا اور ادھر پریشان بھی تھا کہ تین ماہ کا عمل تھا دن ختم ہو گئے مگر وظیفہ ختم نہ ہوا اور آئندہ پتا نہیں کب تک ختم ہو گا کیونکہ یہ تین ماہ تو میں نے فارغ گزارے تھے صرف عمل کیلئے مگر آئندہ تو مصروفیت شروع ہو جانی تھی آپ کے پاس آیا تو اس وقت عجیب کشمکش میں تھا کیونکہ میں عملیات کو مؤکلات جنات کو مسخر کرنے کو سمجھتا تھا اور آپ نے جب مجھے یہ عمل دیا تھا آپ نے فرمایا تھا کہ اس عمل میں زبردست تسخیر ہے۔ اب میں سوچتا تھا کہ وظیفہ میرا مکمل ہوا نہیں دن ختم ہو گئے اور مؤکلات یا جنات والی بھی کوئی شے حاصل نہیں ہوئی یہ میں کیسا عامل ہوں؟

ہر جائز حربہ استعمال کرو:

خیر......! آپ سے میں نے اس قسم کا تھوڑا اظہار کیا تھا مگر پوری بات کھل کر بھی نہ کر سکا جب میں آپ سے اجازت لیکر واپس آ رہا تھا تو آپ نے مجھے سمجھایا کہ عملیات اڑانے کا نام نہیں بس میری کتابیں جو عملیات کے متعلق ہیں وہ لے جاؤ اور ان سے استفادہ کرو۔ ساتھ آپ نے ایک نصیحت بھی فرمائی کہ جب بھی کسی پریشان حال کا کوئی کام کرنا ہو تو ہر جائز حربہ استعمال کرنا۔

اس کو اس کے حال پر چھوڑ دو:

جب تمام حربے استعمال کرنے کے بعد بھی پریشانی ختم نہ ہو تو اس کو اس کے حال

پر چھوڑ دینا کیونکہ یہ اللہ پاک کی طرف سے آزمائش ہوگی جیسے انبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام پر بھی آزمائشیں آئیں اس کے بعد میں آپ سے اجازت لیکر واپس آ گیا اس کے بعد بھی میں اپنا عمل وظیفہ پڑھتا رہا لیکن بہت کم ہو گیا اور آخر کار میں افریقہ پہنچ گیا۔ وہاں پر میری ملازمت مدرسہ میں قرآن پڑھانے کی تھی۔

اب میں نے مدرسہ میں پڑھانے کے ساتھ ساتھ عملیات بھی شروع کر دیں اب کچھ اپنے تجربے لکھتا ہوں جو میں نے آزمائے:۔

تشخیص کا طریقہ:

تشخیص کا میرے پاس جو طریقہ ہے وہ یہ کہ تین رات کی پہنی ہوئی قمیص منگواتا ہوں تین یا دو کبھی کبھی ایک رات کی پہنی ہوئی قمیص منگوا کر اول آخر تین بار درود شریف 3 مرتبہ سورۂ فاتحہ، تین بار آیۃ الکرسی، ایک بار سورۂ صافات آیت 1 تا 11 تک۔ ایک بار سورۂ جن آیت 1 تا 4، ایک بار سورۂ طارق پھر آخری چاروں قل تین تین مرتبہ اور سُبْحٰنَكَ لَاعِلْمَ لَنَا اِلَّا مَاعَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ تین بار یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ 24 مرتبہ۔

میرا طریقہ علاج تو یہی ہے:

اگر قمیص بڑھ جائے تو جنات و آسیب کے تحت علاج کرتا ہوں اگر کم ہو جائے تو جادو کے تحت اور اگر برابر رہے تو جسمانی بیماری کے تحت علاج کرتا ہوں۔ تمام قسم کے مریضوں کے ساتھ میرا طریقہ علاج اس طرح ہوتا ہے کہ سب سے پہلے پنج وقتی نماز کی تاکید کرتا ہوں زندگی شرع کے مطابق گزارنے اور اللہ پاک کی ناراضگی سے ڈراتا ہوں اور سب کچھ اللہ پاک کی رضا سے حاصل ہوتا سارے مسائل اللہ پاک کے چاہنے سے حل ہوتے ہیں یہ عقیدہ مضبوط کرنے کی کوشش کرتا ہوں ہر کسی کو ایک تعویذ کے ساتھ چھوٹا سا وظیفہ ضرور دیتا ہوں جو ہر نماز کے بعد کچھ مقدار میں بتا دیتا

ہوں اور تعویذات و وظائف دیگران کو رخصت کرنے کے بعد خود بھی اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں یا اللہ یہ پریشانی اور مشکل آپ ہی اپنی مہربانی سے ختم فرمائیں گے اس میں ہمارا کوئی کمال نہیں ہے یا اللہ بس اسی تھوڑے ذکر کی برکت سے ہمیں ہدایت بھی دے اور ہماری یہ پریشانی بھی ختم کردے اور الحمدللہ ہر کسی کا کام فی سبیل اللہ کرتا ہوں۔

* * *

یَاحَفِیظُ سے جادو ختم اور بندش ٹوٹی

ایک دفعہ ایک ہمارے دوست جو کہ انڈیا کے ہیں اور ہمارے مدرسہ والی کمپنی میں کام کرتے ہیں یعنی ہمارا مدرسہ بھی اسی کمپنی والوں کے تعاون سے چل رہا ہے۔ اس دوست نے مجھے بتایا کہ ہمارے ایک ساتھی کے والد صاحب بہت بیمار ہیں، بہت علاج کروایا مگر کچھ فائدہ نہیں ہوا، لوگ کہتے کہ مخالفین نے جادو کرایا ہے اس کو دیکھو اور علاج کرو۔ میں نے ان کی قمیص منگوائی، دیکھا تو جادو معلوم ہوا میں نے ان کو، تمام گھر والوں کو نماز کی پابندی کا کہا اور سب کو یَاحَفِیظُ کثرت کے ساتھ پڑھنے کا کہا۔ ان دنوں آپ کا ایک درس انٹرنیٹ پر سنا تھا جس میں آپ نے یَاحَفِیظُ کے فضائل بیان کیے اور روحانی کلاس میں بھی اس کے بہت سے فضائل بیان کیے تھے۔ آٹھویں دن وہ خود آئے اور مجھے کہنے لگے میں چل پھر نہیں سکتا تھا لیکن اب دیکھو میں سیڑھیاں چڑھ سکتا ہوں۔ میں نے اللہ پاک کا شکر ادا کیا اور ان کو بھی یہی سمجھایا کہ یہ سب اللہ پاک کی چاہت سے ہوا۔ بس آپ لوگ نماز کی پابندی جاری رکھیں اور خاص کر یَاحَفِیظُ کے ورد کو ہرگز نہ چھوڑیں۔ انشاء اللہ آپ بالکل ٹھیک ہو جائیں گے۔ مجھے میرے دوست جو ان حضرات کو میرے پاس لائے تھے انہوں نے بتایا کہ سب گھر والے ناامید تھے کہ شاید ان کا بچنا مشکل ہے لیکن الحمدللہ اللہ پاک نے کرم فرمایا اور وہ آدمی چالیس دن کے اندر تندرست ہو گیا اس نے کاروبار دوبارہ معمول کے مطابق شروع کر دیا اب تو ماشاء اللہ ٹھیک ٹھاک ہے اور بہت زیادہ مصروفیت میں ہے۔

بے قصور کو رہائی کیسے ملی؟:

کالی دنیا کالا جادو صفحہ نمبر 248 پر ایک وظیفہ درج ہے۔ زندگی کے جملہ مسائل کیلئے نہایت مؤثر اور آسان وظیفہ ہے۔ وظیفہ درج ذیل ہے:۔

درود پاک گیارہ مرتبہ، سورۂ فاتحہ گیارہ مرتبہ، آیۃ الکرسی گیارہ مرتبہ، آیت کریمہ گیارہ مرتبہ، سورۃ الفلق گیارہ مرتبہ، سورۃ الناس گیارہ مرتبہ، درود پاک گیارہ مرتبہ۔ 21 دن ایک ہی وقت میں روزانہ سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کو ملا کر پڑھنا یعنی سورۃ الفلق ختم کر کے بغیر بسم اللہ کے سورۃ الناس شروع کرنی ہے۔ واقعہ یہ ہے:۔

ہمارے شہر میں ایک بہت بڑی فرم ہے (افریقہ کمرشل) کے نام سے...... اس کا جو مالک ہے اس کا بیٹا کسی نے اغوا کیا بلکہ اغوا کرنے میں ان کا اپنا ڈرائیور اور باہر کے کچھ لوگ تھے، انہوں نے تقریباً پچاس ہزار ڈالر مانگے تاوان کے طور پر، وہ تو انہوں نے ادا کر دیئے شاید یا بغیر ادا کیے ان کو ان کا بیٹا واپس مل گیا، واپس کیسے ملا اس کا مجھے پورا علم نہیں ہے اور کون کون گرفتار ہوئے اس کا بھی علم نہیں ہے مگر کچھ عرصہ بعد انہوں نے ایک نوجوان پر الزام لگایا کہ یہ بھی اغوا کرنے والوں میں شامل تھا حالانکہ وہ بے قصور تھا۔ اکثر لوگ کہہ رہے تھے یہ بے قصور ہے اس کو کسی پرانی رنجش کی وجہ سے پھنسا رہے ہیں اس بے قصور نوجوان کی ہمشیرہ میری بہن کے پاس آتی تھیں قرآن پاک پڑھنے کیلئے وہ ایک دن اپنی والدہ کو بھی ساتھ لائیں اور اپنی پریشانی بتانے لگیں ان کی والدہ تو غم کی وجہ سے بول بھی نہ سکتی تھیں بس روئے جا رہی تھیں اس کی بہن نے سارا واقعہ سنایا اب میں بھی پریشان ہونے لگا کہ کونسا وظیفہ دوں کونسا تعویذ دوں کیونکہ ان لوگوں کو اگر کوئی وظیفہ دیدیا جائے تو پابندی سے نہیں پڑھتے وہ اس تلاش میں ہوتے ہیں کہ کوئی ایسا تعویذ مل جائے یا کوئی مؤکل ایسا ہو جو ہمارا کام کرے۔ خیر میں نے ان کو اللہ تعالیٰ سے کثرتِ فریاد کی تلقین کی سابقہ خطاؤں سے توبہ کی ترغیب دی اور مکمل یقین کے ساتھ یہ وظیفہ اکیس دن وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ لکھ کر دیدیا۔ انہوں نے شروع کر دیا کیونکہ وہاں کا قانون بہت سخت ہے اور سخت سزائیں دیتے ہیں ان کے جیل خانے میں اتنی گندگی ہوتی ہے، گندا کھانا کھلاتے ہیں، پانی تک صاف نہیں ملتا، پھر طرح طرح کے مجرم اس میں ہوتے ہیں جو جیل میں

ہی آپس میں لڑتے رہتے ہیں ایسی جگہ پر کوئی کوٹھی بنگلہ میں رہنے والا آدمی چلا جائے تو اس کیلئے بہت بڑی مصیبت بن جاتی ہے۔

یہ نوجوان جو پکڑا ہوا ہے ان کا بھی پورا خاندان مالدار اور پرانے تاجر ہیں بہت پیسے والے ہیں، ان کا تعلق بھی پاکستان سے ہے ان کے آباؤ اجداد پاکستان کے ہیں لیکن زندگی ساری افریقہ میں گزاری اور اب تو افریقہ کے پاسپورٹ ہیں ان کے پاس...... اس سب صورتحال کے باوجود نہ کوئی وکیل اس کو چھڑا سکتا تھا نہ کوئی اور راستہ تھا کہ کسی کو پیسے کھلا کر رہا کروالیں، انہیں ایسا کوئی راستہ سمجھ نہیں آرہا تھا بہت پریشان تھے۔ وظیفہ بھی اکیس دن مکمل ہوگیا لیکن کچھ بھی نہ ہوا میں نے ان کو دوبارہ یہی وظیفہ پڑھنے کیلئے کہا میں نے کہا کہ دوبارہ اکیس دن مکمل کرو۔ انشاء اللہ سب ٹھیک ہوجائیگا خیر انہوں نے ہمت کی دوبارہ شروع کردیا جب تین چار دن باقی تھے تو ان کی ہمشیرہ نے کہا ابھی تک مسئلہ حل نہیں ہوا اور ہم لوگ بہت پریشان ہیں میں نے پھر تسلی دیدی کہ اللہ پاک کے نام میں بہت برکت اور تاثیر ہے انشاء اللہ ضرور مسئلہ حل ہوگا۔ اس سے اگلے دن اس کی ہمشیرہ آئی تو بہت خوش تھی اور اس نے بتایا کہ ابھی ایک دن باقی ہے اور اللہ پاک نے کرم فرمایا کہ میرا بھائی رہا ہوگیا ہے اور سب لوگ حیران ہیں کہ یہ تو بہت مشکل مسئلہ تھا۔ کیسے حل ہوا؟ کہنے لگیں کہ بڑے بڑے لوگوں کو ہم نے بہت پیسوں کی آفرز کیں مگر کہیں سے کچھ نہیں ہوا اب جب کام ہونے کو آیا تو صرف تھانے والوں نے تفتیش کی تو میرا لڑکا بے قصور نکلا تو تھانے والوں نے اسے چھوڑ دیا مگر ہم کل وظیفہ پڑھیں گے تاکہ دن پورے ہوجائیں۔ حضرت میں نے خود ایک دو لوگوں کی زبانی سنا کہ یہ مسئلہ صرف اور صرف اللہ پاک کی مدد اور نصرت سے حل ہوا ورنہ اس کا ساری زندگی کیلئے رہا ہونا مشکل تھا۔

جنات نے گھر کیسے چھوڑا؟

یہی درج بالا عمل میں نے ایک جگہ اس طرح آزمایا کہ محمد کامران صاحب جو

کہ ہمارے والے شہر نمپولا میں کاروں، موٹروں کا کاروبار کرتے ہیں۔ ایک دن انہوں نے کہا کہ ہمارے گھر جنات کا مسئلہ ہے، میری بیوی تھوڑی دیر بھی اکیلی ہو جائے تو گھبرانے لگتی ہے اور اکثر رات کو عجیب عجیب سی آوازیں آتی ہیں، کبھی اس کے کان میں گھنگرو بجتے ہیں کبھی کوئی دروازہ بجتا ہے، کبھی کوئی باہر کا دروازہ بجاتا ہے جب کام والی خاتون دروازہ کھولتی ہیں تو باہر کوئی نہیں ہوتا اور کہنے لگے کہ جب میری بیوی یہاں نہیں آئی تھیں میں اکیلا اس مکان میں رہتا تھا تب مجھے بھی ایک دو دفعہ جنات نے ڈرایا تھا لیکن اب ہم بہت زیادہ پریشان ہیں چل کر کوئی عمل کریں تا کہ ہمارا گھر صاف ہو جائے۔

میں ویسے ان کی تسلی کیلئے چلا گیا اور سورۂ یٰسین شریف، آیۃ الکرسی اور آخری چاروں قل پڑھ کر آ گیا اور میں نے ان کو وہی درج بالا وظیفہ اکیس دن ایک ہی وقت میں پڑھنے کو دیا اور ساتھ میں نے نماز و ذکر کی پابندی کرنے اور گیارہ دن تک سورۃ البقرہ پڑھنے کو کہا کہ آپ کی بیوی روزانہ سورۃ البقرہ پڑھا کریں اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا تہدیدی نامہ یعنی حضرت ابودجانہ رضی اللہ عنہ والا خط اس کا تعویذ بنا کر ایک گلے میں پہننے کیلئے دیدیا اور دوسرا تکیے میں رکھنے کیلئے۔ اب کامران صاحب نے یہ عمل اکیس دن مکمل کیا اور بتایا ان دنوں میں بھی کچھ نہیں ہوا اور بعد میں ملے تو بتایا کہ اب الحمدللہ ہم نماز بھی پڑھتے ہیں اور ذکر بھی تلاوت بھی کرتے ہیں الحمدللہ اب ہمارے گھر میں بالکل سکون ہے اور جنات ہمارے گھر سے چلے گئے ہیں۔

* * *

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خط مبارک کے کمال

الحمدللہ جنات آسیب وغیرہ کیلئے میں نے حضرت ابودجانہ رضی اللہ عنہ کا خط جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابودجانہ رضی اللہ عنہ کے ذریعے شیاطین جنات کی طرف ارسال فرمایا تھا وہ استعمال کراتا ہوں طریقہ کار اس طرح کہ ایک تعویذ بنا کر گلے اور دوسرا تعویذ خط کے لفافہ میں ڈال کر تکیے کے نیچے کی طرف اندر ڈال کر اسی تکیے پر سوجانے کا عمل کراتا ہوں کہ رات کو وہی تکیہ سونے کیلئے استعمال کیا جائے یہ عمل مجھے (کالی دنیا کالا جادو) میں بھی ملا مگر وہاں تکیے کا تذکرہ نہیں۔ اس عمل کی اجازت مجھے میرے درجہ کتب کے استاذ محترم کی طرف سے ہے۔ الحمدللہ! اس عمل کے ذریعہ ایک بوڑھی خاتون عمر تقریباً ستر سال، میرے پاس آئیں انہوں نے بتایا کہ مجھے ایک جن نے چالیس سال سے تنگ کر رکھا ہے وہ کبھی رات کو خواب میں آ کر ڈراتا ہے اور میری نیند خراب کرتا ہے، کبھی کبھی اکیلے میں مجھے ایسے محسوس ہوتا ہے کہ میرے پیچھے کوئی کھڑا ہے کبھی میرے سامنے بھی آجاتا ہے، کالے رنگ کا بدصورت جن ہے مگر جان چھوڑنے کی بہت کوشش اور عملیات کی، لیکن چھوڑ کر نہیں جارہا۔ الحمدللہ! اس عمل کے ذریعے الحمدللہ دو ماہ کے اندر اندر چھوڑ کر گیا۔ دو ماہ بعد میں نے پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ ایک دفعہ میں اکیلی بیٹھی تھی تو اس جن نے میرے پیچھے کھڑے ہو کر سر میں ایک ٹھنگا لگایا اس کے بعد پھر کبھی نہیں آیا، لگتا ہے چھوڑ گیا ہے۔ یہ خاتون بھی صوم صلوٰۃ کی پابند ہیں ماشاءاللہ نیک خاتون ہیں۔

میرے پاس جتنے لوگ جنات یا آسیب والے آتے ہیں ان کو حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا تہدیدی نامہ دیتا ہوں کبھی کسی کے بارے میں تشخیص پوری طرح نہ کر سکوں تو اس کو تہدیدی نامہ کے ساتھ منزل کی پوری آیات والا تعویذ گلے میں پہننے کیلئے دیدیتا ہوں۔ الحمدللہ اس سے بھی بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔

اگر کوئی جسمانی تکلیف کا مریض ہو تو اس کو چینی کی پلیٹ میں سورۃ فاتحہ مکمل لکھ کر نیچے یَاحَیُّ حِیْنَ لَاحَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَاحَیُّ لکھ کر پلاتا ہوں اس عمل سے بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ تہدیدی نامہ درج ذیل ہے:۔

تہدیدی نامہ مبارک

هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ۝ اِلٰى مَنْ يَّطْرُقُ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِى الْحَقِّ سَاعَةً فَاِنْ كُنْتَ عَاشِقًا مُّوْلِعًا اَوْفَاجِرًا فَهٰذَا كِتَابٌ يَّنْطِقُ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ وَرُسُلُنَا يَكْتُبُوْنَ مَاتَمْكُرُوْنَ ۝ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِىْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ الْاَصْنَامِ وَاِلٰى مَنْ يَّزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۝ كُلُّ شَىْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ حٰمٓ لَايُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَآءُ اللّٰهِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

* * *

جادو وجنات کی بندشیں، ایک خط سے نجات

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس خط مبارک (درج بالا خط تہدیدی) کو چودہ سو سال گزر گئے آج بھی اس خط کا معجزہ ہے کہ اس کی برکت سے اس تحریر کی ہیبت و جلالت سے جن وشیطان بھاگ جاتے ہیں، چند واقعات اپنے مشاہدات کے عرض خدمت ہیں:۔ بھائی عبدالواحد صاحب نیوی میں ملازمت کرتے ہیں میرے علاقے آگرہ تاج کالونی میں رہتے ہیں، بڑے مخلص اور دین دار شخص ہیں، عبقری رسالے کے دیوانے ہیں، یہ اپنے گاؤں سے ایک رشتہ دار کو بغرض علاج بندے کے پاس لیکر آئے ان کی مکمل روئیداد سن کر تشخیص کر کے ادویات تجویز کر کے دے دیں اللہ کے فضل وکرم سے انہیں بڑا فائدہ ہوا، آہستہ آہستہ ان کی بیماریاں ختم ہو رہی تھیں دن بہ دن ان کا جسم صحت وتندرستی کی جانب گامزن تھا کہ اچانک صبح کی نماز میں عبدالواحد صاحب سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے بتایا کہ پرسوں رات کو اچانک ان کی طبیعت یک دم بگڑ گئی آپ کو فون کرتے رہے لیکن آپ کا فون بند تھا مجبوراً ہسپتال کے ایمرجنسی میں لے گئے انہوں نے کافی علاج کیا پھر جا کر کچھ طبیعت بحال ہوئی اب مریض کہاں ہے؟ کہنے لگے میں نے گاؤں واپس بھیج دیا۔

پھر کہنے لگے حکیم صاحب اصل بات یہ ہے کہ اس پر جنات کے اثرات ہیں یہی نہیں ان کے پورے گھر پر ان کے سب گھر والے اکثر بیمار رہتے ہیں، علاج ہوتا ہے، علاج کے دوران لگتا ہے کہ بس اب مریض مکمل شفاء یاب ہونے کو ہے کہ یک دم طبیعت ایسی بگڑتی ہے کہ یوں لگنے لگتا ہے جیسے بس اس کا آخری دن، آخری گھڑی ہے، اب بھی ایسے ہی ہوا آپ کی تجویز کردہ عبقری کی ادویات سے مریض کو بہت ہی زیادہ فائدہ ہو رہا تھا اور وہ خوش اور مطمئن تھا کہ اچانک یہ معاملہ ہو گیا۔

بندے نے عرض کیا بھائی پہلے آپ نے مجھ سے یہ جنات والی بات تو بتائی ہی نہیں تا کہ ان کا بھی کوئی بندوبست کرتے۔ بندہ اپنے حضرت سے عرض کرتا، بہرحال

اس کا بھی علاج ہے، کوئی بندہ گاؤں جائے تو مجھے بتایئے گا۔ کہنے لگے کہ کل ہی ایک بندہ جا رہا ہے، میں نے ان سے اس خط کا ذکر کیا اور تفصیل سے اس کے کراماتی فائدے بتائے اور پھر رات کو اس خط کی چند کاپیاں کروا کر دے دیں اور ان سے عرض کی کہ جتنے بھی گھر کے افراد ہیں ان کے تکیوں میں ایک ایک علیحدہ علیحدہ رکھ دیئے جائیں اور ہر ایک کمرے میں ایک ایک نمایاں جگہ پر لگا دیں ایک ایک خط تعویذ بنا کر گلے میں پہنے جائیں اور ایک بار یہ خط با آواز بلند عربی میں اور اردو میں پڑھ دیا جائے، روزانہ پڑھیں تو بہتر ہے۔ ان شاء اللہ پھر اس کا کمال دیکھیں۔

یہ خط اس عظیم تر شخصیت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ہے جس کیلئے یہ کائنات بنی ہے، ہر چیز اس کی غلامی میں فخر کرتی ہے، بہرحال دو چار دنوں بعد ہی مسجد کے باہر ان سے ملاقات ہوگئی، بڑے ہنستے اور مسکرا رہے تھے، ملے اور کہنے لگے میں صدقے جاؤں آقا صلی اللہ علیہ وسلم پر، سبحان اللہ وہ بندہ جسے میں نے خط دیکر بھیجا تھا ابھی اس نے سامان سے خط نکالے اور اُسے صرف ہاتھ میں لیا۔ ابھی مریض کے گھر والوں سے بھی کوئی اس کا ذکر نہیں کیا، پڑھنے لگانا تو دور کی بات ہے جیسے ہی گھر میں داخل ہوا وہ جنات عاملوں کو چیلنج کرتے تھے، دھمکیاں دیتے تھے، بڑے آئے ہمیں نکالنے والے، کس میں ہمت و جرأت ہے جو ہمیں یہاں سے نکال سکے۔ کہنے لگے خدا کیلئے ہمیں معاف کردو، ہم نے آپ لوگوں کو بڑا تنگ کیا ہے، اب ہم جا رہے ہیں، کہنے لگے آواز ان کی ایسی تھی جیسے کوئی بہت ہی ضعیف ہو اور وہ منت سماجت کرے، بہرحال جناب کمال ہوگیا، میں صدقے جاؤں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پر، ان کے خط کا یہ کمال ہے ان کی سنتوں پر عمل کرنے سے کیا عروج و کمال ملتے ہونگے، یہ کمال ہے ان کی تحریر کا، صاحب تحریر صلی اللہ علیہ وسلم کی معراج کا حال کمال کیا ہوگا۔ آج یہ عبدالواحد بھائی جب یہ واقعہ اپنے سندھی انداز میں سناتے ہیں تو ایمان تازہ ہوجاتا ہے۔

خط جنات کیلئے کسی ایٹم بم سے کم نہیں

یہ واقعہ عبداللہ کو سنایا تو کہنے لگے مجھے رات کو اپنے گھر میں خوف آتا ہے جس کی وجہ سے مجھے نیند نہیں آتی، دن بہ دن میری صحت گرتی جا رہی ہے، گھر میں بیوی، بچے بھی خوف میں مبتلا رہتے ہیں، کیا کروں بڑا پریشان ہوں؟ کیا یہ خط آپ مجھے دے سکتے ہیں، شاید اس کی برکت سے میرا یہ مسئلہ حل ہو جائے اور میری زندگی بن جائے، جان کو کچھ سکون مل جائے، گھر کے بچے بڑے خوش حال ہو جائیں۔

میں نے عرض کی شاید آپ کو یقین نہیں یہ مسئلے حل ہو جائیں گے۔ یہ خط کس کا ہے جو امت کا غم خوار ہے، جو رحمت اللعالمین ہے، اللہ میرا رب العالمین ہے محبوب میرا رحمت اللعالمین ہے، یہ وہ ہیں جن کا حکم درخت بھی مانتے ہیں، یہ وہ ہیں جس طرف سے گزر جاتے ہیں پتھر بھی بول اٹھتے ہیں، چاند کو اشارہ کر دیں چاند دو ٹکڑے ہو جاتا ہے، ان کے لعاب میں یہ تاثیر ہے کہ کڑوا پانی شہد سے زیادہ میٹھا ہو جاتا ہے،

جدھر جدھر نظر نہیں پڑی وہاں ہے رات آج تک
وہیں وہیں سحر جہاں وہ شفیع عاصیاں صلی اللہ علیہ وسلم گزر گئے

میں نے بہر حال انہیں یہ خط مبارک دے دیا ان کو اتنا فائدہ ہوا اتنا فائدہ ہوا کہ سب دکھ دور ہو گئے اور انہوں نے اس خط مبارک کی رنگین کاپیاں کروا کر تقسیم کرنا شروع کر دیں۔

* * *

تہدیدی نامے نے مکار عاملین سے جان چھڑوادی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پچھلے چھ ماہ سے عبقری کی قاری ہوں، اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے جو آپ اللہ تعالیٰ کی مرضی سے لوگوں کے مسائل حل کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ آپ کو دنیا و آخرت میں آپ کی سوچوں سے بڑھ کر آپ کو عطا فرمائے۔ آمین! ہم نے جب سے ہوش سنبھالا تب سے بندشوں اور جادو میں گھرے ہوئے تھے۔ میرے والدین علاج کرا کرا کے تھک چکے تھے۔ الٹا نقصان ہی ہوتا، گھر کے حالات اور تنگ ہو جاتے۔ میرا دل اتنا گھبراتا جیسے پھٹنے لگا ہو اور ایسے محسوس ہوتا کہ جادو اترنے کی بجائے اور ہو رہا ہے۔ ہم پھر علاج کروانا چھوڑ دیتے لیکن کاموں میں بندش ہونے کی وجہ سے میرے والدین کسی اور عامل کے پاس جانا شروع کر دیتے جن میں سے ایک عامل نے مجھے فون پر دم کرنے کے بہانے مجھ سے باتیں اور دوستی کرنی شروع کر دی اور مجھے پتہ ہی نہیں چلا اور میں ان کی عزت ہی کرتی رہی۔ میری زبان میں بھی تین سال سے بندش تھی باتیں ٹھیک کرتی لیکن عربی نہیں پڑھی جاتی اس وجہ سے میری آنٹی نے مجھے ”منزل،، پڑھنے کیلئے دی، پانچ دن ہی پڑھی تو ”منزل،، کی برکت سے وہ عامل بُرا لگنے لگ گیا۔ ہم نے فوراً اس سے رابطہ ختم کر دیا۔ پھر اس نے ہمیں اتنا تنگ کیا کہ میں بتا نہیں سکتی۔ ہم نے اسے اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیا پھر اس نے ہماری جان چھوڑی۔ پھر ایک سال کے بعد میری پھوپھی ایک عامل کو لے کر ہمارے گھر آئیں اس عامل نے کہا کہ (ن) کو چار سو اور باقی گھر والوں کو ایک سو جن چمٹے ہوئے ہیں۔ چند ہی دنوں میں میری حالت مزید خراب ہو گئی، امی نے اسے میری حالت بتائی تو کہنے لگا کہ (ن) کو فون پر دم کروا لیا کریں میں پہلے ہی ڈری ہوئی تھی لہٰذا ہم نے ادھر سے بھی رابطہ ختم کر لیا۔ پھر دو تین ماہ بعد کسی اور عامل کے بارے میں میرے ابو کو پتہ چلا جس کے بارے میں مشہور تھا

کہ بہت اچھا انسان ہے، بغیر پیسوں کے کام کرتا ہے اور فوراً کام ہو جاتے ہیں۔ پھر اس کے پاس گئے، اس نے کہا کہ آپ کے گھر آنا ہے، پھر ہی آپ کے کام صحیح ہونگے، آپ کے گھر بہت بڑی بلا ہے جو آپ کو ہر وقت پریشان رکھتی ہے اور ہر کام میں رکاوٹ ڈالتی ہے اور وہ (ن) کو چمٹی ہوئی ہے اور وہ مذہب کی عیسائی ہے جس وجہ سے (ن) کی زبان میں بندش ہے اور اس کی شادی بھی نہیں ہونے دے رہی اور ایک بات اور عجیب کہی کہ چوبیس گھنٹے میں ایک مرتبہ (ن) کا چہرہ تبدیل ہوتا ہے لیکن میرے گھر والوں کو اور نہ ہی مجھے کبھی کوئی جن نظر آیا اور نہ ہی میرا چہرہ تبدیل ہوتے دیکھا گیا اور نہ ہی مجھے کبھی کسی قسم کا دورہ پڑا ہے اور یہ بھی کہا کہ اپنے گھر کسی عامل کو نہیں آنے دینا (ن) کا مسئلہ سنگین ہے پھر وہی عامل مجھے اور میری چھوٹی بہن کو اپنی بیٹیاں بنا کر گیا۔ چار دن ذرا سکون ملا پھر ویسے ہی حالات ہو گئے جیسے پہلے عاملوں کی طرح ہوتے تھے۔ گھر میں لڑائی جھگڑے شروع ہو گئے، ہر کوئی خاص کر میرے ساتھ لڑتا جھگڑتا، آٹھ مہینے تک ایسے ہی ہوتا رہا اور عامل لارے لگاتا رہا کہ سارے کام ہو جائیں گے لیکن کچھ نہ ہوا اور گھر کے حالات مزید بگڑ گئے۔ پھر میں نے خود ہی ''عبقری،، میں سے تہدیدی نامہ لکھ کر گھر میں لگایا تعویذ بنا کر سب نے گلوں میں باندھے۔ پھر تہدیدی نامہ کی برکت کی وجہ سے پتہ چلا کہ اس عامل نے ہی ہمارے گھر کے حالات مزید خراب کیے تھے۔ مگر اب الحمدللہ اس تہدیدی نامہ کی برکت سے ہمارے گھر میں سکون آ گیا ہے، میری طبیعت بھی خراب نہیں ہوتی۔ لڑائی جھگڑے، ڈر لگنا سب ختم ہو گیا ہے اور خاص کر ہماری نام نہاد جھوٹے مکار عاملوں سے جان چھوٹ گئی ہے۔

(تہدیدی نامہ مبارک گزشتہ صفحات میں آچکا ہے)

بیوی بے گناہ نکلی......!!!

بندہ ایک دفعہ ان کے گھر کے سامنے سے گزر رہا تھا کہ ایک جاننے والے کو وہاں کھڑے دیکھا دعا سلام کے بعد پوچھا کہ کس مقصد کیلئے کھڑے ہو۔ کہنے لگے عبداللہ بھائی کے پاس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خط ہے۔ اس سے لوگوں کو بڑا فائدہ ہوا ہے میں نے اس کی بڑی شہرت سنی ہے، اسی طرح کئی باتیں بتاتے گئے میں انجان بن کر بڑے شوق سے اس کی گفتگو سن رہا تھا کہ عبداللہ صاحب تشریف لے آئے اور مجھے دیکھ کر مسکراتے ہوئے ملے اور ان سے کہا یہ خط بھائی عاشق ہی نے تو دیا ہے پھر عبداللہ صاحب نے ایک واقعہ سنایا کہنے لگے کہ ہماری قریبی رشتے دار ہیں ان کے بیٹے کی ابھی چند ماہ پہلے ہی شادی ہوئی ان کی شادی کے دن ہی سے ان کے گھر میں چوریاں ہونا شروع ہو گئیں، پہلے کچھ دنوں تک تو مہمانوں کا آنا جانا لگا رہا اس لیے کسی ایک پر شک نہ گیا لیکن جب مہمان سب رخصت ہو گئے اور پھر بھی چوریاں نہ رکیں تو شک بہو پر ہوا کہ اس سے پہلے کبھی گھر میں کسی قسم کی چوری نہیں ہوئی جب سے یہ آئی ہے روز ہی کوئی نہ کوئی چیز گم ہو جاتی ہے۔

پوچھ گچھ کی گئی تو نوبت لڑائی جھگڑے تک پہنچ گئی اور بہو ناراض ہو کر اپنے گھر چلی گئی، ان کے جاتے ہی چوریاں رک گئیں، اب تو انہیں پختہ یقین ہو گیا کہ بہو ہی چوریاں کرتی تھی، لڑکی کے والدین بڑے اچھے اور شریف نیک نام ان کی جب بچی گھر آ گئی تو بہت بدنامی ہوئی، انہوں نے برادری کی پنچایت بلا لی، دونوں گھروں کے آدمی اکٹھے ہوئے پوری برادری اکٹھی ہوئی، فیصلہ قرآن پر طے ہوا لڑکی نے قسم اٹھا کر اپنی بے گناہی ثابت کی، برادری کے اکثر لوگوں نے لڑکی والوں کی حمایت کی ان کی نیک شہرت کی وجہ سے ان کی غریب پروری کی وجہ سے اب سوال یہ تھا کہ اب پھر چوری کون کرتا ہے۔

عبداللہ کہنے لگے میں اس پنچایت میں بھی موجود تھا، میرے دل نے گواہی دی کہ ہوسکتا ہے یہ کوئی جنات کی شرارت ہو لیکن میں نے برادری میں کچھ نہیں کہا رات کو میں لڑکے سے ملا اور اسے اچھی طرح سمجھا کر خط دیئے اور کہا کہ ان کو فریم کروا کر گھر کے ہر کمرے میں لگا دیں اور پھر جا کر بیوی کو لے آیئے انشاء اللہ اس خط کی برکت سے کوئی چوری نہیں ہوگی۔ حکیم صاحب اس لڑکے کی نئی نئی شادی ہوئی تھی بیوی کی محبت میں بے تاب تھا اس نے تو اسی وقت وہ خط لگائے اور فوراً ہی سسرال جا کر بیوی کو لے آیا وہ دن ہے آج کا دن اس گھر میں کوئی چوری نہیں ہوئی، کوئی لڑائی، جھگڑا، فساد نہیں ہوا۔

پرس میں برکت

اسی طرح ایک خاتون نے بتایا کہ میرے پرس سے رقم کم ہو جاتی ہے پہلے تو مجھے اپنے گھر والوں پر شک ہوا لیکن میں نے پرس کو ایسی ایسی جگہ پر چھپایا جہاں میرے علاوہ کوئی نہیں جانتا تھا پھر بھی دیکھتی تو پیسے کم ہوتے، اب مجھے یقین ہو گیا کہ یہ کوئی غیبی چیز ہے جو چوری کرتی ہے، کسی انسان کا کام نہیں ہے اب میں کیا کروں؟ بندہ نے اسے یہی خط کاپی کروا کر دیا، اور اسے پرس میں بھی رکھنے کو کہا۔ الحمدللہ اس خط کی برکت سے ان کی چوریاں بند ہو گئیں بلکہ تعجب اس پر ہوا کہ چوری شدہ رقم بھی انہیں یکمشت مل گئی۔ کہنے لگی حکیم صاحب میری تو لاٹری نکل آئی۔ اس سے میں نے یہ خریدا وہ خریدا۔

بندشوں کی اصل وجہ بے پردگی

اسی طرح ایک بے پردہ مسلمان بہن اکیڈمی میں تشریف لائیں کہنے لگی کہ بھائی نہ جانے کس کی ہمارے گھر کو نظر لگ گئی ہے گھر میں امن و سکون نہیں ہے، میں بچوں کو اکیلے چھوڑ کر کہیں نہیں جا سکتی، گھر میں اکیلے بچے ڈرتے ہیں، جب کبھی مجبوراً گھر

سے نکلنا ہوتا ہے تو گھر پر کسی رشتہ دار کو یا پڑوسی کو چھوڑنا پڑتا ہے، ورنہ تو بچے رو رو کر برا حال کر لیتے ہیں اور لڑ لڑ کر ایک دوسرے کا سر پھاڑ دیتے ہیں وغیرہ وغیرہ......

بندے نے ان کی مکمل کہانی سننے کے بعد کہا آپ اس چیز کو مانتی ہیں کہ نظر لگ جاتی ہے، کہنے لگیں ہاں نظر تو برحق ہے۔ میں نے عرض کیا جی ہاں جیسے اللہ کو سب مانتے ہیں ہندو، سکھ، عیسائی، مسلمان وغیرہ اسی طرح نظر بد کو ہر کوئی مانتا ہے۔ بے دین سے بے دین جس نے کبھی نماز نہ پڑھی ہو وہ بھی جب مکان دکان کا ڈھانچا اٹھاتا ہے سب سے پہلے جو تحریر لکھوا کر لگاتے ہیں وہ ہوتی ہے ماشاء اللہ۔ مکان دکان کے چاروں طرف ماشاء اللہ ماشاء اللہ کیوں؟ اسی لیے ناں کے نظر نہ لگے۔ کہنے لگی ہاں! میں نے کہا بہن ایک بدنظر لگ جائے تو کیا سے کیا ہو جاتا ہے اگر ہزاروں نہیں تو سینکڑوں بُری نظریں جسم پر پڑیں تو...... کہنے لگیں یہ تو خانہ ہی خراب ہو جائے گا۔ میں نے ادب سے عرض کی بہن ناراض نہ ہونا آپ سمجھ دار ہیں کراچی کے ماحول سے اچھی طرح آشنا ہیں میں کچھ نہیں کہہ سکتا آپ خود سوچ لیں عورت کی حس تو بڑی حساس ہوتی ہے کتنی اچھی کتنی بری نظریں پڑتی ہے یہ اسے خود معلوم ہو جاتا ہے آپ اگر اپنے گھر کو شاد و آباد رکھنا، دیکھنا چاہتی ہیں تو بندہ ایک تحفہ آپ کو دے گا جس سے یقینی طور پر آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا لیکن میری ایک شرط ہے کہنے لگی وہ کیا؟ میں نے کہا پردہ......! بہن آپ پردہ کریں انشاء اللہ آپ کے مسئلے حل نہ ہوں تو پھر کہنا، اس بہن نے وعدہ کیا پردہ کرنے کا۔ بندے نے اسے خط مبارک کی کاپی دی اور اس کا طریقہ بتایا دو تین ماہ بعد بہن تشریف لائیں تو ماشاء اللہ مکمل پردے میں تھیں اور بتایا کہ اس کی (خط) کی برکت سے اب میرے بیٹے دلیر ہو گئے ہیں اور ماشاء اللہ لڑتے بھی نہیں ہیں۔ پیار و محبت سے رہتے ہیں، بندہ نے موقع دیکھ کر نماز و دیگر اذکار اعمال کی بھی ترغیب دی۔

* * *

یاقہار کے ورد سے جادو ختم

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ دن پہلے میرے ایک دوست نے فون کیا کہ ایک مریض کو دیکھنا ہے جلدی آؤ، میں نے اپنی مصروفیت کو مختصر کیا اور کچھ دیر بعد دوست کے پاس پہنچ گیا وہاں مریض کی حالت کچھ یوں تھی کہ چہرہ سیاہ، آنکھیں سرخ، طبیعت میں انتہائی بے چینی، جسم اور جوڑوں میں درد، بدہضمی اپنے عروج پر، وقفے وقفے سے ڈکار، ہاتھوں میں کپکپی، سلام دعا کے بعد میں نے پوچھا کیا ہوا بھائی؟ کہنے لگے قاری صاحب میرا حساب کرو میں بڑا پریشان ہوں۔ میں نے تشخیص کی تو کالا جادو معلوم ہوا میں نے ان سے کہا کہ آپ پر جادو ہوا ہے۔ کہنے لگے بڑے بڑے ڈاکٹروں سے دوائیاں لی ہیں کوئی دوائی اثر نہیں کرتی۔ بہت سے عاملوں سے پیروں سے تعویذ لیے ہیں دم کرایا ہے، گھر میں پیروں اور عاملوں کو بلوایا ہے کوئی بکرا لے کر چلا گیا، کوئی ہزاروں بٹور کر نکل گیا، دو چار تعویذ دیئے دم وغیرہ کیا اور چلے گئے، میری حالت بدستور ویسی ہی رہی، گھر میں بیوی بچوں کے ساتھ اکثر لڑائی رہتی ہے۔ معاشی تنگی بہت ہے، وقت سے پہلے تنخواہ ختم ہوجاتی ہے۔ کچھ پتہ نہیں لگتا پیسے کدھر چلے جاتے ہیں۔ غرضیکہ اس نے دکھوں کی ایک پٹاری کھول دی۔

قاری صاحب! میرا کچھ کریں، ورنہ میں مرجاؤں گا:

مجھ سے کہنے لگے قاری صاحب مجھ پر ترس کھائیں میرا کچھ کریں، ورنہ کچھ دنوں بعد میں مرجاؤں گا۔ میں نے اس کو تسلی دی میں نے کہا کہ ایک ہفتہ علاج کریں، اللہ پر بھروسہ کریں اللہ تعالیٰ شفاء دیں گے۔ حکیم صاحب! اصل بات جو میں آپ سے عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ میں نے اس سے کہا کہ آپ کثرت سے پڑھیں۔ چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے مزید یہ بھی کہا کہ اس دوران آپ پر اثر مزید بڑھے گا جس وقت آپ پر اثر بڑھے جسم پر بوجھ محسوس ہو یا کوئی چیز دکھائی دے

تو یَاقَهَّارُ بلند آواز سے پڑھنا شروع کر دیں۔ اس نے میری ہدایات پر عمل کیا۔ حکیم صاحب...... حیرت انگیز...... انتہائی حیرت انگیز...... ایک ہفتہ بعد اس نے بتایا کہ میں بالکل ٹھیک ہوں اور کہنے لگا کہ تیسرے دن جسم پر بوجھ محسوس ہوا اور کالی کالی چیزیں دکھائی دیں تو میں نے بلند آواز سے یَاقَهَّارُ پڑھنا شروع کیا وہ بھی بڑھتی گئیں اور میں بھی اور بلند آواز سے پڑھتا رہا، کچھ دیر بعد وہ چیزیں ختم ہونا شروع ہوگئیں اور بالکل ختم ہوگئیں۔ اس کے بعد طبیعت آہستہ آہستہ ٹھیک ہونا شروع ہوگئی اور اب نوے فیصد ٹھیک ہوں۔

ایک ہفتے بعد تندرست ملا:

میں نے کہا کہ ایک ہفتہ اور پڑھو اور ساتھ تعویذ بھی دیئے مزید ایک ہفتے کے بعد ملاقات ہوئی بالکل تندرست تھے کوئی بیماری باقی نہیں بچی تھی۔ محترم حکیم صاحب! اس نے اتنی دعائیں دیں، اتنی دعائیں دیں، تقریباً دس منٹ مسلسل دعائیں دیتا رہا۔

اس کی دعائیں اتنی خلوص اور جذبات سے پر تھیں کہ میری آنکھوں میں آنسو آگئے۔ حکیم صاحب! اصل دعاؤں کے مستحق تو آپ ہیں آپ اگر یہ تحریک شروع نہ کرتے، عبقری میں یہ قیمتی اور نایاب جوہر نہ چھاپتے تو ہم تو لکیر کے فقیر روایتی انداز سے مخصوص دائرے میں رہ کر کام کرتے تھے۔ اب تو الحمدللہ عبقری کی وجہ سے کافی سہولت اور وسعت ہوگئی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی شایان شان جزائے خیر دے۔ آمین۔

ہفتے میں نوے فیصد بیماری ختم

ادھیڑ عمر عورت کو دیکھنے کا موقع ملا، چلنا پھرنا دشوار، بیماریوں کا مجموعہ، کافی عرصہ سے بیمار، مہنگی فیسوں والے ڈاکٹروں سے دوائیاں لے کر استعمال کیں جب تک دوائیاں کھاتی تھیں طبیعت کچھ سنبھل جاتی بعد میں پھر وہی حالت...... کچھ دن پہلے ان کو معدے کا درد شروع ہوا ہر قسم کا علاج بے سود، کوئی دوائی بھی کارگر ثابت نہ ہوئی ان

کے خاوند مجھے ویسے ہی لے گئے کہ اہلیہ تکلیف میں ہیں دم کردیں۔ محترمہ ہانپتی کانپتی چل کر آئیں، میں نے دم کیا، انہوں نے کہا کہ میرا حساب کریں۔ ان کا حساب کیا یعنی تشخیص کی تو پتہ چلا کہ پرانا جادو ہے، میں نے ان سے کہا کہ آپ پر بہت پرانا جادو ہے۔ آپ ایک ہفتہ علاج کریں انشاء اللہ بالکل ٹھیک ہوجائیں گے۔ میں نے ان کو یَاقَهَّارُ گیارہ تسبیح صبح اور گیارہ تسبیح شام کو پڑھنے کیلئے بتایا۔ حکیم صاحب! یقین کیجئے ایک ہفتہ میں نوے فیصد بیماری ختم...... دوسرے ہفتے میں بالکل تندرست ہوگئیں۔ سالوں سے بیمار تھیں دو ہفتے میں بالکل ٹھیک ہوگئیں۔

یاقہار سے پرسکون نیند

ایک اور بزرگ ملے ان کو گھر کی پریشانیوں کی وجہ سے نیند نہیں آتی تھی، بے خوابی کی وجہ سے دوسری بیماریاں الرجی، بدہضمی، قبض، گیس، بے چینی، بے جا غصہ اور بات بات پر آسمان سر پر اٹھالینا...... مجھے کہنے لگے قاری صاحب! کوئی ایسا تعویذ دو مجھے نیند آجائے۔ بہت پریشان ہوں میں نے ان سے کہا کہ رات کو جب سونے لگیں تو بیٹھ کر گیارہ تسبیح یَاقَهَّارُ کی پڑھیں۔ تیسرے دن ملے کہنے لگے کہ اللہ آپ کا بھلا کرے سکون آگیا، تیسری تسبیح تک پہنچتا ہوں نیند کی وجہ سے تسبیح ہاتھ سے گرجاتی ہے۔ اس کے بعد ایسی سکون کی نیند آتی ہے صبح تک کوئی پتہ نہیں ہوتا۔

کالے جادوگر کی توبہ

ہمارے ایک رشتہ دار جو کہ عامل ہیں اور موصوف کا لاعلم اور دوسرے غلط علم کی وجہ سے پہچانے جاتے ہیں، میری رشتہ داران سے بہت تنگ تھیں، گھریلو معاملات کی وجہ سے کچھ چپقلش ہوگئی اب عامل صاحب ان کے پیچھے پڑ گئے کبھی گھر سے تعویذ نکل رہے ہیں، کبھی سوئیاں نکل رہی ہیں، گھر میں اکثر لڑائی رہتی، گھریلو اخراجات میں تنگی، دوسرے رشتہ دار ہر وقت خفا رہنے لگے۔ دوسرے عاملوں سے میری رشتہ دار تعویذ

لیتی تھیں لیکن کچھ فرق نہ پڑتا۔ میں ایسے ہی ان سے ملنے گیا تو پریشانیوں سے بھری داستان سنائی۔ میں نے ان کو تسلی دی اور کہا کہ آپ ہر وقت چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے، وضو بے وضو یَاقَھَّارُ پڑھیں اور چند دن بعد تماشہ دیکھیں۔ انہوں نے میری ہدایت پر پڑھنا شروع کر دیا۔ ایک ہفتے بعد وہ عامل صاحب بیمار ہونا شروع ہوئے، پہلے پہلے معمولی بیماری پھر مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی...... چالیس دن بعد اس کو اپنی جان کے لالے پڑ گئے...... کسی کو سمجھ نہ آئے کہ یہ کیا ہے؟ ایک دن اس کے ہاتھ پیر سیدھے ہو گئے گویا کہ آخری وقت ہے...... اس وقت اس نے تمام بُرے اعمال سے توبہ کی کہ آئندہ کسی پر ناجائز اور برا عمل نہیں کروں گا۔ خود بخود ہی اس کے دل میں داعیہ پیدا ہوا...... یہ کسی کو پتہ نہ چلا کہ اصل راز کیا ہے یہ سب یَاقَھَّارُ کی برکت تھی۔

یاقہار کے ذاتی مشاہدات

یہ تقریباً 23 رمضان 2012ء کی رات ڈیڑھ بجے کا وقت ہوگا میں ویران جگہ پر تھا، ایک تو درخت دوسرا اندھیرا بھی گہرا تھا اور لائٹ بھی نہیں تھی، مجھے ڈر لگا تو عبقری میں یَاقَھَّارُ کا پڑھا تھا میں نے پڑھنا شروع کر دیا۔ مجھے بڑا اطمینان حاصل ہوا آپ نے ایک دفعہ بتا دیا تھا کہ اکثر کتے اور خاص طور پر کالے کتے شریر جنات ہوتے ہیں۔ راستے میں ایک کتا تھا وہ سفید رنگ کا تھا میں نے اسے ڈرایا وہ ڈر گیا، اسی اثناء میں ایک کالا کتا پیچھے سے دوڑتے ہوئے آیا، مجھے آپ کی بات یاد آئی میں نے ایک دم جیسے کوئی بندہ ڈر کر بولتا ہے میں نے اونچی آواز میں یَاقَھَّارُ کہا تو کتا جو دوڑ کر میری طرف آ رہا تھا ویسے ہی الٹے پاؤں بھاگ گیا۔ میں نے اللہ کا شکر ادا کیا اور مجھے آپ پر یقین اور بھی زیادہ ہو گیا۔ کیونکہ میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کو بہت زیادہ ماننے والا ہوں اور ان کے ہر عمل کو یقین کے ساتھ کرتا ہوں۔

یاقہار اور ازدواجی تعلقات

علامہ صاحب نے فرمایا تھا کہ ازدواجی تعلقات سے پہلے گیارہ دفعہ یَاقَھَّارُ

پڑھ لیا کریں۔ میں اپنے ازدواجی تعلقات سے مطمئن نہیں ہوتا تھا، مطلب میں ازدواجی تعلقات کے بعد مطمئن یا میری طلب ختم نہیں ہوتی تھی چاہے میں کئی دفعہ یہ عمل کرلوں۔ یَاقَھَّارُ کا عمل کرنے کے بعد میں مطمئن ہوا اور بلاوجہ شہوت اور جنون میں بڑا فرق آیا اور تبدیلی آئی۔ عبقری میں چھپے اس عمل نے میری بڑی مدد کی۔

یاقہار اور شیطان کی ناامیدی

حالات انسان کی طبیعت کے موافق نہ ہوں تو انسان دلبرداشتہ اور ناامید ہوجاتا ہے۔ میں نے ایک جگہ پڑھا تھا کہ مومن کبھی بھی اپنے اللہ یا حالات سے پریشان ہوکر ناامید نہیں ہوتا۔ وہ ہمیشہ پرامید رہتا ہے۔ ویسے بھی ناامیدی گناہ ہے۔ ایسے وقت میں جب انسان ناامید ہوجائے تو یَاقَھَّارُ کی کثرت کرے اللہ پاک بڑی مہربانی کرے گا کیونکہ میرے خیال سے یہ شیطان ہی ہے جو بندے کو اللہ سے ناامید کرواتا ہے۔

* * * * *

جنات سے چھٹکارا

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں صوبہ بلوچستان کے شہر ڈیرہ اللہ یار کے چھوٹے سے گاؤں میں رہتی ہوں یہ واقعہ عیدالفطر کے دوسرے دن 21 اگست کو میری بیٹی کے ساتھ ہوا۔ میری بیٹی روزانہ قرآن پاک کی تلاوت کر کے سوتی تھی۔ اس رات بھی قرآن پاک کی تلاوت کر کے سوئی تھی۔ ہم سب بھی سو رہے تھے تو میری بیٹی نے رات کے ساڑھے بارہ بجے ایک زوردار چیخ ماری، چیخ سن کر ہم سب اس کی چارپائی کی طرف آگئے تو میری بیٹی کی آنکھیں کھلیں تھیں اور لمبے لمبے سانس لے رہی تھی، پانچ منٹ تک میں نے اور میرے بڑے بیٹے نے آیۃ الکرسی پڑھی پھر میری بیٹی نے بات کی اور کہا کہ ایک بدشکل آدمی بڑے پیٹ والا تھا وہ میری چارپائی کے قریب آیا اور اپنا ہاتھ مجھے لگا رہا تھا اس لیے میں نے چیخ ماری تھی، پھر میرے بڑے بیٹے نے علامہ لاہوتی پراسراری کا بتایا ہوا یَاقَھَّارُ کا ورد قبلہ کی طرف منہ کر کے اپنے کانوں پر ہاتھ رکھ کر زور زور سے کرنے لگا اس کے ساتھ ہی ہم سب نے یَاقَھَّارُ کا ورد شروع کیا۔ یَاقَھَّارُ کا ورد کرتے ہی ہمارے جسم کے بال کھڑے ہو گئے اور ہمیں سردی لگنے لگی۔ تھوڑی دیر بعد میں نے اپنی بیٹی سے کہا کہ اب ٹھیک ہو ہم سب سو جائیں......؟؟؟؟

میری بیٹی نے کہا ہاں! اب میں ٹھیک ہوں، آپ سو جائیں ہم ابھی لیٹے ہی تھے تو دس منٹ بعد میری بیٹی پھر سے لمبے لمبے سانس لینے لگی ہم سب پھر اس کی چارپائی پر گئے تو دیکھا تو میری بیٹی رو رہی تھی، ہم نے کہا شاید پاگل ہو گئی ہے، ہم نے پھر سے یَاقَھَّارُ کا ورد شروع کر دیا۔ میں نے اپنی بیٹی کا سر اپنی گود میں رکھ کر آیۃ الکرسی پڑھی۔ میں پوچھتی رہی بہت دیر بعد جب میں نے غصہ میں کہا کہ تم بتاتی کیوں نہیں۔ کیوں رو رہی ہو؟ پھر اس نے کہا کہ میرے پاس کچھ لوگ آئے جو مجھ سے کہہ رہے

تھے کہ ہماری شادی تھی تم نے ہماری شادی ضائع کر دی ہے۔ یہ دیکھو تم نے ہماری مہندی گرادی ہے۔ اس کے بعد ہم نے یَاقَهَّارُ کا ورد اور زیادہ شروع کر دیا۔

میری بیٹی اور زیادہ رونے لگی ہم نے کہا اب کیوں رو رہی ہو اس نے کہا کہ وہ سب کہہ رہے ہیں کہ یَاقَهَّارُ نہ پڑھو، آیۃ الکرسی نہ پڑھو، ہم یَاقَهَّارُ کا ورد اور زیادہ کرنے لگے، میری بیٹی پہلے رو رہی تھی اب ہاتھ پر ہاتھ مار کر ہنس رہی تھی ہم نے کہا اب کیا ہوا؟ اس بار کہنے لگی کہ اب وہ بھاگ رہے ہیں۔ ہمارے گھر سے اپنا سارا سامان اٹھا کر جا رہے ہیں۔ چھوٹے چھوٹے قد کے بونے ہیں۔ ان کے ساتھ بہت زیادہ سامان ہے سب ہمارے گھر سے دور ایک درخت کے نیچے جا کر بیٹھ گئے ہیں۔ ان میں سے ایک چھوٹے قد کا جوان پیچھے ہمارے گھر کی طرف دیکھ کر کہنے لگا۔ ہم واپس آئیں گے۔ پھر میری بیٹی نے اپنے بھائی سے کہا کہ صبح اس درخت کے پاس جا کر یَاقَهَّارُ کا ورد کرنا۔ تو میں نے اپنے بیٹے سے کہا کہ ان کو وہاں سے بھی بھگاؤ، اسی دوران میرا چھوٹا بیٹا میرے بڑے بیٹے سے کہنے لگا کہ بھیا گائے اور بچھڑے کو دیکھو جب میرے بیٹے نے دیکھا تو وہ گائے اور بچھڑا چارہ نہیں کھا رہے تھے اسی درخت کی طرف مسلسل دیکھے جا رہے ہیں جہاں وہ بونے جنات بیٹھے تھے۔

پھر ہم نے آیۃ الکرسی پڑھ کر اسی درخت کی طرف پھونک ماری جہاں جنات بیٹھے تھے پھر میری بیٹی کہنے لگی اب وہاں سے بھی بھاگ رہے ہیں ہمارے گھر کے قریب ایک سڑک تھی وہاں چلے گئے ہیں۔ اس کے بعد گائے اور بچھڑا بھی چارہ کھانے میں مصروف ہو گئے اور میری بیٹی بھی ٹھیک ہو گئی پھر میرے شوہر نے بھی کہا کہ یہ بڑے پیٹ والا کالا شخص میری چارپائی کے قریب سے گزر رہا تھا اگر میری بیٹی چیخ نہ مارتی تو میری چیخ نکل جاتی۔ میرے بڑے بیٹے نے بھی کہا کہ میں نے بھی چیخ ماری تھی۔

* * *

یا قہار نہ پڑھ، میں تمہیں مالا مال کر دونگی

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! یہ واقعہ میرے شوہر کے ساتھ ستمبر 2011ء میں ہوا ایک دفعہ وہ دن کو اکیلے کہیں سے آ رہے تھے تو راستے میں ایک بچے نے انہیں پیچھے سے تھپڑ مارا اور ان کے سامنے آ کر ہنسنے لگا، میرے شوہر نے اس بچے سے کہا کہ میں ابھی تجھے سبق سکھاتا ہوں......!!! پھر اس بچے کے پیچھے گئے تو ایک بڑھیا سامنے آ گئی اس بڑھیا نے بچے کا ہاتھ پکڑ لیا بچے نے بڑھیا کو کہا کہ چھوڑو مجھے اس سے لڑنا ہے، بڑھیا کہنے لگی: کیوں اس کے پیچھے پڑ گئے ہوں، چھوڑ دو اسے...... بچہ کہنے لگا یہ میرے گھر سے گزرا ہے، میں اسے نہیں چھوڑوگا۔ بڑھیا زبردستی بچے کا ہاتھ پکڑ کر لے گئی، میرا شوہر ان کے پیچھے گیا کہ تم نے مجھے بلاوجہ تھپڑ کیوں مارا ہے اور وہ دونوں آگے آگے اور میرا شوہر ان کے پیچھے پیچھے...... آگے جا کر وہ دونوں جھاڑیوں میں غائب ہو گئے۔ پھر میرے شوہر کو معلوم ہوا کہ یہ تو جنات ہیں پھر گھر آ کر اپنے گدھے کے قریب گئے تو کہنے لگے کہ مجھے گدھے نے ٹانگ ماری ہے، پھر کہنے لگے میرے گدھے نے نہیں بلکہ اس کے ساتھ ایک دوسرا گدھا تھا جس نے مجھے ٹانگ ماری ہے۔ رات کو عشاء کے وقت کہنے لگے کہ اس نہر کے کنارے بہت سے لوگ آپس میں لڑ رہے ہیں۔ ایک آدمی بڑے قد والا ہے اس کے ہاتھ میں تلوار ہے وہ دوسرے چھوٹے قد والے لوگوں کی گردنیں کاٹ کر کھائے جا رہا ہے۔

رات کو بارش ہوئی ہم باہر صحن میں سو رہے تھے میں نے اپنے شوہر سے کہا کہ اٹھو چارپائی اندر کریں، بارش ہو رہی ہے تو مجھے کہنے لگے کیسے اٹھوں میری ٹانگ تو ٹوٹی ہوئی ہے۔ اس طرح ساری رات ہمیں تنگ کرتے رہے نہ خود سوئے نہ دوسروں کو سونے دیا...... ساری رات پاگلوں کی طرح باتیں کرتے رہے، ہم نے سمجھا شاید پاگل ہو گئے ہیں...... پھر ہمیں معلوم ہوا کہ انہیں تو جنات نے ڈرایا ہے۔ صبح ہم انہیں

کسی کے پاس دم کروانے کے لیے لے گئے تو انہوں نے بتایا کہ اسے جنات نے بہت زیادہ ڈرایا ہے۔ دم کروا کر ہم واپس آ رہے تھے تو گھر تک تین گھنٹے کا سفر تھا سارے راستے میں آیۃ الکرسی پڑھتی رہی پھر مجھے کہنے لگے کیا پڑھ رہی ہو؟ میں نے گھبرا کر کہا میں تو حکیم صاحب کا دیا ہوا وظیفہ پڑھ رہی ہوں...... پھر مجھے کہنے لگے یہ نہ پڑھو ورنہ میں گھر نہیں جاؤں گا۔ تم ان بیچاروں کے پر جلا رہی ہو...... میں نے کہا میں پڑھوں گی جب یہ ہمارا احساس نہیں کرتے تو ہم کیوں ان کا احساس کریں۔ ساری رات انہوں نے ہمیں سونے نہیں دیا۔ ہم نے انہیں بہت دم تعویذ کرنے والوں کو دکھالیا لیکن کہیں سے بھی انہیں آرام نہ آیا ایک سال تک یہی حالت رہی عجیب باتیں کرتے...... عجیب حرکتیں کرتے...... اس دوران بہت زیادہ واقعات ہوئے تھے جن میں سے صرف چند میں نے اوپر لکھے ہیں۔

میرے بڑے بیٹے نے جب عبقری میں علامہ لاہوتی پراسراری کا یَاقَھَّارُ کا وظیفہ پڑھا (صبح و شام گیارہ گیارہ تسبیح) تو اس نے ہمیں بتایا اور میں نے اپنے شوہر کو بھی کہا کہ سارا دن یَاقَھَّارُ کا ورد کریں، اس دن سے لے کر آج تک ہمیں سکون ہے۔ اس کے بعد میرے شوہر کے پاس وہ جنات نہیں آئے۔ چند دن پہلے میرے شوہر مغرب کے وقت گھر سے باہر نکلے تو گھبرا کر آ کر کہنے لگے کہ ایک عورت اچانک میرے سامنے آ گئی اور کہنے لگی یَاقَھَّارُ نہ پڑھو میں تمہیں مالا مال کر دوں گی۔ میرے شوہر نے اس سے کہا کہ میں یَاقَھَّارُ پڑھنا نہیں چھوڑوں گا۔

* * *

شادی میں رکاوٹ ڈالنے والا جن

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالے کو بہت شوق سے پڑھتی ہوں اور اس رسالے میں جن وظیفوں کی اجازت ہے وہ پڑھتی رہتی ہوں، ہر وقت مجھے عجیب وغریب خیالات آتے رہتے ہیں کوئی کام کرنے کو دل نہیں چاہتا، غصہ بھی بہت آتا ہے۔ اب تو میں پہلے سے موٹی بھی ہوگئی ہوں اور چہرے پر دانے بھی نکلتے رہتے ہیں۔ محترم حکیم صاحب! گزشتہ ایک ماہ سے میں نے یَاقَھَّارُ والا وظیفہ (صبح وشام گیارہ گیارہ سو مرتبہ) پڑھنا شروع کیا ہے آپ یقین کریں کہ میں نے ''جنات،، وغیرہ کو پہلے کبھی خواب میں یا کبھی حقیقت میں نہیں دیکھا تھا مگر اب مجھے جنات خواب میں اور حقیقت میں بھی نظر آنا شروع ہو گئے ہیں۔

اس وظیفے کے پڑھنے کے دو دن بعد ہی خواب میں مجھے ایک ''جن،، نظر آیا جس کا چہرہ بہت خوبصورت اور جسم بہت ہی بدصورت تھا، وہ مجھے دیکھ کر مسکرا رہا تھا پھر جیسے مجھے خواب میں ہی بتایا جا رہا ہے کہ یہ ہی تمہاری شادی کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہے، ڈر تو مجھے بہت لگا لیکن میں نے ابھی بھی یہ وظیفہ جاری رکھا ہوا ہے بلکہ اب تو اس کا نقش بنا کر اپنے کمرے میں بھی لگایا ہوا ہے اور اس کے نقش بنا کر پانی بھی پیتی ہوں۔

نقش:

یَاقَھَّارُ کو جدا جدا حرف میں لکھے یعنی ''ی،، علیحدہ، ''ا،، علیحدہ، ''ق،، علیحدہ، ''ہ،، علیحدہ، پھر ''ا،، علیحدہ، اور ''ر،، علیحدہ اور پھر اسی طرح دوسری دفعہ یعنی کل اکتالیس دفعہ جدا جدا حروف میں لکھے اور کالی سیاہی گھلنے والی ہو جو پانی میں گھل جائے اس کو تعویذ بنا کر گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں، پی بھی سکتے ہیں اور اپنے تکیے کے اندر بھی رکھ سکتے ہیں۔

یہ سب چیزیں مجھے رات کو سوتے وقت نظر آتی ہیں اور مجھے یَاقَهَّارُ پڑھنے سے منع کرتی ہیں۔ حکیم صاحب! اسی سال جون میں مجھ پر کبھی خون کے چھینٹے گرتے، کبھی کپڑوں میں کٹ لگے ہوتے تھے اور کبھی میرے آس پاس کیل وغیرہ گرتے تھے میری والدہ نے یہاں کسی بزرگ کو دکھایا تو انہوں نے کہا کہ کوئی حاسد دشمن آپ کی بیٹی کی شادی کی راہ میں رکاوٹ ڈال رہا ہے اور اس پر کسی چیز کا اثر بھی ہے۔ اس کا دشمن اس کو مارنے سے بھی گریز نہیں کر رہا۔ لہٰذا آپ کسی بڑے عامل کو دکھائیں۔ جو میری دسترس میں ہے میں اس حد تک اس کا علاج کر سکتا ہوں پھر انہوں نے 21 دن پڑھائی کی اور 21 دن چھوٹے گوشت کا صدقہ بھی دیا۔ ان کے علاج سے فرق تو پڑا لیکن جو فرق مجھے یَاقَهَّارُ کے پڑھنے سے پڑا ویسا نہیں تھا اور یَاقَهَّارُ پڑھنے کے بعد مجھے جنات بھی جلتے اور بھاگتے نظر آنے شروع ہو گئے۔

* * * * *

جنات عورتوں کا بین

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! کے بعد عرض ہے کہ میں آپ کے رسالے کے مضمون ”جنات کا پیدائشی دوست،، سے یَاقَهَّارُ کا عمل روزانہ پڑھتی تھی۔ ایک مرتبہ میں نے عشاء کی نماز کے بعد یَاقَهَّارُ گیارہ سو مرتبہ پڑھا اور ذہن میں رکھا ”جو اللہ چاہ رہا ہے وہ میں چاہ رہی ہوں اور جو میں چاہ رہی ہوں وہی ہو رہا ہے،، رات کو خواب میں میں نے بہت سارے چراغوں میں تیل ڈالا، مٹی کے دیئے تھے ان کو میں نے تیل سے بھرا اور کچھ کو روشن کیا۔ اگلے دن جب میں نے پھر رات کو یَاقَهَّارُ کی بہت سی تسبیحات پڑھیں۔ رات کو سب سو گئے تھے امی اور میں جاگ رہے تھے تقریباً سوا ایک بجے کا وقت تھا، بجلی گئی ہوئی تھی، اچانک کتوں کے بھونکنے کی آوازیں آنا شروع ہوئیں پھر کتوں کے رونے کی آواز آئی، اس کے بعد تو ایسی آوازیں آئیں کہ میں بہت زیادہ خوفزدہ ہو گئی۔ بہت زیادہ عورتوں کے رونے کی آوازیں آنے لگیں۔ بالکل صاف آوازیں تھیں جیسے بہت ہی زیادہ عورتیں کسی فوتگی پر رو رہی ہوں۔ پہلے میں سمجھی کہ بلی رو رہی ہوگی لیکن وہ تو بالکل صاف عورتوں کے رونے کی آوازیں تھیں۔ میں نے امی سے بھی پوچھا کہ یہ کون رو رہا ہے؟ امی نے کہا بلیاں ہوں گی...... لیکن وہ آوازیں اور زیادہ ہو گئیں۔ میں اتنی مجبور ہو گئی کہ میں نے امی سے کہا کہ باہر جا کر دیکھیں پڑوس میں کوئی فوتگی تو نہیں ہو گئی لیکن امی نے کہا چپ کر کے لیٹی رہو مجھے بہت ہی زیادہ ڈر لگ رہا تھا میں نے آج تک کبھی ایسی آوازیں نہیں سنی تھیں۔ پھر میں نے یَاقَهَّارُ پڑھنا شروع کر دیا۔ اس دن کے بعد سے ہمارے گھر میں جیسے سکون سا ہو گیا اور مجھے پہلے کبھی کبھی ڈر لگتا تھا اب وہ نہیں لگتا۔

* * * * *

دوشیزاؤں کا شریر جنات سے چھٹکارا

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں علامہ لاہوتی صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست،، کا بہت شوق سے مطالعہ کرتا ہوں اور بہت مستفید ہوتا ہوں۔ علامہ صاحب کے بتائے ہوئے وظائف سے بہت ہی زیادہ فائدہ ہوا ہے خاص کر یَاقَھَّارُ کا وظیفہ تھال میں پاؤں رکھ کر پڑھنا اس سے بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ تھال میں پاؤں رکھ کر یَاقَہَّارُ پڑھنے والا عمل درج ذیل ہے:۔

یاقہار کے خاص الخاص عمل کا طریقہ

کچا برتن، پرات یا کوئی لوہے کا تھال نما برتن لے کر پانی سے بھر لیں۔ چارپائی پر بیٹھ کر اس میں اپنے پاؤں ڈبو لیں۔ اگر گرمی ہے تو پانی ٹھنڈا ہو اور اگر سردی ہو تو گرم پانی میں پاؤں ڈبو لیں، پاؤں ڈبونا بہت ضروری ہے اور باوضو بیٹھ کر آپ گیارہ سو بار یَاقَھَّارُ پڑھیں اور تصور کریں جس جادو سے، جس گناہ سے، جس عیب سے، جس بدکاری سے، یا شراب اور جوئے اور نشے سے نجات آپ چاہتے ہیں یا کسی کو دلانا چاہتے ہیں۔ اپنے لیے بھی پڑھ سکتے ہیں کسی کا تصور کر کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ وہ پڑھنا شروع کر دیں۔ روزانہ ایک وقت مقرر ہو، قبلہ رخ بیٹھ کر، پانی روز بدلنا ہے، اس پانی کو گرا دیں۔ اس وظیفہ کو روز پڑھنا ہے، گیارہ دن، اکیس دن، اکہتر دن، اکانوے دن۔ آپ پڑھیں۔ صبح و شام پڑھنا چاہیں تو فائدہ زیادہ ہوگا ورنہ ایک وقت بھی پڑھ سکتے ہیں۔

میں عرصہ 30 سال سے عملیات کا کام کر رہا ہوں لیکن عبقری میں جنات کے بتائے وظائف کی کیا بات ہے۔ عبقری تقریباً 8 ماہ سے پڑھ رہا ہوں یَاقَھَّارُ کے وظیفے سے الحمدللہ! لڑکیوں کو غلط جنات سے چھٹکارا مل رہا ہے۔ میرے پاس جب بھی کوئی اس طرح کا کیس آتا ہے تو میں انہیں یَاقَھَّارُ کا عمل بتا دیتا ہوں الحمدللہ! اس کے بہت زبردست رزلٹ مل رہے ہیں۔

یاقہار سے جادو ٹوٹ گیا

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ بہت زبردست ہے، خاص کر اس کا مضمون ”جنات کا پیدائشی دوست“ نے تو کمال ہی کر دیا ہے۔ مجھ پر کسی نے جادو کروایا ہوا تھا جس کی وجہ سے میرے ہر کام میں رکاوٹ ہو رہی تھی اور میں بہت زیادہ پریشان تھی۔ پھر ایک دن عبقری کا رسالہ میری ہمسائی نے مجھے دیا تو اس میں یَاقَھَّارُ کا وظیفہ پانی میں پاؤں ڈالنے والا کیا۔ جو درج ذیل ہے۔ کچا برتن، پرات یا کوئی لوہے کا تھال نما برتن لے کر پانی سے بھر لیں۔ چار پائی پر بیٹھ کر اس میں اپنے پاؤں ڈبو لیں۔ اگر گرمی ہے تو پانی ٹھنڈا ہو اور اگر سردی ہو تو گرم پانی میں پاؤں ڈبو لیں، پاؤں ڈبونا بہت ضروری ہے اور باوضو بیٹھ کر آپ گیارہ سو بار یَاقَھَّارُ پڑھیں اور تصور کریں جس جادو سے، جس گناہ سے، جس عیب سے، جس بدکاری سے، یا شراب اور جوئے اور نشے سے نجات آپ چاہتے ہیں یا کسی کو دلانا چاہتے ہیں۔ اپنے لیے بھی پڑھ سکتے ہیں کسی کا تصور کر کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ وہ پڑھنا شروع کر دیں۔ روزانہ ایک وقت مقرر ہو، قبلہ رخ بیٹھ کر، پانی روز بدلنا ہے، اس پانی کو گرا دیں۔ اس وظیفہ کو روز پڑھنا ہے، گیارہ دن، اکیس دن، اکہتر دن، اکانوے دن۔ آپ پڑھیں۔ صبح وشام پڑھنا چاہیں تو فائدہ زیادہ ہو گا ورنہ ایک وقت بھی پڑھ سکتے ہیں۔ تو محترم حکیم صاحب! آپ یقین کریں کہ مجھ کو اپنی امی کے بالوں میں لپٹے ہوئے اپنے بال جس میں تیلے، مٹی، دھاگے، تعویذ اور میرے استعمال کی چیزیں تھیں۔ وہ شاپر مل گیا جس کو میں نے خود جا کر نہر میں ڈالا۔

محترم حکیم صاحب! اس کے بعد میں نے چلتے پھرتے ہر وقت یَاقَھَّارُ کا وظیفہ کیا تو مجھ کو اپنے گھر میں ہندوؤں کے بنے ہوئے کچے کمرے کے سائیڈ پر دو آلے (چراغ دان) بنے ہوئے ہیں ادھر امی اپنے بال رکھتی تھیں اس میں سے کچھ بال ملے اور آپ یقین کریں کہ اس چراغ رکھنے والے آلے میں میری شناختی کارڈ والی تصویر،

بڑے بڑے کیل، سفید لٹھے کے کپڑے، میرے بال، میری عینک کا ٹوٹا شیشہ، میرے کوٹ کا بٹن بہت نیچے مٹی میں دبا ہوا مجھ کو یَاقَهَّارُ کے صدقے مل گیا اور میں اب مکمل پرسکون ہوں۔

* * *

مجھے عامل مل گیا

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ پر اپنی رحمتوں کا سایہ رکھے دُکھی انسانیت کی خدمت کرنے پر خداوند کریم بہت بڑے اجر سے نوازے آپ کا ماہنامہ عبقری مزید ترقی کرے، پچھلے دو ماہ سے عبقری لینا شروع کیا ہے سب سے پہلے عبقری کسی جاننے والے کے ہاں سے پڑھنے کیلئے ملا اس میں یَاقَھَّارُ کے ذکر کے بارے میں پڑھا تو مجھے اپنا مسئلہ حل ہوتا ہوا نظر آیا۔ میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرا گھر بڑے عرصے سے جادوٹونے کی نذر ہو رہا ہے میرے پاس دو کمرے زیر استعمال ہیں جس میں میرے ساتھ بیوی بچے رہ رہے ہیں۔ میرے پانچ بچے ہیں۔ چار بیٹیاں اور ایک بیٹا۔ باقی دو کمرے میرے والدین کے زیر استعمال ہیں۔

ہمارے گھر میں ہر وقت بے چینی اور بے سکونی رہتی تھی، کبھی خون کے قطرے گرتے تھے، کبھی سوتے میں کوئی چیز ڈراتی تھی، کبھی میری بیوی کا گلا دبا دیا جاتا، کبھی کمروں سے بہت گندی بدبو آتی، کبھی ہانڈی پکانے کی خوشبو آتی، کبھی کسی جگہ سے تعویذ نکلتے...... میرا کاروبار چلتے چلتے رک جاتا پھر کسی عامل سے رجوع کرتا تو اچانک کاروبار بڑی تیزی سے چلتا لیکن میں ہمیشہ قرض دار ہی رہا...... ہر شخص گھر میں چھوٹی چھوٹی بات پر لڑائی جھگڑے کیلئے تیار رہتا۔ حالانکہ ہمارے گھر کے سارے افراد نماز پنجگانہ اور قرآن پاک کی تلاوت کرتے ہیں محلے کے بچے میری امی کے پاس پڑھتے ہیں۔ گھر میں وقفے وقفے سے ختم القرآن بھی کراتا رہتا ہوں...... لیکن......!!! جس وقت یَاقَھَّارُ کے بارے میں پڑھا تو ہم سب گھر والوں نے مل کر یَاقَھَّارُ گیارہ گیارہ سو مرتبہ صبح و شام پڑھنا شروع کر دیا اور اب تک اس کی تعداد ایک لاکھ چالیس ہزار ہوگئی۔ ذکر کے دوران ایک دن میرے خواب میں آیا کہ ایک بڑا چوہا میرے پاؤں کو کاٹ رہا ہے لیکن مجھ سے اٹھا نہیں جا رہا، میری بیوی جو دوسرے کمرے میں

سو رہی ہے میں اسے پکارتا ہوں لیکن وہ سنتی نہیں چوہا میرا پاؤں چھوڑ کر میری کمر کی طرف آتا ہے جب وہ میری کمر کے نیچے آتا ہے تو میں اسے خوب مسل دیتا ہوں۔ اسی دوران میری آنکھ کھل جاتی ہے حالانکہ میں اپنے بستر پر روزانہ آیۃ الکرسی اور چاروں قل، درود شریف کا ورد کر کے سوتا ہوں۔ دوسرے دن میری بیوی نے بتایا کہ رات سوتے میں میرے بستر کے اوپر چوہیاں آئیں اور میں نے مار دیں...... میں نے گھر والوں کو یقین دلایا کہ یَاقَهَّارُ کی برکت سے شیطانی چیزیں ہمارا گھر چھوڑ رہی ہیں اور انہیں ذکر جاری رکھنے پر آمادہ کیا۔

لیکن......!!! جب ذکر ایک لاکھ چالیس ہزار کی تعداد کو پہنچا تو فجر کی نماز کے بعد حسب معمول میں نے یَاقَهَّارُ کا ذکر کیا اس کے بعد میں تسبیح رکھ رہا تھا میری بیٹیاں سکول کی تیاری کر رہی تھیں کپڑے نکالنے کے لیے الماری کھولی تو میری بڑی بیٹی کے کپڑوں پر تین عدد تعویذ جو سرخ سیاہی سے لکھے ہوئے ہیں ملے اس کے بعد تین تعویذ میری دوسری بیٹی کی اردو کی کتاب سے ملے جو کالی سیاہی سے لکھے ہوئے تھے۔ جو سرخ تعویذ نکلے ان پر ہدایت درج تھی...... الگ الگ ایک پینے کیلئے ایک گلے میں ڈالنے کیلئے ایک کے اوپر درج تھا کہ والدہ کیلئے۔ میرا یقین کامل ہو گیا ہے کہ مجھے وہ عامل مل گیا جس کی مجھے تلاش تھی۔ میرا مسئلہ اب 80 فیصد حل ہو چکا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

* * *

یاقہار اور سورۂ اخلاص کے فضائل ہی فضائل

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ سے یہی دعا ہے کہ آپ ہمیشہ سدا آباد رہیں اور امت مسلمہ ہمیشہ خوش وخرم رہے۔ جناب ہوایوں کہ ایک سال قبل اچانک میرے دماغ کے دائیں جانب کسی چیز نے قبضہ جمالیا، آہستہ آہستہ میرا دماغ بند ہوگیا اور آہستہ آہستہ میرے سوچنے کی قوت بھی جواب دے گئی، کبھی اِدھر اُدھر چلا جاتا اور پتہ بھی نہیں چلتا۔ خیر رورو کے مالک سے پناہ مانگی، یقینی طور پر یہ جو عمل ہے اس میں خدا کی مرضی ہے تو پناہ بھی وہ ہی دے گا اور حفاظت بھی وہ ہی کرے گا اور شفاء بھی وہ ہی دے گا۔ کافی عاملوں کو دکھایا، ایک عامل تو میرے پیچھے ہی پڑ گیا اور کام الٹا کر دیا۔ ایسا محسوس ہوتا تھا کہ کسی نے میرے دماغ کے دائیں حصے پر کیل ٹھونک دیا ہو۔ کوئی بتاتا کہ آسیب ہے، کوئی کیا...... بہرحال ایک اللہ والے بزرگ کے بیٹے کو طبیعت دکھانے کیلئے گیا تو انہوں نے کہا کہ آپ پر اثرات ہیں کسی ظالم دوست نے بوتہ کروا کے کیل ٹھونک کر قبر میں دفن کر دیا ہے انہوں نے پڑھائی کی کافی افاقہ ہوا۔ مجھے بے حد افسوس ہوا کہ کوئی میرے ساتھ بھی ایسا کر سکتا ہے۔ خیر یہ ایک عمل کا ایسا عمل ہے جس کی اسے سزا ملنی ہی ہے۔ اصل میں عبقری میں میں نے علامہ لاہوتی پراسراری کے عمل پڑھے تھے۔ یَاقَہَّارُ الگ الگ چار دفعہ لکھنا ہے، ایک نقش پینا ہے اور ایک لگانا اور ایک باندھنا ہے اور ایک نقش تکیہ کے نیچے رکھنا ہے تو ایسا ہی کیا الحمدللہ! کافی افاقہ ہوا۔ دشمنوں اور جنوں پر ایسا قہر نازل ہوا کہ میں کیا بتاؤں......

یاقہار کے نقش کا عمل درج ذیل ہے

جو شخص یَاقَہَّارُ کو جدا جدا حرف میں لکھے یعنی ”ی“، علیحدہ، ”ا“، علیحدہ، ”ق“، علیحدہ، ”ہ“، علیحدہ، پھر ”ا“، علیحدہ، اور ”ر“، علیحدہ اور پھر اسی طرح دوسری دفعہ یعنی کل اکتالیس دفعہ جدا جدا حروف میں لکھے اور کالی سیاہی گھلنے والی ہو جو پانی

میں گھل جائے اس کو تعویذ بنا کر گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں، پی بھی سکتے ہیں اور اپنے تکیے کے اندر بھی رکھ سکتے ہیں۔

دوسرا یہ کہ دو رکعت نفل پڑھنے ہیں ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ اخلاص ایک سو ایک مرتبہ پڑھنی ہے اور بعد سلام سجدہ میں جا کر گیارہ بار سورۂ اخلاص پھر اٹھ کر گیارہ مرتبہ اسی ترتیب سے گیارہ مرتبہ سجدہ کرنا ہے ہر سجدہ گیارہ مرتبہ اور اٹھ کر بھی گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے اور بعد میں دس مرتبہ استغفار اور دس مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد گیارہ منٹ تک دعا کرنی ہے پھر دیکھیں کیا کمالات ظاہر ہوتے ہیں۔ خدا کا کرم یقینی اور گارنٹی سے ہوگا اور ہر قسم کی قید چاہے وہ جنات، جادوگروں، انسانوں یا کسی بھی قسم کی ہو تو اٹھتے بیٹھتے لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھنا ہے۔ انشاء اللہ رہائی مل جائے گی۔ بہت مجرب آزمودہ عمل ہے۔

* * * * *

لڑکی پر آیا جن اور یاقہار

ہاسٹل میں ایک لڑکی ہے جس کے امی ابو نہیں ہیں، اس کی طبیعت اکثر خراب ہوجاتی تھی لیکن ہاسٹل والے اس کو ہر بار ہاسپٹل لے کر جاتے۔ ایک بار رات کو لیٹ ٹائم اس کی طبیعت خراب ہوگئی اس رات میں بھی موجود تھی۔ اچانک اس نے سر پکڑ لیا کہنے لگی کہ میرا سر درد سے پھٹا جا رہا ہے اور دل تنگ ہو رہا ہے، باجی اسے روم سے باہر لان میں لے آئی اور اسے بنچ پر سلایا میں بھی ساتھ تھی، طبیعت اتنی خراب ہوگئی تھی کہ وہ بے ہوش ہوگئی، میں نے پہلے تو خزانہ نمبر 1 کا ورد اس پر شروع کر دیا لیکن وہ آنکھیں نہیں کھول رہی تھی میں حیران پریشان...... کہ انمول خزانہ نمبر 1 کیسے اثر نہیں کر رہا......؟؟؟

اچانک اس کی طبیعت کے پیش نظر میں نے تیز آواز میں یَاقَھَّارُ کا ورد شروع کر دیا اور سب لڑکیوں سے یہ ورد کرنے کا کہا...... ٹیچر اور سب لڑکیاں بہت زیادہ پریشان تھیں کہ اتنی رات گئے اسے کیسے ہسپتال لے کر جائیں میں نے سب کو تسلی دی اور یوں سب سے یَاقَھَّارُ کا ورد شروع کروا دیا۔ کچھ ہی وقت گزرا تھا کہ لڑکی کے بے سدھ جسم میں حرکت شروع ہوئی اور یوں اس کے بدن نے دائیں بائیں کروٹیں بدلنا شروع کر دیں اور بالکل وہی آثار جیسے کسی پر جن ہوں اور جن کے جاتے ہوئے اس کے بدن پر تکلیف کے آثار ہوتے ہیں جیسے بہت سختی سے بدن سے کوئی چیز نکل رہی ہو۔ لڑکیاں پریشان کہ اب کیا ہوگا......؟؟؟ اس کے جسم کو کیا ہوگیا؟ تب میں سمجھ گئی کہ ضرور اس پر جنات کے اثرات ہیں جو یَاقَھَّارُ کے سامنے اب نہیں ٹک سکتے۔ حالانکہ اس کی باجی کہہ رہی تھی کہ اس پر جنات کے اثرات نہیں ہیں یوں ہم مسلسل پندرہ بیس منٹ تک ورد کرتے رہے آخر کار اس نے آہستہ آہستہ آنکھیں کھولنا شروع کر دیں تو سب کی جان میں جان آئی۔ حالانکہ اس سے پہلے

پوری ڈاکٹری ٹریٹمنٹ لے کر طبیعت بحال ہوتی تھی۔ آخر (وہ لڑکی) بینچ سے اٹھ کھڑی ہوئی اور یوں آنکھیں ملنا شروع کر دی جیسے نیند سے بیدار ہوئی اور اردگرد لڑکیوں کو دیکھ کر ہنسنے لگی کہ کیا بات ہے جو سب جمع ہیں۔ میں نے ازرائے مذاق کہہ دیا کہ تم نے نیند پوری کر لی اب تم کتاب اٹھاؤ اور پڑھو ہم آرام کریں گے۔ اس کی باجی اور میڈم سب بہت خوش تھیں کہہ رہی تھیں کہ (ص) کی موجودگی میں اب ہمیں کسی ڈاکٹر کی ضرورت نہیں رہی۔ سب کو پھر سمجھایا کہ صرف (ص) نہیں بلکہ جو کوئی بھی یہ ورد کرے گا سب کو فائدہ ہوگا اور اس لڑکی کو نصیحت کی کہ تم اکثر اوقات یہی ورد کرتی رہو طبیعت بحال رہے گی۔ انشاء اللہ......

* * * * *

غیر مسلم جنات اور یاقہار کا عمل

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کے درس نیٹ پر سب گھر والے سنتے ہیں۔ آپ کی بیشتر کتابیں میرے زیر مطالعہ ہیں، عبقری پابندی سے سب گھر والے پڑھتے ہیں اس کے علاوہ اوراد و وظائف دن بھر جاری رہتے ہیں اللہ کا شکر ہے مجھے بہت فائدہ ہے خاص کر جو فائدہ علامہ لاہوتی پراسراری کے مضمون سے یَاقَہَّارُ والے عمل نے دیا وہ بیان سے باہر ہے۔ میرے گھر میں نہ جانے کب سے غیر مسلم جنات کی رہائش ہے جو جگہ چھوڑنے پر کسی حال میں تیار نہیں تھے، میری بچی جو ماشاء اللہ! 24 سال کی ہے اس نے یَاقَہَّارُ کھلا پڑھا، خواب میں ان کی عورتیں آئیں اور بچی کو منع کیا اور اس کے ساتھ معاہدہ کیا اور کہا کہ ہم جاتے ہیں تم یہ وظیفہ نہ پڑھو...... لیکن بچی نے پڑھا...... پھر خواب میں دیکھا کہ لاتعداد لاشیں جارہی ہیں لیکن میری بیٹی یہ وظیفہ پڑھتی رہی اور اب ہمیں وہ پہلے کی طرح تنگ نہیں کرتے اور ہر طرف سکون ہی سکون ہے۔

موتی مسجد کے جنات نے جھاڑا کیا

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے آپ کی معرفت ہم رسالہ عبقری سے بہت زیادہ مستفید ہو رہے ہیں۔ محترم! میں ایک سکول ٹیچر ہوں، ہم پر حاسدین نے بہت زیادہ جادو کیا ہوا ہے اور ہر وقت ہمیں تکالیف اور نقصان پہنچاتے ہیں، ہمارا تمام کام اور رزق باندھ دیا گیا، تمام گھر والے بیمار، بے انتہا مقروض اور شدید فاقوں کی نوبت تھی۔ پھر میں نے عبقری میں موتی مسجد والا عمل پڑھا۔ میں لاہور میں شاہی قلعہ کی موتی مسجد میں جمعرات اور جمعہ کو حاضر ہوا، نماز اور نفل پڑھے۔ جمعہ کے دن عصر کی نماز کے دوران کسی بزرگ جن صاحب نے کمر کے نچلے حصہ پر جھاڑا دیا جس کے بہت مثبت اثرات نظر آئے ہیں اور میرے بہت سے مسائل حل ہوئے ہیں۔

موتی مسجد میں نوافل کا طریقہ عمل

جو شخص شاہی قلعہ کے اندر شاہی دور کی بنی ہوئی مسجد میں جا کر دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھے اور سورہ فاتحہ میں إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ پر جب پہنچے تو اس کا تکرار کرنا شروع کر دے اور بار بار اس آیت کو پڑھتا رہے چاہے آدھا گھنٹہ یا ایک گھنٹہ یا جتنی دیر بھی کھڑا رہ سکے، اسکے بعد سورہ فاتحہ مکمل کر کے دوسری رکعت میں اسی طرح تکرار کرے جیسے پہلی رکعت میں کی تھی پھر یہ رکعت بھی پوری کرے اور پھر اپنے گناہوں، نافرمانیوں پر نادم ہوتے ہوئے تقریباً بیس منٹ دعا کرے۔

یا قہار کا ورد اور رونے کی آوازیں

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! مؤدبانہ گزارش ہے کہ سب سے پہلے تو حضرت حکیم صاحب اتنا اچھا رسالہ نکالنے پر خصوصی مبارکباد پیش کرتی ہوں، میری عبقری

سے ملاقات ستمبر 2011ء میں ہوئی۔ میری ایک سہیلی نے مجھے اس رسالے کے بارے میں بتایا۔ جب اس نے مجھے یہ رسالہ دیا اور میں نے اسے پڑھا تو مجھے اسے پڑھ کر بہت خوشی ہوئی کہ آج کل اس افراتفری کے عالم میں اتنے اچھے لوگ بھی ہیں جو دوسروں کی پریشانیوں کا احساس کرتے ہیں۔ محترم حکیم صاحب! میرے گھر میں لڑائی جھگڑے، اولاد کی نافرمانی اور معاشی پریشانیاں بہت زیادہ تھیں، میں تین بچوں کی ماں ہوں۔ میں نے ایک دن رسالہ عبقری میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون میں یَاقَھَّارُ وظیفے کا پڑھا تو میں ایک مہینے سے یَاقَھَّارُ گیارہ سو مرتبہ پڑھ رہی ہوں۔ دن میں کسی وقت بھی یہ پڑھ لیتی ہوں۔ جب میں نے پہلے دو دن تک یہ پڑھا تو مجھے اپنے دائیں جانب سے شدید رونے کی آواز آنا شروع ہوئی جیسے کوئی بہت زیادہ رونے کے بعد سسکیاں لیتا ہے میں نے مڑ کر دیکھا تو کوئی بھی نہیں تھا۔ اس دن کے بعد میری طبیعت میں جیسے سکون سا آ گیا اور ہمارے گھر کے کافی مسائل بھی حل ہوئے۔

* * *

جنات کے ساتھ عجیب وغریب سلسلہ

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کو اللہ تعالیٰ ہمیشہ اپنے سایہ رحمت میں رکھیں میں اپنا مسئلہ مختصراً آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ تقریباً 14 سال قبل ہم ایک مکان میں شفٹ ہوئے تو کوئی قوت نماز فجر کے وقت سیدھے پاؤں کے انگوٹھے کو پکڑ کر ہلاتی تھی جس سے میری آنکھ کھل جاتی تھی۔ ایک دن اس قوت نے انگوٹھے کو خاص سختی سے پکڑ کر ہلایا جس سے مجھے شدید درد ہوا میرے منہ سے بے ساختہ یہ الفاظ نکلے ”یہ کیا بیوقوفی ہے،، اس دن کے بعد سے اس قوت نے یہ سلسلہ ختم کردیا اور نیا سلسلہ شروع ہوا کہ سوتے ہوئے کسی بھی وقت مجھے محسوس ہوتا کہ کسی نے میری کمر، کبھی بازو پر دباؤ ڈالا ہے جس سے میری آنکھ کھل جاتی۔ کبھی کبھی ایسے موقع پر مجھے ایک ہیولا سا کمرے سے نکلتے ہوئے نظر آتا۔

ایک رات میری اچانک آنکھ کھلی تو میں نے دیکھا کہ میری چارپائی کے ساتھ سفید لباس میں ملبوس ایک خوبصورت لڑکی بیٹھی ہوئی مجھے دیکھ رہی ہے۔ اسے مارنے کے لیے بے اختیار میرا ہاتھ اٹھا لیکن درمیان ہی میں رک گیا۔ میں کمرے سے باہر نکل گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد میں نے کمرے میں جھانک کر دیکھا تو لڑکی بدستور میری چارپائی کی طرف منہ کیے بیٹھی تھی۔ اس کی پیٹھ میری طرف تھی۔ میں دوبارہ برآمدے میں چلا گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد لڑکی غائب ہوگئی۔ میں کمرے میں جا کر سوگیا۔ پھر کبھی بازو کو دبانا...... کبھی ہلانا...... اسی طرح حرکتیں ہوتی رہتیں۔

میں نے ماہر نفسیات سے بھی مشورہ کیا اس نے میرا ذہنی تخیل قرار دیا۔ اسی دوران میری جیب سے اکثر سو روپیہ غائب ہوجاتا، ایک دفعہ میری جیب سے پانچ سو کا نوٹ غائب ہوگیا۔ میں نے بیٹی سے ذکر کیا تو اس نے کمرے میں آکر دیکھا تو پانچ سو کا نوٹ دروازے کے پیچھے سے مل گیا۔ اسی دوران کاروبار بہت اچھا چل رہا تھا۔ بچوں کی شادیاں، تین گاڑیاں خرید لیں، گھر کا سامان خریدا، اللہ تعالیٰ

کی راہ میں بھی دل کھول کر خرچ کرتا رہا۔ پھر ٹھیکیداری میں مشکلات آئیں تو میں نے دوبارہ دکانداری شروع کردی لیکن دکانداری بھی تقریباً ختم ہوگئی۔ اسی دوران نادیدہ قوتوں سے چھیڑ چھاڑ جاری رہی۔ ایک رات کو کسی قوت نے مجھے چار پائی سے اٹھا کر فرش پر گرا دیا۔

جناتی چھیڑ چھاڑ:

میں گرمیوں میں برآمدے میں سوتا ہوں۔ چھیڑ چھاڑ کا سلسلہ جاری رہا، آنکھ کھلنے پر ہیولا سا بھاگتے ہوئے نظر آتا۔ کچھ عرصہ تک میری آنکھ اچانک کھل جاتی تو میں دیکھتا کہ پاؤں کی طرف کھڑا ہوا ایک شخص منہ کھولے، آنکھیں نکالے، چہرہ بگاڑے اور ہاتھوں سے مجھے ڈرا رہا ہوتا تھا۔ میں اپنا بستر چھوڑ کر ساتھ والے کمرہ میں بھاگ جاتا۔ ایک دوست سے مشورہ کیا ان کے مشورہ پر میں سونے سے پہلے درود شریف پڑھتا رہا تو ڈرانے والے شخص کی شکل کے تین یا چار اشخاص رات کو میری طرف دیکھتے ہوئے دوستانہ انداز میں دیکھ کر مسکرا رہے تھے۔ دوسرے دن ایک شخص کھڑا مجھے دوستانہ انداز میں مسکراتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔ تقریباً 7 ماہ سے عبقری پڑھ رہا ہوں۔ عبقری سے میں نے یَانَافِعُ، اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ۔ یَامُقْتَدِرُ... وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی ﴿الضحیٰ ۵﴾ کا ورد کثرت سے کرنا شروع کیا تو میرے کاروبار میں بہت بہتری آئی۔ اسی دوران دو مرتبہ رات میں سوتے ہوئے کسی نے اٹھا کر بٹھا دیا۔ ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ 14 سال کے عرصہ میں اکثر گھر میں بالخصوص سونے والے کمرے میں مجھے خوشبو کے جھونکے محسوس ہوتے، میں خوشبو کے جھونکے محسوس ہونے پر ”السلام علیکم یا اہل الخیر،، کہتا ہوں۔ کچھ سال پہلے چند مرتبہ شدید بدبو بھی محسوس ہوئی۔

نماز فجر کے بعد سورۂ یٰسین، سورۂ مزمل اور قرآن پاک کی آخری 6 سورتوں کی

تلاوت کرتا ہوں۔ جنات کا پیدائشی دوست جلد اول پڑھنے کے بعد صبح و شام آیت الکرسی، عروہ بن مغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کا وظیفہ تین تین مرتبہ صبح و شام پڑھتا ہوں۔ نماز فجر کے بعد سورۂ اخلاص دس مرتبہ اور پرندوں کو ہدیہ کرنے والا وظیفہ بھی پڑھتا ہوں۔ جس کی وجہ سے میرے ساتھ جنات کی چھیڑ خانی کافی حد تک کم ہوگئی ہے۔ پرندوں کو ہدیہ کرنے والا وظیفہ درج ذیل ہے:۔ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف درمیان میں تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر پرندوں کی روح کو ہدیہ کردیں۔

✿ ✿ ✿ ✿ ✿

یاقہار سے ڈر خوف ختم

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر میں ایک مسئلہ ہے وہ یہ کہ گھر میں ڈر وخوف بہت زیادہ محسوس ہوتا ہے۔ نقصان بہت زیادہ ہوتا ہے، چیزیں گم ہوجاتی تھیں، دودھ کا بہت نقصان ہوتا تھا، بچے کھاتے ہوئے کھانا گرادیتے تھے، چلتے چلتے گر پڑتے تھے، خوف ہمارے اندر بہت زیادہ بیٹھ گیا تھا، کاروبار بند ہوگیا تھا۔ میں نے عبقری میں یَاقَهَّارُ کا وظیفہ پڑھا۔ میں یَاقَهَّارُ کا وظیفہ پچھلے دو سال سے پڑھ رہی ہوں پہلے سے بہت زیادہ فرق ہے، میں نے پانی میں پاؤں رکھ کر گیارہ دن عمل کیا ہے۔ اللہ کا بڑا فضل ہے۔ پانی والا عمل درج ذیل ہے۔ کچا برتن، پرات یا کوئی لوہے کا تھال نما برتن لے کر پانی سے بھر لیں۔ چارپائی پر بیٹھ کر اس میں اپنے پاؤں ڈبولیں۔ اگر گرمی ہے تو پانی ٹھنڈا ہو اور اگر سردی ہو تو گرم پانی میں پاؤں ڈبولیں۔ پاؤں ڈبونا بہت ضروری ہے اور باوضو بیٹھ کر آپ گیارہ سو بار یَاقَهَّارُ پڑھیں اور تصور کریں جس جادو سے، جس گناہ سے، جس عیب سے، جس بدکاری سے، یا شراب اور جوئے اور نشے سے نجات آپ چاہتے ہیں یا کسی کو دلانا چاہتے ہیں۔ اپنے لیے بھی پڑھ سکتے ہیں کسی کا تصور کر کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ وہ پڑھنا شروع کردیں۔ روزانہ ایک وقت مقرر ہو، قبلہ رخ بیٹھ کر، پانی روز بدلنا ہے، اس پانی کو گرادیں۔ اس وظیفہ کو روز پڑھنا ہے، گیارہ دن، اکیس دن، اکتھر دن، اکانوے دن۔ آپ پڑھیں۔ صبح و شام پڑھنا چاہیں تو فائدہ زیادہ ہوگا ورنہ ایک وقت بھی پڑھ سکتے ہیں۔

* * *

یاقہار کی کیا بات ہے!

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے آپ کا رسالہ ماہنامہ عبقری پڑھا مجھے بہت پسند آیا ہے، خاص طور پر سلسلہ جنات کا پیدائشی دوست...... میں نے آپ کے دفتر سے کتاب ''جنات کا پیدائشی دوست،، منگوائی اور وہ میں نے بڑے شوق سے پڑھی ہے اور اس میں جتنے وظائف ہیں ان پر عمل بھی کیا اور جن لوگوں کو بتایا ہے ان کو اس سے بہت زیادہ فائدہ ہوا ہے۔ خاص طور پر اسم یَاقَهَّارُ کی تو کیا بات ہے......! اس وظیفے سے لوگوں کے اتنے مسائل حل ہوئے ہیں کہ میں بھی حیران و پریشان ہوں۔ اب تو جنات مجھے خواب میں آکر ڈراتے ہیں کہ تم یہ وظیفہ لوگوں کو کیوں دیتی ہو؟ میں نے یَاقَهَّارُ کے تعویذ بھی لکھے ہیں اور صدقہ جاریہ کے طور پر ہر کسی کو دیتی ہوں۔ نقش درج ذیل ہے: یَاقَهَّارُ کو جدا جدا حرف میں لکھے یعنی ''ی،، علیحدہ ''ا،، علیحدہ ''ق،، علیحدہ ''ہ،، علیحدہ، پھر ''ا،، علیحدہ، اور ''ر،، علیحدہ اور پھر اسی طرح دوسری دفعہ یعنی کل اکتالیس دفعہ جدا جدا حروف میں لکھے اور کالی سیاہی گھلنے والی ہو جو پانی میں گھل جائے اس کو تعویذ بنا کر گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں، پی بھی سکتے ہیں اور اپنے تکیے کے اندر بھی رکھ سکتے ہیں۔

* * *

جادو جنات میں مبتلا ایک نامور ڈاکٹر

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنے شہر کی ایک مشہور لیڈی ڈاکٹر ہوں۔ گورنمنٹ ہسپتال میں بھی جاب ہے اور اپنا پرائیویٹ ہسپتال بھی چلا رہی ہوں۔ گورنمنٹ ہسپتال کی کوٹھی میں رہائش پذیر ہوں ارد گرد کے تمام گاؤں بلکہ شہروں میں بھی میرا ایک نام ہے اور شہرت ہے۔ صرف اللہ کی مہربانی سے...... مگر کسی کو اپنا دُکھ اور تکلیف بتا نہیں سکتی صرف اسی خوف سے کہ لوگ کہیں گے ڈاکٹر پاگل ہو گئی ہے...... یا نفسیاتی مریضہ ہے۔ ابھی کچھ عرصے سے عبقری کی قاری بنی ہوں تو مجھے کچھ امید کی کرن نظر آئی۔ محترم حکیم صاحب! میرے والد کسٹمز اینڈ ایکسائز کے افسر تھے اچھے حالات تھے، میری والدہ کو تھوڑے عرصے بعد دورے پڑتے تھے اور وہ اکثر ایک مخصوص نام (ب۔ ز۔ ش) لیتی تھیں اور بکرے دیئے جاتے۔ میری نانی اور نانا سکھ تھے اور مسلمان ہو کر پاکستان آ گئے تھے۔

پھر بربادی شروع!

ہم شہر کے اچھے سکولوں میں پڑھے، کانونٹ میں بھائی پڑھے لیکن......!!! پھر بربادی شروع ہو گئی۔ رزق روزی اُٹھ گیا۔ تعلیم ختم...... بھائیوں کی شادیاں...... کاروبار تباہ...... اولاد بند...... میری ماں کہتی ہے کہ سب سے چھوٹے بھائی پر ایک پری عاشق ہے جو پرستان کی شہزادی ہے۔ بھائی کا نصیب بہت بلند تھا وہ اس کا رزق روزی لے گئی۔ آپ کہیں گے کہ یہ جھوٹ ہے۔ آپ یقین جانیے! میں نے خود اس پری سے بات کی ہے اس نے کلمہ پڑھا اور کہا کہ میں مسلمان ہوتی ہوں۔ تمہارے بھائی کا ستارہ بہت بلند تھا، میں لالچ میں آ گئی تھی، میں سب کچھ واپس کر دوں گی مگر ہم انسان نہیں اس لیے شاید مکر نہ جاؤں۔ دوسرے بھائی پر بھی کوئی بلا ہے اس کی شادی پر خون کے چھینٹے آئے۔ اولاد بھی بند ہے، والدہ پر بھی ہے......

بلاؤں کے ڈیرے

اب حالت یہ ہے کہ میرے ہسپتال پر ان بلاؤں کے ڈیرے ہیں جو میرے تمام کام ختم کر رہی ہیں۔ میرے بچوں کے کام رک گئے ہیں۔ میرا کام روک دیا ہے۔ اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے پڑھتی ہوں اور دعا کرتی ہوں۔ کئی پیروں سے رابطہ کیا مگر وہ کہتے ہیں ہمارے بس سے باہر ہے۔ یہ جنات غیر مسلم ہندو یا سکھ ہیں جو تمہاری نانی سے ہیں اور پرانا ساتھ ہے، وہ آسانی سے نہیں چھوڑیں گے۔ میرے والدین کو بربادی کر کے اب وہ میرے ساتھ ہے کیونکہ اللہ نے مہربانی کی تھی اور رزق روزی میں میرے پاس بہت برکت تھی۔ والدین اور بھائیوں کی مدد بھی کرتی تھی۔

میں ہار نہیں مان سکتی!

محترم حکیم صاحب! میں ہار نہیں مان سکتی......!!! ہم اللہ کی طرف دیکھتے ہیں اور اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے امتی ہیں میں اپنی اولاد کی خاطر سب کچھ کر جاؤں گی......!!! مر جاؤں گی...... اب حالت یہ ہے کہ میں نے تمام پیروں سے مدد نہ لینے کا فیصلہ کر لیا ہے بلکہ ان سب نے خود ہی انکار کر دیا ہے۔ حکیم صاحب آج ایک ماہ سے رو رو کر صرف اللہ کے آگے ہاتھ پھیلا کر بیٹھی ہوں کہ اے اللہ! تیرے سے ”ڈاڈھا،، (طاقت ور) تو کوئی نہیں۔

موتی مسجد میں لاشیں!

میں عبقری رسالے میں سے پڑھ کر موتی مسجد میں 3 بار جا چکی ہوں ایک رات خواب میں موتی مسجد کے اندر دیوار پر چھوٹے چھوٹے بتوں کی شکل میں لاشیں دیکھیں، جو آٹھ یا دس ہوں گی۔ آواز آئی کہ یہ ان جنات کی ہیں جو تمہارے ہسپتال میں تھے۔ پھر آدھی سوئی آدھی جاگی تو ایک شکل آنکھوں کے آگے آ گئی کہ یہ علامہ لاہوتی پراسراری صاحب ہیں۔ اس سے زیادہ کچھ نہیں دیکھا۔

بچوں کی بربادی نہیں دیکھ سکتی:

یہ سچ ہے کیونکہ آنکھوں پر بہتان نہیں لگا سکتی۔ میں اپنے بچوں کی بربادی نہیں دیکھ سکتی جس طرح میری ماں نے دیکھ لی۔ ہمارا پورا خاندان ان بلاؤں کے گھیرے میں ہے۔ مین اپنے ہسپتال اور مریضوں کی مصروفیت کے باوجود ہر وقت یَاقَهَّارُ کا ورد کرتی رہتی ہوں۔ اللہ کے آگے رو رو کر آنکھیں سوج جاتی ہیں، ہچکی بندھ جاتی ہے مگر پریشانی ہے کہ جاتی ہی نہیں...... میرے ہاتھ آپریشن بڑا اچھا کرتے تھے۔ بڑی شہرت بھی تھی، اب ہاتھ سوئے پڑے ہیں۔ ساری رات درد کرتے ہیں۔ لکھنا بھی دوبھر ہے۔ ہم بے گناہ ہیں، ہم نے اس مخلوق کو تنگ نہیں کیا۔ وہ ہمیں تنگ کر رہی ہے۔ براہ مہربانی میرے لیے دعا کریں۔

* * * * *

کالے جادو سے 5 روز میں نجات

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کے رسالہ ماہنامہ عبقری کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ مجھ پر، میرے کاروبار اور میرے گھر پر کسی شخص نے کالا جادو کر رکھا تھا جس کی وجہ سے میں بہت پریشان تھا اور نوبت فاقوں تک آ گئی تھی۔ میں نے عبقری رسالہ میں سے پڑھ کر موتی مسجد کے نفلوں والا عمل اور جنات کا پیدائشی دوست کتاب میں سے پڑھ کر یَاقَهَّارُ سارا دن پاگل بن کر پڑھا تو اللہ پاک نے صرف چار سے پانچ روز میں ہی میرا مسئلہ حل کر دیا۔ یہ سب اللہ کے پاک نام کی برکات ہیں کہ ہمارا ایک بہت بڑا مسئلہ حل ہو گیا اور آپ کے لیے خاص طور پر دل سے دعائیں نکلتی ہیں کہ آپ کے رسالہ عبقری کی وجہ سے لاکھوں انسانوں کی مدد ہو رہی ہے۔ اللہ پاک اس کا آپ کو اجر عطا فرمائیں۔

* * *

یاقہار اور ناکام جادوگر

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! آج سے تقریباً ڈھائی تین ماہ پہلے مجھے وہ جادوگر خواب میں نظر آیا جس نے ہمارے گھر میں گندے جنات چھوڑے تھے وہ کہہ رہا تھا کہ میں آپ کا کام تمام کردوں گا۔ اچانک میرے منہ سے مسلسل یَاقَهَّارُ نکلنا شروع ہوگیا کچھ ہی دیر کے بعد وہ جادوگر چیخیں مارنا شروع ہوگیا اور اور وہاں سے بھاگ گیا اور پھر میری آنکھ کھل گئی۔ اس دن کے بعد ہمارے گھر میں کافی سکون ہے۔

* * *

اکیس سال پرانا جادو ختم

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میرا مسئلہ بہت پرانا تھا، میری شادی کو اکیس سال ہوگئے ہیں، ان اکیس سالوں میں مجھے کبھی سکون نہیں ملا، کبھی کبھی پاگلوں کی طرح حرکتیں کرتی تھی، پہلے گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑے تھے، جھگڑوں کے دوران بیماری کے جھٹکے لگتے تھے مثلاً اچانک ایک سو چار پر بخار یا سانس کی بیماری اتنی شدید ہوتی تھی، سانس لینا مشکل ہوجاتا تھا، پھر پورے ایک سال میرے شوہر اور میرے بچوں پر زبردست جادو ہوا، قرآن پاک سب نے پڑھا ہوا ہے کسی کا دل نہیں کرتا تھا قرآن پاک پڑھنے کو۔۔۔ سکون بالکل نہیں تھا۔ پچھلے سال آپ کا عبقری رسالہ پڑھا، دل کو بڑی خوشی ہوئی، آپ کے رسالے کے ایک مضمون ”جنات کا پیدائشی دوست“ میں ”یَاقَهَّارُ“ پڑھا ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھتی ہوں۔ اللہ کے کرم سے نماز کی پابندی کر رہی ہوں، پہلے سے بہت زیادہ فرق ہے۔ گھر میں اب قرآن کھلنا شروع ہوگیا ہے۔ مجھے اب امید کی کرن یَاقَهَّارُ کی شکل میں نظر آئی ہے اور ہمارے مسائل کافی حد تک ٹھیک ہو چکے ہیں۔

ہر قسم کے جادو اور بیماری کا روحانی علاج

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کے درس میں آتی رہتی ہوں اور کافی کچھ سیکھنے کو ملا۔ آپ نے فرمایا کہ انسان کو جس چیز سے نفع ملے وہ لوگوں تک پہنچائے تاکہ اور لوگوں کو بھی فیض ملے تو محترم حکیم صاحب! اسی لیے لکھ رہی ہوں کہ آپ کے رسالے میں ایک آیت چھپی تھی وَ بِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَ بِالْحَقِّ نَزَلَ ط (بنی اسرائیل 105) یہ آیت میں نے اکتالیس بار اول و آخر تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر جس جس کو خواہ وہ روحانی تکلیف ہو یا جسمانی بیماری ہو دم کیا اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ لوگ فیض یاب ہوئے۔ یہ بہت ہی تیر بہدف اور مجرب عمل ہے جس جس نے آزمایا کبھی خالی نہیں گیا۔ میری امی کے معدے کے امراض کی وجہ سے زبان میں زخم ہو گئے تھے اور ڈاکٹری علاج بہت کروایا لیکن ڈاکٹر کہتے تھے کہ اس کا کوئی علاج نہیں ہے وہ زخم دوائیوں سے بھی ٹھیک نہیں ہوئے میری امی مرچ والی کوئی چیز نہیں کھا سکتی تھیں۔ آخر میں نے یہی عمل صبح و شام کیا اور پانی پر پڑھ کر دم کیا خدا کی قدرت دیکھیں کہ اکیس دن میں زبان نارمل ہونی شروع ہوئی۔ امی نے اکیس دن کے بعد مرچوں والا سالن کھایا اور پھر بالکل ٹھیک ہو گئیں۔ ڈاکٹر خود حیران ہو گئے۔

جادو، نظر بد سے آرام:

پھر میں نے عبقری میں پڑھا کہ جادو، نظر بد وغیرہ سے آرام کیلئے تین مرتبہ درود ابراہیمی اول و آخر تین مرتبہ سورۂ فاتحہ، تین مرتبہ آیۃ الکرسی، تین مرتبہ سورۂ اخلاص، تین مرتبہ سورۂ فلق، تین مرتبہ سورۂ ناس پڑھ کر دم کرنا ہے۔ میں نے یہ عمل پڑھ کر اپنی خالہ کو دم کیا جن پر کسی نے کالا علم کروایا تھا۔ اس علم کی وجہ سے ان کے ایک ماہ سے کمر میں بہت شدید درد تھا، نیل بھی پڑ رہے تھے، کافی جگہ سے علاج کروایا لیکن آرام نہ آیا تو انہوں نے مجھ سے مسئلہ بیان کیا تو میں نے ایک ہی دن میں آدھے

آدھے گھنٹے کے وقفے سے ان کو تین بار یہی دم اور بنی اسرائیل کی آیت 105 یہ دونوں چیزیں پڑھ کر دم کیں آپ یقین کریں کہ اللہ نے شاید مجھے عزت دینی تھی ان کا درد اسی دن 90 فیصد ٹھیک ہو گیا اور اگلے دن میں نے ان کو فون پر دم کیا تو باقی کا بھی اثر زائل ہو گیا۔

عمل کر کے دیکھیں اور۔۔۔

یہ دونوں عمل جادو، جنات، آسیب، بیماری خواہ روحانی اور جسمانی ہو۔ نظر بد، ڈیپریشن، لڑائی جھگڑے سب کیلئے اکسیر اور تیر بہدف اور مجرب ہیں، کر کے دیکھیں اور مجھے بھی اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں شاید میرے لکھنے سے کسی کا بھلا ہو اور میری پریشانیاں بھی دور ہو جائیں یہ سب عزت مجھے محترم حکیم صاحب کے وظائف کرنے سے ملی ہے کہ میری زبان میں اتنی تاثیر آ گئی ہے۔

* * *

جنات کو بھگانے کا سریع التاثیر عمل

حضرت ابودجانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے جنات کے تنگ کرنے کی شکایت کی تو آقا کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ایک خط جنات کے نام لکھوایا۔ حضرت ابودجانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہ تہدیدی نامہ مبارک اپنے پاس رکھ لیا۔ رات کو مخصوص وقت جب وہ جنات آتے تھے تو وہ تنگ نہ کر سکے بلکہ وعدہ کر کے گئے کہ جہاں بھی نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا یہ تہدیدی نامہ مبارک ہوگا وہاں داخل نہیں ہوں گے کیونکہ اس نامہ مبارک کی برکت سے وہ شدید عذاب میں مبتلا ہو گئے تھے۔ انتہائی مجرب عمل ہے، جنہوں نے مجھے عطا کیا تھا۔ ان کے معمولات میں سے تھا۔

گاؤں کی عورت پر جنات:

صرف ایک واقعہ گوش گزار کرتا ہوں۔ میرے علاقے کے قریب ہی ایک گاؤں کی عورت ہے جس پر جنات کا بہت سخت اثر تھا اور ان کے اثر سے بہت بیمار رہتی تھی اور نوبت فاقوں تک جا پہنچی تھی۔ غریب عورت تھی، لوگوں کے گھروں میں کام کاج کر کے محنت مزدوری کر کے پیٹ پالتی تھی۔ ان خبیثوں کے زیر اثر سخت بیمار پڑ کے کام کاج سے بھی گئی۔ ایک دن ہمارے گھر سوالی بن کر آئی اور اپنا دکھڑا سنانے لگی۔ میں نے ایک تہدیدی نامہ مبارک لپیٹ کر اس کو دیا اور کہا کہ رات کو سوتے وقت تکیے کے نیچے رکھ لینا اور بستر پاک صاف ہونا چاہیے۔ کچھ دن بعد واپس آئی تو صحت میں واضح فرق تھا۔ بہت دعائیں دینے لگی اور بتانے لگی کہ اسی رات جب میں تہدیدی نامہ مبارک رکھ کر سوئی ہوں۔ مجھے آدھی رات تک جھٹکے لگتے رہے اور صبح تک طبیعت بالکل ٹھیک ہوگئی۔ یہ حقیقت ہے کہ اگر جنات نے گھر میں مضبوط ترین بسیرا بھی کر لیا ہو چاہے جتنا مرضی پرانا ہو، اس عمل کے بعد وہ وہاں پر نہیں رہ سکتے۔ اگر رہیں گے تو ان پر اللہ پاک کا غضب نازل ہو جائے گا۔ انشاء اللہ! ان کو وہاں سے جانا ہی پڑے گا۔

عاملین کیلئے انتہائی قیمتی تحفہ:

یہ عامل حضرات کیلئے ایک انتہائی قیمتی تحفہ ہے۔ یہ لگا کر عمل والی جگہ پر وظیفہ کریں تو انشاء اللہ کوئی شیطانی چیز تنگ نہ کر پائے گی۔ یہ عمل کرنے کے بعد جادو بہت تیزی سے ختم ہوتا ہے۔ ہم نے تو فوٹو کاپی کروا کروا کر رکھے ہوئے ہیں۔ مریضوں کو بتاتے ہیں کہ اپنے کمرے میں لگاؤ اور چین کی نیند سوؤ اور اپنے عملیات کا اثر زوردار بناؤ۔

عمل:

آدھی رات کو باوضو تقریباً ایک بجے (اس وقت زیادہ مؤثر ہے) تہدیدی نامہ مبارک کو 313 مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف تین مرتبہ آواز اتنی ہو کہ کان میں سنائی پڑے پھر تہدیدی نامہ مبارک پر پھونکے بغیر اس کو دیوار پر چسپاں کر دیں۔ تکیے کے نیچے رکھ سکتے ہیں مگر احتیاط کریں کہ بے حرمتی نہ ہو یا تہدیدی نامہ تہہ کر کے کالے کپڑے میں لپیٹ کر کسی ایسی جگہ باندھ دیں جہاں روشنی اسے لگے اور ہوا سے ہلتا رہے۔ درخت، روشن دان وغیرہ کے ساتھ۔ موم جامہ ضرور کریں اگر کھلی فضا میں باندھنا ہو تو۔ پورے گھر کے کمروں میں راہ داریوں میں لگا سکتے ہیں۔ باتھ روم میں نہیں لگانا۔ اگر پڑھنے والے عمل کو ہفتے میں ایک بار بھی کر لیا کریں تو بہت زوراثر پائیں کے انشاء اللہ۔ انتہائی سستا اور زوداثر کام ہوگا۔ انشاء اللہ۔ تہدیدی نامہ درج ذیل ہے:۔

تہدیدی نامہ مبارک

هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ٥ اِلٰى مَنْ يَّطْرُقُ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِي الْحَقِّ سَاعَةً فَاِنْ كُنْتَ عَاشِقًا مُّوْلِعًا اَوْفَاجِرًا فَهٰذَا كِتَابٌ

يَّنْطِقُ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
وَرُسُلُنَا يَكْتُبُوْنَ مَاتَمْكُرُوْنَ ٥ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِىْ هٰذَا
وَانْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ الْأَصْنَامِ وَاِلٰى مَنْ يَّزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ٥ كُلُّ شَىْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ حٰمٓ
لَا يُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَاءُ اللّٰهِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا
قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

* * *

تعویذ نبویؐ سے بھانجی پر آیا جن جل گیا

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کی زندگی میں برکت دے، اللہ آپ کو تاقیامت سلامت رکھے، آپ کا سایہ امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوپر قائم رہے۔ آمین۔ کچھ عرصہ پہلے کسی حاسد نے میری بھانجی پر جادو کروایا جو کہ ابھی صرف پندرہ سال کی تھی، میں نے اس کیلئے ایک عامل کو بلایا مگر وہ کچھ نہ کرسکا، میں نے اس پر خود عمل کرکے جادو کے ذریعے مسلط جنات کو ہٹایا مگر اس کے بعد میرے اور اس کے اوپر جادو کروایا گیا چونکہ میں تو اپنے اعمال میں لگا رہتا تھا اس وجہ سے جادوگر سے میری روحانی لڑائی شروع ہوگئی میری چونکہ جنات کی لائن نہیں تھی لیکن میں اپنے اعمال کرتا تھا جس کی وجہ سے اس کے مؤکلات ختم ہوتے رہتے لیکن مجھے اتنی سخت تکلیف ہوتی تھی کہ میں نے بہت مشکل سے اس کو برداشت کرتا۔ پھر میں نے عبقری میں ''جنات کا پیدائشی دوست،، میں موجود دیئے اعمال کرنا شروع کردیئے جس سے کچھ سکون ہوا۔ اسی دوران میں نے رسالہ عبقری کے ایک خاص نمبر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ خط دیکھا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنات کو لکھا تھا میں نے اس کا تعویذ بنا کر اپنی بھانجی کے گلے میں ڈال دیا، جادوگر کے مؤکلات سامنے آتے اور معافیاں مانگتے کہ اس تعویذ کو نکال دو لیکن میں نے اسے منع کیا کہ ہرگز ایسے نہیں کرنا یہ دھوکہ دینا چاہتے ہیں۔ اس کے بعد ان کے منہ سے آگ کے شعلے نکلتے نظر آتے وہ مجھے تو نظر نہیں آتے تھے مگر میری بھانجی کو سب کچھ نظر آتا تھا۔ اس کے بعد کام اور تیز ہوگیا میں مسلسل یَاقَہَّارُ پڑھتا رہا اور اس کے درختوں جتنے بڑے بڑے مؤکلات آتے اور جل جاتے۔ (تہدیدی نامہ گزشتہ صفحات میں گزر چکا ہے)

* * *

عاملو! یہ منتر چھوڑ دو

منزل تو ملتی ہے مگر ایمان نہیں ملتا، ایمان کے بغیر زندگی ادھوری ہے، آخرت گزارنا بہت مشکل ہے۔ زندگی حلال اور پاکیزہ چیزوں کے استعمال میں ہی کامیابی ہے۔ شفاء تو اللہ ہی نے دینی ہے اس نظریے کو لے کر روحانی عمل سیکھنے کیلئے مختلف عاملوں کے پاس جاتا رہا لیکن مایوسی کے سوا کچھ نہ ملا کیونکہ اکثر عامل جادو اور ہندوؤں کے منتر یاد کیے ہوئے تھے جو کہ مجھے انتہائی ناپسندیدہ تھے۔ عاملوں کو کہتا کہ یہ عمل چھوڑ دو، ان منتروں سے تو ایمان باقی نہیں رہا لیکن مسلسل یہ بُرے اعمال کرنے والوں کو طرح طرح کی بیماریاں اور گھریلو حالات ابتر ہی دیکھے۔ قرآن پاک اللہ تعالیٰ کی لاریب کتاب ہے۔ قرآن پاک میں شفاء بھی اور رحمت بھی اور ہدایت بھی ہے۔ بات صرف یقین کی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات اور اس کے کلام پر کامل یقین ہو۔ اگر یقین کمزور ہے تو کوئی بھی عمل فائدہ نہیں دیتا۔ میں نے اتنے عرصے میں یقین کی قوت حاصل کی تو مجھے وہ کامیابیاں ملی جس کا میں تصور بھی نہیں کرسکتا۔ مشکل سے مشکل مرحلے ریت کی دیوار ثابت ہوئے۔ مجھ سے اکثر احباب پوچھتے ہیں کہ آپ نے کونسا عمل کیا ہوا ہے تو میں یہی بتاتا ہوں کہ یقین۔۔۔

رہبر تلاش کریں!

یاد رکھیں! یقین ہی وہ قوت ہے جو کہ آپ کے اندر قوت عمل پیدا کرتی ہے۔ یہ یقین پیدا کیسے ہو اور اس کیلئے ضروری ہے کہ تمام گناہوں سے سچی توبہ کریں۔ نماز کی پابندی کریں۔ حلال اور پاکیزہ چیزوں کا استعمال کریں، اپنے لیے رہبر تلاش کریں تاکہ استاد کی سرپرستی میں اپنی منزل کو پاسکیں وہ جو اعمال بتائیں ان پر عمل کریں اور اپنے رہبر کو اپنے حالات سے بھی باخبر رکھیں تو انشاء اللہ آپ کے اندر یقین کی قوت پیدا ہوجائے گی۔ اب آپ کیلئے اعمال کرنے آسان ہوجائیں گے۔

سورۂ مزمل کا خاص عمل

یہ ایک ایسا عمل ہے جس سے دین و دنیا کے بہت فائدے ہیں اور اس عمل کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت نصیب ہوتی ہے اگر اس پر مستقل عمل کرتے رہیں تو اس کے فائدے بھی مستقل ہیں اور دائمی ہیں، سب سے پہلے رزق کی کمی دور ہو جاتی ہے اور رزق کثیر تعداد میں ملنا شروع ہو جاتا ہے۔ علم کے راستے کھل جاتے ہیں اور دن بدن روحانی ترقی عروج پر پہنچ جاتی ہے۔

وہ مبارک روحانی عمل یہ ہے کہ سب سے پہلے سورۂ مزمل زبانی یاد کریں، بہتر ہے کہ کسی قاری صاحب سے تجوید و مخارج کے ساتھ یاد کریں تا کہ کسی قسم کی غلطی نہ رہ جائے اور جب نیا چاند شروع ہو اور اس کی پہلی جمعرات ہو۔ اول و آخر درود شریف 11 بار درود ابراہیمی، سورۂ مزمل گیارہ بار پڑھیں۔ پھر سوتے وقت گیارہ بار دل میں یعنی زبان تالو کے ساتھ لگا کر دل میں پڑھے، اول تو پہلے ہی روز خوشخبریاں ملنا شروع ہو جائیں گی۔ یہ عمل مسلسل 41 یوم کریں اور اس عمل کے ساتھ یَامُغْنِیُ گیارہ سو بار پڑھیں۔

اس عمل کے دوران اگر زیارت رسول صلی اللہ علیہ وسلم نصیب ہو جائے تو اللہ پاک کا شکر ادا کریں جس نے آپ کو یہ سعادت نصیب فرمائی آپ اپنا یہ روحانی عمل جاری رکھیں اس کے بعد علم کے دروازے کھل جائیں گے۔ مجھے بھی اس عمل کے دوران زیارت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نصیب ہوئی۔

اس طرح ہوئی کہ ہمارے شہر میں ایک دینی مدرسہ ہے، اس کے دروازے پر ایک آدمی دیگ پکار رہا ہے میں نے اس سے پوچھا کہ دیگ کیوں پکار رہے ہو تو اس نے کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لا رہے ہیں۔ تھوڑی دیر بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ آپ یہاں پر کیوں تشریف لائے ہیں؟

نبی کریم ﷺ کی زیارت:

تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مدرسہ میں آیا ہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک اس طرح چمک رہا تھا جس طرح چودھویں کا چاند چمکتا ہے۔ دوسرا خواب: اس طرح آیا کہ بیت اللہ شریف کے باہر باب عبدالعزیز ہے وہاں پر ایک بزرگ ملے میں نے ان سے پوچھا کہ آپ کہاں جارہے ہیں تو آپ نے فرمایا کہ میں امی عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا درس سننے کیلئے بیت اللہ کے اندر درس دیتی ہیں۔ وہ سننے کیلئے جارہا ہوں ابھی ہم یہ باتیں کر ہی رہے تھے کہ امی عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تشریف لائیں ان بزرگ کے کندھوں پر ہاتھ رکھا۔

جب اکتالیس یوم پڑھتے ہوئے مکمل ہوئے تو اس سورۂ مبارک کا موکل جو بہت خوبصورت تھا سر پر اس کے سبز تاج تھا۔ میرے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے میں ظاہر ہوئے اس کے بعد بے شمار مرتبہ بہت ہی اچھے خواب آئے علم اور رزق کے دروازے کھلتے ہی گئے یاد رکھیں۔ اس عمل کو مسلسل جاری رکھیں، انشاء اللہ تمام مشکلات حل ہوں گی۔ ایک مرتبہ میرا موبائل گم ہوگیا میں سورۂ مزمل پڑھتے پڑھتے سوگیا میں نے کہا کہ میرا موبائل واپس دلایا جائے تو آواز آئی آپ کو قیامت والے دن اس کا حق ملے گا تو میں مطمئن ہوگیا۔ اس عمل کی برکت سے بے شمار دینی فوائد اور دنیاوی فائدے ہوئے ہیں۔

* * *

نظر بد کے قاتل وار اور ان کا شافی علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! نظر بد کے متعلق ایک مضمون آپ کی خدمت میں پیش ہے اور میری سالہا سال کی ریسرچ اور تجربات پر مبنی ہے۔ حقیر سی کاوش ہے اللہ قبول و منظور فرمائے اور میری آخرت سنوارنے کی وجہ بن جائے۔ آمین۔

جنات، جادو اور نظر بد میں سے اگر کسی چیز کے بارے زیادہ فکر مند ہونا ہے تو نظر بد کے بارے ہوں، جس تیزی سے یہ نقصان پہنچاتی ہے اور جس قدر اس کے بداثرات دیر پا ہیں اور جتنا مہلک وار نظر بد کا ہے میرے نزدیک کسی اور چیز کا نہیں۔

جادو، جنات کی علامات

ایک مرتبہ میرے ایک استاد محترم نے مجھے اپنے گھر بلایا جو خود حافظ قرآن، عالم اور عامل ہیں اور دینی مدرسہ بھی چلاتے ہیں۔ فرمانے لگے کہ گزشتہ کئی سالوں سے ہمارے مدرسہ کے ایک استاد کی اہلیہ بہت سخت بیمار ہیں، جادو اور جنات کی علامات ظاہر ہوتی ہیں اور مسلسل ان کا علاج کرنے کے بعد بھی کامیابی نہیں مل رہی۔ میں نے ہر حربہ آزما کر دیکھ لیا ہے مگر ان کی طبیعت دن بدن خراب ہی ہوتی جارہی ہے۔ مزید تحقیق کے بعد پتہ چلا کہ حافظ صاحب گزشتہ کئی ماہ سے مسلسل ان کا علاج کر رہے تھے اور وہ خود اور ان کے غلام جنات جن میں بہت سے حافظ قرآن اور عالم دین جنات بھی شامل تھے، علاج سے عاجز آچکے تھے۔ حکم فرمانے لگے کہ تم اس معاملے کو اپنی نظر سے دیکھو اور مشورہ دو، ہوسکتا ہے کہ تمہارے ذریعے ہی یہ عقدہ کھلے۔ میں نے ان سے دعا کی درخواست کی اور مراقبہ شروع کر دیا۔

یہ مریضہ جادو نہیں نظر بد کی شکار ہے:

اللہ نے محض اپنے فضل و کرم اور لطف و عطا سے مجھے علم عطا فرمایا اور عقدہ یہ کھلا کہ یہ مریضہ جادو اور جنات کی نہیں بلکہ نظر بد کا شکار ہیں، کوئی حاسد نظر بد لگاتا ہے اور

ان کا روحانی قدرتی دفاعی نظام تباہ و برباد ہو جاتا ہے اور یہ بار بار بیمار ہوتی اور آوارہ جنات اور سحر کا نشانہ بنتی ہیں۔ اصل مسئلہ جنات اور جادو کا نہیں بلکہ نظر بد کا ہے۔ میں نے انہیں یہ بات بتائی اور توڑ کا طریقہ یاد دلایا۔ یہ مریضہ اُسی کمرے میں بے ہوش پڑی تھیں اور ان کے شوہر ان کے ساتھ موجود تھے۔ حافظ صاحب نے پانی پر نظر بد کا انتہائی طاقتور عمل پڑھا اور کچھ ان کو پلا دیا اور باقی ان کے شوہر کے ذریعے ان پر گرا دیا گیا۔ جیسے ہی دم والا پانی مریضہ پر پڑا وہ ہوش میں آ گئیں اور دعائیں دینے لگی کئی ماہ بعد ان کو سکون محسوس ہوا اور ہوش و حواس قائم ہو گئے۔

چند گھنٹوں میں جان کے لالے:

میری والدہ کو ایک بار کہیں تعزیت کیلئے جانا پڑا، واپس آئیں تو سخت بیمار ہو گئیں، چند ہی گھنٹوں میں بیماری نے اس قدر شدت پکڑ لی کہ ہمیں ان کی جان کے لالے پڑ گئے۔ ذہنی طور پر نیم بے ہوشی اور جسمانی طور پر سخت نڈھال اور بے چین۔۔۔ جو بھی دوائی دیں بالکل اثر نہ کرے۔ دو دن مسلسل ایسے ہی گزر گئے، اچانک میرے ذہن میں آیا کہ یہ کہیں اور مسئلہ نہ ہو گیا ہو۔ میں نے ان سے پوچھا کہ جہاں آپ تعزیت کرنے کیلئے گئیں تھیں، وہاں آپ کو کون کون ملا اور کوئی قابل ذکر بات ہوئی ہو تو مجھے بتائیں۔ فرمانے لگیں کہ کچھ خواتین نے مجھ سے گھر بار کی خیریت دریافت کی اور پوچھا کہ گھر کا انتظام کون چلاتا ہے میں نے بتا دیا کہ الحمدللہ! میں ہی سنبھالتی ہوں۔ میں مسکرانے لگا اور ان کو بتایا کہ آپ کو نظر بد لگ گئی ہے۔ کہنے لگیں کہ بیٹا! اس بوڑھی عمر میں مجھے کس کی نظر لگنی ہے؟ میں نے عرض کیا کہ آپ کو دم کرتا ہوں اگر نظر بد ہوئی تو انشاءاللہ اتر جائے گی اور آپ بھلی چنگی ہو جائیں گی۔ ان کی اجازت سے ان پر نظر بد کا انتہائی طاقتور اور سریع الاثر عمل کیا۔ عصر کے وقت عمل کیا اور الحمدللہ مغرب کے بعد انہوں پھر چلنا پھرنا شروع کر دیا اور عشاء تک وہ مکمل ٹھیک ہو گئیں اور انعام میں ڈھیر ساری دعائیں اور پیار بھری مسکراہٹیں ملیں۔

آخر بیماری کی اصل وجہ ہے کیا؟

میرا چھوٹا بھائی جو میڈیکل کا طالب علم ہے، چھٹیاں گزارنے گھر آیا اور مجھے کہنے لگا کہ بھائی میں بہت سخت بیمار رہتا ہوں، میرے سارے ٹیسٹ بھی کلیئر ہیں اور میرے کالج کے پروفیسر ڈاکٹرز کو بھی سمجھ نہیں لگ رہی کہ بیماری کی اصل وجہ کیا ہے، میں نے توجہ کی اور اسے بتایا کہ حسد بھی ہے اور حسد کے ساتھ قصد بھی ہے۔ والد صاحب ہماری باتیں سن رہے تھے، مجھے فرمانے لگے کہ اپنے بھائی کو رُقیہ سے فائدہ پہنچاؤ۔ میں نے ان سے گزارش کی کہ مجھے اس حاسد کا حسد اور اس کا قصد اُسی پر واپس بھیجنے کی اجازت دیں تا کہ آئندہ توبہ کرے اور باز رہے اور یہ جو کوئی بھی ہے اللہ ہمیں اس سے نجات عطا فرمائے۔ اجازت ملنے پر میں نے نظر بد اور قصد کے پلٹانے کی نیت سے عمل پڑھا اور طریقے سے عمل کو مکمل کیا، عمل مکمل ہوتے ہی میرے بھائی کی طبیعت سنبھلنا شروع ہوگئی، ابھی چند گھنٹے ہی گزرے تھے کہ میرے والد صاحب کو ایک شکایتی کال موصول ہوئی جس میں انہیں کہا گیا کہ آپ کے بیٹے صہیب نے مجھ پر بہت سخت پڑھائیاں کیں ہیں، مجھے آگ لگی ہوئی ہے وغیرہ وغیرہ مجھے میرے پیر صاحب نے آپ کے بیٹے کی نشاندہی کی ہے، اس کو منع کریں۔ والد صاحب مسکراتے ہوئے میرے پاس آئے اور فرمانے لگے کہ جس بندے کی نظر بد تھی، اس کا پتہ چل گیا ہے، میں نے چھوٹے بھائی سے کہا کہ اگر بچنا ہے یہ عمل پڑھتے رہو، چھوڑو گے تو نقصان ہونے کا احتمال ہے۔

یقیناً نظر بد ہوتی ہے مگر کیسے۔۔۔!

قارئین! یقین جانئے کہ نظر بد ہوتی ہے اور لوگ اس کو جادو، جنات، ٹی بی، کینسر، ذہنی تکالیف غرض تمام جہان کی بیماریاں سمجھ رہے ہوتے ہیں۔ کاروبار تباہ، حسن و صحت برباد، گھر میں پریشانیاں، ناچاقیاں، تعلیمی رکاوٹیں پڑ رہی ہوتی ہیں۔ عامل جادو جنات بتا رہے ہوتے ہیں مگر ہوتی نظر بد ہے اور اگر اس کا علاج نہ کیا جائے تو یہ

بندے کو قبرستان پہنچا دیتی ہے۔ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اپنے بھائیوں کو نظر بد سے ہلاک کرنے سے منع فرمایا ہے۔ خدارا!! اگر آپ کو محسوس ہو کہ آپ کی نظر کسی کو لگ جائے گی تو مسنون اذکار پڑھ لیں۔ ماشاء اللہ اور بارک اللہ کے کلمات بار بار ادا کریں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہم کو کیسے معلوم ہو کہ ہماری منفی مہریں کسی شخص کو برباد کرنے کو ہیں، یہ میں نے ایک فقیر سے پوچھا تو وہ بتانے لگے کہ اگر کسی چیز کا حسن دیکھ کر آپ کو تعجب ہو یا کسی شخص کی کامیابی یا نعمتیں اور فضل دیکھ یا سن کر آپ کا کلیجہ پکڑا جانے لگے یعنی پسلیاں جہاں ختم ہوتی ہیں اور فم معدہ ہوتا ہے وہاں جکڑن کا احساس ہو یا شاک لگنے کی سی کیفیت ہو تو وہ وقت ہوتا ہے جب آپ کسی کو برباد کرنے والے ہوتے ہیں، اپنے حسد، تعجب یا نظر بد سے فوراً اس کیلئے برکت کی دعا کریں، ورنہ آپ اللہ کے حضور مجرم قرار پائیں گے۔ اللہ تعالیٰ سے ڈریں، نظر بد جادو سے زیادہ سخت اور گہرا قاتل وار کرتی ہے۔

نظر بد کے قاتل تیر:

قارئین! اب میں آپ کو نظر بد کے قاتل تیروں کا اثر زائل کرنے کا انتہائی طاقتور اور مجرب نسخہ بتاتا ہوں لیکن اس سے پہلے میں آپ کو نظر بد کی ایک آسان پہچان بھی بتا دیتا ہوں تاکہ تشخیص میں آسانی رہے، نظر بد کی مندرجہ ذیل علامات ہیں اگر ان میں سے کوئی ایک بھی آپ میں موجود ہے تو آپ نظر بد کے مریض ہیں۔ علامات جتنی زیادہ ہوں گی نظر بد اتنی ہی سخت ہوگی۔ 1۔ چہرے کے رنگ کا بدل جانا، سیاہ یا پیلا ہو جانا، اس پر دھبے پڑ جانا۔ 2۔ رات کو سونے میں مشکلات کا سامنا کرنا اور دن کو سوتے رہنا یا نیند کی کیفیت طاری رہنا یا ضرورت محسوس کرنا۔ 3۔ ماتھے، ہاتھ، پاؤں اور کمر سے حرارت خارج ہونا یا ان پر غیر معمولی پسینہ آنا۔ 4۔ اکتاہٹ، بوریت، سستی، مایوسی اور کیئرلیس کا شکار ہونا اور خودکشی کے رجحانات رکھنا۔ 5۔ بار بار ٹائلٹ جانا اور وہاں سکون محسوس کرنا۔

نظر بد کا علاج اور مختلف طریقے

نظر بد کو دور کرنے اور واپس پلٹانے کیلئے سورۂ قلم کی آخری آیات اکسیر ہیں، جنون اور سحر کے اثرات کو بھی رفع کرتی ہیں۔ وہ آیات درج ذیل ہیں۔

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصٰرِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ
وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾

طریقہ نمبر 1:

اول آخر درود ابراہیمی سات مرتبہ پڑھیں اور درمیان میں سورۂ قلم کی آخری آیات ٹوٹل 49 مرتبہ سات سات مرتبہ کر کے پڑھیں اور ہر سات مرتبہ پر پانی کی ایک ڈیڑھ لیٹر والی بوتل پر زوردار پھونک مار دیں۔ اس طرح یہ ٹوٹل 49 دفعہ پڑھی جائیں گی اور پانی پر سات پھونکیں لگیں گی۔ دم کیے ہوئے پانی میں سے ایک گلاس پانی نکال کر نو گھونٹوں میں پی لیں یا جس کو نظر بد ہے اسے پلا دیں اور ہر گھونٹ پینے سے پہلے ایک مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لازمی پڑھیں۔

بوتل میں بچا ہوا دم شدہ پانی مریض پر اچانک پیچھے سے پورا سر پر انڈیل دیں۔ خود پر کروانا ہو تو کسی کو بولیں کہ وہ پانی سر پر انڈیل دے۔ یہ عمل مسلسل سات دن تک کریں زیادہ سخت نظر بد والے اکیس یا اکتالیس دن اور دن میں بار بار بھی کر سکتے ہیں۔ انشاء اللہ پہلی ہی دفعہ سے فائدہ محسوس ہوگا۔

طریقہ نمبر 2:

یہ طریقہ انتہائی زیادہ طاقتور ہے۔ سورۂ قلم کی مندرجہ بالا آیات کو مندرجہ بالا طریقہ ہی سے دم کریں مگر پانی سات لیٹر لیں اور دم کے بعد ایک مٹھی بیری کے پتوں کی اور ایک تیز دھار بالکل نئی لوہے کے دستے والی چھری دم شدہ پانی میں ڈالیں اور پانی کم از کم سات تا دس منٹ پانی ابلتا رہنا چاہیے۔ گرم پانی میں سے ایک گلاس پانی

نکال کر ٹھنڈا کر کے گزشتہ بیان کردہ طریقہ کے مطابق پی لیں اور باقی پانی کو نیم گرم کر کے نہالیں۔ یاد رہے نہانے کے دوران چھری پانی کے اندر ہی رہے یعنی ٹب وغیرہ میں منتقل کرتے وقت چھری پانی کے ساتھ ہی رہے۔ نہانے کے بعد کپڑے پہن کر گرم کپڑا اور کمبل لپیٹ لیں تاکہ جسم سے خوب پسینہ خارج ہو گرمیوں میں آدھا گھنٹہ اور سردیوں میں ایک گھنٹہ کمبل یا رضائی کے اندر رہیں۔ بعد میں تولیہ سے بدن خشک کر کے نئے دھلے کپڑے پہن لیں۔ چھری کو دریا نہر، چشمے یا سمندر میں ڈال دیں۔ یاد رہے نہانے کے دوران متاثرہ عضو کو خصوصاً اور باقی جسم کو عموماً مل مل کے دھوئیں۔ پسینے والے کپڑوں کو دھوئے بغیر استعمال نہ کریں اور پانی گندی جگہ پر نہ جائے۔ چھری ہر دفعہ نئی استعمال کریں۔

طریقہ نمبر 3:

مندرجہ بالا آیات کو اسی طریقہ کے مطابق پانی، تیل، پسی ہوئی کالی مرچوں، واشنگ ویئر (صابن، ٹوتھ پیسٹ، شیمپو) وغیرہ پر دم کر لیں۔ پانی کو پئیں اور نہائیں صابن وغیرہ سے مَل مَل کے جسم کو دھوئیں اور نہانے سے پہلے کالی مرچوں کو کوئلے پر ڈال کر پورے جسم کو ان کا دھواں دیں۔

بعض اوقات گھروں میں لڑائی جھگڑا بھی نظر بد کی وجہ سے ہوتا ہے یا بے جان چیزوں کو بھی نظر بد لگ جاتی ہے۔ مندرجہ بالا طریقوں کے مطابق اور اپنی عقل استعمال کرتے ہوئے عمل کو استعمال کریں۔ انشاءاللہ! کلی شفاء ہوگی۔

نوٹ:

عمل سے پہلے یا بعد گیارہ روپے یا حسب توفیق صدقہ لازمی کریں۔ مجھے اور میرے اہل عیال کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں عمل کی ہر خواص و عام کو اجازت ہے۔

* * * * *

شیطان اب کبھی قریب بھی نہ پھٹکے گا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ابھی صرف کچھ دن پہلے میں نے پہلی دفعہ ماہنامہ عبقری پڑھا، پھر کر دلی خوشی ہوئی اور ایک عجیب سا سکون ملا۔ اللہ پاک آپ کو اس کے وسیلے سے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام دے کہ آپ پریشان اور غموں میں گرے ہوئے لوگوں کی مدد کر رہے ہیں اور آج سے میں اس رسالہ کی مستقل قاری ہوں۔ (ان شاء اللہ)

جو لوگ چاہتے ہیں کہ ان سے ایک نماز بھی قضا نہ ہو اور شیطان سے دور رہے اور نیک کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کیلئے درج ذیل وظیفہ میرا آزمایا ہوا ہے، جو پڑھے گا ضرور فیض یاب ہوگا۔ سورۂ ھود کی آیت نمبر 114، 115 دن میں تین مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ شیطان کبھی آپ کے قریب بھی نہ پھٹکے گا۔

* * *

بیت الخلاء کی دعا سے شیاطین بھاگ گئے

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کا رسالہ پچھلے سات مہینے سے پڑھ رہی ہوں۔ جب یہ رسالہ خریدتے ہوئے مجھے تیسرا مہینہ تھا تو آپ ہمارے شہر میں آئے، ہم آپ کا درس سننے گئے، آپ نے درس میں بیت الخلاء کی دعا کے فضائل سنائے۔ محترم حکیم صاحب! آپ نے ہمیں جو عمل بتایا تھا وہ میں نے اور میرے بچوں کیا، سب سے حیران کن بات یہ ہوئی کہ ہمارے گھر میں پچھلے چھ سال سے تین کالی بلیاں رہتی تھیں اور کبھی کبھی تو انہیں اگر غور سے دیکھو تو خوف بھی محسوس ہوتا تھا، اللہ کے کرم سے اس عمل کی وجہ سے وہ ہمارے گھر سے چلی گئیں اور جاتے وقت انہوں نے عجیب سی اور خوفناک آوازیں بھی نکالیں اور دوسرا یہ فائدہ ہوا کہ ہمارے گھر کا راشن جو کہ پچیس یا چھبیس ہزار کا ماہوار آتا تھا اب الحمدللہ! صرف بارہ یا تیرہ ہزار کا آتا ہے

اور پورا مہینہ آرام سے گزر جاتا ہے اور برکت ہے، میرا چھوٹا بھائی جو کہ نشہ بھی کرتا ہے اور پاگل بھی ہے، بہت تنگ کرتا تھا اب اُس کے رویے میں بھی بہت بہتری آرہی ہے۔

یہ عمل پڑھو، پتہ چل جائے گا کہ جادو کون کر رہا:

میری طبیعت کچھ عرصہ خراب رہی تو میری ایک ملنے والی نے بتایا کہ تمہارے اوپر کسی نے جادو کیا ہے، اگر تم یہی جادو اُس پر لوٹانا چاہتی ہو اور ساتھ جاننا چاہتی ہو کہ جادو کس نے کیا ہے تو یہ عمل پڑھو تمہیں پتہ چل جائے گا کہ جادو کون کر رہا ہے، اس نے بتایا کہ بغیر تسمیہ کے سورۂ کوثر 313 مرتبہ پڑھ کر دعا کرو کہ اے اللہ جس نے مجھے تکلیف دی، اس کو واپس لوٹا، پڑھنے کا طریقہ یہ بتایا کہ جس جگہ درد ہو اور جس پر شک ہو اس کا تصور کر کے اس کی اُسی جگہ نظر رکھ کر پڑھو۔ ایک مرتبہ میرے دانتوں میں شدید درد شروع ہوگیا تو میں نے یہ عمل شروع کر دیا، کچھ دیر بعد میری ایک عزیز کمرے میں آئیں اور کہا یہ کیا پڑھ رہی ہو اور ساتھ میں سخت انداز بھی استعمال کیا، تم چپ کر کے کیوں نہیں سوتی، میں نے کہا میں نے کیا کیا ہے، میں تو درود شریف پڑھ رہی ہوں میری امی کی طبیعت جو خراب ہے اس وجہ سے۔ آخر صبح کو جا کر میرا درد ختم ہوا۔

* * *

خوف ناک خوابوں سے نجات

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ عبقری پڑھتے ہوئے مجھے تین سال ہو گئے ہیں، اس دوران میں نے اس شاندار میگزین سے بہت زیادہ فیض پایا ہے، خاص کر اس کے خاص مضمون ’’جنات کا پیدائشی دوست،، کی تو کیا ہی بات ہے، اس میں موجود وظائف نے تو میری مشکلات ایسے حل کی ہیں جیسے کبھی تھیں ہی نہیں۔ محترم حکیم صاحب! میں نے چار سال مدرسہ میں پڑھا ہے، اس دوران میرے سر میں شدید درد ہوتا تھا، جب گھر میں ہوتی تو درد کا بالکل احساس نہ ہوتا تھا مگر جب جامعہ جاتی تو شدید درد ہوتا، اس درد کے ساتھ گردن بھاری ہو جاتی تھی اور ایسا محسوس ہوتا تھا کہ گردن میں کوئی بھاری چیز ڈالی ہو۔ اب علاج سے وہ کیفیت تو نہیں لیکن سر میں اب بھی بہت درد ہوتا ہے اور اس درد سے میرے بال بہت زیادہ گرنا شروع ہو گئے جس کی وجہ سے میں پریشان تھی۔ اسی کیفیت میں عجیب وغریب خواب بھی دیکھتی کہ کبھی بہت سارے بیل میرے پیچھے لگتے ہوئے ہیں، کبھی کتوں کو دیکھتی کہ وہ میرے پیچھے لگے ہوئے ہیں اور مجھے پکڑنے کی کوشش کر رہے ہیں پھر شدید خوف اور ڈر کی وجہ سے میری آنکھ کھل جاتی۔ محترم حکیم صاحب! ایک مرتبہ عبقری میں موجود اپنا پسندیدہ مضمون ’’جنات کا پیدائشی دوست،، پڑھ رہی تھی کہ اس میں موجود محمد رسول اللہ کا وظیفہ کے فوائد لکھے ہوئے تھے، میں نے اپنے ان درج بالا مسائل کے حل کیلئے اس وظیفے کو دن رات، اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے ہر وقت پڑھنا شروع کر دیا۔ الحمدللہ! اب بھی یہی وظیفہ جاری ہے، اس وظیفے کے کرنے کی وجہ سے اب مجھے خوفناک خواب نہیں آتے اور جو میرا سب سے بڑا مسئلہ تھا کہ سر کی پچھلی جانب شدید درد ہوتا تھا وہ اب نہیں ہوتا چاہے میں جامعہ میں ہوں یا گھر میں۔

* * * * *

رحمت برس رہی ہے!

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے دو سال ہو گئے ہیں ماہنامہ عبقری سے آشنا ہوئے اور تقریباً ڈیڑھ سال سے مسلسل درس میں آرہا ہوں، آپ کے درس نے میری زندگی ہی بدل کر رکھ دی ہے، میں نے آپ کو ایک خط بھی لکھا تھا جس کا مجھے جواب بھی ملا، بہت خوشی ہوئی۔ میں عبقری رسالہ میں موجود مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست،، بہت شوق سے پڑھتا ہوں، الحمدللہ! اس کے پڑھنے سے زندگی کے مسائل نہیں رہے۔ ''جنات کا پیدائشی دوست،، مضمون میں موجود ایک وظیفہ محمد رسول اللہ میں نے اب تک پچاس لاکھ مرتبہ اللہ کی عطا اور رحمت سے مکمل کرلیا ہے اور اب یہ حال ہے کہ سو رہی ہوں تو دل محمد رسول اللہ پڑھ رہا ہوتا ہے، اس وظیفے کی برکت ہے کہ کاروبار میں اللہ نے برکت اور رحمت کے دروازے کھول دیئے ہیں، سمجھ نہیں آتی کہ کس کس جگہ سے رزق آرہا ہے، کوئی چیز لینے کا سوچتی ہوں تو اللہ راستے خود ہی بنا دیتا ہے۔ ابھی بھی میرا دن رات کا یہی وظیفہ ہے۔ اس دوران میرے ساتھ ایک عجیب واقعہ ہوا۔ میں نماز پڑھ کر دعا مانگ رہی تھی کہ اچانک یوں محسوس ہوا جیسے میرے چہرے پر بارش کی طرح کوئی پھوار پڑ رہی ہے۔ ایسے جیسے چہرے پر کوئی چیز گر رہی ہے اور میرا جسم ہلکا ہو گیا ہے، میں نے زور و شور سے دعائیں مانگنا شروع کر دیں۔ پھر خود ہی یہ سلسلہ رک گیا، مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے اللہ کی رحمت مجھ پر برس رہی ہے۔ میں ابھی تک اس کرم میں حیران اور اللہ کی شکر گزار ہوں، یہ میری زندگی کا ایک عجیب واقعہ ہے۔ سنا تھا اللہ کی رحمت برستی ہے مگر اس وظیفے کے فیض سے اللہ نے سچ مچ مجھ پر رحمت کی بارش برسا دی ہے۔

ایک مرتبہ میں نے خواب دیکھا کہ میں ایک جھولے پر بیٹھی ہوں اور ہوا میں بھی سانپ ہیں اور زمین پر بھی لیکن مجھے کچھ نہیں کہتے میں جب محمد رسول اللہ پڑھتی ہوں پھر میں انگلی سے اشارہ کرتی ہوں تو سارے سانپ مرجاتے ہیں۔

اس کے علاوہ میں ایک آیت کی بدولت میں نے اللہ سے ہر چیز مانگ لیتی ہوں اور مجھے مل بھی جاتی ہے۔ 2013ء کا رمضان ایسا تھا کہ ہم نے قرض لے کر عید کے کپڑے اور سامان لیا تھا اور 2014ء کا رمضان ایسا کہ روزوں سے پہلے ہی سب تیاری مکمل کر لی تھی، یہ سب سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 کی بدولت ہی ہوا۔

* * *

بیماری، جھگڑے، جادو جنات کیلئے وظیفہ درود

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ لاجواب اور بے مثال ہے جس میں دنیا کے تمام مسائل کا حل موجود ہے، آپ کی نظر کرم سے آج میں قارئین کی خدمت میں ایک ایسا عمل لے کر حاضر ہوا ہوں جو تمام مشکلوں اور کاموں کیلئے مجرب ہے، تمام بیماریاں، لڑائی جھگڑے، جادو جنات کیلئے ایک ایٹم بم اور میزائل سے کم نہیں ہے جن حضرات کے باطن کی صفائی ہو وہ انوار تجلیات اور مشاہدات بھی دیکھیں گے، انشاء اللہ۔ اس وظیفہ کا ایک واقعہ سن لیں جو کہ حقیقت پر مبنی ہے۔ یہ وظیفہ مجھ کو میرے استاد سے ملا تھا۔

میں اس کے بالوں پر عاشق ہوں!:

واقعہ یوں ہوا کہ ایک دن ایک مریضہ جس کو آسیب وغیرہ تھا وہ میرے استاد سے دم کروانے آئی، جب استاد نے دم کیا تو حاضری ہوگئی، تھوڑی دیر کے بعد جنات بھاگ گئے۔ مریض دم والا پانی، تعویذ اور کچھ چیزیں لے کر گھر چلے گئے۔ دو دن کے بعد اتوار کو صبح کے وقت لڑکی پر پھر حاضری ہوگئی، آنکھیں باہر کو نکل آئیں، چہرہ پرکشش اور نورانی سا ہوگیا جب باہر گئی تو گلی میں جھگڑا ہورہا تھا، پتہ نہیں کیا معاملہ تھا کہ سب لڑکے ایک دم ادھر ادھر گر گئے۔ بعد میں محلے میں مشہور ہوگیا کہ اس لڑکی میں جن آتا ہے، مائیں اتوار کو بچوں کو گھروں سے نہ نکلنے دیتیں، پھر وہ استاد کے پاس لے کر آئے، کافی افراد تھے۔ استاد نے پڑھائی کی تو جن حاضر ہوگیا اور بتایا کہ میرا نام یوسف ہے، میں عیسائی ہوں، اُردن شہر میں ہماری حکومت ہے، میری والدہ پورے ملک (اردن) پر حکومت کرتی ہے اور بہت کچھ بتایا۔ چند نسخہ وغیرہ قرآنی بعد میں لکھ کر دیئے۔ تعارف کے بعد استاد نے پوچھا کہ اس لڑکی کو چھوڑنا ہے یا نہیں؟ یوسف نے کہا کہ نہیں میں اس کے بالوں پر عاشق ہوں، مقابلہ شروع ہوگیا، یوسف مکاشفہ

عیسائیت پڑھتا تھا جس کے پڑھنے سے بڑے بڑے عاملوں کے چھکے چھوٹ جاتے ہیں مگر استاد سات یا گیارہ مرتبہ یہ وظیفہ پڑھ کر انگلیوں پر دم کر کے اس کے ماتھے پر پھیر دیتے۔ چالیس منٹ کے بعد اس نے منہ پر ہاتھ رکھ کر کہا کہ حافظ صاحب پڑھائی بند کر دو، استاد نے کہا کہ بات مان لو مگر اس نے انکار کر دیا اور پھر مقابلہ جاری ہو گیا۔ یوسف حیران ہو گیا کہ میری سب سے طاقتور پڑھائی اس کے ہاتھ پھیرنے سے ضائع ہو جاتی ہے۔ دس منٹ بعد یوسف نے ہار مان لی، مگر اندر سے ڈر گیا اور کہنے لگا کہ میری والدہ مسلمان ہونے پر راضی نہیں ہے۔

میں آئندہ اس لڑکی کو تنگ نہیں کروں گا:

میں والدہ کی حکم عدولی نہیں کر سکتا ہوں مگر میں آئندہ اس لڑکی کو تنگ نہیں کروں گا۔ پھر لڑکی پانی تعویذ وغیرہ لے کر چلی گئی، دو مہینے کے بعد پھر آنا جانا شروع کر دیا۔ اس نے مؤکلات سے کہا کہ سب کو اٹھا لاؤ۔ مؤکلات نے پتہ کر کے بتایا کہ وہ تعداد میں ہم سے دگنے ہیں۔ استاد کے حکم سے جنات و مؤکلات نے ایسی وردی پہنی جس سے جنات، جنات کی نظر سے غائب ہو جاتے ہیں، بعد میں جا کر اردون ملک کے اردگرد بیٹھ گئے اور دو دن کے بعد کامیابی کے ساتھ واپس آئے۔ پھر استاد نے اس عمل کی بدولت تمام جنات کو واصل جہنم کر دیا۔ بعد میں چند دن کے بعد لڑکی ہمیشہ کیلئے تندرست ہو گئی۔

اب عمل ملاحظہ فرمائیں:

سب سے پہلے علیحدہ کمرے میں بیٹھ کر اگر بتی وغیرہ جلائیں۔ سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی، چاروں قل تین تین مرتبہ پڑھ کر حصار بنائیں۔ پھر وظیفہ 3333 مرتبہ پڑھیں۔ پڑھنے کے دس، گیارہ منٹ کے بعد حصار سے نکل آئیں۔ کمرا الگ ہو، جائے نماز تسبیح اور وقت مقرر ہو۔ سود والے گھر کی چیز اور کھانا سختی سے منع ہے۔ ہر قسم کا

گوشت بھی چالیس دن تک سختی سے منع ہے۔ چالیس دن کے بعد روزانہ ایک سو ایک مرتبہ بعد نماز عشاء ورد میں رکھیں۔ یہ عمل تب کریں جب سب سو جائیں رات دس بجے کے بعد گھبرانا نہیں ہے۔ انشاء اللہ! آپ خود دیکھیں گے کہ زندگی کیسے ذلتوں سے نکل کر سکون و آرام میں بدل جائے گی۔ ہر کام کیلئے حسب منشاء دم سے یا تعویذ بنا کر استعمال میں لائیں۔: صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ہم سب کو اس وظیفے سے فیض حاصل کرنے کی توفیق فرمائے۔ آمین!

* * * * *

سخت ترین خطرناک جادو کا پلٹنا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو خوش رکھے اور جزائے خیر دے، آپ کی وجہ سے ہمیں عبقری جیسا شاندار میگزین ملا۔ میری بڑی بہن کی شادی کو تین سال ہو گئے، شادی کے صرف پندرہ دن بعد دونوں میاں بیوی کے سر میں شدید درد رہنے لگا اور میری بہن کے تو کپڑے بھی خود بخود ایسے کٹ جاتے جیسے کسی نے قینچی سے کٹ لگائے ہوں۔ وہ ہر وقت بیمار رہنے لگی۔ بہت علاج کروایا مگر مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی والا حساب ہو رہا تھا۔ پھر کسی کے کہنے پر ایک بزرگ کے پاس گئے تو انہوں نے بتایا کہ آپ دونوں میاں بیوی پر کسی نے بہت سخت جادو کیا ہے۔ انہوں نے ایک عمل بتایا جس کے کرنے سے میری بہن پر کیا گیا سخت ترین جادو ختم ہو گیا۔ وہ عمل یہ تھا کہ روزانہ 21 دفعہ منزل اور ایک مرتبہ سورۂ بقرہ پڑھو، وہ پڑھتی تھی تو سکون ملتا تھا۔ شادی کے نو ماہ بعد امید سے ہوئی تو نو ماہ یہی عمل پڑھتی رہی تو اللہ پاک نے ایک بیٹی عطا کی۔ پھر کچھ عرصہ اس نے یہ عمل کرنا چھوڑ دیا تو حاسدوں نے دوبارہ جادو کروا دیا، ماشاء اللہ! میری بہن عالمہ ہے اور شادی سے پہلے بھی شرعی پردہ کرتی تھی۔ جب بیٹی نو ماہ کی ہوئی تو اس کو دوبارہ ڈیپریشن ہو گیا ہر ایک کو اپنا دشمن سمجھتی تھی، ہر وقت روتے رہنا، خودکشی کی کوشش کرنا۔ ہم اسے اپنے گھر لے آئے اور اس کا کافی ڈاکٹری علاج بھی کروایا، نفسیاتی امراض کے سپیشلسٹ ڈاکٹروں کو بھی دکھایا مگر فرق نہ پڑا۔ پھر ایک مرتبہ عبقری میں افحسبتم اور اذان کا عمل پڑھا۔ ہم سب گھر والوں نے روزانہ یہ عمل ہر دو گھنٹے کے بعد کیا، صرف تین دن عمل کیا تو وہ ٹھیک ہو گئی اور اپنے گھر چلی گئی۔

* * *

رشتوں کی بندش و جادو ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ پچھلے تقریباً ڈیڑھ سال سے مسلسل پڑھ رہے ہیں۔ الحمدللہ! اس رسالے سے ہمارے بہت سے طبی وروحانی مسائل حل ہو رہے ہیں۔ ہم نے شروع ہی سے اپنے گھر میں مسائل ہی مسائل، جھگڑے ہی جھگڑے دیکھے ہیں۔ مگر جب ہمارا بھائی بڑا ہوا تو اس کی شادی کا مسئلہ کھڑا ہو گیا، ہم نے تقریباً پانچ سال اس کے رشتے کی تلاش میں لگائے مگر اس کا اگر کہیں رشتہ ہو بھی جاتا تو منگنی تک بات جاتی اس کے بعد کوئی نہ کوئی رکاوٹ پڑ جاتی ہے۔ ہم نے کہیں سے پتہ کروایا تو ہمیں بتایا گیا کہ آپ کے تمام بھائی بہنوں پر شدید قسم کی بندش اور جادو کیا گیا ہے۔ حتیٰ کہ ہمارے تمام بہن بھائیوں میں سے کسی کا بھی رشتہ کہیں بھی نہ ہو سکا۔ اس دوران باقی بہن بھائیوں کے بھی رشتے دیکھے، ایک بہن کا نکاح کیا تو سات دن کے اندر ختم ہو گیا۔ کہیں بھی کوئی بات نہ بنی، اگر کوئی رشتہ ہم بہنوں یا بھائیوں میں سے کسی کا آتا تو ایسا خراب کے ہمیں سن کر رونا آجاتا۔ پھر ہم بہنوں نے ایک اخبار میں سے دیکھ کر سورۂ یونس کی آیت نمبر 81 روزانہ ایک ہزار مرتبہ پانی پر دم کر کے پڑھنا شروع کر دی اور گھر میں چھڑکنا شروع کیا، 90 روز تک۔ اس دوران بھائی کا ایک جگہ رشتہ طے ہو گیا اور اس کی شادی ہو گئی اور گھر کا ماحول بھی بہتر ہونا شروع ہو گیا۔

* * * * *

ایک چھوٹی سی آیات، بڑا کام، قارئین عبقری کے نام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ میرے گھر کا ہی واقعہ ہے میرے کزن کی شادی کو تقریباً پانچ سال ہو گئے ہیں جس گھر میں میرے کزن کی شادی ہوئی ہے، لڑکی کے خاندان والوں کا ارادہ نہیں تھا یعنی اس رشتہ کیلئے لڑکی کی کچھ قریبی رشتہ دار راضی نہیں تھیں اس رشتہ کیلئے صرف لڑکی کا باپ راضی تھا۔ لڑکی کی وہ رشتہ دار اس رشتہ کو اپنے بچوں کیلئے لینا چاہتی تھیں، جب ان کے گھر کوئی رشتہ لینے کیلئے جاتا وہ اٹھ کھڑی ہوتیں، آخر کار جب ہم رشتہ کیلئے گئے تو لڑکی کے باپ نے ہاں کر دی کیونکہ وہ ان کے ارادے بھانپ چکا تھا اور ہم بھی اللہ کے کرم سے کھاتے پیتے گھرانے سے ہیں، اس لیے فوری رشتہ کی ہاں ہو گئی۔ آخر کار شادی ہو گئی لیکن شادی کے بعد لڑکی کی وہ رشتہ دار آرام سے نہ بیٹھیں اور تعویذوں کیلئے دوڑنا شروع کر دیا۔

ان کے اپنے گھر کا یہ حال ہے کہ ان کے بچوں کو عمریں کافی زیادہ ہو چکی ہیں، تقریباً چالیس چالیس سال کے لگ بھگ مگر ان کیلئے کوئی رشتہ نہیں آیا۔ لہٰذا لڑکی کی رشتہ داروں نے میری کزن کی بیوی پر تعویذ و جادو شروع کرا دیئے۔ آئے دن میرے کزن کی بیوی بیمار رہنے لگی، رات کو سوتے سوتے ڈر جاتی، بعد میں اثر زیادہ ہو گیا۔ اس کے بعد ان کے گھر سے کوئی نہ کوئی چیز گم ہو جاتی، آخر بعد میں ایسے ہونے لگا کہ وہ اپنی الماری میں جب اپنے کپڑے رکھتی جب کچھ دن بعد پہننے کیلئے نکالتی تو وہ کاٹے ہوئے ملتے کسی کے پائنچے کاٹ دیئے ہوتے کسی کے بازو والی جگہ ایسے جیسے کوئی قینچی سے کاٹتا ہے۔

اس پر جادو کیا گیا ہے:

اس کے گھر میں بھی سوائے اس کی ساس صاحبہ کے اور کوئی نہیں کہ آدمی کسی پر شک کرتا آخر کار ہم دم تعویذوں والوں کے پاس جانے لگے جس کے پاس بھی جاتے

سب یہی کہتے کہ اس پر جادو کیا گیا ہے کوئی تعویذ دیتا کوئی پانی دم کر کے دیتا لیکن کوئی افاقہ نہ ہوا۔ آخر کار مجھے ایک وظیفہ ملا وہ میں نے ان کو لکھ کر دیا۔ انہوں نے وہ وظیفہ کیا، اللہ کا کرم ہوا اب ان کے گھر کوئی مسئلہ بھی نہیں ہے۔

جادو کیلئے اکسیر عمل:

اب نہ ہی ان کے کپڑے کاٹے جاتے ہیں اور نہ ہی میرے کزن کی بیوی ڈرتی ہے۔ ماشاء اللہ اب وہ صحت مند ہے جیسے شادی سے پہلے تھی۔ سورۂ طٰہٰ کی آیت نمبر 69،68 گیارہ دِن تک سو دفعہ روزانہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک ماریں، میاں بیوی دونوں کریں اور اس عمل کے دوران اور کوئی عمل نہ کریں۔ اس کا عمل جادو کیلئے اکسیر ہے۔ اس کے بعد جادو سے مکمل نجات کیلئے قرآن شریف کی آخری دو سورتیں پڑھتے ہیں، ہمیشہ کیلئے کوئی جادو اثر نہیں کرے گا۔

مبارک آیات یہ ہیں:۔

قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ○ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿طٰهٰ ٦٩﴾

* * *

نظر بد کے شکار افراد کیلئے آزمودہ آسان دم

سورۂ فلق اور ناس کا کمال:

مجھے یہ عمل کسی دوست نے دیا کہ لوہے کی کوئی چیز لے کر وہ مریض کے اوپر گھماتے رہیں اور سورۂ فلق اور سورۂ ناس گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! جب میں یہ دم کرتا ہوں تو جن لوگوں کو ہوائی چیزیں ہوں، جادو اور جنات وغیرہ ہوں تو مجھے خود دم کرتے ہوئے جمائیاں آنے لگتی ہیں تو مجھے پتہ چل جاتا ہے۔ یہ دم میں نظر والے مریضوں کو کرتا ہوں تو آرام آجاتا ہے۔ اکثر ہمارے محلے میں کچھ گھرانے ایسے ہیں کہ ان کے بچے جتنے بھی بیمار ہوجائیں وہ جتنی بھی ادویات لے لیں، ان کے بچوں کو آرام نہیں آتا جب تک میں ان کو دم نہ کردوں۔ میں یہ دم سر درد، جسم درد کیلئے کرتا ہوں تو اللہ پاک شفاء عطا فرمادیتے ہیں۔

* * *

آیۃ الکرسی، دل قرآن سے شفاء

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک عمل ہے جو مجھے کسی بزرگ سے ملا تھا وہ میں قارئین عبقری کی نذر کر رہا ہوں۔ اس عمل میں لوہے کی کوئی چیز لے کر مریض کے چاروں طرف گھماتے رہنا ہے اور ساتھ لوبان، گلاب کا عرق، گلاب کا عطر اور اگربتی رکھ لینی ہے یہ پڑھ کر مریض پر بھی دم کرنا ہے اور ان چیزوں پر بھی پھونک مارنی ہے بعد میں گلاب کے عطر اور عرق سے مریض پر چھینٹے مارنے ہیں اور اگربتی کی دھونی دینی ہے۔ لوبان کی دھونی روزانہ دینی ہے، اس سے ہوائی چیزوں والے مریض، جادو جنات والے مریض ٹھیک ہوتے ہیں۔ دم یہ ہے:۔

آیۃ الکرسی دل قرآن　آپ چلے تو رحمٰن
ہلکے ہلکے ست آسمان　ساتوں کیلئے ایک دربان
پاؤں رکھے جبرائیل　دھڑ رکھے قرآن
کمر رکھے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم　سر رکھے رحمٰن

وجود بارگاہ رسول بارگاہ چلہ کرے، چلہ وہ کرے جادو کرے ٹونا کرے منتر کرے منتر کرے جن ہو بھوت ہو آسیب ہو دیو ہو ڈین ہو چڑیل ہو یا جو جو کوئی جو جو کرے سو سو مرے، الٹ اس کا اسی پر پڑے سب سے ملے مُحَمَّدٌ مُصْطَفٰی بِحَقِّ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا۔ يَاحَلِيْمُ۔ يَاكَرِيْمُ۔ يَاحَافِظُ۔ يَاحَفِيْظُ۔ يَانَاصِرُ۔ يَانَصِيْرُ۔ يَارَقِيْبُ۔ يَاوَكِيْلُ۔ يَااَللّٰهُ۔ يَااَللّٰهُ۔ يَااَللّٰهُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ۔ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ۔ حرز کردم خود را لا الہ الا اللہ حصار کردم خود را محمد رسول اللہ۔

* * *

جادو کا سو فیصد یقینی توڑ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ کچھ مہینوں سے پڑھتا ہوں، الحمدللہ بہت بہترین رسالہ ہے اور آپ کا یہ بہت مخلصانہ اور بہترین کام ہے اس رسالے سے ہم نے بہت کچھ سیکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی عمر میں برکت عطا فرمائے۔ عبقری میں بہت سے قارئین نے قیمتی موتی پیش کیے میری بھی خواہش تھی کہ میں اپنے کچھ آزمودہ اعمال پیش کروں۔

جادو کا زور اور پریشان عوام:

اس لیے قارئین کی خدمت میں آج کچھ اعمال لایا ہوں۔ آج کل جادو کا بہت زور ہے اور ہر دوسرا گھر جادو کی وجہ سے پریشان ہے۔ جادو کیلئے میرے چند اعمال جو کہ ہر قسم کے جادو کا الحمدللہ توڑ ہے۔ 1۔ پانچ مرتبہ آیۃ الکرسی، 4 مرتبہ سورۂ فلق، 5 مرتبہ سورۂ ناس پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیں اور پانی پر دم کر کے پی لیں، صبح و شام عمل کریں۔ 2۔ دوسرا عمل مجھے خواب میں ملا، اپنے دونوں ہاتھوں اور پاؤں کے ناخنوں پر سات مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کر دم کریں، انشاء اللہ کرم ہوگا۔ 3۔ دن میں کسی بھی وقت لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ گیارہ بار پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ کے ساتھ اپنے اوپر دم کریں، پانی پر بھی دم کر کے پئیں۔ یہ عمل دن میں کئی بار بھی کر سکتے ہیں۔ اب کچھ اسماء حسنیٰ بھی پیش کرتا ہوں۔ یَااَللهُ یَاحَافِظُ یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ جادو سے حفاظت کیلئے صبح شام 100 مرتبہ اپنے اوپر دم کریں، پانی پر بھی دم کریں۔

اسماء الحسنیٰ کا دوسرا عمل:

یَارَقِیْبُ یَامُھَیْمِنُ یَاعَزِیْزُ اپنے اوپر دم کریں، پانی پر دم کریں جادو کے مریض کو خیال رکھنا چاہیے۔ جب گھر سے باہر جائے تو اپنا حصار ضرور کرے۔ حصار

کرنے کا طریقہ: یااللہ میری اور میرے سب گھر والوں کی حفاظت فرما۔ میرے دائیں سے، میرے بائیں سے، میرے آگے سے، میرے پیچھے سے، میرے اوپر سے، میرے نیچے سے اور پھر یہ اسماء پڑھیں۔ یَااَللّٰهُ حَافِظُ یَاحَفِیْظُ یَارَقِیْبُ یَامُهَیْمِنُ یَاعَزِیْزُ یَاسَلَامُ سب نام اکٹھا سو مرتبہ پڑھیں اور اپنے اوپر دم کردیں۔ راستے میں بھی پڑھ سکتے ہیں۔

* * *

جنات نے میرے پانچ ہزار چرائے اور کھا لیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو طویل عمر عطا فرمائے اور آپ یونہی دکھی انسانیت کی خدمت کرتے رہیں، جنات کے ساتھ ساتھ انسانوں کی خدمت کر کے آپ اور علامہ لاہوتی صاحب بہت بڑا ثواب کماتے رہیں۔ آمین ثم آمین۔ میں آپ کو، علامہ لاہوتی پراسراری صاحب اور صحابی بابا کو کچھ نہ کچھ پڑھ کر ہدیہ ضرور کرتی رہتی ہوں وہ چاہے صلوٰۃ تسبیح ہو یا کوئی اور اللہ کریم کے نام کی تسبیح ہو۔ حضرت حکیم صاحب! ہمارے گھر میں بے حد جنات ہیں، ہر قوم اور ہر مذہب کے ہیں۔ ان جنات میں سے کسی نے برکت والی تھلی میں سے پانچ ہزار گم کر دیئے ہیں اور دے نہیں رہے اور ہماری چیزیں چوری کر لیتے ہیں، بہت مشکل سے کبھی دے دیتے ہیں اور کبھی نہیں دیتے۔

میری کزن پر جننی کی حاضری

میری کزن پر ایک جننی کی حاضری ہوتی ہے، وہ مسلمان عورت ہے اور ہماری ہر خوشی، غم کے موقع پر چاہے عید ہو وہ آجاتی ہے، تنگ بالکل نہیں کرتی۔ مگر اس جننی کے علاوہ کبھی کبھار کوئی اور جننی اپنی مرضی سے آجاتی ہے اور پھر میری باجی کو بہت تنگ کرتی ہے اور میری چھوٹی بہن پر بھی اکثر جنات آجاتے ہیں اور وہ اوٹ پٹانگ حرکتیں شروع کر دیتی ہے، گالیاں دیتی ہے، ہر کسی سے لڑتی ہے، کسی کی بات نہیں سنتی، اگر اسے کسی کا ہاتھ لگ جائے تو ایسے مارتی ہے جیسے اس کے پانچ چھ ہاتھ ہوں۔ اس کے علاوہ میری کزن پر جو عورت حاضری دیتی ہے اس نے بتایا کہ آپ کی چھوٹی بہن پر جو جنات آتے ہیں انہوں نے آپ کے پانچ ہزار روپے چرائے ہیں اور کھا لیے ہیں۔ ہماری گائیں بھی اب کم دودھ دیتی ہیں یا کبھی دیتی ہی نہیں، بہت مشکل سے دودھ دوھنے دیتی ہیں۔ گھر سے مختلف آوازیں آتی ہیں، ہر وقت گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا ہے۔

جنات کا ہمیں نقصان پہنچانے کی وجہ بھی جان لیں!

ہمارے گھر میں ہر وقت ٹی وی چلتا ہے، کوئی فلم دیکھ رہا ہوتا ہے، کوئی گانے سن رہا ہوتا ہے، کوئی خبریں سن رہا ہوتا ہے۔ صبح چھ بجے سے لے کر رات گیارہ بجے تک مسلسل ٹی وی چلتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جنات ہمیں نقصان پہنچاتے رہتے ہیں۔ میرے ابو پانچ وقت کے نمازی ہیں، وظیفے کرتے ہیں، لمبے لمبے سجدے کرتے ہیں مگر ٹی وی مسلسل دیکھتے ہیں۔ اب ان پر بھی جنات کا اثر شروع ہو گیا ہے، بات بات پر زور زور سے بولنا شروع ہو جاتے ہیں، کچھ عرصہ پہلے جنات نے ان کی ایک آنکھ پر کچھ رکھ دیا تھا اس طرف سے ان کو بالکل بھی نظر نہ آتا تھا خدا خدا کر وہ ٹھیک ہوا تو بخار جان نہیں چھوڑتا تھا۔ پھر ایک دن ابو نے کلیجی کھائی تو جنات نے ابو کا جینا دوبھر کر دیا۔ گھر میں برکت بالکل بھی نہیں، قرآن پاک تقریباً سبھی پڑھتے ہیں مگر ٹی وی کی جان نہیں چھوڑتے، ایک بھائی تو نہ نماز پڑھتا ہے، نہ قرآن ہر وقت موبائل کی دنیا میں مگن رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جنات نے ہمارے گھر میں اودھم مچایا ہوا ہے۔ میں اکثر گھر والوں کو کہتی ہوں کہ جب تک اس ٹی وی، موبائل، گانوں کی جان نہیں چھوڑو گے جنات تمہاری جان نہیں چھوڑیں۔

* * *

کانوں سے بہرا مگر جنات کی باتیں سنتا ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کا پچھلے تین سال سے مسلسل قاری ہوں، میں نے عبقری میں سے دیکھ کر مختلف وظائف کیے ہیں جن کے بہترین نتائج مل رہے ہیں۔ آج کل میں ایک وظیفہ یا قہار صبح وشام گیارہ گیارہ سو مرتبہ پڑھتا ہوں۔ اس کے علاوہ کھلا بھی پڑھتا ہوں، بہت پرسکون رہتا ہوں۔ میں پچھلے دو ماہ سے ایک انوکھی طاقت سے دوچار ہوں۔ اس انوکھی طاقت کا نہ تو کوئی ٹھکانہ ہے، اس کا عملہ کھڑے کھڑے غائب ہوجاتا ہے، نہ تو کسی سے بات کرتا ہے۔ صرف آپس میں باتیں کرتے ہیں مگر مجھے ان کی بولی سمجھ میں نہیں آتی۔ میں جب بھی یاقھار کا وظیفہ پڑھتا ہوں تو میرے ساتھ ساتھ پڑھتے ہیں، میں نماز پڑھتا ہوں تلاوت کرتا ہوں تو میرے ساتھ ساتھ وہ بھی پڑھتے ہیں۔ حتیٰ کہ میرے منہ سے جو بھی لفظ نکلے وہ بھی ساتھ بولتے ہیں۔ یہ عمل چوبیس گھنٹے جاری رہتا ہے۔ عجیب بات یہ ہے کہ یہ آواز صرف میں ہی سنتا ہوں اور گاؤں کا کوئی فرد بھی یہ آواز نہیں سنتا۔ حالانکہ میں بہرہ ہوں اس لیے حیرت کا شکار ہوں۔ مجھے دن میں تو کچھ نہیں کہتے مگر رات کو سونے نہیں دیتے، چارپائی ہلاتے ہیں اور اکثر چارپائی پر میرے ساتھ لیٹ کر مجھے سونے نہیں دیتے۔ یہ انوکھی طاقت چوبیس گھنٹے کچھ نہ کچھ بولتی رہتی ہے، رات کو تو اتنی زبردست آواز ہوتی ہے کہ میں گھبرا جاتا ہوں۔ بہت زیادہ گرج کے ساتھ بولتے ہیں۔ اکثر رات کو مجھے میرے کمرے میں نظر بھی آتے ہیں ان کے مرد بہت بدصورت ہیں مگر ان کی عورتیں بہت ہی خوبصورت ہیں۔

* * *

شیطان اس گھر کے قریب نہیں آتا

نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے آسمان زمین کی پیدائش سے دو ہزار برس پہلے ایک کتاب لکھی اس میں سے دو آیتیں اتاریں جن پر سورۂ بقرہ کا اختتام کیا، یہ دو آیتیں جس گھر میں تیس دن تک پڑھی جائیں شیطان اس گھر کے قریب نہیں آسکتا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلمکی خدمت اقدس میں حاضر تھے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آسمان کا دروازہ کھلنے کی آواز سنی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سر مبارک اٹھایا اور فرمایا: آسمان کا یہ دروازہ آج تک پہلے کبھی نہیں کھلا، اس سے ایک فرشتہ نازل ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ فرشتہ بھی آج سے پہلے کبھی نازل نہیں ہوا، اس فرشتے نے سلام عرض کرنے کے بعد کہا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان دو باتوں کی بشارت ہو جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے کسی نبی (علیہ السلام) کو نہیں دیئے گئے۔ ایک سورۂ فاتحہ اور دوسرا سورۂ بقرہ کی آخری آیات اس میں سے جو کچھ پڑھا جائے گا اس سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نوازا جائے گا۔

اچھی باتیں:

☆ جو شخص حلال کھائے گا انشاء اللہ! مستجاب الدعوات بن جائے گا ☆ جو شخص اللہ پر بھروسہ رکھتا ہے، اللہ اسے مایوس نہیں کرے گا ☆ کسی کے دل میں اترنے کیلئے سیڑھیوں کی نہیں اچھے اخلاق کی ضرورت ہوتی ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کو ایک مانو اور اسی سے مدد طلب کرو۔ ☆ جب ہم کسی کو اچھے راستے پر نہیں چلا سکتے تو برے پر بھی نہیں چلانا چاہیے۔ اللہ کی رحمت سے کبھی مایوس نہ ہو۔ ☆ اپنے اعمال ایسے بناؤ کہ قیامت کے دن جنت تمہاری منتظر ہو۔ ☆ انسان میں کوئی خوبی انصاف سے زیادہ عظیم نہیں۔ ☆ کبھی بھی اپنے منہ سے مذاق میں بھی ایسی بات نہ نکالو جس سے سامنے والی کی دل آزاری ہو۔

اب نہیں ڈروں گی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کا رسالہ پچھلے ساڑھے تین سال سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ اس رسالے کے ملنے سے پہلے میں بہت سی مشکلات میں گھری ہوئی تھی خاص کر جنات نے ہمارے گھر کو جہنم بنا ڈالا تھا۔ میں ڈیپریشن کا شکار ہو چکی تھی، زندگی سے مایوس تھی۔ پھر مجھے عبقری ملا اور عبقری میں موجود مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست،، نے مجھے نئی زندگی دی۔ اس مضمون نے مجھے اتنا سکون دیا کہ پڑھتے وقت صرف ایک لائن پر انگلی پھیرتی ہوں تب بھی بہت سکون قلبی ملتا ہے۔ میرے دل سے اب جنات کا خوف دور ہو گیا ہے۔ اب سب مومن مومنات مسلم مسلمات کی مدد بڑھ چڑھ کر کرنے کی بھرپور کوشش کر رہی ہوں۔ رات کو جنات خواب میں آتے ہیں، صبح اٹھ کر فوراً کہتی ہوں ''اب نہیں ڈروں گی،، بہت زیادہ تنگ کر رہے ہیں، سوتے ہوئے بازو اٹھا کر پٹخ دیتے ہیں، اب میں نے سب کی نیت کی ہے تو مجھے خواب میں آیا کہ ''میرے پرانے گھر میں بہت سی بلیاں ہیں اور میں اور میرا بھائی ہیں، وہ کہتی ہیں کہ تم کو اور تمہارے گھر والوں کو اور تمہارے بھائی کو قتل کر دیں گے۔ ہماری چھت پر پرندے دانہ کھاتے تھے، میں نے دو ماہ سے ان کو کچھ نہیں ڈالا تو میرے خواب میں آ کر مجھے کہتے ہمیں بھوک لگی ہے دو ماہ سے کچھ نہیں کھایا، کان میں چڑیا کہتیں تم ہم کو باجرہ اور پانی دو۔ اب میں ان کو بہت پیار سے باجرہ اور پانی دیتی ہوں، میں کہتی ہوں اللہ تعالیٰ مجھے معاف کرنا تیری مخلوق کو دو ماہ سے کچھ نہیں دے سکی۔،،

سب کا جادو ختم:

محترم حضرت حکیم صاحب! میرے گھر کے اوپر ایک انکل رہتے ہیں وہ سخت بیمار ہیں، چل پھر نہیں سکتے میں نے ان کی نیت کی تھی کہ اے اللہ کریم میں ان کو بھی

تیرے کلام کے نور سے ملواؤں گی تو ان پر رحم کر تو تب میں نے یہ خواب دیکھا کہ بہت سے جادوگر ہیں اور میں ان کے پاس جاتی ہوں اور وہ ڈر جاتے ہیں کیونکہ میں آج کل سب کی نیت سے یَاقَھَّارُ پڑھ رہی ہوں۔ ”جنات کا پیدائشی دوست،، پڑھنے کی وجہ سے ہی میں نے نیت کی تھی کہ یااللہ! میرے اوپر نیچے، دائیں بائیں پیچھے تو سب کو جنات، جادو، ٹونے، حسد، بغض، چغلی، سود اور حرام مال سے ہمیشہ کیلئے بچادے۔ پہلے میری تسبیح گم ہوجاتی تھی، سارا سارا دن ڈھونڈتی ملتی نہ تھی اب گم ہوجاتی ہے تو خود بخود کوئی میری جھولی میں پھینک جاتا ہے۔ میرے گھر سے پہلے پیسے گم ہوجاتے تھے مگر اب الحمدللہ! کافی عرصہ سے سکون ہے۔

عبقری کا رسالہ پڑھنے سے نور ہی نور مل رہے ہیں۔ الحمدللہ! ہم نے گھر میں فلمیں دیکھنی اور گانے سننے چھوڑ دیئے ہیں انشاء اللہ یَاقَھَّارُ کا پڑھنا مزید سب کچھ ٹھیک کردے گا۔ مجھے اب کسی چیز کا نہ ڈر ہے نہ پروا۔ یَاقَھَّارُ کی وجہ سے اللہ رب العزت کی ایسی شان عظمت ظاہر ہوگی کہ بس کمال ہوجائے گا انشاء اللہ! اب میں بہت فریش رہتی ہوں ڈرتی بالکل بھی نہیں ہوں۔ اب میں نے اپنی زندگی کے چند گھنٹے مخصوص کیے ہیں کہ سب کو میسج کرکے پوچھا کروں گی کہ گھر میں کیسے ہیں؟ سب گھر کے حالات، کوئی دکھ، کوئی تکلیف۔ میرے اس عمل سے میری صحت دن بدن بہتر ہورہی ہے۔ میں ڈیپریشن سے نکل رہی ہوں۔ پیدائشی دوست کے ملنے سے پہلے کا وقت بہت مشکل تھا، کچھ سمجھ نہیں آرہی تھی۔ اب بہت تیزی کے ساتھ عام زندگی پر آرہی ہوں۔ زندگی میں ہر طرح سے بھلائی اور خیر خواہی ہے۔ بس! اللہ کریم مجھ پر اپنے کرم ولطف کی بارشوں کو دن بدن بڑھاتے جائیں اور نور ہی نور عطا کرتے جائیں۔ آمین ثم آمین۔

* * *

حیرت کا انوکھا جہاں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتی ہوں اس میں موجود علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے کالم کے تو کیا کہنے ہیں۔ سبحان اللہ! میں ان کا کالم انتہائی سے شوق سے پڑھتی ہوں اور کتاب ''جنات کا پیدائشی دوست جلد اول،، بھی لائی ہوں۔ کیا حیرت کا انوکھا جہان ہے۔ میرے پاس الفاظ ہی نہیں ہیں کہ میں ان کے بارے میں کیا لکھوں اور جب میں صحابی بابا کے بارے میں پڑھتی ہوں تو حیرت میں ڈوب جاتی ہوں کہ صحابی علامہ صاحب کے ساتھ ہیں؟ واہ بھئی واہ! بس حضرت حکیم صاحب! میرے پاس علامہ صاحب کی تعریف کیلیئے واقعی کوئی الفاظ نہیں۔ میں نے ان کے کالم میں سے بہت سے وظائف خود بھی پڑھے اور لوگوں کو بھی بتائے۔ خاص طور پر ان کے کالم میں یا قہار کا وظیفہ بہت سے دکھی جادو و جنات کے ڈسے ہوؤں کے بتایا۔ الحمدللہ! جس جس نے بھی یقین اور توجہ کے ساتھ پڑھا اللہ نے اس کی جان جادو جنات سے چھڑوا دی۔

* * *

سخت جادو سے جان چھوٹ گئی!

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں دسمبر 2011ء سے رسالہ عبقری سے منسلک ہوا ہوں، اسلامی کتابوں کا شوق ہے، ایک دن ایک ایجنسی پر اخبار کیلئے گیا اچانک ماہنامہ عبقری پر نظر پڑی، اسی دن کے بعد سے عبقری کا شدت سے انتظار رہتا ہے اور سب سے پہلے ”جناب علامہ لاہوتی پراسراری“ صاحب کا کالم ”جنات کا پیدائشی دوست“ پڑھتا ہوں۔ ماہنامہ عبقری کے متعلق جتنا بھی لکھا جائے کم ہے۔

محترم حکیم صاحب! مجھ پر کسی نے سخت جادو کروا دیا تھا جس کی وجہ سے میری معاشی حالات، گھریلو حالات دن بدن ابتر ہوتے گئے، مختلف عاملوں سے علاج وغیرہ کروائے مگر کوئی فرق نہ پڑا۔ پھر میں نے علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے کالم سے یَاقَھَّارُ کا ورد کرنا شروع کر دیا، اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے ہر وقت یہی ذکر کرتا رہتا۔ کچھ عرصے کے بعد میرے گھر کے ایک سوراخ سے سفید لٹھے کا کپڑا، میرے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی، موٹے موٹے لوہے کے کیل، میرے دھاگوں میں لپٹے ہوئے بال، میری والدہ کے بال، میری نظر کمزور ہے، میری ٹوٹی ہوئی عینک کا شیشہ، میرے بٹن، ٹوٹی گھڑی، گند بلا، گندے کاغذ وہاں سے میں نے یَاقَھَّارُ کے صدقے نکالے۔ جس کی وجہ سے میرے حاسدوں کے ہاتھ کے طوطے اڑ گئے۔ اس ورد کے ذکر سے اب میرے حالات دن بدن بہتر ہو رہے ہیں اور ابھی یہ ذکر جاری ہے۔

* * *

سخت بندش کا خاتمہ

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں زندگی کی الجھنوں میں دھنسی ہوئی تھی، ہمارا گھر پریشانیوں کا محبوب ٹھکانہ تھا، ہمارے کاروبار پر بھی شدید سخت قسم کے اثرات تھے۔ پھر مجھے کسی نے آپ کا بتایا تو آپ سے ملاقات کا ٹائم لیا، چار ماہ کے بعد آپ سے ملاقات کا وقت ملا، جب ہماری باری آئی اور ہم اندر گئے تو میں نے اپنے بارے میں بتانا چاہا تو آپ نے فرمایا کہ ”اللہ والی،، پہلے نام بتاؤ، آپ خود اللہ والے ہیں آپ کی وہ دعا جو آپ نے اللہ والی کہہ کر مجھے دی انشاء اللہ ضرور قبول ہوگی آپ بھی اللہ سے میری سفارش کردیں کہ اے اللہ اسے صحیح معنوں میں اللہ والی بنادے۔ آمین!

اس کے بعد میں نے آپ کو ایک خط دیا، اس میں میری دردناک جادو سے ڈسی ہوئی کہانی درج تھی۔ آپ نے جواب میں فرمایا کہ بندش ہے اور سخت بندش ہے، پورے گھر پر اور کاروبار پر بھی اثرات ہیں، آپ نے مجھے سورۂ آل عمران کی آیات 73،74 صبح وشام 129 دفعہ اور اول وآخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ گیارہ بار سورۂ الفرقان کی آیت نمبر 54 پڑھنی تھی اور پڑھ کر دعا مانگنی تھی، اس کے علاوہ عشاء کے بعد 121 مرتبہ اول وآخر درود شریف کے ساتھ (وَّ خَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا) پڑھنا تھا۔ ساڑھے چھ ماہ تک میں نے یہ اعمال پڑھے۔ الحمدللہ! ثم الحمدللہ! کاروبار میں پہلے سے بہت بہتری ہے۔ گھر میں بھی اب اثرات بد نہیں ہیں اور اب وہ پہلے جیسی بے چینی، گھبراہٹ نہیں ہوتی اور پرسکون نیند آتی ہے۔ اس کے ساتھ آپ نے الرجی کورس، جوہر شفاء مدینہ، ستر شفائیں اور اکسیر البدن دی تھیں ان ادویات سے مجھے بہت افاقہ ہوا۔ اس کے علاوہ آپ نے میری پھوپھو کیلئے یہی اعمال اور ساتھ دوا دی تھی وہ جیسے پھر سے جی اٹھیں ہیں، لوگ بھی انہیں کہتے ہیں کہ تمہاری رنگت بھی ٹھیک ہو چلی ہے۔

* * *

تسبیح خانے کا دامن تھامہ اور سب جادو جنات ختم

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں کافی عرصہ سے شدید مالی تنگی کا شکار تھا، گھر میں برکت نہیں تھی، جتنا کماتا سب خرچ ہوجاتا ہے۔ قرضوں کے پہاڑ کے نیچے دبا ہوا تھا، ہر وقت غمگین اور ڈیپریشن کا شکار رہتا، شدید مایوسی کا شکار ہوگیا اور قوت ارادی بالکل صفر ہوگئی۔ میرے والد کا میرے اور میری اہلیہ کے ساتھ رویہ انتہائی ظالمانہ حد تک سخت ہوگیا، ان کی عمر تقریباً 72 سال ہے اور دوسری شادی کی کوشش کررہے ہیں، کئی مرتبہ مجھے گھر سے نکلنے کا کہہ چکے ہیں، اب تو جائیداد سے بھی بے دخل کرنے کا کہہ چکے تھے۔ ایک وقت ایسا بھی آیا کہ میری بیوی نے بھی میری فرمانبرداری کرنا چھوڑ دی، میرے باپ کی عزت کرنا بھی چھوڑ دی۔ گھر میں ہر وقت بیوی اور باپ کا جھگڑا چلتا، ہر وقت کی ٹینشن اور لڑائی جھگڑے کی وجہ سے میرے چاروں بچوں پر اثر پڑ رہا تھا۔ میرا چھوٹا بیٹا اب ہکلانا بھی شروع ہوگیا ہے۔ کبھی سوچتا کہ گھر چھوڑ دوں پر جیب میں ٹکا نہیں تھا، ایک جگہ آٹھ لاکھ انویسٹ کیے کچھ عرصہ بعد وہ صاحب غائب ہوگئے اور میری ساری جمع پونجی ڈوب گئی۔

والد صاحب سکون کا سانس نہ لینے دیتے:

گھر چھوڑنے کا سوچتا تو خوف آتا کہ والد صاحب بے دخل کردیں گے تو اپنے بچوں کیلئے مکان کہاں سے بناؤں گا۔ دردر کی ٹھوکریں کھاؤں گا مگر۔۔۔! گھر میں میرے اپنے والد صاحب ہی مجھے سکون کا سانس نہ لینے دیتے۔

نوکری میں کئی سالوں سے ترقی نہیں ہورہی تھی، نوکری کے ساتھ ساتھ ٹیچنگ بھی کررہا تھا اب سب کچھ ٹھپ ہوکر رہ گیا۔ پیسے پیسے کا محتاج ہوگیا۔

پھر کسی کے کہنے پر آپ کی خدمت میں حاضری دی تو حالات بہت بہتر ہوگئے۔ میں نے حالات کی بہتری کیلئے دو انمول خزانہ پڑھنا شروع کردیا۔ الحمدللہ!

بہت بہت بہت زیادہ فائدہ ہوا۔ پھر سستی آ گئی اور دوستوں کے مشورے پر کچھ اور عامل حضرات کے پاس جانا شروع کر دیا، نتیجہ یہ نکلا کہ اچانک پھر وہی مشکلات کے پہاڑ کھڑے ہو گئے، ابھی کچھ سنبھلا ہی تھا کہ پھر کوڑی کوڑی کا محتاج ہونا شروع ہو گیا۔

والد اور بیوی کا رویہ تبدیل:

پھر اللہ کے حضور سچے دل سے توبہ کی اور دل سے پکا تہیہ کر لیا کہ اب صرف تسبیح خانہ کا دامن تاحیات تھام کر رکھوں۔ انشاء اللہ۔ اب دوبارہ دو انمول خزانے میں خزانہ نمبر ایک ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ اور انمول خزانہ نمبر دو اور استغفار ہر وقت کھلا جاری ہے۔ الحمدللہ! مسائل دن بدن حل ہو رہے ہیں اور بہت جلدی حل ہو رہے ہیں۔ میرے والد کا میرے اور میری بیوی کے ساتھ رویہ حیرت انگیز طور پر تبدیل ہو گیا

اب وہ روزانہ ہمارے ساتھ ہی کھانا کھاتے ہیں۔ میرے بچوں میری بیوی نے میری عزت کرنا شروع کر دی۔ حیرت انگیز طور پر میرے سٹوڈنٹس میں اضافہ ہو رہا ہے اور اب مجھے تنخواہ کے علاوہ بھی کافی آمدن ٹیچنگ سے بھی مل جاتی ہے۔

* * *

یاقہار نے سخت ترین جادو کو تین دنوں میں توڑ دیا

بیٹی کی بیماری:

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میری داستان کچھ یوں ہے کہ میری بیٹی بیمار ہوگئی، بیماری کچھ اس طرح سے تھی کہ اس کے اندر سے سفید قسم کا مادہ نکلنا شروع ہوا، بظاہر ایسا تھا کہ جس طرح عورتوں کا لیکوریا کی بیماری ہوتی ہے، میں نے لیڈی ڈاکٹروں کو دکھایا تو بیماری کم ہونے کی بجائے اور بڑھتی گئی یہاں تک کہ وہ رطوبت جو خارج ہوتی تھی وہ پیلے رنگ، پھر سبز رنگ کا گاڑھا مادہ نکلنا شروع ہوا، ساتھ سخت خارش اور بدبو آنا شروع ہوگئی، ساری ساری رات میری بیٹی خارش کی وجہ سے سو نہیں سکتی تھی، میں نے کوئی لیڈی ڈاکٹر، کوئی حکیم تک نہیں چھوڑا مگر افاقہ نہیں ہوا۔ میری بیٹی سوائے دودھ کے کوئی چیز نہیں کھا سکتی، گوشت چھوٹا موٹا قیمہ کوئی بھی چیز طاقت والی کھالے تو بیماری اور بڑھ جاتی، چڑ چڑی سی ہوگئی، سوکھ کر کانٹا بن گئی، بال اتنے لمبے تھے وہ بھی سارے اتر گئے، سارے جسم اور منہ پر دانے نکلنا شروع ہوگئے۔

عبقری رحمت بن کر آیا:

پھر یہ ہوا کہ میں آج سے تین سال پہلے منڈی بہاؤالدین گئی تو مجھے عبقری رسالہ ملا، وہ میرے لیے اللہ کی رحمت بن کر میری اور میری بیٹی کی زندگی میں آیا میں جوں جوں عبقری پڑھتی گئی نماز کی طرف، ذکر کی طرف، قرآن کی طرف بڑھنے لگی، میں نے عبقری کے وظائف پڑھنے شروع کیے، جب میں نے ”جنات کا پیدائشی دوست“ پڑھنا شروع کیا تو میری آنکھیں کھل گئیں اور مجھے شک ہونے لگا جیسے میری بیٹی پر جادو ہے، میں نے اس میں سے پڑھ کر یَاقَہَّارُ کا عمل جو پانی میں پاؤں رکھ کر کرنے والا تھا صبح وشام شروع کر دیا۔ پھر تو میرے گھر میں جو جادو جنات تھے بپھر گئے، انہوں نے میرے اوپر میرے دو بیٹوں، دونوں بیٹیوں جن میں ایک حافظ قرآن تھی

پر بھی جادو کر دیا، میرے گھر میں سو سال کی بزرگ میری ساس ہیں ان کو بھی تنگ کرنا شروع کر دیا یعنی ان کو رات کو مارتے تھے، کبھی باتھ، ٹائلٹ میں سانپوں کے بچے بہت زیادہ نکل آتے جب رات کو نماز عشاء پڑھتی تو میرا پلو کھینچتے، کبھی چھت سے گڑگڑ کی آوازیں آتیں، میری بڑی بیٹی جو کہ حافظہ ہے کہتی ماں میں نے اس گھر میں نہیں رہنا کیونکہ آپ یاقھار پڑھتی ہیں تو جنات مجھے ساری رات تنگ کرتے ہیں۔

عبقری سے جادو معلوم کرنے کا طریقہ پڑھا

یاقہار کے نقش بھی لگائے ہیں، پانی میں تعویذ ڈالے ہیں، جوں جوں عبقری اور پیدائشی دوست پڑھتی گئی قرآن اور نماز سے زیادہ قریب آتی گئی، پھر ایک دن میں نے عبقری سے جادو معلوم کرنے کا طریقہ پڑھا کہ سورۂ مزمل سے پیلے رنگ کی شعاعیں نکلتی ہیں، نیلا دھاگہ لے کر مریض کے ماتھے سے پاؤں کے انگوٹھے تک ناپیں اور سورۂ مزمل سات دفعہ پڑھیں اور دھاگہ پر پھونک کر پھر دوبارہ چیک کریں جب میں نے ایسا کیا تو پتہ چلا کہ میری بیٹی پر سحر ہے پھر مجھے یقین آ گیا کہ واقعی میری بیٹی پر جادو ہے۔ اس طریقے سے میں نے بہت سے لوگوں کو چیک کیا، مجھے دیکھتے ہوئے اب میرے بچے بھی نماز پڑھنا شروع ہو گئے ہیں۔

میرے اندر کوئی جناتی چیز ہے:

میں نے کچھ دن پہلے اذان اور افحسبتم کا عمل مسلسل شروع کیا ہے اور ساتھ ہر گھنٹہ بعد روحانی غسل بھی کر رہی ہوں۔ جب میں نے روحانی غسل کیا تو میں حیران رہ گئی کہ میرے اندر بھی کوئی جناتی چیز ہے، میرے گلے سے گڑگڑ کی آواز آنا شروع ہو گئی، میری ٹانگ پر الرجی ہے جو ڈاکٹروں سے ٹھیک نہیں ہوتی، جب میں نے مسلسل اپنی اور بیٹی کی نیت کر کے روحانی غسل کیا تو میری اور میری بیٹی کی طبیعت میں بڑا فرق پڑا یعنی میری بیٹی کے اندر سے جو رطوبت نکلتی تھی وہ یاقھار، روحانی غسل اور اذان اور افحسبتم کے عمل سے رک گئی اور اس کی تکلیف ختم ہو گئی۔

ہر بیماری سے نجات:

ایک عمل اور کیا جو کہ درج ذیل ہے:۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد پاک ہے کہ جو شخص بارش کا پانی لیکر اس پر سورۂ فاتحہ (ستر مرتبہ) آیۃ الکرسی (ستر مرتبہ) سورۂ اخلاص (ستر مرتبہ) اور معوذتین سورۂ فلق وناس (ستر مرتبہ) پڑھ کر دم کرے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم کھا کر ارشاد فرمایا کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام میرے پاس تشریف لائے اور مجھے خبر دی کہ جو شخص یہ پانی سات روز تک متواتر پیے گا اللہ رب العزت اس کے جسم سے ہر بیماری کو دور فرما دیں گے حتیٰ کہ اس کے گوشت پوست اور اس کی ہڈیوں بلکہ تمام اعضاء سے بیماریاں نکال دیں گے اور اسے صحت وعافیت عطا کریں گے۔ (الدر العظیم صفحہ 11)

یہ درج بالا عمل کیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا تہدیدی نامہ ہر کمرے میں لگایا اور اپنی بیٹی کو جب دو دن صبح کے وقت بارش والا پانی پلایا تو دوسرے دن میں کسی کا فون سن رہی تھی تو میری بیٹی کہنے لگی امی وہ دیکھیں یہ کوئی چیز ہے بندر کی شکل کی اُڑ رہی ہے لیکن مجھے کچھ نظر نہیں آ رہا تھا، میں نے اُس سے کہا اذان پڑھو، اُس نے اور میں نے اذان پڑھنا شروع کر دی، بیٹی کہنے لگی اذان کی وجہ سے وہ پہلے سبز تھی اب سرخ ہو کر غائب ہو گئی ہے۔ دو گھنٹہ کے بعد پھر وہ چیزیں سامنے آ گئیں پھر وہ اذان پڑھنے لگی تو سبز سے سرخ ہو کر غائب ہو گئیں۔

منزل کا کمال

دوسرے دن صبح کے وقت نماز فجر کے بعد جب میری بیٹیاں منزل پڑھ رہی تھیں تو وہی دو چیزیں گھومنا شروع ہو گئیں تو میری بڑی بیٹی جو کہ حافظہ ہے اس نے سورۂ بقرہ کی آخری آیات پڑھنا شروع کر دیں تو وہ چیزیں سبز سے سرخ ہوئیں اور پھر دیوار کے ساتھ لگے تہدیدی نامہ کے ساتھ ٹکرا کر کالی سیاہ ہو کر غائب ہو گئیں۔ اس سے اگلے دن نماز فجر کے وقت میری بیٹی کی آنکھیں بہت خوفناک ہو گئیں، کہنے لگی امی

اذان پڑھیں، اس نے آنکھیں ایک جگہ ہی گاڑھی ہوئی تھیں پھر تھوڑی دیر بعد کہنے لگی امی وہ چلی گئی ہیں، میں نے کہا کیا تھا؟ کہنے لگی گھوڑے کی طرح کی دو چیزیں تھیں آپ کے یاقھار پڑھنے کی وجہ سے بڑی بے چین تھیں اور تڑپ رہی تھیں جب آپ نے اذان پڑھی تو وہ بھاگ گئیں۔ ایک سال پہلے میرے والد صاحب کے پھیپھڑے ختم ہو گئے یعنی ان کے بچنے کی کوئی امید نہ تھی تو میں نے اذان اور افحسبتم والا عمل شروع کر دیا ایک گھنٹہ بعد دم کرتی اور پانی پر دم کر کے پلاتی تو ان چیزوں نے مجھے بہت تنگ کیا میرا گلا بالکل خشک ہو جاتا، میری ٹانگیں ایسے ہو جاتیں جیسے میرا بلڈ پریشر بالکل لو ہو گیا ہے جب مجھے تکلیف دیتیں تو میں اپنے اوپر یَاقَھَّارُ اور اذان افحسبتم پڑھ کر دم کرتی تو ٹھیک ہو جاتی۔

پندرہ ہزار غائب:

محترم حکیم صاحب! میں نے ”جنات کا پیدائشی دوست،، میں سے پڑھ کر سورۂ مزمل نماز فجر کے بعد بغیر کسی سے بات کیے سات دفعہ پڑھنی شروع کی تو جب تیسرا مہینہ ہوا تو میں نے دیکھا کہ میری الماری میں پندرہ ہزار روپے پڑے ہیں، حالانکہ اس کی چابی صرف میرے پاس ہوتی ہے اور میں نے وہ پیسے نہیں رکھے تھے، کیا یہ سورۂ مزمل پڑھنے کی وجہ سے جنات نے تو نہیں رکھے؟

محترم حکیم صاحب آپ اور علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کی وجہ سے میں اپنے رب کے بہت قریب آ گئی ہوں، اللہ تعالیٰ مجھے بھی مخلوق خدا کی مدد کرنے کی توفیق دے، آپ کے احسانات کا بدلہ میرے رب کے پاس ہے، ہم گنہگار بندے تو آپ کیلئے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کی نسلوں پر اپنی رحمتیں نازل کرے۔

* * * * *

بندش وشدید کالا جادو نجات صرف دو انمول خزانہ

ہر کوئی شک کی نگاہ سے دیکھتا:

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ عبقری میں نے مئی 2012ء سے پڑھنا شروع کیا۔ میری امی کے ہاں شروع سے ہی کچھ شریر جنات ہیں جس کی وجہ سے ہم دن بدن زوال کا شکار ہوتے رہے۔ سسرال آکر بھی کسی نے میری کوئی عزت نہیں کی، ہر کوئی مجھے شک کی نگاہ سے دیکھتا، حالانکہ میں سب کی عزت خدمت کرتی ہوں پھر بھی میرے ساتھ ہی ایسا ہوتا رہا، اُدھر میری ماں کے گھر عجیب عجیب واقعات رونما ہو رہے تھے۔ میرا بڑا بھائی دن بدن بدتمیزی کی حدود کو پھلانگ رہا تھا، ماں کی بہت بے عزتی کرتا، بہت اونچی آواز میں بولتا اور والدہ کو مہینے مہینے کا خرچ بہت تھوڑا دیتا، چھوٹے بہن بھائیوں کا بالکل بھی خیال نہ رکھتا، خود لاہور مال روڈ کی بہت مشہور اور اعلیٰ برانڈ کی دکان سے اپنے سردی گرمی کا لباس، پینٹ شرٹ، اور ضرورت کی ہر چیز مہنگی سے مہنگی لیتا، دوستوں کے ساتھ عیش کرتا، باہر رحم دل اور غریبوں پر پیسہ نچھاور کرنے والا مگر گھر آتے ہی ہر چیز ادھر اُدھر گراتا ہے، منہ پڑتا ہے، امی اور چھوٹے بہن بھائی سہم جاتے جبکہ چھوٹے بھائی نے تین سال کا ڈپلومہ کیا ہے اس کے سارے دوستوں کو نوکریاں مل گئیں مگر یہ چار سال سے نوکری کی تلاش میں ہے اسے نوکری نہیں ملتی۔

اب آتی ہوں اصل مسئلہ کی طرف

اب میں آتی ہوں درج بالا سب مسائل کی اصل وجہ کی طرف، ہمارے گھر میں کچھ شریر جنات وغیرہ رہتے تھے امی کے گھر میں ہم سب بہن بھائی بہت ڈرتے تھے، جس سے بھی حساب کرایا اسی نے بتایا کہ آپ پر کسی حاسد نے سخت کالا جادو کرایا ہے تاکہ میرے والد اور والدہ ہر وقت بیمار رہیں اور فوت ہو جائیں اور بچے

پڑھائی میں یا کسی بھی میدان میں کامیاب نہ ہوں۔ ہر وقت رزق کی تنگی، بیماری، پریشانی، لڑائی جھگڑا ان کے گھر میں ہو۔ جس کے پاس میرے والد صاحب گئے تو سب نے کہا بہت سخت عمل کرایا گیا ہے توڑ مشکل ہے۔ میرے والد صاحب کی ایک اعلیٰ محکمے میں اچھی پوسٹ پر ریٹائرڈ منٹ کے بعد بھی نوکری لگی، وہاں انہیں دل کا مرض لاحق ہوگیا بس!!! وہاں سے ہماری بربادی شروع ہوئی۔ نوکری چھوڑ کر ملک واپس آگئے پھر کوئی کاروبار نہ چھوڑا۔ مگر ہر کسی میں نقصان ہوا۔ آخر میں کپڑے کی دکان بنائی جس میں ایک لاکھ ایک دوست جو بھائی بنا ہوا تھا لے کر بھاگ گیا۔ وہ بندہ اب بھی پیسے واپس نہیں کرتا کئی دفعہ امی نے فون کیا۔

گھر میں خون:

گھر میں اکثر فرش پر خون آجاتا ہے جب میں کنواری تھی تو میرے پاؤں سے خون بغیر کسی زخم کے بہتا تھا، کبھی گوشت کے ٹکڑے گھر میں وقفہ وقفہ سے پڑے ملتے، کبھی بکرے کی سری ہم کو ملتی۔ ہم بہن بھائی اور امی ابو اکثر بیمار رہنے لگے، ڈاکٹر ٹیسٹ رپورٹیں چیک کرتے تو کوئی بیماری نہیں مگر جب حالت دیکھتے تو ڈر جاتے، کچھ سمجھ نہ آتا۔ میرے والد ہر وقت قرآن کریم کی تلاوت کرتے رہتے تھے، انہیں شوق تھا، بعض عامل حضرات کہتے کہ آپ جو قرآن پاک کی تلاوت کثرت سے تلاوت کرتے ہیں اسی وجہ سے آپ کے گھر والے بچے ہوئے ہیں نہیں تو اب تک سب مر چکے ہوتے۔ پھر میرے والد صاحب کو دل کا دورہ پڑا اور وہ وفات پا گئے۔ جب وہ فوت ہوئے تو ان کی جیب سے صرف ایک سو سترہ روپے نکلے۔ آپ سوچیے میری والدہ نے کتنی مشکل سے وہ وقت کاٹا۔ پھر میں نے انہیں ’’دوانمول خزانہ،، پڑھنے کیلئے دیا، میری امی اور بہن نے کثرت سے پڑھنا شروع کر دیئے تو آہستہ آہستہ حالات بہتر ہونے لگے، جو چیزیں میری امی اور بہن کو بیمار کرتی اور ڈراتی تھیں وہ آہستہ آہستہ کم ہوگئیں، پہلے تو وہ چیزیں باقاعدہ نظر آتی تھیں مگر اب مستقل پڑھنے کی

وجہ سے وہ نظر آنا بھی بند ہوگئی ہیں۔ ہمارے گھر میں وقتاً فوقتاً خون، گوشت اور بکرے کی سری ملتی تھی وہ بھی کافی عرصہ سے آنا بند ہوگئی ہیں۔ گھر میں عجب سا سکون آتا جارہا ہے، بھائی کا رویہ بھی بہتر ہورہا ہے۔ الحمدللہ دوانمول خزانہ کا ورد ابھی جاری ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب میرا نام شائع ہرگز نہ کیجئے گا۔

* * * * *

دوانمول خزانے نے جنات کو آزادی دلادی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا جنات کے ساتھ واسطہ کافی پرانا ہے، میرے پاس دو جنات بلال خان اور عبداللہ آتے تھے سب سے پہلے میں نے ان کو مسلمان کیا، ان دونوں کی وساطت سے میں نے 84 جنات کو مسلمان کیا۔ اس دوران بہت سے جنات آئے اور چلے گئے وہ بتاتے ہیں کہ ہم آپ کی دادی کے والد کے خادم ہیں اور ان کی تمام فیملی ہے اور آس پاس سے بھیجے گئے جنات ہیں مگر وہ سب اب آپ کا یعنی حضرت حکیم صاحب اور اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ آپ کے وظیفہ دوانمول خزانہ کی وجہ سے ہم آزاد ہوئے ہیں۔ وہ ہم سے براہ راست بات کرتے ہیں اور ہمارے بچوں کے تحفے تحائف بھی لاتے ہیں۔ حضرت حکیم صاحب! مجھے نہیں معلوم یہ سب میرے ساتھ کیوں ہورہا ہے؟ ان جنات کی مجھ سے کیوں دوستی ہے۔ جنات مجھے عجیب عجیب کہانیاں سناتے ہیں۔ میری سمجھ میں تو کچھ نہیں آرہا۔ میری بہنیں کہتی ہیں کہ بھائی کو نفسیاتی ہسپتال لے چلو، کہیں یہ نفسیاتی مریض تو نہیں ہوگیا۔

* * * * *

جنات نے نظر بند کر دی

نام نہاد عامل عورت:

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کا فیض تا دیر جاری رکھے اور آپ کے طفیل ہماری بھی دنیا اور آخرت میں آسانی عطا فرمائے۔ میں اپنی سچی داستان جو کہ جنات سے متعلق ہے قارئین کو بتانا چاہتا ہوں اسی لیے میں یہ خط کسی سے لکھوا کر بھیج رہا ہوں۔ میں جب جماعت ہشتم کا طالب علم تھا میرے سر میں شدید درد شروع ہو گیا، درد نا قابل برداشت تھا، ڈاکٹری ادویات بھی کافی استعمال کیں لیکن افاقہ نہیں ہوتا تھا۔ اسی دوران میری ایک بہن جو کہ سکھر میں رہتی تھیں انہوں نے گھر رابطہ کیا تو ابو نے بتایا کہ (ع) کی یہ کیفیت ہے تو میری بہن کے کہنے پر مجھے سکھر بھیج دیا گیا۔ بہن کے پاس ایک نام نہاد عامل عورت رہتی تھی جو کہتی تھی کہ میرا جنات سے رابطہ ہے میں (ع) کو ان سے دم کروا کر لاتی ہوں، میری بہن نے بنا سوچے سمجھے مجھے اس کے ساتھ بھیج دیا، وہ مجھے مختلف جگہوں سے گھما پھرا کر گھر لے آئیں اور کہا کہ میں دم کروالائی ہوں اس کے دم کروانے کے بعد مجھے اور شدید درد شروع ہو گیا۔

میری نظر بند ہو چکی تھی:

اسی دوران شب برأت کے موقع پر صبح اٹھا تو میری نظر بند ہو چکی تھی اس وقت میری عمر 14 سال تھی جب میری نظر بند ہوئی تو وہی عورت مجھے گاڑی میں بٹھا کر ایک باغ میں لے جاتی ہے اور مجھے محسوس ہوا کہ وہ مجھے ایک درخت کے اندر لے جاتی جو گھر نما تھا اور وہاں پر جنات کی کثرت تھی وہ مجھے با قاعدہ سلام وغیرہ کرتے اور مجھے کھڑا کر کے میرے جسم کی دھاگوں سے پیمائش کرتے اور کہتے اس کو کہیں لے کر نہ جانا اور جب میں ان سے دعا کی درخواست کرتا تو مجھے کہتے کہ ابھی تمہاری نظر بند کی ہے ہم تمہاری سانس بھی بند کر دیں گے۔

میری دنیا اندھیر ہے:

وہ دن اور آج کا دن میری دنیا اندھیر ہے، میں نے بڑے بڑے ڈاکٹروں عاملوں کو دکھایا مگران جنات نے میری نظر نہ کھولی۔ میری قارئین سے التجا ہے کہ کسی بھی سڑک چھاپ عامل سے اپنا روحانی علاج ہرگز مت کروائیں کہیں ایسا نہ ہو کہ جو سزا میں بھگت رہا ہوں وہ کل آپ کو بھی بھگتنی پڑے۔

* * *

یاقہار نے آسیب سے نجات دلادی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتے ہیں خاص طور پر ''جنات کا پیدائشی دوست،، ہمارا پسندیدہ سلسلہ ہے۔ ہمیں بہت سے گھریلو مسائل کے ساتھ ساتھ ایک سب سے بڑا مسئلہ یہ تھا کہ میری بیٹی کے ساتھ آسیب کا معاملہ تھا۔ ہم نے بہت علاج کروایا مگر کہیں سے بھی آرام نہ آرہا تھا۔ ہم نے عبقری سے یَاقَھَّارُ کا ورد شروع کیا تھا اور آپ سے خط کے ذریعے اجازت بھی لی تھی اور آپ نے درس سننے کی ہدایت کی تھی اور ہم نے 90 دن یَاقَھَّارُ کا ورد سارا دن اٹھتے بیٹھتے وضو بے وضو پاک ناپاک پڑھا اور نہایت ہی یقین کے ساتھ پڑھا اور درس بھی انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے سنا۔ یہ وظیفہ میں نے اپنی بیٹی کیلئے شروع کیا تھا۔ اس کی طبیعت آج 90 دن کے بعد بہت ہی بہتر ہے۔ اس کی طبیعت دن بدن بہتر ہوتی جارہی ہے۔ اب تو ہم سے باتیں بھی کرتی ہے اور مسکراتی بھی ہے۔

* * *

یاقہار سے تنگ کرنے والی غیبی چیزوں کی شامت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سدابہار، سداسلامت تا قیامت! امید ہے کہ آپ صحیح سلامت ہونگے، میری دعا ہے کہ آپ اور علامہ لاہوتی پراسراری صاحب اور آپ کے بچے اور لاہوتی صاحب کے بچے اور آپ کی کابینہ کے تمام افراد کو اللہ تعالیٰ اپنی حفاظت میں رکھے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کو بے حساب زندگی عطا فرمائے کہ آپ نے اور علامہ لاہوتی پراسراری صاحب نے ہم بے کسوں کا بیڑا اٹھا رکھا ہے۔ اڑھائی سال پہلے اخبار مارکیٹ مری روڈ راولپنڈی سے پہلی مرتبہ عبقری خریدا اور اب ہر ماہ گھر میں عبقری لا رہا ہوں، یقین کریں کہ آپ کیلئے اور علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کیلئے خودبخود دعائیں نکلتی ہیں۔ مجھے یاقہار کا وظیفہ پڑھتے ہوئے آٹھ ماہ ہو چکے ہیں، حضرت حکیم صاحب! یَاقَهَّارُ کی تو کیا ہی بات ہے! تقریباً پانچ چھ مہینے پہلے غیبی چیزوں نے بہت تنگ کیا مگر میں یاقہار پڑھتا گیا تو حضرت حکیم صاحب! اب حالات بالکل ٹھیک ہو گئے ہیں۔ ''جنات کا پیدائشی دوست،، میں آئے وظائف سے میری بہت سی پریشانیاں حل ہوئی ہیں۔ میں جنات کا پیدائشی دوست بہت شوق سے پڑھتا ہوں اور لوگوں کو بھی اس میں موجود وظائف کے بارے میں بتاتا ہوں جس سے مخلوق خدا کے مسائل بھی حل ہو رہے ہیں۔

* * * * *

سخت ترین سفلی جادو کیسے پلٹا؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آج جو عمل عبقری قارئین کو دینا چاہتا ہوں اس کی تفصیل کچھ یوں ہے کہ آج سے تقریباً 13 سال پہلے کی بات ہے ہمارا ایک شخص سے جائیداد کے سلسلے میں جھگڑا چل رہا تھا، انہی دنوں نامعلوم مجھے کیا ہوا اور میں سخت بیمار ہوگیا، بیمار بھی اتنا کہ چلنے پھرنے سے معذور ہوگیا، ہر جگہ سے علاج کروایا مگر کسی کو کچھ سمجھ نہ آتی، پھر روحانی علاج شروع ہوا تو معلوم ہوا کہ سخت ترین سفلی جادو ہے۔ میں اللہ سے رو رو کر دعائیں مانگتا کہ یااللہ مجھے اس اذیت سے نکال۔ پھر ایک عجیب واقعہ پیش آیا کہ رات نامعلوم کس وقت میری آنکھ کھل گئی اور میری آنکھوں کے سامنے عجیب وغریب حالات آنے شروع ہوگئے اسی کیفیت میں مجھ کو کسی کہنے والے نے کہا: چاروں قل پڑھوں، میں نے پڑھے، پھر حکم ہوا: اپنے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر پھونک مارو، میں نے ایسا ہی کیا، پھر حکم ہوا، اپنی ہتھیلی کو سونگھ میں نے سونگھا، پھر حکم ہوا زور سے سونگھو میں نے زور سے سونگھا، اسی طرح چار بار حکم ہوا میں نے چار بار انتہائی زور سے سونگھا تو ہتھیلی سے خوشبو آنا شروع ہوگئی، خوشبو بھی ایسی کہ آج تک دوبارہ نہیں سونگھی۔ پھر حکم ہوا اپنے دائیں طرف چکر کھاؤں، میں نے چار پائی پر ہی چکر کھانا شروع کیے، جیسے بچے زمین پر لیٹے لیٹے چکر کھاتے ہیں اور میں اسی دن صحت یاب ہوگیا، دوسری طرف اس آدمی کو ہارٹ اٹیک ہوا کچھ دن بعد فالج کا شدید حملہ ہوا، کافی سال چار پائی پر پڑا رہا، ایک دن مجھ سے گڑگڑا کر معافی مانگی اور بتایا کہ میں نے تم پر سخت جادو کروایا تھا جو مجھ پر الٹا پڑ گیا ہے۔ میں نے اسے دل سے معاف کردیا، کچھ عرصہ بعد وہ فوت ہوگیا۔ اس عمل کی میری طرف سے اجازت عام ہے۔

* * *

نیک جنات نے انسانی شکل میں مدد کی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کی خیریت کیلئے خدا سے ہمیشہ دعا گو ہوں، عبقری رسالہ پڑھ کر بہت خوشی اور فائدہ پایا۔ میں ”جنات کا پیدائشی دوست خاص نمبر،، کیلئے ایک زبردست سچا واقعہ لکھ رہی ہوں مجھے امید ہے آپ اگست 2016 کے شمارے میں ضرور شائع کریں گے۔ ماہنامہ عبقری سے بہت وظائف کیے جن کا بہت فائدہ ہوا لیکن علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا بتایا ہوا وظیفہ کرنے کی وجہ سے میں اتنی حیران ہوں کہ آپ کو بیان نہیں کرسکتی۔ میں نے جون 2013ء کے شمارے میں ”جنات کا پیدائشی دوست،، میں یَاقَادِرُ یَانَافِعُ کا وظیفہ کیا۔ میں جب بھی آٹا گوندھتی ہوں 41 دفعہ پڑھتی ہوں، بچوں کو اکتالیس دفعہ پڑھ کر دم کرتی ہوں، سفر پر، کام کرتے وقت پڑھتی ہوں۔

یاقادر یانافع کا ورد

اب آتی ہوں اصل واقعہ کی طرف میں ملتان اپنے بہن کے گھر جانے کیلئے تیار ہوئی، سفر بچوں کے ساتھ کٹھن لگ رہا تھا کیونکہ شوہر پہلے ہی ملتان تشریف لے گئے تھے، سفر شروع ہوتے ہی یَاقَادِرُ یَانَافِعُ کا ورد شروع کر دیا۔ سفر بہت اچھا گزرا وہاں بہن کے گھر پہنچے، کھانا وغیرہ کھایا، کچھ دیر آرام کیا، تو میری بھانجی کہنے لگی کہ خالہ آج بہاؤالدین زکریا رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر چلتے ہیں ہم سب شام کے وقت تیار ہوگئے، رکشے پر بیٹھتے ہی میں نے یَاقَادِرُ یَانَافِعُ کا ورد شروع کر دیا، ہم وہاں گئے مزار پر فاتحہ خوانی کی، ساتھ موجود باپردہ جگہ پر قرآن خوانی اور نوافل وغیرہ پڑھتی رہی۔ بچے قریبی پارک میں کھیلتے اور جھولے وغیرہ لیتے رہے۔ آخر میں قلعہ کی ایک عمارت جس کا نام ”دم دما،، ہے اور اس جگہ کی خصوصیت یہ ہے کہ وہاں سے سارا ملتان شہر نظر آتا ہے، ہم نے کہا ہم وہاں بھی جائیں گے وہ جگہ حکومت نے ٹھیکہ پر دی ہوئی

ہے جس پر ٹکٹ لگائی ہوئی ہے۔ ہم تین بہنیں تھیں، دو بھانجیاں اور میرے تین بچے تھے، ہم نے اپنے ٹکٹ لیے، بقایا پیسے انہی کے پاس تھے کہ بچے پہلے بھاگے تو وہاں ٹکٹ چیک کرنے والے نے بدتمیزی کرنا شروع کر دی کہ آپ لوگوں نے ٹکٹ تو لیے نہیں کدھر بھاگے جا رہے ہو۔

دم دما نہیں دیکھنے دوں گا:

ہم نے کہا کہ بھائی حوصلہ کریں اتنی بدتمیزی کیوں کر رہے ہیں؟ بقایا پیسے تو آپ لوگوں کے پاس ہیں اور ٹکٹ یہ دیکھیں ہمارے ہاتھ میں ہیں لیکن اس شخص کو نا معلوم کیا ہوا کہنے لگا: آپ ٹکٹ دکھائیں بھی تو میں آپ لوگوں کو ''دم دما'' نہیں دیکھنے دوں گا، انتہائی غصے میں اٹھا پہلے بچوں کو دھکے دیئے اور بعد میں با قاعدہ ہم بہنوں کو دھکے دیئے، میں مسلسل اسی وظیفہ کا ورد کرتی رہی ہمیں غصہ آیا، میں نے اس شخص سے کہا: ہم تمہارے خلاف قانونی چارہ جوئی کریں گے۔

مجھے شدید غصہ آ رہا تھا:

خیر ہم یَاقَادِرُ یَانَافِعُ کا ورد کرتے ہوئے وہاں سے چل پڑے، آگے پولیس والے کھڑے تھے ہم نے ان کو بتایا تو انہوں نے کہا کہ یہ ٹھیکے دار لوگ ہیں ہم ان کو کچھ نہیں کہہ سکتے، مجھے شدید غصہ اس بات پر آ رہا تھا کہ انہوں نے ہم عورتوں کے ساتھ بغیر وجہ کے اتنی بدسلوکی کی، ورد میری زبان پر جاری تھا۔ اوپر سے پولیس والوں نے بھی ہمارا ساتھ نہیں دیا۔ ورد کے ساتھ ساتھ اب تو میری آنکھوں سے آنسو بھی جاری ہو گئے۔

اتنا بد اخلاق شخص پہلے کبھی نہ دیکھا:

میں بس یہی سوچ رہی تھی کہ آج اس نے ہمارے ساتھ اتنی شدید بدتمیزی کی ہے آئندہ کسی اور کے ساتھ کرے گا یا کرتا رہا ہوگا، اتنا بد اخلاق شخص ہم نے پہلے کبھی

نہیں دیکھا ہوگا۔ اچانک ایک ”ویل ڈریس“ شخص نمودار ہوا، اس کے ساتھ دو بندے اور بھی تھے۔ انہوں نے انتہائی ادب کے ساتھ مجھے مخاطب کیا: باجی ہم کب سے آپ کو دیکھ رہے تھے، اس بندے نے آپ کے ساتھ انتہائی بدتمیزی کی ہے اس کو اس کی سزا ضرور ملنی چاہیے۔ قلعہ کے ساتھ ہی 15 نمبر کا کاؤنٹر تھا وہ ہم سب کو ادھر لے گئے، میں اور میری بڑی باجی باپردہ پولیس چوکی کے اندر گئیں، تمام صورت حال بتائی اور یہ بھی کہا ہم اس کی نوکری یا رزق کے دشمن نہیں لیکن ہمیں انصاف ضرور ملنا چاہیے تاکہ آئندہ یہ کسی کے ساتھ ایسا سلوک نہ کرے۔

یہ غیر اخلاقی عمل ہے:

اس پولیس آفیسر نے بھی کہا کہ یہ غیر اخلاقی عمل ہے، فوراً ایف آئی آر کاٹو اور گاڑی فوراً بھیجو اس نے ہم سے کوائف اور پتہ، فون نمبر پوچھا تو ہم پریشان کہ ہم عورتیں ہوتے ہوئے کیسے اپنا نام، پتہ لکھوائیں، جو بندہ ہمارے ساتھ گیا تھا وہ اچانک بولا: باجی پریشان نہ ہوں، میں اپنا نام، پتہ لکھواتا ہوں وہ بہت بڑا فنانس آفیسر تھا، ہم دفتر سے باہر نکلے، ورد جاری تھا لیکن مجھے نامعلوم ایسے کیوں محسوس ہو رہا تھا کہ وہ انسان نہیں بلکہ کوئی نیک جن ہیں کیونکہ میں عبقری رسالہ پڑھتی رہتی ہوں اتنا میں محسوس کرسکتی ہوں کہ ضرور یہ اللہ کی طرف سے مدد تھی کہ کوائف کے وقت اللہ نے ہماری عزت بچائی تھی اور اس بندے کو بھیجا تھا۔

آئندہ بھی ایسی حرکت نہ کروں گا:

باہر آکر گھاس پر مغرب کی نماز ادا کی اور اس فنانس آفیسر سے میں نے فون نمبر لے لیا اور کہا بھائی اب ہماری طرف سے سارا مسئلہ آپ کے سپرد اب ہم دوبارہ پولیس والی جگہ پر نہیں جائیں گے وہ تینوں دوست ”دم دما“ کی طرف گئے، ہم دور سے دیکھ رہے تھے پولیس وہاں آئی ہوئی تھی، اس شخص نے معافیاں مانگی، اس فنانس آفیسر

سے معذرت کی اور کہا کہ آئندہ کبھی ایسا بداخلاقی والا فعل کسی کے ساتھ نہیں کرے گا، رات کو میں نے اس فنانس آفیسر کو شوہر کے موبائل سے فون کیا اور تمام صورتحال معلوم کی تو اس نے کہا کہ میں نے پولیس والوں سے کہا کہ اس نے معذرت کر لی ہے۔ ہمارا مقصد ہمیں اپنے وظیفے کی وجہ سے مل گیا کہ آئندہ وہ کسی سے بداخلاقی نہیں کرے گا۔

نیک جنات نے انسانی شکل میں مدد کی:

میرا یَاقَادِرُ یَانَافِعُ پر اتنا یقین بڑھ گیا ہے کہ اس یقین کی وجہ سے نیک جنات انسان کی شکل میں ہماری مدد کو آئے پھر میں نے اپنی بھانجیوں اور بہنوں کو کہا کہ دیکھو یہ انسان نہیں بلکہ نیک جنات ہیں۔ میری بہنوں اور بھانجیوں نے کہا آنٹیواقعی ہم آپ کی بات سے اتفاق کرتے ہیں اسی دن سے میں اور سب بہنیں میرے بچے، بھانجیاں یہی وظیفہ کرتے ہیں جب بھی میں اکیلی بیٹھتی ہوں اس واقعہ کو یاد کر کے حیران ہوتی ہوں۔ میری تمام قارئین سے التجا ہے کہ پورے یقین سے اس وظیفہ کو کریں، کوئی شک نہیں کہ آپ کو اپنا مقصد نہ ملے مجھے کرتے ہوئے صرف ڈیڑھ ماہ ہوا ہے اور اتنے اچھے اثرات حاصل ہوئے کہ بیان سے باہر، بچے ضد کرتے تھے، لڑتے تھے، اکتالیس مرتبہ دم کر کے پانی دیتی ہوں، کھانا کھاتے ہوئے مسلسل پڑھتے رہتے ہیں مجھے خوشی ہوتی ہے کہ میرے چھوٹے چھوٹے بچوں کو ان دو الفاظ کا شعور ہے اسی کی برکت سے اب میرا کہنا مانتے ہیں اور لڑتے بھی نہیں۔ میری اس تحریر سے قارئین اگر عمل کریں تو ضرور فائدہ پائیں گے، آپ کو ایسا محسوس ہوگا کہ آپ کے ساتھ کوئی طاقت ہے یہ ورد کرتے ہوئے آپ ٹھیک سمت اختیار کریں گے۔ آپ کو اللہ کے نیک بندوں کی خواب میں زیارت ہوگی جو کہ اسی ورد کی وجہ سے اکثر مجھے ہوئی ہے۔

* * *

تکلیف دہ آوازیں ختم ہوگئیں

عجیب واقعہ:

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں۔ اس میں موجود وظائف اور نسخہ جات خود بھی کرتی ہوں اور دوسروں کو بھی بتاتی ہوں۔ خاص طور پر علامہ لاہوتی پراسراری کا کالم ”جنات کا پیدائشی دوست،، میں دیئے گئے وظائف لاجواب ہوتے ہیں۔ ہمارے گھر میں ایک عجیب واقعہ ہوا کہ ایک دن میرے کمرے میں مغرب سے شروع ہوکر ایک مخصوص کیڑے کی آوازیں آنا شروع ہوگئیں اور ساری رات مسلسل آتی رہیں۔ ایسا مسلسل تین رات ہوتا رہا، میں ساری رات نہ سوسکتی۔ کچھ دن آرام رہا پھر وہی عجیب سی آواز آنا شروع ہوجاتی اور میں ساری رات نہ سوتی، یہ کام عشاء کے بعد شروع ہوتا اور فجر تک رہتا۔ اس سے اگلے دن جب وہی آواز آنا شروع ہوئی تو میں نے کمرے میں کھڑے ہوکر سات مرتبہ اذان پڑھی اور سات مرتبہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات پڑھ کر کمرے کے چاروں کونوں میں پھونک ماری اور پھر یَاقَھَّارُ پڑھنا شروع کردیا جب تک دل میں بے چینی رہی میں یَاقَھَّارُ پڑھتی رہی کہ یااللہ اگر یہ شیطانی قوت ہے تو تیرے نام کی طاقت سے جل جائے اور ہمیں کوئی نقصان نہ پہنچا سکے اور منہ کے بل گرے۔

آوازیں آنا بند:

کچھ دیر پڑھنے کے بعد ہی وہ خوفناک آواز آنا بند ہوگئی اور اس کے بعد الحمدللہ پھر کبھی وہ آواز نہیں سنی۔ پھر میں نے یہی درج بالا عمل پورے گھر میں روزانہ کرنا شروع کردیا۔ ہمارے گھر میں روز جھگڑے ہوتے تھے، مزاجوں میں بہت زیادہ تلخی ہوتی تھی، کوئی کسی سے بات تک کرنا گوارا نہ کرتا تھا مگر اب الحمدللہ گھر کے حالات میں بہت بہتری آئی ہے۔ کبھی کبھی جھگڑے ہوبھی جاتے ہیں مگر مزاجوں میں تلخی بہت کم

ہوئی ہے۔ بہت حیران ہوتی ہوں اکثر محسوس ہوتا ہے کہ یہ شاید خواب ہی ہو یا پھر کوئی دھوکہ ہو لیکن ہم واقعی کئی بار ایک ساتھ بیٹھ کر سب ہنستے، مسکراتے ہیں، اکثر بدگمان ہونے لگتی ہوں لیکن پھر عبقری میں موجود وظائف، اللہ کا کرم اور حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی توجہ یاد آتی ہے تو دل کو سمجھا لیتی ہوں کہ یہ ممکن ہے اور ایسا ہو بھی رہا ہے۔ اللہ کی رحمت بھی ہمارے گھر آئی ہے بھائی کے گھر بیٹی''ا،، کی صورت میں۔ الحمدللہ! ''جنات کے پیدائشی دوست،، میں موجود وظائف گھر میں سکون لے آئے ہیں۔

* * *

کالے وار نے مجھ پر کیا ظلم ڈھائے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی عمر مزید دراز کرے۔

محترم حکیم صاحب! میری شادی کے چار سال بعد مجھے جوڑوں کا درد شروع ہوگیا، ڈاکٹر سب جوڑوں کا درد کہتے مگر مجھے مسئلہ جنات کا تھا۔ اب میں پہلے یہ بتاتی ہوں کہ درد شروع کیسے ہوا؟ میں اپنے برآمدے میں بیٹھی کپڑے سی رہی تھی کہ نامعلوم کس سمت سے اتنی تیزی سے پتھر آیا اور میرے بازو پر لگا کہ میری چیخ نکل گئی۔ پھر کیا تھا موٹے موٹے پتھر ہمارے گھر آنا شروع ہوگئے، کچھ میرے سر پر لگے کچھ بازو پر، کچھ ٹانگوں پر۔ ایک دو دن کے بعد پھر یہی سلسلہ شروع ہوا اور میری ٹانگ زخمی ہوگئی۔ پتھر گھر میں صرف مجھے ہی لگتے تھے۔

بازو توڑ ڈالی:

ایک دن میرے بازو میں شدید درد ہوا جیسے بازو ٹوٹ گئی ہو، بام وغیرہ لگائی، گولیاں کھائیں مگر آرام نہ آیا۔ ہمارے علاقہ میں ایک بوڑھی جراح بازو وغیرہ جوڑتی ہیں، میں نے اپنی ساس صاحبہ کو ساتھ لیا اور اس جراح کے پاس چلی گئی اس نے دیکھا تو کہا آپ کی تو ہڈی ٹوٹی ہوئی ہے۔ اس نے زور سے جھٹکا دیا اور کہا کہ ہڈی اپنی اصل جگہ پر آگئی ہے، میں ساری رات درد سے تڑپتی رہی، انجکشن وغیرہ لگوائے مگر فرق نہیں ہوا، گھر والے ہسپتال لے گئے، انہوں نے کہا بازو ٹوٹ گئی ہے، اس نے جوڑ پر پٹی وغیرہ کردی کچھ دنوں میں آرام آگیا اسی طرح پھر گھٹنوں میں درد ہوا جیسے نکل گئے ہوں، میں نے امی (ساس) سے کہا آج میرے گھٹنے اتر گئے وہ ہنسنے لگیں کہ پلاسٹک کے نہیں ہیں مگر مجھ سے چلا نہیں جا رہا تھا، چارپائی سے اتر ہی نہیں سکتی تھی۔ دو تین دن ڈاکٹر کی دوائی کھانے سے آرام آگیا مگر پھر تو دردوں کا مسلسل سلسلہ چل نکلا اور پتھر بھی آتے رہے۔

اگر ایک گھٹنے میں انجکشن لگواتی وہ ٹھیک ہوتا تو دوسرے ہی دن دوسرے میں درد شروع ہو جاتا دوسرے میں لگواتی تو پہلے میں شروع ہو جاتا اسی طرح بازوؤں میں بھی درد رہتا۔ میں بہت پریشان رہنے لگی۔ میرے شوہر نے پتہ لگوایا تو معلوم ہوا کہ جادو و جنات کا چکر ہے۔

میرے شوہر کہیں سے تعویذ لے آئے:

میرے شوہر کہیں سے تعویذ لے کر آئے ان تعویذوں سے مجھے آرام تو آ گیا مگر میرے نصیب میں شاید زیادہ دن تندرستی نہیں تھی، میریکون کے ہاں بیٹی ہوئی میں وہاں چلی گئی بس پھر کیا تھا درد دوبارہ شروع ہو گیا۔ پھر دوبارہ میرے شوہر وہی تعویذ تین چار مرتبہ لے کر آئے مگر مجھے آرام نہ آیا۔ اگر کوئی کسی عامل کا بتا دیتے، وہاں چلے جاتے جتنے بھی پیسے عامل مانگتا ہم دیتے مگر کوئی فرق نہ پڑتا۔ پیسہ پانی کی طرح بہایا مگر سب ضائع گیا۔ حتیٰ کہ ہمیں کسی نے ایک غیر مسلم عامل کا بتایا، ہم نے اس سے بھی علاج کروایا۔ اس نے بتایا کہ کسی نے آپ پر جنات بھیجے ہیں، اس نے کافی محنت سے جن حاضر کیا مگر اسکے بعد میرے ہاتھ پاؤں نے کام کرنا چھوڑ دیئے۔ پھر ایک عورت عامل کے پاس گئے اس پر مسلمان جن آتا ہے، اس نے بہت سارا سامان، پیسے اور کالا بکرا منگوایا تو وہ جن آیا۔

جن بولا: میں صرف اس بچی کیلئے آیا ہوں:

جب اس عورت پر مسلمان جن آیا تو وہ کہنے لگا میں صرف اس بچی کیلئے آیا ہوں ورنہ رمضان میں ہم اپنے ملک چلے جاتے ہیں بہت قسمیں وغیرہ دے کر میرے جسم سے جن نکالا اور دھاگہ وغیرہ دے کر چلا گیا اور میرا جسم ہلکا ہو گیا اور میں اپنے پاؤں پر چل کر گاڑی میں آ کر بیٹھی جیسے ہی میں اپنے گھر داخل ہوئی میری حالت پھر ویسی ہی ہو گئی۔ آہستہ آہستہ میری حالت اتنی بگڑی کہ مجھے سہارا دے کر ہاتھ روم لے کر

جاتے۔ پھر کسی نے ایک غیر مسلم کا بتایا کہ وہ گارنٹی سے کام کر دیتا ہے۔ اس کے پاس گئے اس نے پچاس ہزار روپے مانگے، بحث وغیرہ کر کے اسے بیس ہزار میں راضی کیا۔ اس نے پتہ لگوایا تو کہا کہ کسی نے کالا علم کروا دیا ہے۔ علاج شروع ہو گیا اور سامان وغیرہ منگوا کر دیا۔ بیس ہزار کیش اس نے علاج شروع کرنے سے پہلے لیا مگر کوئی فرق نہیں ہو رہا تھا کہنے لگا میں نے تو علاج کر دیا ہے، اس چیز کو جلا دیا ہے کسی نے پھر وار کر دیا ہم نے کہا اس چیز کا بھی توڑ کر دو مگر اس نے مزید رقم کا تقاضا کیا۔ لالچی لوگوں کو اللہ ہی ہدایت دے۔ میری حالت ایسی ہو گئی کہ مجھے دیکھ کر کوئی پہچان نہیں سکتا تھا۔ پھر ہمیں کسی اللہ والے نے بتایا کہ قرآن پاک کی آخری تین سورتیں چالیس دن سارا دن، سارا گھر کھلا پڑھیں، فرق پڑ جائے گا، چالیس دن پڑھنے سے الحمدللہ پتھر آنے بند ہو گئے۔ پھر میں نے دفتر ماہنامہ عبقری خط لکھا تو آپ نے ہر وقت یَاقَھَّارُ کھلا پڑھنے کو بتایا، میں ہر وقت کھلا یَاقَھَّارُ پڑھ رہی ہوں الحمدللہ پہلے سے بہت زیادہ فرق ہے اور میں بہت تیزی سے صحت یاب ہو رہی ہوں۔

* * * * *

جعلی عامل اور جادو سے جان چھڑوائی؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کریم آپ پر بے شمار رحمتیں اور برکتیں نازل فرمائے۔ حضرت میں پچھلے کچھ دنوں کے احوال آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہ رہی ہوں۔ میں جادو جنات اور ایک اخباری عامل کے چکر میں پھنس چکی تھی۔ ہوا کچھ یوں کہ اخبار میں ایک عامل بابا کا بہت زیادہ آ رہا تھا کہ قرآن وسنت کی روشنی میں حل بتاتے ہیں اور مختلف کیس بھی اخبار کے آدھے صفحے پر لکھے ہوتے تھے۔ امی پڑھ پڑھ کر بہت زیادہ متاثر تھیں کہ ہمارا مسئلہ بھی اللہ ان سے حل کروائے گا۔ بہرحال ناں ہاں کرتے کرتے آخر ان کو فون کیا۔ گھر میں ایسے فون والے کام سب مجھے ہی دیتے ہیں۔ بادل ناخواستہ مجھے بات کرنی پڑتی ہے۔ اخبار میں فیس کا ذکر نہیں تھا۔ مختصراً یہ کہ پہلے بتایا کہ سخت جادو ہے، 5500 روپے لگیں گے۔ ہم نے ایزی پیسہ کے ذریعے ان کو بھیج دیئے۔ بقول ان کے تین دن کا کام ہے۔

مجھے یقین نہیں تھا:

اگلے دن کہنے لگے کام بہت سخت ہے 7500 مزید لگے گیں۔ میرا دل شروع سے نہیں مان رہا تھا مجھے دل سے ہوتا ہے کہ بس عبقری والے صحیح ہیں باقی کسی کا کوئی بھروسہ نہیں کہ صحیح عمل کر رہے ہیں یا کالا سفلی عمل۔ امی ابو کو بہت بھروسہ تھا۔ میں نے پوچھا تو کہنے لگے کہ ہم سید ہیں، ایسا کوئی کام نہیں کرتے، قبر میں جانا ہے، اللہ کو منہ دکھانا ہے، پھر بعد میں یہ بھی کہا کہ ہم قبرستان میں عمل کرتے ہیں اور وہ جادو جس نے کیا ہے اس پر پلٹانا لازمی ہے اور 7500 وہ کوئی کستوری کا عمل کرنے کیلئے مانگ رہے تھے۔ میں ڈر گئی، منع کر دیا کہ نہیں کروانا، آگے سے ان کی دھمکی کہ پیسے بھیجو ورنہ عمل بیچ میں چھوڑنے کا نقصان بہت زیادہ ہوگا مگر قبرستان اور جادو پلٹانا کی بات پر میرے دل میں 99٪ فیصد یقین ہوگیا کہ یہ سفلی عمل کا چکر ہے، منع کرنے کے

باوجود وہ بار بار فون کرتا رہا، ادھر ابو لوگوں کو یہ تھا کہ وہ پیسے کھانے والے ہیں مگر کالا جادو نہیں کرتے اور میں یہ کہتی تھی کہ چلو پیسے تو چلے گئے مگر ایمان نہ جائے۔ بس بہت مانگا اللہ سے، آپ کی تعلیم کردہ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ وَ نَفْسِیْ وَ وَلَدِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ والی دعا دل سے کثرت سے پڑھتی رہی۔ آخر کار ایک دوست کے وسیلہ سے

اللہ نے نجات کی ترغیب سمجھائی:

اللہ نے نجات کی ترغیب سمجھائی، ہم نے اس عامل سے کیسے جان چھڑوائی یہ ایک بہت لمبی داستان ہے اب الحمدللہ ہمارے ساتھ بہت سے لوگوں کی اس سے جان چھوٹ چکی ہے۔ اس واقعہ کے بعد سے اخبار میں ان کے بارے میں آنا بھی بند ہوگیا۔ اس کے بعد سب لوگوں کو آپ کے دیئے ہوئے وظیفہ اذان اور افحسبتم اور آپ کی اہمیت کا احساس ہوا کہ وہ عبقری والے باباجی سب سے صحیح ہیں۔ حضرت آپ کی دعائیں اور اللہ کی مہربانی ہے کہ اس جنجال میں پھنسنے کے باوجود ہم لوگ نکل آئے۔ اس کے بعد میرے چچا کو کسی نے سات دن کا کوئی عمل بتایا، تعویذ دیا، کچھ بول کر تعویذ پر چپل مارنے تھے، پھر جلانا تھا، یہ تو کرلیا اس کے بعد پورے گھر کو سمندر کے پانی سے دھونا تھا۔ سامان نکالنا، دھونا اور رکھنا اس کیلئے گھر والے راضی نہ ہوئے، پھر کالا بکرا قربان کرنا تھا وہ بھی کرلیا۔

آخر یہ سب کیا ہے؟

مجھے سمجھ نہیں آتی کہ یہ سب کیا ہے؟ مجھے شدت سے احساس ہوتا ہے کہ ان کاموں کے بجائے مسنون قرآنی دعائیں پڑھ کر اللہ سے دعائیں مانگیں، پھر دیکھیں جادو جنات، بندشیں کیسے جاتی ہیں۔ ان کاموں میں وقت، پیسہ سب برباد بھی کرو اور یقین بھی نہ ہو کہ عمل کالا ہے یا روحانی۔

مجھے جن بھوت سے بہت ڈر لگتا تھا، رات میں اب اکیلے سوتی ہوں، کبھی آنکھ کھل جائے تو خوب محسوس ہوتا، کسی کے بیڈ پر بیٹھنے کا احساس ہوتا، لگتا بیڈ کا گدا دب

رہا ہے۔ بہت دعائیں مانگیں کہ یا اللہ! میرے دل سے اپنے سوا ہر غیر کا ڈر نکال دے، ختم کردے۔ اب میں پورے کمرے کا حصار کر کے آیۃ الکرسی پڑھتی ہوں، کمرے میں تہدیدی نامہ مبارک لگا رکھا ہے، ایک تکیہ کے نیچے رکھا ہے۔ آیۃ الکرسی پڑھتے پڑھتے سو جاتی ہوں۔ اب فوم دبنے کا احساس نہیں ہوتا، نہ ہی کسی قسم کا ڈر لگتا ہے۔ ساری رات پرسکون سوتی ہوں۔

* * *

جادو جنات سے چھٹکارا پانے والے

محترم حکیم صاحب! اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ ہستی میرے لیے اب سب سے اہم ہے کہ آپ اللہ کے رسول ﷺ کی محبت دل میں ڈالتے اور ہماری روحانی و جسمانی زندگیوں کو سنوارتے ہیں، درس سے روح کی وہ تربیت ہوتی ہے جس کے اظہار کیلئے الفاظ نہیں، گناہوں سے نفرت اور اعمال میں ہی سکون ملتا ہے۔

نامعلوم کس کی بری نظر لگی:

ہم آپ کے پاس بہت گری ہوئی حالت میں آئے تھے، میری شادی کے پہلے چند سال تو بہت اچھے گزرے، مگر پھر اچانک نامعلوم کس کی بُری نظر لگی میرے شوہر کا کاروبار دن بدن ختم ہونے لگا۔۔۔ گھر میں میں، بچے، شوہر سب بیمار۔۔۔ عجب سی نحوست تھی۔ کبھی کبھی ہمارے گھر میں خون کے چھینٹے گرتے، پریشانیاں تھیں کہ بس بڑھتی ہی جا رہی تھیں۔ جہاں جاتے کوئی جادو بتاتا، کوئی نظر بد بتاتا۔ جو جیسے کہتا کرتے، جو پڑھنے کیلئے دیا جاتا وہ پڑھتے مگر حالات سدھرنے کا نام نہیں لے رہے تھے۔ ان سب پریشانیوں نے مجھے اور میرے شوہر کو ڈیپریشن کا مریض بنا کر رکھ دیا تھا۔ ہم ہر وقت آپس میں لڑتے رہتے تھے۔

سب چھوڑ کر سورۂ قریش پڑھنا شروع کر دی:

جب کسی نے آپ کا بتایا تو آپ کے پاس آئے تو آپ نے سورۂ قریش کا وظیفہ (ہر وقت سورۂ قریش پڑھنی ہے) خوب کرنے کو کہا۔ ہم نے سب کچھ چھوڑ کر صرف سورۂ قریش پڑھنا شروع کر دی، جیسے جیسے پڑھتے جاتے ویسے ویسے حالات ٹھیک ہونا شروع ہو گئے۔ گھر میں برکت آئی، سکون آیا، میرے شوہر کا کاروبار پہلے سے کافی بہتر ہوا جس سے ہمارے بہت سے مسائل حل ہوئے۔ پھر ایک بہت بڑا مسئلہ کھڑا ہوا کہ ہمیں مالک مکان نے بیس دن بعد ہر حال میں مکان خالی کرنے کو کہہ دیا۔ نہ ہمارے پاس پیسے تھے اور نہ ہی کہیں سر چھپانے کی جگہ۔ دفتر عبقری رابطہ کیا انہوں نے حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ تو بہ ۱۲۹ سے نوازا۔ ہم نے خوب گڑگڑا کر پڑھا۔ گھر کا سارا سامان پیک کرتے ہوئے رو رو کر پڑھا کہ اے اللہ! گھر نہیں، مالک مکان نے گھر خالی کرنے کا آرڈر دے دیا ہے، ایک دن پہلے تک یہ حالت تھی کہ جیسے قربانی کا جانور ذبح کیلئے مجبور کھڑا ہو۔ کوئی گھر، وسیلہ نظر نہیں آ رہا تھا، مگر توکل میں بھی بالکل کمی نہ تھی۔ صبح کے وقت سامان گھر کے باہر رکھ رہے تھے اور ساتھ روتے ہوئے ذکر بھی جاری تھا کہ میرے سسر کا فون آیا اور انہوں نے ہمیں اپنی کوٹھی میں بلا لیا۔ ایک لمحے میں اللہ نے ہم کو فرش سے اٹھا کر عرش پر پہنچا دیا۔ چند لمحے پہلے ہر کوئی کہتا تھا کہ بہت اپنے مرشد کے وظیفے پڑھتی ہو کچھ بھی نہیں بنا۔۔۔ مگر پھر اچانک سب حیران کہ کیسا عجیب انوکھا کام ہوا ہے۔

* * *

جادو کا توڑ

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں جنوری 2013ء سے مسلسل ماہنامہ عبقری پڑھ رہا ہوں، اس میں موجود وظائف خود بھی کرتا ہوں اور لوگوں کو بھی بتاتا ہوں۔ میں عرصہ بارہ سال سے مالی و معاشی پریشانی میں مبتلا ہوں۔ اس سے پہلے اللہ تعالیٰ کے کرم سے بہت اچھے دن گزار رہا تھا کبھی میرے اور کبھی میری بیوی کے کپڑوں پر خون کے چھینٹے گرتے اور کبھی ہمارے کپڑوں پر کٹ لگ جاتے۔ کچھ عرصہ پہلے علامہ لاہوتی پراسراری کے کالم ''جنات کا پیدائشی دوست،، میں یَاقَہَّارُ کا عمل چھپا جو میں نے اور میری بیوی نے صبح و شام گیارہ گیارہ تسبیح اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھنا شروع کر دیا۔ اس کے علاوہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور یَالَطِیْفُ یَاعَلِیْمُ یَاخَبِیْرُ بھی پڑھتا رہتا۔ اس کے علاوہ سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص پڑھ پڑھ کر علامہ لاہوتی پراسراری اور صحابی بابا کو ہدیہ کرتا رہتا ہوں۔ ان سب اعمال کے جو مجھے فائدے ہوئے میں بتا نہیں سکتا۔ ہمارے گھر سے جادو کے اثرات دن بدن کم ہو رہے ہیں، اب خون کے چھینٹے نہیں گرتے اور گھر میں سکون آتا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور علامہ لاہوتی پراسراری کو اور آپ کے ادارے کے تمام لوگوں کو اس نیک کام میں کامیابی و کامرانی نصیب فرمائے۔

* * * * *

دشمن جن کو دوست بنانے والا لاجواب عمل

زندگی میں پہلی مرتبہ جن سے بات ہوئی:

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو ایمان کیساتھ درازی عمر عطا فرمائے آمین! ۔ کل رات ایک ایسا واقعہ پیش آیا کہ قلم اٹھانے پر مجبور ہوگئی۔ زندگی میں پہلی مرتبہ کسی جن سے مکالمہ ہوا۔ ہمارے گھر میں چند دنوں سے عجیب باتیں رونما ہورہی تھیں، عبقری کا کوئی وظیفہ شروع کرتی تو پڑھنا یاد ہی نہ رہتا۔ اب اصل واقعہ بیان کررہی ہوں جو عام لوگوں کیلئے تو ناقابل یقین ہے مگر جن کے ساتھ ایسے واقعات بیت چکے ہیں ان کیلئے نہیں۔ میری بیٹی ایک ذہین اور ہونہار طالبہ ہے، اس کا نویں جماعت کا رزلٹ آنے والا ہے، دو دن پہلے رات کو شدید پیٹ میں درد ہوا، ہم لے کر اسے ہسپتال چلے گئے انہوں نے چیک کیا تو کہا کہ اس کو اپنڈکس ہے وہ بھی خطرناک پوزیشن میں ابھی آپریشن کرنا ہے، خیر آپریشن کے چوبیس گھنٹے بعد ہم گھر آ گئے، مگر بچی پھر بھی تکلیف میں تھی، میرے شوہر اکثر گوشت کا صدقہ گھر کی چھت پر ڈالتے ہیں مگر اس مرتبہ میرے شوہر گوشت صدقہ کرنے کیلئے لائے تو کچھ دیر میں اس میں سے شدید بدبو آنا شروع ہوگئی جب چھت پر ڈالا تو کسی پرندے نے اسے منہ تک نہ لگایا۔

کون ہو تم؟ کیوں آئی ہو؟

عین اسی وقت میں اپنی بیٹی کے پاس جوس لے کر گئی تو وہ بُری طرح گھورنے لگی، بولی کون ہو تم؟ کیوں آئی ہو؟ میں سمجھی دواؤں کا اثر ہے، قریب گئی تو زور سے مجھے دھکا دیدیا، کہنے لگا: دفعہ ہوجاؤ یہاں سے، میں نے کانپتے ہوئے باآواز بلند آیت الکرسی پڑھنا شروع کردی تو بولا چپ کر اسے نہ پڑھ۔۔۔ تھوڑی دیر کے بعد میں نے اذان اور افحسبتم کا عمل شروع کردیا تو بولا ہمیں کیوں جلا رہے ہو، تم نے مجھے آگ لگادی ہے، یہ نہ کرو، سب گھر والے اکٹھے ہوگئے اور ہم نے باآواز بلند یا قہار کا

ورد شروع کر دیا، پانی پر یَاقَھَّارُ پڑھ پڑھ کر دم کر کے بچی پر چھڑکا اور پلانے کی کوشش کی بہت مشکل سے پانی بچی کے منہ میں ڈال سکی، تھوڑی دیر بعد وہ جن اس ورد کے نعرے لگانے لگا، ہم سب بھی پڑھ رہے تھے، گھر کا دروازہ بجا اس نے کھولنے سے منع کر دیا، موبائل بجا تو بھی ریسیو کرنے سے منع کر دیا، کچھ دیر بعد میری بیٹی مسکرائی اور جن میرے ہاتھ پکڑ کر شکریہ ادا کرنے لگا، تم نے مجھ پر احسان کیا، میرے بچوں کو بچا لیا، میں آپ کی بیٹی کی مدد کروں گا۔ میں نے اسے کہا ہم تمہیں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا واسطہ دیتے ہیں یہاں سے چلے جاؤ، اس نے کہا جو چیز صدقہ کیلئے چھت پر ڈالی ہے وہ لاؤ ہم لے آئے اس نے یَاقَھَّارُ کا پانی اس پر ڈالا تو وہ گوشت اسی وقت جل گیا، اس نے کہا میں کہاں جاؤں؟ وہ مجھے مار دیں گے۔

میں اب تمہاری مدد کروں گا:

میں نے اچانک کہا تسبیح خانہ میں چلے جاؤ وہاں تمہیں کچھ نہیں ہوگا، پھر علامہ لاہوتی کے نعرے لگانے لگا، کہنے لگا ہاں میں ان تک پہنچ گیا، اب میں تم لوگوں کی مدد کروں گا، پھر کہنے لگا اب بچی کے تن پر جو کپڑے ہیں وہ تین انچ لمبے چاقو سے کاٹ دو، پھر نماز مغرب پڑھنے کے بعد کہنے لگا تم لوگ سخی نہیں ہو سخی بنو، میں کہا اب میں جاتا ہوں کوئی بھی مسئلہ ہو میری ضرورت ہو تو 10 مرتبہ یَاقَھَّارُ پڑھنا میں آ جاؤں گا، میں وعدہ کرتا ہوں آئندہ تمہاری بیٹی کو تنگ نہیں کروں گا۔ خدا حافظ! اس کے بعد میری بیٹی بولی امی میرا جوس دو نا جو لائی تھی، ہم سب نے خدا کا شکر ادا کیا کہ اتنی بڑی مصیبت اللہ کے کرم اور آپ اور علامہ صاحب کی مدد سے حل ہوئی۔

* * *

دو انمول خزانے نے بائیس سال پرانا جادو ختم کر دیا

محترم قارئین! آج سے بائیس سال پہلے میری شادی میری خالہ کے گھر ہوئی۔ شادی کے بعد میرے شوہر کا رویہ میرے ساتھ بہت اچھا تھا۔ مگر کچھ مہینوں بعد وہ بالکل مجھ سے لاپرواہ ہو گئے، انہیں میری کوئی فکر نہ ہوتی، ایک مرتبہ میں کمرے سے باہر کام میں مصروف تھی کہ میرے کمرے میں خود بخود آگ لگ گئی اور میرے جہیز کا آدھے سے زیادہ سامان جل کر خاکستر ہو گیا۔ میری ساس کا رویہ بھی دن بدن میرے ساتھ خراب ہوتا جا رہا تھا مگر زندگی گزرتی رہی۔ میرے میاں ایک فیکٹری میں کام کرتے تھے۔ ایک مرتبہ میرے کمرے کے بیچ و بیچ ایک لونگ پڑی ہوئی ملی کیونکہ فرش صاف اور میرے علاوہ کوئی اور تھا بھی نہیں۔۔۔ میں نے وہ لونگ اپنے سسرال والوں کو دکھائی تو میری ساس مجھے ایک عورت کے پاس لے کر گئیں۔

ایک لڑکی آپ پر جادو کروا رہی ہے؟

اس نے سارا حساب لگا کر بتائی کہ کوئی لڑکی ہے جو آپ کے شوہر سے شادی کرنا چاہتی تھی وہ آپ کے سسرال میں سے ہے، وہ آپ پر جادو کروا رہی ہے تاکہ آپ کا گھر ٹوٹ جائے۔ انہوں نے لڑکی کا نام اور حلیہ کچھ نہ بتایا۔ کچھ تعویذ دیئے جلانے کیلئے میں نے جلائے مگر کوئی فائدہ نہ ہوا اور میرے شوہر کا رویہ مجھ سے مزید بد سے بدتر ہو گیا۔ دن گزرتے گئے پونے دو سال بعد میرے گھر اللہ نے بیٹا دیا، اس دوران میرے شوہر کی نوکری بھی ختم ہو چکی تھی اور وہ گھر بیٹھے ہوئے تھے۔

بچہ اچانک فوت ہو گیا:

پھر اپنا کاروبار کیا وہ بھی نہ سنبھال سکے، جس کام میں ہاتھ ڈالتے صرف نقصان ہی اٹھاتے۔ جب میرا بچہ گیارہ مہینے کا ہوا تو اچانک بیمار ہوا اور دو دن کے اندر اندر وہ مر گیا۔ میں نڈھال، شوہر بے کار گھر میں بیٹھا، کسمپرسی کے دن گزر رہے تھے۔ پھر

میری چوڑیاں بیچ کر انہوں نے کاروبار شروع کیا، تھوڑا بہت کام چلا۔ اسی دوران دوسرا بیٹا پیدا ہوا آٹھ مہینے کے بعد اس کو بھی وہی تکلیف شروع ہوگئی جو پہلے بیٹے کی ہوئی تھی۔ پھر ہم ایک شاہ صاحب کے پاس گئے انہوں نے چاندی کی تختی دی جو بچے کے گلے میں ڈالنی تھی، سب لوگ تختیوں کا مزاق اڑاتے تھے۔ پھر بیٹی پیدا ہوئی اس کو بھی وہی تکلیف شروع ہوگئی۔ بیٹی نے ڈیڑھ سال بڑی مشکل سے نکالا۔ پھر ہم نے گھر تبدیل کیا تو وہاں بھی حالات جوں کے توں رہے۔ وقت گزرتا گیا۔

اچانک آٹھ سال کی بیٹی ہاتھوں میں دم توڑ گئی:

جب میری بیٹی آٹھ سال کی ہوئی تو اچانک اس کو الٹی آئی اور میرے ہاتھوں میں ختم ہوگئی۔ آج تک جس کسی کے پاس بھی گئی اس نے یہی بتایا کہ کوئی عورت ہے جس نے جادو یا عمل کیا ہوا ہے۔ لیکن مجھے نہیں پتہ چلا سکا کہ کس نے کروایا اور کیوں کروایا۔ ہاں اتنا مجھے پتہ ہے کہ جوانی میں میرے شوہر کی کچھ لڑکیوں سے دوستی وغیرہ تھی۔ انہوں نے ان سے کیا وعدے کیا میرے علم میں کچھ نہیں۔

پلاسٹک کی گڑیا کی اچانک آمد:

اسی دوران مجھے پھر لونگ ملی، میں نے گھبرا کر لونگ باتھ روم میں پھینک دی۔ ایک مرتبہ ایک پلاسٹک کی گڑیا آ کر گری جس کے اندر لوہے کی سلاخ گھسی ہوئی تھی، میں بہت ڈری ہوئی تھی، میرے میاں مانتے نہیں تھے۔

گڑیا دیکھتے ہی بولے، سخت جادو ہے:

میرے شوہر نے کسی کو وہ گڑیا دکھائی تو انہوں نے کہا کہ سخت جادو ہے۔ انہوں نے میرے میاں کو "دوانمول خزانے"، پڑھنے کو بتائے اور ساتھ روزانہ 313 مرتبہ سورۂ کوثر پڑھنے کو بتائی۔ ہم دونوں نے یہ چیزیں ایک سال مسلسل پڑھیں تو ہمارے کاروباری حالات بدلنے لگے۔ الحمدللہ! اب میرا ایک بیٹا اور ایک بیٹی ہے۔

حالات درست ہو رہے:

بیٹے کو کالج میں داخلہ مل گیا ہے اور بیٹی نویں جماعت کی طالبہ ہے۔ دونوں ماشاء اللہ ذہین ہیں۔ شوہر کا رویہ بھی دن بدن میرے ساتھ بہتر ہو رہا ہے۔ گھر جو ایک عجیب سی بے سکونی تھی وہ دن بدن ختم ہو رہی ہے اور پہلے جو میں لاکھ کوشش کے باوجود نماز ادا نہیں کر پاتی تھی اب الحمدللہ میں اور میری بیٹی پانچ وقت کی نماز اکٹھے پڑھتے ہیں اور نماز فجر کے بعد ایک سپارہ ضرور پڑھتی ہیں جبکہ بیٹا بھی آہستہ آہستہ نماز کی طرف آ رہا ہے اور فجر کے وقت اٹھنا شروع ہو گیا ہے۔

* * *

افحسبتم اور اذان کے عمل نے جنات کو چیخنے پر مجبور کر دیا

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے جنات کے متعلق بہت سی کہانیاں سنی ہیں، مختلف کتابوں اور رسائل میں بہت قصے بھی پڑھے لیکن کبھی خود جنات سے بات کرنے یا دیکھنے کا مشاہدہ نہیں ہوا، ابھی چند دن پہلے میری جنات سے ملاقات ہوئی، یہ انوکھی اور سچی ملاقات جس نے مجھے کافی دن بیمار رکھا وہ میں قارئین عبقری کیلئے لکھ رہا ہوں:۔ میں کافی عرصے سے سن رہا تھا کہ میرے ایک دوست کے گھر میں جنات ہیں، لیکن میں ہر بار سنی اَن سنی کر دیتا۔

ان کے گھر کے اکثر افراد بیمار رہتے، سر اور کندھوں میں درد رہتا، لڑائی جھگڑا رہتا، کاروبار میں برکت نہیں ہے، لڑکے لڑکیاں جوان ہیں مگر کسی کی شادی کا کوئی انتظام نہیں۔ میں نے انہیں عبقری رسالہ میں سے پڑھ کر اذان اور افحسبتم کا عمل (سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورۂ مؤمنون کی آخری چار آیات دائیں کان میں اگر خود کر رہے ہیں تو تصور کر کے پھونک ماردیں، اور اسی طرح بائیں کان میں سات مرتبہ یہ عمل کریں، کسی دوسرے کا تصور کر کے بھی دم کر سکتے ہیں) اور ہر وقت یَاقَهَّارُ پڑھنے کو دیا۔

بچی کے کان میں اذان دی اور جننی حاضر

کچھ عرصہ گزرا میں اپنے دوست کے گھر گیا اور ان کی چھوٹی بچی مزمل کے کان میں اذان دے رہا تھا کہ اچانک بچی پر حاضری ہوگئی۔ میں یکدم ڈر گیا لیکن میں نے اپنے حواس پر قابو پاتے ہوئے پوچھا تم کون ہو؟ کہنی لگی میرا نام نبیلہ ہے۔ میں نے کہا تم مزمل (بچی) کو چھوڑ دو، کہنے لگی میں نہیں چھوڑوں گی، مجھے اس بچی سے عشق ہے، آپ چاہے مجھے جلا دو یا مار دو، میں نے ڈرتے ڈرتے پوچھا کہاں سے آئی ہو؟ کہنے لگی ہائی سکول کے ایک درخت سے، اور پھر وہ جننی چلی گئی۔

شالامار باغ لاہور میں بوہڑ کا درخت:

دوسری دن میں پھر گیا اور پھر میں نے گھر کے ایک بچے کے کان میں اذان دی تو پھر حاضر ہوئی۔ میں نے پوچھا کون ہو؟ کہنے لگا میرا نام امین ہے اور میں پیدائشی معذور ہوں اور چھوٹا بچہ ہوں۔ میں نے پوچھا کس کے ساتھ رہتے ہو؟ کہنے لگا یہ جو چھوٹا بچہ ہے اس کے ساتھ رہتا ہوں۔ میں نے پوچھا اس گھر میں آپ کے علاوہ بھی کوئی رہتا ہے؟ اس بچے نے کہا ہاں ہمارے قبیلہ کے کل چالیس افراد ہیں، اس کے علاوہ 500 اور بھی ہیں۔ میں نے پوچھا آپ کو کس نے بھیجا ہے۔ بچہ کہنے لگا کہ ہم شالامار باغ لاہور میں بوہڑ کے درخت سے آئے ہیں، وہاں ایک آدمی ہے، اس نے ہمیں قید کر کے یہاں بھیجا ہے۔

جنّی بولی میرا نام خالدہ ہے:

ابھی یہ باتیں جاری تھیں کہ دوست کی والدہ پر حاضری ہوگئی۔ میں نے پوچھا کون ہو کہنے لگی میرا نام خالدہ ہے اور میں اس معذور بچے امین کی والدہ ہوں، اور میں بوہڑ لاہور سے آئی ہوں۔ میں نے پوچھا گھر کے افراد کو کیوں تنگ کرتی ہو؟ بتایا کہ میں مجبور ہوں، تنگ نہیں کرنا چاہتی، میں قید ہوں جب تک آپ لوگ مجھے آزاد نہیں کراؤ گے میں نہیں جاسکتی۔ میں نے پوچھا اس گھر پر کون سے اثرات ہیں۔ اس نے کہا جنات بھی اور جادو بھی۔ جادو قریب ایک گھر ہے اس نے کروایا ہے۔ جنّی نے کہا کہ جب آپ افحسبتم اور اذان کا عمل اور یَاقَھَّارُ کا ورد کرتے ہو تو ہمیں بہت چوٹ لگتی ہے۔ آپ یہ نہ کیا کرو۔ اس کے بعد کوئی جنات نہ آیا۔ اب یہ معلوم نہیں کہ جنات سچ بول رہے ہیں یا ہمیں افحسبتم اور اذان کے عمل اور یَاقَھَّارُ کے پڑھنے سے ہٹانے کیلئے جھوٹ بول رہے ہیں۔

محترم حکیم صاحب! اس گھر میں بہت خبیث قسم کے جنات ہیں، یہ اس کے

ایسے افراد جو بہت عرصے پہلے فوت ہو چکے ہیں ان کے بارے میں بھی معلومات دیتے ہیں، یہاں تک کہ ان کے والد صاحب کے بارے میں کہا کہ انہیں جادو کے زور پر مارا گیا ہے اور وہ تعویذ ان کے قمیص کی جیب میں تھا۔ گھر والے کہتے ہیں کہ مرنے کے بعد حقیقت میں ایک تعویذ ان کی جیب سے برآمد ہوا تھا۔

* * *

بال بال جنات کے جادو سے اٹا ہوا

محترم علامہ لاہوتی صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ پر، صحابی بابا، حضرت حکیم صاحب اور آپ سے وابستہ تمام افراد اور آ کی قیامت تک کی نسلوں پر اپنی رحمتوں کی موسلا دھار بارش برسائے۔ آمین!

محترم علامہ صاحب! ہماری پریشانیوں کو دور اس وقت شروع ہوا جب ہم نے بچے کو حفظ قرآن کیلئے مدرسے بھیجا۔ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ مسئلہ کیا ہے؟ ذہن روحانی علاج کی طرف گیا مگر یہاں ایسے ایسے مکروہ چہرے سامنے آئے کہ خدا کی پناہ۔۔۔! کسی عامل نے بچے کو مار کے اس میں سے جنات نکالنے کا دعویٰ کیا۔ کسی نے ہمارے گھر سے جنات بوتل میں بند کر کے بھاری رقم وصول کی، کوئی ہمارے گھر پر دم کر کے منہ مانگی رقم لے کے یہ کہہ گیا کہ اب میرے دم سے جنات تمہارے گھر کا راستہ بھول جائیں گے مگر یہ کیا۔۔۔؟؟؟ جنات تو ہمارے گھر کے راستوں سے اور زیادہ آشنا ہو گئے، کسی نے چند ہندسوں والے کاغذ پکڑا کر کہا کہ میری کوئی فیس نہیں بس میرے مؤکلات کے پیسے دے دیا کریں ان کی خوراک بکرے کا گوشت ہے، یوں من چاہی رقم وصول کی گئی ایک جنات نے پیسوں میں تباہی مچائی اوپر سے۔۔۔۔؟؟؟

اللہ کی ذات کو ہم پر ترس آیا اور عبقری سے تعارف ہوا اور اس میں آپ کا دیا ہوا عمل یَا قَھَّارُ کا خاص الخاص پانی والا عمل ملا، (عمل آخر میں دیا گیا ہے) ہم نے عمل کیا

تو یہ خوفناک حقیقت سامنے آئی کہ ہمارے تو گھر کے ہر فرد کا بال بال جنات کے جادو سے اٹا پڑا رہے اور ہمارے گھر کا کونہ کونہ خبیث جنات اور شریر جنات کے خبیث ترین تعویذات سے بھرا پڑا ہے۔ آپ کا طریقہ علاج اتنا موثر اور نورانی جس میں شرک و بدعت کا شائبہ تک نہیں، وظیفہ کرتے کرتے اللہ کی ذات سے تعلق مضبوط ہو جائے۔ آپ اور حکیم صاحب آج کے دور کے روشنی کے بہت عظیم اور بلند و بالا مینار ہیں۔ مخلوق خدا اپنی مضمحل اور تھکی اور تاریک زندگیوں کو آپ سے روشنیاں منور کر رہی ہے۔ جنات نے میرے اور میرے بیٹے کا کیا حشر کر کے رکھا ہوا؟ پہلے جنات میرے بیٹے کے کمرے میں دندناتے پھرتے کہ ہم دہریے ہیں فلاں ہیں کہتے اس لڑکے کو الٹے کاموں پر لگانے میں ہمیں بہت مزہ آتا ہے مگر اب رو رہے ہوتے ہیں کہ ہم یہاں آنا نہیں چاہتے مگر ہمیں مار مار کر بھیجا جاتا ہے آگے یَا قَھَّارُ کا نقش ہمیں تباہ کرتا ہے۔ مجھ پر بہت جنات حاوی ہوتے اور میرے گھر والوں کو مارتے، میری زبان استعمال کرتے ہوئے انتہائی شرمناک اور توہین آمیز گفتگو کرتے تھے۔ اتنے سنگین اور الجھے ہوئے مسئلے کو آپ کی جانب سے بہت احتیاط اور جانفشانی سے حل کیا جا رہا ہے کہ بے اختیار دل سے آپ کیلئے دعائیں نکلتی ہیں۔ جنات کی زد میں بچہ ایسا آیا کہ قرآن ہی بھول گیا، یہ ہماری زندگی کا انتہائی دردناک حادثہ ہے، ہم آپ کی دعاؤں کے بہت زیادہ محتاج ہیں، آپ کا بہت شکریہ کہ سالوں کی رکی ہوئی پروموشن اسی عمل کی برکت سے ہو گئی۔

یا قہار کے خاص الخاص عمل کا طریقہ:

کچا برتن، پرات یا کوئی لوہے کا تھال نما برتن لے کر پانی سے بھر لیں۔ چارپائی پر بیٹھ کر اس میں اپنے پاؤں ڈبو لیں۔ اگر گرمی ہے تو پانی ٹھنڈا ہو اور اگر سردی ہو تو گرم پانی میں پاؤں ڈبو لیں، پاؤں ڈبونا بہت ضروری ہے اور باوضو بیٹھ کر آپ گیارہ سو بار یَا قَھَّارُ پڑھیں اور تصور کریں جس جادو سے، جس گناہ سے، جس عیب سے، جس

بدکاری سے، یا شراب اور جوئے اور نشے سے نجات آپ چاہتے ہیں یا کسی کو دلانا چاہتے ہیں۔ اپنے لیے بھی پڑھ سکتے ہیں کسی کا تصور کر کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ وہ پڑھنا شروع کر دیں۔ روزانہ ایک وقت مقرر ہو، قبلہ رخ بیٹھ کر، پانی روز بدلنا ہے، اس پانی کو گرا دیں۔ اس وظیفہ کو روز پڑھنا ہے، گیارہ دن، اکیس دن، اکتھر دن، اکانوے دن۔ آپ پڑھیں۔ صبح و شام پڑھنا چاہیں تو فائدہ زیادہ ہوگا ورنہ ایک وقت بھی پڑھ سکتے ہیں۔

* * * * *

جسمانی درد اور جنات سے حفاظت

گوجرانوالہ کے ایک وکیل صاحب نے ایک عمل کا مشاہدہ کافی عرصے سے کیا ہے یہ راز داری کا عمل ہے اور کافی لوگوں کو فائدہ ہوا ہے، وہ عمل یہ ہے۔ یَاحَفِیْظُ، یَاحَفِیْظُ، یَاحَفِیْظُ، یَارَقِیْبُ، یَاوَکِیْلُ، یَانَاصِرُ، یَابَصِیْرُ، یَاآللهُ، یَاآللهُ، یَا آللهُ کسی بھی قسم کی درد ہو اسے روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھنے سے وہ درد بھی اور اس کی وجہ بھی ختم ہو جاتی ہے۔ اگر جنات حاضر نہ ہو رہے ہوں یا اڑی کر رہے ہوں تو 21 مرتبہ پڑھ لیں ان کی اڑی ختم ہو جاتی ہے اور اگر کسی مریض نے خود دیکھنا ہو کہ اس کے ساتھ کیا معاملہ ہے تو یہ پڑھ کر 101 مرتبہ اول و آخر درود شریف تین دفعہ اپنے اوپر پھونکے۔ وہ خود دیکھ لیتا ہے کہ کیا معاملہ ہے۔ (یہ تاثیر عام طور پر عامل حضرات کو حاصل ہوتی ہے)

* * * * *

جنات سے نجات اور عبقری کا وظیفہ

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! چند ماہ قبل میں اپنے لیے ایک گھر کی تلاش میں تھا، ایک گھر پسند آیا، تب اس کے مالک سے رابطے کی کوششیں کی جب رابطہ ہوا تو پتہ چلا کہ اس نے مکان کسی اور کو فروخت کر دیا ہے اس کا نام صغیر الدین تھا اور محکمہ گیس کا ملازم تھا اور مستقل والدین اور وہ خود ڈیرہ اسماعیل خان کا رہنے والا تھا۔ مکان فروخت ہونے کے بعد میں نے اس سے رابطہ موبائل پر جاری رکھا اور دین و اللہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت و درس کی دعوت دینا شروع کی اور آپ کا تعارف بھی کروایا، اس کے اندر امنگ پیدا ہوئی۔

جب آپ حج پر تشریف لے کر گئے تو اس شخص صغیر الدین نے مجھے فون کیا اور آپ سے ملاقات کی چاہت ظاہر کی میں نے آپ کے حج کے سفر کے متعلق بتایا تو پریشان ہو گیا کہ میرے گھر میں مسئلہ ہے پھر مجھے بتایا کسی نے ہم پر کالا جادو کیا ہوا ہے اور بتایا کہ میری بہن اس کی عمر سولہ سال ہے اس کو جنات کا اثر ہے، ڈیرہ اسماعیل خان میں رہتی ہے اسے دورے پڑتے ہیں اور منہ و دانت بند ساکت ہو جاتے ہیں آنکھیں پھر جاتی ہیں، سانس الٹ جاتی ہے اور بیہوش ہو جاتی ہے، بولنے، چلنے سے قاصر ہو جاتی ہے، بڑے بزرگوں اور عاملوں سے علاج کروایا ہے لیکن وقتی فرق ہی ہوتا ہے اور بہت زیادہ گوشت کھانے کیلئے مانگتی ہے اور سات کلو گوشت کھانے کے بعد دوبارہ تقاضا کرتی ہے، ڈرتی ہے اور چیخیں مارتی ہے۔

یہ تمام احوال سننے کے بعد میں نے ایک سوال کیا کہ کیا آپ کے گھر میں پردہ ہے؟، کیا ٹیلی ویژن یا گانوں کا نظام ہے؟ تو اس نے کہا کہ نہیں ہمارا گھرانہ دینی ہے اور پردے کا مکمل اہتمام ہے۔ میں نے کہا کہ میں تھوڑی دیر بعد آپ کو کچھ اعمال بتاتا ہوں وجہ یہ تھی کہ گھر سے باہر تھا کچھ دیر بعد گھر آیا اور اللہ سے دعا کی اور چند باتیں کیں۔ یا اللہ! تیری مخلوق پریشان ہے، میں تیرا نام بتا کر تیری طرف بھیجنے لگا

ہوں، الٰہی اپنے نام کی برکت سے شفاء دے، الٰہی میں گنہگار رہوں لیکن آپ کی محبت والے بول پاک ہیں، آپ رحیم ہیں، رحمت فرمادیجئے اور شفاء دیجئے۔ اللہ سے چند باتیں کرنے کے بعد عبقری رسالہ ماہ جولائی 2010ء صفحہ نمبر 19 اور درج ذیل اعمال فون کرکے لکھوانے شروع کردیئے۔

کالے جادو سے نجات کیلئے

یہ عمل بعد از مغرب کم از کم سات یا گیارہ دن کیا جائے۔ ☆ الٰہی جو کچھ کسی نے ہم پر کر رکھا ہے وہ باہر گلی میں گر جائے، یہ کہہ کر سورۂ کوثر گیارہ بار پڑھیں۔ ☆ الٰہی جو کچھ باہر گلی میں گرا ہے وہ جل جائے یہ کہہ کر سورۂ فلق گیارہ بار پڑھیں۔ ☆ الٰہی جو کچھ باہر گر کر جلا ہے اس کی راکھ کسی دریا میں چلی جائے یہ کہہ کر سورۂ ناس گیارہ بار پڑھیں۔ (نماز پنجگانہ کی پابندی شرط اول ہے۔) جتنے دن یہ عمل کیا جائے اتنے ہی دل عمل نمبر 2 پڑھا جائے۔ 2:۔ سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 35 اول و آخر درود شریف تین تین بار صبح وشام پڑھیں۔

جنات سے حفاظت و برکت کیلئے

سورۂ جن (پارہ نمبر 29) 3 بار اور سورۂ مزمل (پارہ نمبر 29) 3 بار پڑھ کر 4 اگربتی کے ڈبوں پر دم کریں اور روزانہ بعد نماز مغرب گھر میں صبح دکان میں 4 عدد جلائیں انشاءاللہ، اللہ تعالیٰ جنات سے حفاظت اور رزق میں اپنی شایان شان اضافہ فرمائینگے۔ ☆ جب بھی گھر میں داخل ہوں تو سلام کریں پھر درود شریف اور پھر سورۂ اخلاص پڑھیں۔ ☆ مسواک کریں اور گھر کے اندر مختلف کونوں میں رکھیں، خصوصاً مریض کے پاس رکھیں۔ ☆ گھر کے چاروں کونوں میں اذان دیں۔ ☆ مریضہ کو ڈر سے بچانے کیلئے سورۂ قریش کا عمل بتایا۔ ☆ مریض کی صحت یابی کیلئے حسب توفیق صدقہ روزانہ یا جمعرات، جمعہ کریں۔ ☆ مریض کے سر کے اوپر والی جگہ پر قرآن

پاک رکھ دیں جہاں وہ سوتی ہے۔ ☆ مریض باوضو رہے اور کثرت سے تلاوت قرآن پاک کرے اور نماز کی پابندی کرے۔

تقریباً پندرہ دن بعد اس کا فون آیا کہ جو اعمال آپ نے بتائے تھے الحمدللہ ہم نے کیے اب میری بہن ان کی بدولت تقریباً 75٪ ٹھیک ہے لیکن گوشت کھانے کا اصرار کرتی ہے کیا ہم وہ عمل جاری رکھیں۔ میں نے کہا کہ آپ اعمال جاری رکھیں انشاءاللہ جلد صحت یابی ملے گی۔ اب اکثر وہ فون پر اس کی حالت درست ہونے کا لیکن آپ سے ملنے کا ذکر کرتا ہے۔ حضرت! اس سارے واقعے کے بعد یہ بات ثابت ہوئی کہ اللہ کے نام میں برکت ہے لیکن اعتقاد، اخلاص اور کامل یقین ہونا شرط ہے کیونکہ میں نے ان کو اعمال بتائے اور اللہ سے عرض کی کہ الٰہی شفاء دے۔

* * *

آیت الکرسی کی برکت سے چڑیل بھاگ گئی

میں اپنے مکان کی چھت پر بچوں کے ساتھ سویا ہوا تھا نیچے میری بیٹی داماد تھے۔ رات کا کوئی وقت تھا کہ داماد (جو کہ بھتیجا بھی ہے) نے آ کے اٹھایا کہ چچا اٹھیے نیچے دروازے پر ڈاکٹر صاحب کھڑے ہیں۔ آپ کو بلا رہے ہیں میں فوراً اٹھ کر نیچے آیا تو ڈاکٹر صاحب جو کہ ہمارے بہت مہربان ہمسائے ہیں رات کے لباس میں کھڑے تھے کہنے لگے کہ محمود کو کوئی تنگ کر رہا ہے ہم نے اپنے جتن کر لیے ہیں آپ تیار ہو کر تشریف لائیں یہ ڈاکٹر محمود نوعمر شادی شدہ ڈاکٹر صاحب کے چھوٹے سالے ہیں۔ پہلے پکے نمازی تھے اب کئی دن سے نظر نہیں آ رہے تھے۔ میں اوپر آیا اور اہلیہ کو کہا کہ دیکھو جب حضرت موسیٰ علیہ السلام طور پر جاتے تھے تو ان کی والدہ محترمہ ان کیلئے دعا کرتی رہتی تھیں۔ اسی طرح جب ہم کسی مقدمے میں جاتے تو پہلے تمہاری دادی پھر ان کے بعد تمہاری امی مصلے پر رہتی تھیں۔ میں وضو کر کے دو نفل پڑھ کر جاتا ہوں پہلی پہلی دفعہ یہ مصیبت آ گئی ہے ہر وقت ڈاکٹر صاحب ہمارے کام آتے ہیں ان کا حسن ظن ہے۔ آپ بھی وضو کر کے مصلے پر آ جائیں۔

جب غور کیا تو جو جو واقعات سن رکھے تھے سب میں سرفہرست آیۃ الکرسی تھی۔

میں ڈاکٹر صاحب کے ہاں گیا تو پتہ چلا محمود صاحب اوپر ہیں۔ جب ہم اوپر گئے تو موصوف چارپائی کے بالکل ایک طرف چمٹے ہوئے تھے۔ ڈاکٹر صاحب نے مجھے محمود صاحب کے قریب کرسی پر بیٹھنے کیلئے کہا میں تو ڈرتا ڈرتا گھر سے ہی آیۃ الکرسی کا ورد کرتا گیا تھا۔ بیٹھ کر بھی آیۃ الکرسی ہی پڑھتا رہا کچھ دیر پڑھنے پر ڈاکٹر محمود اچانک چلائے کہ ''وہ اٹھ گئی!''، اور پھر کہا کہ ''چلی گئی''۔ میں ڈر کے بھاگ آیا۔

صبح کو میں نے پوچھا تو ڈاکٹر محمود نے بتایا کہ میری بیوی ماں باپ کی طرف گئی ہوئی ہے۔ وہ چیز مجھے اپنی طرف متوجہ کرتی تھی میں نے کہا میں شادی شدہ ہوں اس

کے مجھے چارپائی کے ایک طرف کیا اور میرے ساتھ لیٹ گئی۔ خیر الحمدللہ آیۃ الکرسی کی برکت سے وہ چلی گئی اور دوبارہ پھر نہیں آئی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے کلام سے محبت عطا کرے۔

* * *

جنات سے نجات کا عمل

(تجربہ شدہ، کامیاب شدہ) اگر کسی میں جنات کا اثر ہو تو یہ پڑھ کر پانی پلائے۔ پہلے الٓمّٓ کو 19 مرتبہ پڑھے پھر آیت الکرسی شروع کرے جب پہنچے وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا تو اس کو 1900 مرتبہ پڑھ کر آیت الکرسی مکمل کر دے، پانی پر دم کر دے صبح و شام پانی پلائے اور سوا کلو سرسوں کا تیل لے کر ایک بڑی بوتل میں ڈال کر تو یہی پڑھے پہلے الٓمّٓ کو 19 مرتبہ پڑھے پھر آیت الکرسی شروع کرے جب پہنچے وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا تو اس کو 1900 مرتبہ پڑھ کر آیت الکرسی مکمل کر دے، پھر وہ تیل لگائے پورے جسم پر سر سے لے کر پاؤں کے ناخن تک، اگر ایک دن ایک مرتبہ لگائے تو 41 دن پورے اور اگر ایک دن میں تین مرتبہ لگائے، صبح، دوپہر، شام تو 19 دن پورے۔ جب تیل لگانا شروع کرے تو اس طریقے سے لگائے کہ جسم کا کوئی حصہ باقی نہ رہے، 5، 7 منٹ رک کر پھر وہ تیل جو لگا ہوا ہے ایک تولیہ سے صاف کر لے اور تولیہ دھونا نہیں ہے اور جب 41 یا 19 دن پورے ہو جائیں تو ایک جگہ باہر لے جا کر اس تولیہ کو جلا دے۔ عورت کیلئے ناپاکی کی حالت میں تیل نہیں لگانا اور صرف اور صرف پانی پینا ہے جو پڑھا ہوا ہے۔ جب ناپاکی کے دن نکل جائیں تو پھر جتنے دن باقی رہتے ہیں تو وہ پورے کرے۔

پرہیز:۔

انڈا، مچھلی، پیاز، لہسن، میت والے گھر میں نہ جائے اور نہ ہی میت والے گھر کا کچھ کھائے پیئے اور نہ ہی بچے کی پیدائش والے گھر میں جائے اور نہ اس کا کچھ کھائے پیئے اور بڑا گوشت سے پرہیز کرے۔ اگر زیادہ تکلیف ہو جائے تو آیت الکرسی کا تعویز بنا کر گلے میں ڈال دے، آیت الکرسی کے تعویز کا طریقہ یہ ہے سب سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لکھے پھر تین مرتبہ الٓمّٓ لکھے پھر آیت الکرسی لکھتا آئے جب پہنچے وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا پر تو اس کو 7 مرتبہ لکھے پھر پوری کر دے۔

دل زندہ کرنا

جو شخص چاہتا ہے کہ اس کا دل زندہ ہو جائے تو اسے چاہیے کہ سوتے وقت دل پر ہاتھ رکھ کر اول و آخر 3 مرتبہ درود شریف پڑھ کر 11 مرتبہ یَابَاعِثُ یَانُوْرُ پڑھے۔

* * *

جادو زائل ہونا

جو شخص چالیس دن اسم یَارَقِیْبُ 1247 مرتبہ پڑھے، اس کے بعد اسے روزانہ سو مرتبہ پڑھتا رہے، انشاء اللہ اس کے گھر سے ہر قسم کا جادو زائل ہو جائیگا۔

* * *

جانوروں کو لگی نظر بد کا علاج

بعض اوقات گائے، بھینسوں کو نظر بد لگ جاتی ہے یا حاسدین کالے علم کے تعویذ وغیرہ کروا دیتے ہیں تو جانوروں میں بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں اور ان کے دودھ میں کمی ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ ان سب عوارضات سے بچاؤ کیلئے سات مرتبہ سورۃ تغابن مع اول و آخر تین بار درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کر لیں اور اس پانی کا جانوروں پر چھڑکاؤ بھی کریں اور یہ دم والا پانی دوسرے پانی میں ملا کر انہیں پلاتے رہیں۔ ایک ہفتے میں دو تین بار یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ جانور بیماریوں سے محفوظ بھی رہیں گے اور ان میں برکت بھی ہوگی۔

* * *

آسیب کے اثرات سے شفاء کی تدبیر

کسی بھی ایسے شخص پر جو آسیب یا جن کا شکار ہو مندرجہ ذیل دعا ایک وقت میں تین مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں اور تین روز تک لگاتار یا سات روز لگاتار ایسا کرتے

رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اثرات سے نجات مل جائے گی۔ دعا یہ ہے:۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ الٓمّٓ ۔ الٓمّٓصٓ۔ طٰهٰ۔ طٰسٓ۔ كٓهٰيٰعٓصٓ۔ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ قٓ۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ٥

آسیب زدہ کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ پڑھنا بھی مفید ہے۔

* * *

آسیب یا جن کے حملے سے حفاظت کا حصار

یہ حصار آسیب یا جن کے حملہ سے محفوظ رکھنے کا بہت پُر اثر ذریعہ ہے۔ اس حصار کی عبادت کو باوضو تین مرتبہ پڑھ کر چھری یا چاقو پر دم کرے اور اپنے اور آسیب زدہ کے چاروں طرف لکیر کھینچ کر حصار کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب بھاگنے نہ پائے گا۔ حصار کی عبارت یہ ہے:۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ يَاذِكْرَ طَاهِرِيْنَ مِنْ كُلِّ اٰفَةٍ بِقُيُوْدِيْهِ يَارُوْحُ يَاقُدُّوْسُ بِحَقِّ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ بندشو۔

تنبیہ: جو چاقو یا چھری حصار کیلئے استعمال کی جائے اس کا دستہ لوہے یا پلاسٹک کا ہو۔ اس کا دستہ ہاتھ دانت کا نہ ہو اور کسی جانور کی کھال دستے پر منڈھی ہوئی نہ ہو اگر لکڑی کا دستہ ہو جب بھی درست ہے۔

* * *

جنون دور کرنے کا عمل

سورۂ معوذتین سات کنوؤں کے پانی پر دم کر کے مریض کو پلایا جائے انشاء اللہ جنون دور ہو جائے گا۔

* * *

جن و آسیب کی بندش

جب کسی مریض کے سر پر عامل نے کسی آسیب و جن کو حاضر کیا ہو یا بذات خود آسیب یا جن حاضر ہوا ہو اور اس کو قید کرنا ہو تو سرخ ریشم کا دھاگہ لے اور پھر سات تار کے پانچ گنڈے بنائے اور ہر گنڈے پر سات گرہ لگائے ہر گرہ پر مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر دم کر کے پھر گرہ کو بند کرے بوقت ضرورت ایک گنڈا مریض کے گلے میں باندھے دوسرا داہنے بازو پر باندھے، تیسرا بائیں بازو پر باندھے، چوتھا گنڈا داہنے پیر میں باندھے اور پانچواں گنڈا بائیں پیر میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ آسیب و جن قید ہوگا اور راہ فرار اختیار نہ کر سکے گا جب تک گنڈے بندھے رہیں گے قید میں رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ز وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۔ (بقرہ 7)

* * *

سحر سے نجات

سحر اور آسیبی اثرات سے نجات کیلئے حروف مقطعات بہت مؤثر ہیں، اسی طرح دشمنوں پر غلبہ اور فتح پانے کیلئے بھی حروف مقطعات تیر بہدف تاثیر رکھتے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضرت خضر علیہ السلام نے دشمنوں پر غلبہ اور فتح حاصل کرنے کیلئے یہ دُعا بتائی تھی۔ جو شخص روزانہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اس کے درمیان میں یہ دعا اور حروف مقطعات ایک سو بار پڑھے گا اسے کوئی دشمن کسی طرح بھی زیر نہیں کر سکے گا۔ وہ دعا یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ الٓمّٓ۔ الٓمّٓصٓ۔ الٓمّٓرٰ۔ كٓهٰيٰعٓصٓ۔ طٰهٰ۔ طٰسٓمّٓ۔ طٰسٓ۔ يٰسِيْنَ۔ صٓ۔ حٰمٓ۔ حٰمٓعٓسٓقٓ۔ حٰمٓ۔ قٓ۔ نٓ۔ يَامَنْ هُوَ يَامَنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِغْفِرْلِيْ وَانْصُرْنِيْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط۔

آسیب سے نجات

اگر کسی پر آسیبی اثرات ہوں اور وہ اس کے سبب اول فول بکتا ہو اور بہکی بہکی باتیں کرتا ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ سورۂ جن کی آیات ابتدا سے شَطَطًا تک چھ مرتبہ باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر دیں اور مریض کو دن میں چار مرتبہ پلائیں۔ 1۔ اول صبح ناشتہ سے پہلے۔ 2۔ دوم دوپہر کو کھانے سے پہلے۔ 3۔ تیسرے بعد نماز عصر۔ 4۔ چوتھے بعد نماز عشاء جب تک آسیبی عمل کی شکایت ہو یہ عمل مسلسل کریں انشاء اللہ تعالیٰ آسیب سے نجات حاصل ہوگی۔ سورۂ جن کی آیات یہ ہیں:۔ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ط وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللهِ شَطَطًا ۝۔

* * *

بچے کو نظر لگ جائے

اگر کسی بچے کو نظر لگ جاتی ہو تو اسم یَا مُمِیْتُ کو پانچ مرتبہ ایک کاغذ پر لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ بچہ تندرست رہے گا، معمول سے زیادہ رونا بند کر دے گا۔

* * *

طریقہ دریافت مرض یا سحر

جو شخص مریض ہے ان تین چیزوں میں سے کیا سحر ہے، آسیب ہے پری وغیرہ کہ مرض بدنی ہے۔ یہ ہمارا مجرب عمل ہے۔ محترم ایک کورا سا کوزہ یا ڈھکنی لے کر اس پر نقش لکھیں۔ یہ درج ذیل نقش کالے قلم سے تحریر کریں۔

۱ ۸ ۱ ۵ ۱ ۹ ف ۳ ۶ ۱ ۱ ۱ ۱ ۴ ۲

۱ ۳ ۸ ۱ ۵ ع لا ۴ ع ۲ ۱ ۱ ۱ ۴ ۳

ا ح

پھر سات بار مریض کے دائیں طرف پھیریں، پھر بائیں طرف پھیریں، پھر تیز آگ میں ڈال دیں تاکہ وہ ڈھلکنی خوب روشن ہو۔ 1۔ اگر حرف سفید ہوں تو سحر ہے۔ 2۔ اگر حرف غائب ہو جائے تو آسیب ہے۔ 3۔ اگر حرف سیاہ ہو جائے تو مرض بدنی ہوگا۔ انشاء اللہ قارئین میرے ان دونوں عمل سے خوب فائدہ اٹھائیں اور میرے بزرگوں کیلئے دعائے مغفرت کریں گے۔

* * * * *

نظر بد اور جنات سے نجات

نسان کی یہ فطرت ہے کہ وہ کسی کو خوش نہیں دیکھ سکتا اور حسد میں مبتلا ہو کر جادو ٹونہ کے ذریعہ سے اُس بندے کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرتا ہے یا بعض اوقات بچوں کو نظر بد لگ جاتی ہے یا کوئی ایسی بیماری لگ جاتی ہے کہ بے پناہ خرچ کرنے کے بعد بھی اسے آرام نہیں آتا اور ایسا بندہ ہر وقت پریشان رہتا ہے۔ ان تینوں مسائل سے نجات کیلئے قرآن پاک کا یہ عمل پر تاثیر ہے۔ پابندی سے عمل کریں اور ان مصائب سے جان چھڑائیں۔ ایسا بندہ ہر روز نماز فجر کے بعد اول و آخر درود شریف چھ مرتبہ، دوسو مرتبہ درج ذیل عمل کو پڑھے اور پڑھ کر اپنے جسم پر پھونک دے اور روزانہ پینے کے پانی پر بھی دم کرے اور یہی پانی سارا دن پیے۔ انشاءاللہ بہت جلد صحت یاب ہو گا۔

عمل یہ ہے:۔ یَاحَیُّ حِیْنَ لَاحَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَبَقَائِهٖ یَاحَیُّ۔

جادو سے حفاظت کیلئے یہ عمل بھی بہت مفید ہے۔ اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھیں اور پانی پر دم کر کے پی لیں یا مریض کو پلا دیں۔ ان شاء اللہ فوری طور پر جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔ جادو سے بچاؤ کا دوسرا عمل یہ ہے کہ صبح کے وقت جب سورج قدرے بلند ہو جائے تو سورۂ عبس (پارہ 30) تین بار پڑھیں اور پڑھ کر مریض اور اس کے پانی پر دم کریں۔ مریض یہی پانی سارا دن پیتا رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ سات دن کے اندر اندر ہی جادو سے جان چھوٹ جائے گی اگر سورۂ توبہ کی آخری دو آیات پابندی سے صبح و شام تین تین مرتبہ پڑھے تو جادو واپس لوٹ جاتا ہے۔ ان دو آیات کو تین تین مرتبہ صبح و شام پابندی سے پڑھنے سے دین اور دنیاوی فوائد بھی حاصل ہوتے ہیں۔ میں خود اس عمل کا پابند ہوں۔

* * * * *

شیطان سے حفاظت

میں نے دفتر ماہنامہ عبقری سے ایک کتاب ''کالی دنیا کالا جادو، وظائف اولیاء اور سائنسی تحقیقات،، منگوائی، اس میں پڑھا کہ رات کو چالیس مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر جہاں سے حصار شروع کرو جہاں تک ختم کرو، وہاں جنات اور شیطان سے حفاظت ہو جاتی ہے، الحمدللہ میں کئی بار آزمایا، بلکہ کئی لوگوں کو بھی بتایا، جیسا لکھا ہے بالکل ایسا ہی پایا ہے۔

✿✿✿✿✿

ہر قسم کے شر سے حفاظت کیلئے

سورہ النساء (پ 30) اس کو پڑھ کر یا باندھ کر حاکم کے پاس جانے سے اس کے شر سے محفوظ رہے۔

✿✿✿✿✿

جنات سے چھٹکارے کے آسان عمل

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس جنات سے چھٹکارے کے درج ذیل تین آسان عمل ہیں یقیناً قارئین کیلئے یہ آسان عمل بہت سود مند ہوں گے۔

1۔ اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا ﴿۱۵﴾ وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا ﴿۱۶﴾ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿الطارق ۱۷﴾۔

اس آیت کو اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ گیارہ مرتبہ پڑھ کر چار میخوں پر دم کر دیں اور گھر کے چاروں طرف کیل گاڑھ دیں۔

2۔ اگربتی کا پیکٹ لے کر اس پر ایک بار سورۂ جن پڑھ کر دم کر دیں اور روزانہ ایک اگربتی جلانی ہے۔

3۔ سورۂ یٰسین روزانہ ایک بار پڑھ کر گھر کے چاروں کونوں میں پھونک مار دیں۔ انشاءاللہ ان اعمال سے آپ کو جنات سے چھٹکارا نصیب ہو جائے گا۔

* * * * *

آیۃ الکرسی اور جنات سے حفاظت

میرے گھر میں اکثر چیزیں چوری ہو جاتی تھی، گھر میں عطر چوری ہو گیا، جو بھی عطر لاتا وہ چوری ہو جاتا، جس چیز پر خوشبو لگا تا وہ بھی چوری ہو جاتی۔ پھر میں نے تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کیا تو عطر چوری نہ ہوا، پھر اس دن کے بعد عطر یا جو بھی چیز لاتا اس پر دم کرتا چوری نہ ہوتی۔ جو بھی چیز جنات چوری کر لے تو آپ اس پر تین مرتبہ آیۃ الکرسی کا دم کریں، چوری نہ ہو گی، کبھی جنات کو تالے اندر پڑی چیز بھی اٹھا لیتے ہیں لیکن آیۃ الکرسی کا دم ہو تو پھر کبھی بھی چیز چوری نہ ہو گی۔

* * * * *

سورہ ماعون سے حاسدین پریشان

رات کے اندھیرے میں متواتر تین رات تک ایک ہزار ایک سو مرتبہ اس سورۂ کا پڑھنا حاسدین کو پریشان اور کمزور کرتا ہے۔ یہ روحانی تیر ہے نہ کہ جسمانی

* * * * *

آفات و بلیات سے چھٹکارا

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ آفات و بلیات سے محفوظ رہے کسی بھی مصیبت میں مبتلا نہ ہو تو وہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر خدا سے دعا کرے۔

* * * * *

آسیب زدہ کیلئے دم

اگر کوئی آسیب زدہ ہو تو اس غرض سے تین بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر ایک مرتبہ آیۃ الکرسی، ایک بار چاروں قل اور سورۂ جن کی ابتدائی پانچ آیات پڑھ کر پانی پر دم کر کے آسیب زدہ کے چہرے پر چھینٹے مارے۔ جس گھر میں آسیب ہو چاروں کونوں پر چھینٹے مارے۔

* * *

عمل بندش کاروبار دور

: جس کا کاروبار بوجہ سحر جادو ٹونہ بند گیا ہو، کام نہ چلتا ہو، بکری کم ہوتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بہت مجرب اور مفید ہے۔ اس مقصد کیلئے کٹورہ بھر پانی لیکر اس پر 60 مرتبہ سورۂ رحمٰن کی یہ آیت مبارکہ پڑھیں۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ يٰمَعۡشَرَ الۡجِنِّ وَ الۡاِنۡسِ اِنِ اسۡتَطَعۡتُمۡ اَنۡ تَنۡفُذُوۡا مِنۡ اَقۡطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ فَانۡفُذُوۡا لَا تَنۡفُذُوۡنَ اِلَّا بِسُلۡطٰنٍ۔ (رحمٰن 33)

اول و آخر درود شریف، درود تنجینا گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں، اپنی کاروباری جگہ پر وہ پانی چاروں کونوں اور دروازوں میں اچھی طرح چھڑکیں اس کے علاوہ سورۂ فاتحہ سات مرتبہ، سورۂ اخلاص سات مرتبہ، آیۃ الکرسی سات مرتبہ، وَلَا يَئُوۡدُهٗ حِفۡظُهُمَا اکیس مرتبہ، يَافَتَّاحُ يَارَزَّاقُ اکیس مرتبہ اور آخر میں درود تنجینا سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور دکان میں چھڑکیں۔

* * *

جن، دیو، ارواح خبیثہ و ہر آفت سے محفوظ رہنے کی دعا

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يَادَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ وَ يَاغَيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ وَيَامُجِيْبَ دَعَوَاتِ الْمُضْطَرِيْنَ وَيَا اِلٰهَ الْعَالَمِيْنَ وَصَلَّى اللهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَااَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

طریقہ: مندرجہ دعا سات یا تین بار صبح و شام پڑھ اپنے دم کرے اول و آخر تین تین بار درود ابراہیمی پڑھے، انشاء اللہ جن، دیو، ارواح، خبیثہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

* * * * *

جنات نہ چوری کریں گے نہ توڑ پھوڑ کریں گے

جس چیز پر بسم اللہ شریف پڑھ لیں تو انشاء اللہ اس چیز کو جنات چوری نہیں کرسکتے اور نہ ہی توڑ پھوڑ کر سکتے ہیں۔

نظر بد حسد سے حفاظت

نظر بد اور حسد سے بچنے کیلئے سورۂ کوثر تین مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں اور سادگی کو اپنائیں۔ انشاء اللہ کچھ عرصہ متواتر یہ عمل کرنے سے آپ نظر بد اور حسد سے بچ جائیں گی۔

* * * * *

حاضرات کے ذریعے جادوئی اشیاء نکالنا اور جادو کرنے والے کا نام و پتہ

آج عبقری کے قارئین کیلئے ایک نایاب عمل پیش خدمت کرتا ہوں جس سے جادوئی اشیاء اور کرنے والے کا نام و پتہ، کون ہے جو جادو کرتا ہے؟ اس عمل سے حاضرات کے ذریعے عامل یہ بتا سکتا ہے کہ فلاں شخص پر کیا جادو ہے، کسی انڈے سے چاروں کی چیزیں نکال کر دیکھا جا سکتا ہے جس کسی نے جادو کیا ہوگا اس کا سب حال معلوم ہوگا۔ اس عمل کی بدولت عجیب کیفیات کا ظہور ہوگا۔ عامل مریض کو بولے کہ اپنے سے انڈا لائے؟ انڈے پر گیارہ مرتبہ دم کرے تو اس انڈے میں وہی چیزیں نکلیں گی۔ اس عمل کو مریض کی قمیص پر دم کریں اور قمیص کو پھاڑا جائے تو جادوئی چیزیں جھڑنا شروع ہوجائیں گی۔ ترکیب عمل یہ ہے:۔

عروج ماہ نوچندی جمعرات یا اتوار سے اتوار کا دن گزار کر جو رات آئے کسی پاک صاف جگہ پر بیٹھ کر اگربتی کا بخور سلگائیں جگہ خوشبو معطر رکھیں۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ لازمی پڑھیں اور آیۃ الکرسی چاروں قل شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر گرد حصار قائم کریں۔ عمل اسم کو گیارہ سو مرتبہ روزانہ چالیس یوم تک پڑھیں۔ اسم عمل یہ ہے:۔

یَابَدُّوحُ

* * *

نظر بد سے چھٹکارا

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں بچپن میں بہت زیادہ بیمار رہتی تھی، بخار اتنا تیز ہوتا تھا کہ اس میں باتیں کرتی تھی، میرے بابا مجھ سے پوچھتے تھے کس سے باتیں کر رہی ہو تو کہتی تھی مجھے معلوم نہیں۔ یہ باتیں مجھ کو تھوڑی ابھی بھی یاد ہیں۔۔۔ پھر کسی نے ایک بزرگ کے بارے میں بتایا، ہم ان کے پاس گئے، بہت اچھے بزرگ تھے اللہ تعالیٰ ان کا مرتبہ بلند کرے، انہوں نے ایک عمل میری امی کو خود کرنے کی اجازت دی تھی کیونکہ ان کو مجھے روز لے جانا مشکل ہوتا تھا اور میں بخار کی وجہ سے سکول بھی نہ جا پاتی تھی۔ نظر اتارنے کا طریقہ یہ تھا:۔

اول و آخر گیارہ بار درود شریف پھر سات مرتبہ سورۂ طارق پڑھ کر دم کریں، پہلے نتھنے میں پھر سات مرتبہ سورۂ طارق پڑھیں اسی طرح الٹے نتھنے میں دم کریں۔ اسی طرح سیدھے کان، پھر الٹے کان، سیدھی آنکھ پھر الٹی آنکھ اور آخر میں منہ میں پھر چاروں قل اور درود شریف پڑھ کر پورے جسم پر دم کریں۔ تین سے سات دن تک انشاءاللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔ ان حاجی صاحب کو بھی اور میری امی مرحوم کو بھی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

* * * * *

شر سے نجات اور برکات کا حصول

ذیل میں دیئے گئے اعمال کریں انشاءاللہ اس کے کرنے سے آپ ہر قسم کے شر سے خاطر خواہ نجات پائیں گے اور بے شمار برکات کا ظہور ہوگا۔ 1۔ روزانہ ایک عدد اگربتی لے کر اول و آخر تین مرتبہ درود شریف اور گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ اور ایک بار سورۂ جن پڑھ کر گھر میں جلانی ہے، یہ عمل فجر کے بعد کر کے اگربتی جلائیں، انشاءاللہ گھر ہر شر سے محفوظ رہے گا۔ اس عمل کو روزانہ کرنا ہے۔ گیارہ، اکیس یا چالیس دن تک۔

2۔ بِسْمِ اللہِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ یہ دعا بکثرت پڑھیں، اونچی آواز سے سارے گھر والے، چلتے پھرتے، کام کرتے، ہر وقت پڑھیں نجات مل جائے گی۔ 3۔ روزانہ کسی بھی وقت گھر کے چاروں کونوں میں اذان پڑھ کر پھونکیں۔

* * * * *

جادو ختم

اگر کسی شخص پر جادو وغیرہ ہو تو اس کو چاہیے ہر نماز کے بعد لقد جاء کم رسول۔۔۔ (سورۂ توبہ کی آخری دو آیات) 7 مرتبہ پڑھے تو اللہ کے حکم سے جس نے جادو کیا ہوگا وہ جادو واپس اس پر چل جائے گا اور رات کے وقت سونے سے پہلے منزل ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور گھر کا حصار کر دے تو کوئی نقصان دینے والی چیز گھر میں داخل نہیں ہوگی۔ منزل پڑھنے کے بعد کسی سے کوئی بات نہیں کرنی۔

* * * * *

کبھی کوئی اغوا نہیں کر سکے گا

وضو کرنے کے دوران ہر حصے کو دھوتے ہوئے یَاقَدِیْرُ پڑھ لیں تو انشاء اللہ انسان اور خاص طور پر جنات اغوا نہیں کر سکیں گے۔

* * * * *

جادو ٹونے کا شکار ہوں!

جو لوگ جادو ٹونے یا نظر وغیرہ کا شکار ہوں انہیں چاہیے کہ وہ روزانہ اپنے گھر میں سورۃ البقرہ کی تلاوت ترجمہ کے بغیر اپنے ٹیپ ریکارڈ میں لگا دیں اور خود بھی روزانہ 11 یا 21 دن تک دن میں کسی ایک وقت میں اس کی تلاوت کر کے پانی میں دم کر کے مریض کو پلائیں اور کمر کے چاروں کونوں میں اس کے چھینٹے ماریں ہر طرح کا سخت سے سخت جادو ختم ہو گا نظر آسیب اور نحوستوں کا خاتمہ ہو گا۔

* * *

نظر بد کیلئے

جس کو نظر لگ جائے وہ آدمی جس کی نظر لگی ہو اپنے وضو کے پانی کے چند قطرے مریض پر ڈال دے، ایسا کرنے سے نظر اُتر جائے گی۔ اس کے علاوہ سورۂ قلم پارہ نمبر 29 آیت نمبر 51 اول و آخر درود شریف پڑھ کر 21 بار آیت پڑھ کر دم کریں، نظر بد ختم ہو جائے گی۔

حاسد سے پیچھا چھڑانا

اگر کسی شخص کے پیچھے حاسدین لگ گئے ہوں اور اس کو ہر وقت ان سے خطرہ رہتا ہو کہ جان کا نقصان ہو جائے یا مال کا تو اس سے پیچھا چھڑانے کیلئے سرسوں کے دانے پچاس عدد لے کر ایک مرتبہ باوضو سورۂ یوسف مکمل سورۂ پڑھ کر ان دانوں پر دم کریں اور یہ عمل گیارہ دن تک کریں اور گیارہویں دن ان دانوں کو آگ میں جلا دیں اور حاسد کا نام لیں کہ وہ حسد سے باز آ جائے اور نقصان نہ پہنچا سکے اور ہر قسم سے پیچھا چھوڑ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاسد مغلوب اور شرارت سے باز آ جائے گا۔ سورۂ یوسف بارہویں پارہ میں ہے۔

* * *

جادو سفلی ٹونے کا علاج

اگر کسی پر جادو یا سفلی کا اثر ہو یا اس پر ٹونے ٹوٹکے کا عمل کرایا گیا ہو تو اس کیلئے یہ عمل تیر بہدف اور مجرب ہے۔ روزانہ باوضو اول تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے بعد آیۃ الکرسی سات مرتبہ اس کے بعد سورۂ فلق اور ناس سات سات مرتبہ پڑھیں اور گیارہ بار درود شریف پڑھ کر مریض پر اور ایک بوتل پانی پر دم کریں جب بھی مریض پانی پیے اس بوتل میں سے تھوڑا سا پانی ملا کر مریض کو پلائیں۔ یہ عمل سات دن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات دن کے اندر جادو ٹونے کا اثر ختم ہو جائے گا۔

تسمیہ کے ذریعے جادو کا توڑ

جو شخص تسمیہ یعنی بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ 786 مرتبہ پڑھ کر طلسم اور جادو وغیرہ پر دم کر دے تو وہ طلسم باطل ہو جائے گا اور اس پرے گھر سے ہر قسم کا جادو ختم ہو جائے گا۔ نیز تسمیہ کا اتنی ہی مقدار میں پڑھنا دعا کو مقبول بنا دیتا ہے۔

* * *

گھر سے جادو کا خاتمہ

گھر سے جادو کو ختم کرنے کیلئے سب سے بہترین وظیفہ ''منزل،، کا پڑھنا ہے جن گھروں میں منزل دن میں صرف ایک بار ہی پڑھی جاتی ہو وہ گھر جادو، ٹونے اور غلط قسم کے سفلی عملیات سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ منزل پڑھنے کیلئے صرف دس منٹ درکار ہوتے ہیں۔

* * *

تمام رات ہر شر سے محفوظ

جو شخص رات سوتے ہوئے تسمیہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ صرف 21 مرتبہ ہی پڑھ لیتا ہے اللہ پاک اس گھر کو تمام رات کیلئے چوری اور ڈاکے سے محفوظ کر دیتے ہیں۔ یہی فضیلت آیۃ الکرسی کی بھی ہے۔ اس کے علاوہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کی ایک دوسری بڑی فضیلت یہ ہے کہ جہنم کے انیس فرشتے ہیں جو شخص فجر کی نماز کے بعد انیس مرتبہ تسمیہ پڑھ لیتا ہے وہ پورے دن کیلئے جہنم کے ان انیس فرشتوں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ اگلے دن فجر کی نماز کے بعد پھر انیس مرتبہ تسمیہ پڑھ لے۔ اسی موت کے وقت تک جہنم سے محفوظ رہے گا۔ علاوہ ازیں جو کام تسمیہ سے شروع کیا جائے اس میں برکت بھی ہوتی ہے اور وہ کام اللہ کے فضل سے آسان بھی ہو جاتا ہے۔

تمام دن اور رات اللہ کی حفاظت

جو شخص آخری تین قل فجر کی نماز کے بعد پڑھے گا وہ پورا دن اللہ کی حفاظت میں آجائے گا اور جو مغرب یا عشاء کے بعد آخری تین قل تین تین بار پڑھے گا وہ اور اس کا پورا گھرانہ پوری رات کیلئے اللہ پاک کی حفاظت میں آجائے گا اس لیے یہ آخری تین قل ہر مسلمان صبح اور شام کو تین تین مرتبہ ضرور پڑھنے چاہیے۔ اللہ پاک کی حفاظت کے علاوہ ان کا ثواب عظیم بہت زیادہ ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مجھ پر ایک ایسی آیت اتری ہے کہ کسی نبی پر سوائے حضرت سلیمان علیہ سلام کے ایسی آیت نہیں اتری وہ آیت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہے۔

* * * * *

جادو کے توڑ کیلئے تلوار سے تیز عمل

درج ذیل عمل کو کئی لوگوں نے آزمایا اور درست پایا۔ میرے ایک دوست تھے وہ بھی عملیات کا کام کرتے ایک دن انہوں نے مجھے فون کیا کہ یار مجھے کوئی ایسا عمل بتائیں جو جادو کا توڑ ہو، اس کو میں نے یہ درج ذیل آیات لکھ کر دیں۔ کہنے لگے کہ میرے پاس ایک آدمی آیا کہنے لگا حضرت میری سموسے اور پکوڑوں کی ریڑھی ہے، کافی دن ہو گئے ہیں آگ جلاتا ہوں مگر پکوڑے اور سموسے پکتے ہی نہیں۔ وہ کہنے لگے جب میں نے تشخیص کی تو معلوم ہوا ان پر کسی نے جادو کر دیا ہے۔ میں نے اس کو کہا کہ تو درج ذیل آیات صبح و شام تین تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر، اور یہ پانی خود بھی پی اور ریڑھی پر چھڑکاؤ بھی کر۔ اس نے جب دم کیا تو کہنے لگا پہلے تو میں کئی کئی گھنٹے آگ جلاتا تھا، آگ کچھ اثر نہیں کرتی تھی آج دو دن ہوئے ہیں سب پریشانی دور ہو گئی ہے۔ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١١٨﴾ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿١١٩﴾ وَ اُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿١٢٠﴾ قَالُوْا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٢١﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿١٢٢﴾ (سورۂ اعراف)

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٨١﴾ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٨٢﴾ (سورۂ یونس) وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿٦٩﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ﴿٧٠﴾ (سورۂ طٰہٰ)

✿ ✿ ✿ ✿ ✿

کالے جادو سے نجات

اگر کوئی کالے علم والا کسی کو تعویذ دھاگہ کر کے نقصان پہنچانے کے درپے ہو تو اسم یَا جَبَّارُ کو عشاء کی نماز کے بعد گیارہ یوم تک روزانہ 20600 مرتبہ پڑھے تو ہر قسم کا حملہ زیر ہو جائے گا اور جادوگر کی اصلاح ہو گی۔

* * *

نفس شیطان سے بچنے کا عمل

اللہ خبیر ہے کیونکہ اسے تمام اشیاء کی باریکیوں کی خبر ہے، وہ چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی چیز کو ہر وقت پوری طرح جانتا ہے۔ کوئی چیز اس سے چھپی نہیں وہ غیب کی تمام خبروں کو جانتا ہے۔ وہ دنیا اور آخرت کے ذرے ذرے کے حال سے باخبر ہے۔ اس لیے اسے خبیر کہا جاتا ہے۔ یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد ۸۱۲ ہیں۔ اس اسم کے ذکر سے طبیعت میں یہ اثر پیدا ہوتا ہے کہ پڑھنے والے کا دل اپنی برائیوں سے باخبر ہو کر انہیں ختم کرنے کے درپے ہو جاتا ہے۔ آخر اللہ تعالیٰ اسے برائیوں سے بچنے کی توفیق عطا فرما دیتا ہے۔ اس اسم کے خواص مندرجہ ذیل ہیں:۔

اسرار کا انکشاف:

جو شخص اس اسم کو کثرت سے پڑھتا ہے اس پر خواب یا بیداری میں پوشیدہ باتوں کے انکشافات کھلنے لگتے ہیں۔ اگر کوئی خفیہ بات کسی کے دل میں ہو اور اسم یَاخَبِیرُ کا ذاکر جاننا چاہے تو اسے معلوم ہو جائے گی۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ خبیر ہے اور جو اسے اس نام سے پکارتا ہے اللہ اسے بھی دلوں کے راز سے آگاہ فرما دیتا ہے۔

نفس، شیطان اور ہوشیار آدمی سے بچنے کا عمل:

جو شخص نفس، شیطان اور مکار قسم کے لوگوں کے مکر و فریب سے بچنا چاہتا ہو اور

اللہ کی رحمت چاہتا ہو تو اسے چاہیے کہ اسم یَاخَبِیْرُ کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ نفس پر غالب رہے گا، شیطان کے جال میں نہیں پھنسے گا اور دوسرے لوگوں سے دھوکہ نہیں کھائے گا۔

شیطان کے شر سے حفاظت

هُوَاللّٰهُ الرَّحِيْمُ جو ہر نماز کے بعد سات بار پڑھ لیا کرے گا انشاء اللہ عزوجل شیطان کے شر سے بچا رہے گا اور اس کا ایمان پر خاتمہ ہوگا۔

* * *

ہر قسم کے جادو سے حفاظت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ عمل مجھے کہیں سے ملا تھا، میں نے ایک دوست کو بتایا اس کا مسئلہ اس کو پڑھنے کی برکت سے حل ہوگیا۔ اب میں یہ عمل عبقری کے لاکھوں قارئین کو ہدیہ کررہا ہوں۔ عمل یہ ہے:۔ حضرت کعب الاحبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ چند کلمات اگر میں نہ کہتا تو یہود مجھ کو گدھا بنا دیتے۔ کسی نے پوچھا وہ کلمات کیا ہیں؟ انہوں نے یہ بتائے نہوں نے یہ بتائے اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الَّذِىْ لَيْسَ شَىْءٌ اَعْظَمَ مِنْهُ وَبِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ الَّتِىْ لَايُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَافَاجِرٌ وَّ بِاَسْمَآءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰى مَاعَلِمْتُ مِنْهَا وَمَالَمْ اَعْلَمْ مِنْ مَاخَلَقَ وَذَرَأَ وَبَرَأَ۔ اس کو امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے۔ (مشکوٰۃ)

جادو سے نجات کے لیے

یَامُمِيْتُ 7 بار روزانہ پڑھ کر جو اپنے اوپر دم کرلیا کرے انشاء اللہ عزوجل جادو اثر نہیں کرے گا۔

* * *

نظر بد سے بچنے کیلئے آزمودہ تعویذ

ططط	ططط	ططط
ططط	ططط	ططط
ططط	ططط	ططط

* * *

آسیبی خلل سے بچنے کیلئے

درج ذیل کلمات ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھنے سے آپ انشاء اللہ ہمیشہ آسیبی خلل سے بچے رہیں گے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِی لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّۃٍ وَّمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَامَّۃٍ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

* * *

حاسدین سے مستور رہنے کا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس دشمن اور حاسدین سے محفوظ رہنے کا ایک عمل ہے۔ یہ عمل پچھلے چند سالوں سے میرے استعمال میں ہے اور الحمدللہ مجھے کبھی کسی قسم کی پریشانی نہیں ہوئی۔ آیات کے حوالے درج ذیل ہیں:۔ سورۂ نحل آیت نمبر 108۔ سورۂ کہف آیت نمبر 57۔ سورۂ یٰسین کی پہلی 9 آیات۔ سورۂ جاثیہ آیت نمبر 23۔ ان تمام آیات کو صبح و شام صرف تین تین مرتبہ پڑھیں اور محفوظ رہیں۔

* * *

نظر بد سے حفاظت

بندہ کچھ عرصہ سے سوچ رہا تھا کہ جس طرح حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم نے دل کھول عبقری کے اندر لکھ رہے ہیں اور دل کھول کر اپنے سینے کے راز تمام لوگوں کو بتا رہے ہیں جو کسی نے نہ بتائے نہ بانے کے ہیں۔ ایسا سخی اور ایسا ہمدرد انسان زمانے میں کم ہی ملتا ہے۔ اگر لوگوں کو قدر ہو تو بندہ نے بھی چاہا کہ اپنے وظائف و عملیات جو مجرب ہیں عبقری کے اندر لکھوں تا کہ ہر مسلمان فائدہ اٹھائے اور زندگی کے اندر عیش وعشرت سے رہے۔ بندہ نے جو مجرب اعمال لکھے ہیں وہ مسنون ہیں۔ جو چیز اچھے لگے یہ دعا پڑھے اس کو نظر نہیں لگے گی۔ مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

زمینوں اور آسمانوں کے اندر جو کچھ بھی ہے ان سب حفاظت: جو بندہ صبح وشام تین تین مرتبہ آخری تین سورتیں پڑھے گا اللہ تعالیٰ زمینوں آسمانوں، انسانوں اور جنات کے شر سے نجات عطا فرمائیں گے۔

* * *

سحر جادو سفلی کا اثر ختم

اگر کسی آدمی یا عورت پر یا بچے، بچی پر جادو کرا دیا گیا ہو جس کے سبب وہ بیمار رہتے ہوں یا ان پر جادو کے سبب پاگل پن طاری ہو گیا ہو تو اس کیلئے یہ آیات باوضو ایک چینی کی پلیٹ بغیر پھول والی پر لکھے اور ایک پانی کا مٹکا اس بارش کے پانی کا لے جو پہاڑ پر برسا ہو یعنی ایک مٹکا لے جا کر بارش کے دوران پہاڑ پر رکھ دے وہ بارش کے پانی سے بھر جائے تو اٹھا کر گھر لے آئے اور یہ مٹکا اس حالت میں لائے کہ لاتے وقت لانے والے کو کوئی نہ دیکھے۔ اسی طرح ایک مٹکا پانی اس کنویں سے بھر کر لائے جو بیکار اور ویران پڑا ہو۔ جمعہ کے دن سات درختوں سے ایک ایک پتہ ہرا لے کر آئے۔ درخت ایسے ہوں جن کے پھل ابھی تک کھائے نہ گئے ہوں، دونوں مٹکوں

کے پانی کو ملا کر ساتوں پتے اس میں ڈال دیں اور نہر یا سمندر یا تالاب یا جھیل کے کنارے لے جا کر دونوں پاؤں لٹکا کر اس پلیٹ والی آیت کو اس مٹکے والے پانی سے دھو کر مٹکے والا پانی اپنے سر کے اوپر ڈونگے بھر بھر کر ڈالنا شروع کر دے۔ جب سب پانی اپنے جسم پر بہا لے تو دوسرے کپڑے پہن کر گھر آ جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے سحر، جادو، سفلی کا عمل ختم ہو جائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں:۔

فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ۝ فَلَمَّا اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿یونس، 81،80﴾

جادو جنات آسیب ختم

اگر کسی گھر، دکان دفتر یا کسی بھی جگہ پر جادو، جنات، آسیب، سایہ وغیرہ ہو تو سب سے پہلے مٹی کے نئے پیالے میں سورۂ فیل مکمل لکھ کر اس جگہ کی حدود کے اندر کسی پاک وصاف جگہ پر زمین کے اندر دفن کر دیں۔ پھر ایک وقت اور جگہ مقرر کر کے درج ذیل عمل پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پانی اس جگہ اور دیواروں پر چھڑکیں۔ عمل اکیس دن کا ہے۔ درود شریف ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ سورۂ فیل انچاس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ سورۂ فلق و ناس اُنہتر مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ درود شریف ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ سورۂ فلق و ناس کو ملا کر پڑھنا ہے۔

* * *

بزرگ جن سے عطا کامیاب عمل

میرے چند دوست دنیا و آخرت میں بھلائی، رزق، ہر بیماری سے شفاء یعنی ہر معاملے کیلئے یہ ذکر کرتے ہیں اور پندرہ منٹ تک کرتے ہیں۔ یہی ذکر پانی پر دم کر کے دیتے ہیں۔ بقول ان کے انہیں یہ ذکر کسی بزرگ جن سے عطا ہوا ہے۔ خصوصاً ہر جمعرات کو رات ایک بجے ذکر شروع کرتے ہیں، ذکر پندرہ منٹ کرتے ہیں اور بعد میں سب مل کر دعا کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اس طرح پورا ہفتہ ہمارے رزق میں برکت رہتی ہے گھر کے افراد بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں، پریشانیاں دور رہتی ہیں۔

قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔ قَالَ رَبِّ هَبْ لِيْ يَا عَالِمَ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ خَزَآئِنَ رِزْقٍ مُّبِيْنٍ۔ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔ قَالَ رَبِّ هَبْ لِيْ شِفَآءً وَّرَحْمَةً مُّبِيْنًا۔ آخر میں اپنا اور والدہ کا نام۔

* * * * *

نظر بد سے نجات کا ایک عمل آپ کی خدمت میں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جیسا کہ آپ اکثر فرماتے ہیں کہ نظر بد برحق ہے۔ نظر بد اونٹ کو ہانڈی اور انسان کو قبر میں پہنچا دیتی ہے۔ ایسے ہی جادو بھی برحق ہے۔ میرے پاس ان سے نجات کا ایک آزمودہ عمل ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کر رہی ہوں۔ سات دفعہ چاروں قل، سات دفعہ آیت الکرسی صبح و شام پڑھ کے دم کریں اور دم شدہ پانی پلائیں۔ جادو جنات کیلئے: منزل ایک دفعہ، تین دفعہ یا سات دفعہ روزانہ صبح و شام پڑھ کر دم کریں اور پانی پر دم کر کے پلائیں۔ (مقدسہ حیدر)

میرے دس سالہ آزمودہ سینے کے راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک طویل عرصہ سے دل میں روحانی علوم سیکھنے کا شوق اور جذبہ تھا لیکن کوئی عامل کامل نہ ملنے کی وجہ سے یہ علم کسی سے باقاعدہ طور پر نہ سیکھ سکا لیکن چونکہ بازار میں عملیات کی کتابیں عام ملتی ہیں۔ میں نے اپنے شوق کو پورا کرنے کیلئے دو چار چھوٹی چھوٹی عملیات کی کتابیں لے کر ان سے قرآنی آیات پر مشتمل عملیات کا تجربہ بطور دم و تعویذ شروع کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے تجربے میں کامیاب فرما دیا۔

محترم حکیم صاحب! میرا نہ تو کوئی روحانی استاد ہے اور نہ ہی میں نے کسی سے کوئی روحانی علم سیکھا ہے۔ بس عملیات کی کتابوں سے دیکھ کر تجربہ کیا ہے۔ چند ایک مقاصد کے عملیات جو کہ عرصہ 10 سال سے میرے مجرب ہیں اور میں نے جن کو بھی دم کیا یا بطور تعویذ لکھ کر دیا تو اللہ نے لوگوں کو فائدہ پہنچایا۔ جس کی وجہ سے لوگ مجھے عامل سمجھتے ہیں اور اپنے مختلف کاموں کی غرض سے میرے پاس آتے ہیں عرصہ 10 سال سے میرا تجربہ ہے اور میں مخلوق خدا کے فائدے کیلئے ادارہ عبقری کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

* * *

بچوں کے رونے اور آسیب کیلئے

سورہ فاتحہ، آیت الکرسی، سورۂ مومنون کی آخری چار آیات، سورہ الصفٰت آیت 1 سے 11 تک اور سورۂ جن آیت 1 سے 5 تک اور سورہ فلق وسورۃ الناس 7 پڑھ کر مریض پر دم کریں اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور منہ پر چھینٹا ماریں اور یہی آیات اور سورتیں بطور تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ مجرب ہے۔

نظر بد کیلئے:

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّۃٍ وَّمِنْ شَرِّ عَیْنٍ لَامَّۃٍ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ (7,5,3 دفعہ پڑھ کر دم کریں اور بطور تعویذ لکھ کر دیں۔

* * *

یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا کریم یا غفار

یہ وظیفہ ہر طرح کی مشکلات کیلئے ہے، اس کو کرنے سے رزق میں برکت ہو جاتی ہے اور کاروبار بھی خوب ترقی کرتا ہے۔ اس وظیفہ کی برکت سے انسان حادثات سے بھی بچ جاتا ہے۔ یہ وظیفہ تمام بیماریوں کا علاج ہے، اس کو ہر وقت ہر پل وضو بے وضو پڑھنا ہے۔ پڑھنے کے بعد ہی آپ کو اس وظیفہ کی افادیت کا علم ہوگا۔ یہ وظیفہ ہر قسم کی بندش اور جادو کا توڑ بھی ہے یقین شرط ہے، پھر اس کا کمال دیکھیں۔ رزق میں برکت: اگر کسی کے رزق میں برکت نہ ہو یا پھر اس کا رزق کم ہو تو پھر وہ ہر فرض نماز کے بعد 41 مرتبہ یارزاق اول وآخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھ کر دعا کریں۔ چند دنوں میں ہی اس پر رزق کی بارش شروع ہو جائے گی لیکن اس عمل کو جاری رکھنا ہے تاکہ رزق میں کمی نہ ہو۔

* * *

دکان خوب چلے

باوضو حالت میں دکان پر جا کر سات مرتبہ سورۂ کوثر اپنی چیزوں پر دم کر دیں تو خوب بکری ہوگی اور گاہک زیادہ آئیں گے، ہاتھوں ہاتھ چیز فروخت ہو جائے گی۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک ضرور پڑھیں۔

* * *

ہر بلا سے حفاظت

شروع دن میں آیۃ الکرسی اور سورۂ مومن کی پہلی تین آیتیں پڑھ لیں، اُس دن ہر برائی اور تکلیف سے محفوظ رہیں گے۔ انشاء اللہ۔

جنات کیلئے کوڑا

کافر جنات کیلئے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ کوڑے کا کام کرتا ہے۔ 71 بار پڑھ کر ہر طرف پھونک مار دیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا ہے۔ کسی وقت پڑھ سکتے ہیں نہایت مجرب عمل ہے۔

* * *

جادو، جنات اور تمام جسمانی امراض کے دفیعہ لئے اکسیر اعظم

الحمد شریف سات مرتبہ، آیت الکرسی تین مرتبہ، سورہ یٰسین شریف ایک مرتبہ، سورہ نوح ایک مرتبہ، سورۂ جن گیارہ مرتبہ، سورہ لہب ایک مرتبہ، آخری تینوں قل تین تین مرتبہ، اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور دعا کریں کم از کم پانچ ماہ یہ عمل کریں اس سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں ہے۔

* * *

شیطانی کاموں سے امن

جو شخص شراب اور زنا میں مبتلا ہو وہ ہر روز سات مرتبہ اسم یَابَرُّ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو شیطانی کاموں سے امن میں رہے گا۔

* * *

شیطان اس کے گھر کے قریب نہیں آتا

نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے آسمان زمین کی پیدائش سے دو ہزار برس پہلے ایک کتاب لکھی اس میں سے دو آیتیں اتاریں جن پر سورۂ بقرہ کا اختتام کیا، یہ دو آیتیں جس گھر میں تیس دن تک پڑھی جائیں شیطان اس گھر کے قریب نہیں آ سکتا۔

سحر، جادو، سفلی کو ختم کرنے کیلئے

اگر کسی پر کسی دشمن نے سحر، جادو سفلی کرا دیا ہو جس کے سبب اس کی نیند غائب ہوگئی ہو اور اس کی بھوک ختم ہوگئی ہو سر میں درد، چکر، بھول چوک اور آئے دن پریشانی میں زیادتی ہو رہی ہو۔ ایک الجھن ختم نہیں ہوئی کہ دوسری پیدا ہوگئی۔ غرضیکہ ہر کام میں طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں، کاروبار میں نقصان ہوتا ہے، دفتر میں ہر ایک سے لڑائی ہوتی ہے گھر میں ہر طرح کی برکت ختم ہو چکی ہو اور مالی مشکلات کے سبب گزارہ مشکل ہوگیا ہو تو اس کیلئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر باوضو ایک کاغذ پر یہ آیتیں لکھیں اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لیں۔ اگر لکھنا نہ جانتے ہوں تو کسی دوسرے سے لکھوالیں اور ایک پلیٹ چینی کی لے کر اس پر بھی یہی آیتیں لکھیں اور پانی میں گھول کر پئیں۔ یہ عمل اکتالیس دن کریں۔ انشاء اللہ سحر و جادو سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیتیں یہ ہیں:۔ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ

اللهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ٥ وَيُحِقُّ اللهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿82،81 یونس﴾

* * *

ہر قسم کی خطرناک بیماری، سحر، جادو کا علاج

اگر کوئی شخص کسی خطرناک مرض میں مبتلا ہو یا اس پر کسی نے سحر، سفلی، جادو کرا دیا ہو یا پُراسرار بیماری میں مبتلا ہو جس کی تشخیص نہ ہوتی ہو تو اس کیلئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک چینی کی بغیر پھول والی پلیٹ پر الحمد شریف لکھے اور اس کے نیچے یہ کلمات لکھے اور مریض کو پلیٹ پانی سے دھو کر وہ پانی چار وقت پلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کے خطرناک مرض، سحر، جادو، سفلی سے نجات حاصل ہوگی۔

سورۃ فاتحہ کے نیچے لکھے جانے والے کلمات یہ ہیں:۔

يَاحَیُّ حِيْنَ لَاحَیَّ فِیْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَاحَیُّ۔

بُرے خیالات سے حفاظت:

ایسے ہی اگر کسی کے دل میں بُرے خیالات پیدا ہوتے ہوں تو اسم یَاوَاجِدُ کو ایک سو مرتبہ بعد نماز فجر پڑھنا شروع کر دے، انشاءاللہ فاسد خیالات ختم ہو جائینگے۔

* * *

بچے کو نظر لگ جانا

اگر بچے کو نظر لگ جائے یا بہت روتا ہو یا سوتے ہوئے ڈر جاتا ہو تو سورہ فلق اور سورۂ ناس تین تین مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کریں ار ساتھ یہ دعا لکھ کر بچے کے گلے میں لٹکا دیں۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَامَّةٍ۔

* * *

جادو کا اثر زائل کرنے کیلئے

جادو کے اثر کو زائل کرنے کیلئے گیارہ دن تک سو مرتبہ پارہ نمبر 16 کی سورہ طٰہٰ کی آیت نمبر 68، 69 کو روزانہ سو مرتبہ پڑھیں۔

* * *

نظر بد کبھی نہ لگے

اگر کسی بندے یا بچے کو نظر لگ جاتی ہو تو 111 مرتبہ یَابَرُّ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔ انشاء اللہ بچے کو نظر نہیں لگے گی۔

* * *

ناری مخلوق کا داخلہ بند

اپنے مکان کو ناری مخلوق سے ہمیشہ محفوظ رکھنے کیلئے اسم یَانُوْرُ کو روزانہ اپنے مکان میں 111 مرتبہ ورد کرنا چاہیے۔

* * *

میاں کو محبت پر مجبور کرنے والا عمل

(جادو پلٹا اور گھر خوشیوں کا گہوارہ بن گیا)

قارئین! جب کسی کا گھر کسی عمل کی وجہ سے اجڑتے اجڑتے بس جاتا ہے تو آپ سوچ نہیں سکتے کہ کتنی خوشی ہوتی ہے۔ آج اپنے معاشرے میں نگاہ دوڑائیں تو گھروں میں میاں بیوی کے جھگڑے زبان زد عام ہیں' طلاق کی شرح دن بدن بڑھتی جارہی ہے۔ ایسا ہی ایک واقعہ عبقری خواتین خاص نمبر کیلئے میں نے خاص طور پر لکھا ہے' یہ عمل ہر شادی شدہ اور کنوری لڑکی کی ضرورت ہے' اس پر ضرور عمل کیجئے اور تمام امت مسلمہ کیلئے دعا کیجئے۔ مجھے میری خالہ کی دوست نے یہ آپ بیتی سنائی ہے آیئے انہی کی زبانی سنئے:۔

میری شادی آؤٹ آف فیملی میں ہوئی۔ میں چونکہ مظفر گڑھ میں ٹیچر تھی، سسرالی شہر میں تبادلہ ہونا تقریباً ناممکن تھا۔ میرے شوہر سے میرے والدین نے پہلے ہی معاہدہ کرلیا تھا کہ میرے شوہر اسی شہر میں رہیں گے۔ میں نے شادی کے چند ابتدائی دن سسرال کے شہر گزارے۔ میرے ساس سسر اس بات پر راضی تھے ان کا کہنا تھا جہاں بھی رہو خوش رہو' ہم چھٹی ختم ہونے کے بعد مظفر گڑھ آگئے۔ والدین کے گھر کے ساتھ ایک مکان کرائے پر لے کر رہنے لگے۔ میاں بیوی میں خوب انڈرسٹینڈنگ تھی۔

ہنستا مسکراتا چمن

دن رات ہنسی خوشی گزرنے لگے' اللہ تعالیٰ نے مجھے دو بیٹے اور ایک بیٹی سے نوازا۔ میرے والد صاحب نے مجھے اپنے ترکے میں سے رقم دی' کچھ میں نے کمیٹیاں ڈال کر کچھ قرض لے کر' شوہر صاحب نے بھی بچت کی ہم نے اپنا مکان بنالیا۔ ہماری زندگی سکون سے گزر رہی تھی۔ بچے اچھے سکولوں میں جانے لگ گئے

تھے۔ ایک ہنستا مسکراتا چمن تھا، ہمارے گھر تین خوبصورت پھول تھے۔ ہم میاں بیوی میں مثالی محبت تھی لیکن پھر اچانک میں نے محسوس کیا کہ میرے شوہر کا رویہ بدلتا جا رہا ہے جیسے ہی گھر میں آتے چپ چاپ رہتے‘ منہ سوجا ہوا۔

نہ جانے اچانک کیا ہو گیا؟

پہلے کی طرح ہنسی مذاق‘ نہ گپ شپ‘ نہ چھیڑ چھاڑ‘ نہ روزمرہ کی باتیں۔ میں حیران پریشان تھی۔ پوچھتی کیا وجہ ہے‘ آپ کو کیا پریشانی ہے؟ خاموش خاموش کیوں ہیں؟ میرے پوچھنے پر مزید بھڑک اٹھتے‘ بکواس نہ کر‘ کوئی پریشانی نہیں ہے، میری کچھ سمجھ میں نہ آتا، آخر معاملہ کیا ہے؟ مجھ سے کیا غلطی ہوئی ہے؟ مجھ سے بلاوجہ بول چال تقریباً بند تھی‘ اب تو بچوں کی شامت آئی ہوئی تھی۔ شوہر صاحب کا رویہ دن بدن خراب سے خراب تر ہوتا جا رہا تھا، پہلے میرے پکے ہوئے کھانے کی خوب تعریفیں کیا کرتے تھے، کھانا کھانے کے بعد اپنی جیب سے کڑکتے نوٹ نکال کر مجھے انعام میں دیتے۔ ہم میاں بیوی بچے ہر شام کو اکٹھے بیٹھتے خوب ہنستے ہنساتے ایک دوسرے کو چھیڑتے‘ کبھی کبھی کوئی گیم کھیلتے مگر اب جو بھی پکا کر ان کے آگے رکھتی اٹھا کر پھینک دیتے، اور چیخ کر کہتے ”تجھے کب کھانا پکانا آئے گا‘ یہ سالن پکایا ہے، کچا پانی ہے، گوشت کی مہک آ رہی ہے“ میں رونے والی ہو جاتی ”یہ کپڑے دھوئے ہیں‘ داغ دھبے بھی نہیں اُترے، یہ گھر کیسے بکھرا پڑا ہے، تجھے کوئی سلیقہ نہیں ہے“ میں حیران یا اللہ انہیں ہوا کیا ہے۔ دس سالہ ازدواجی زندگی گزر گئی، کسی بات پر اعتراض نہیں کیا۔ اب کیا ہو گیا‘ بات بات پر ڈانٹ ڈپٹ بچے الگ پریشان، باپ کے سائے سے چھپتے پھر رہے تھے۔ ایک دن انہوں نے مجھے اتنا پریشان کیا کہ میں زاروقطار رونے لگ گئی، وہ مجھے جلی کٹی سناتے باہر چلے گئے اور میں نے رو رو کر آنکھیں سجا لیں، کچھ بتاتے بھی تو نہیں کہ میری غلطی کیا ہے، اللہ میں کیا کروں، میں اداس اور غمگین بیٹھی تھی۔

بیٹی کیا بات ہے!

میری دوست کی خالہ جان تشریف لے آئیں، انہوں نے میری رونی صورت دیکھی تو پوچھا بیٹی کیا بات ہے، پریشان ہو، روئی روئی لگ رہی ہو، میرا دل تو غم سے بھرا ہوا تھا، ان کا پوچھنا تھا کہ میں بلک بلک کر رونے لگی، کتنے دن سے ٹینشن میں تھی کوئی ہمدرد ملا تھا اس کے سامنے دل کھول کر رکھ دیا، ساری حقیقت حال ان کو بتائی، خدا ان کا بھلا کرے، انہوں نے اسی وقت ایک مجرب وظیفہ بتایا اور ساتھ بتایا یہ کسی حاسد کا کیا دھرا ہے۔ میں نے دل و جان سے شروع کر دیا، وظیفہ درج ذیل تھا۔ پارہ نمبر 16 سورہ طٰہٰ جیسے ہی نیا چاند نظر آئے پہلے دن سے نماز عصر کے بعد سورۃ طٰہٰ کی تلاوت کرنی ہے، پڑھتے پڑھتے پارہ نمبر 16 سورہ طٰہٰ آیت نمبر 39 کا یہ حصہ وَ اَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ﴿طٰهٰ۳۹﴾ کو تین مرتبہ دہرانا ہے۔ چاند کی گیارہ تاریخ تک پڑھنا یعنی گیارہ دن پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے صدق دل سے دعا مانگنی ہے اور گیارہ دن کے بعد چلتے پھرتے درج بالا آیت پڑھتے رہنا ہے۔

میں نے دھیان سے وظیفہ سن لیا' جب نیا چاند نظر آیا میں نے اسی دن سے وظیفہ شروع کر دیا۔ گیارہ دن کے بعد پھر ہر وقت درج بالا آیت پڑھتی رہتی۔

شوہر کے رویے میں تبدیلی

شوہر صاحب کے رویے میں خوشگوار تبدیلی آنا شروع ہوگئی، ہمہ وقت ویسے ہی پہلے کی طرح ہنسی مذاق، پیار و محبت، وہی سلوک لوٹ آیا، وہی پہلے کی طرح گھر آتے' کچھ نہ کچھ کھانے کو پھل وغیرہ لاتے' درمیان میں بیٹھ کر سب کو اپنے اردگرد بٹھا لیتے اور ہنستے کھیلتے کھاتے' مجھ سے ہنسی مذاق' چھیڑ چھاڑ پہلے کی طرح شروع کر دی۔

میں نے خدا کا شکر ادا کیا ان سے سابقہ رویے کا سبب پوچھنا مناسب نہ سمجھا' دکھ کے دن تھے ٹل گئے، انہیں کیا یاد کرنا۔ لیکن ایک دن باتوں میں خود کہنے لگے بیگم! پتہ نہیں مجھے کیا ہوگیا تھا۔ آج میں تجھے بتاتا ہوں کہ میرے کچھ دوستوں نے مجھے دوسری

شادی پر اُکسایا، میرا کولیگ اپنی بہن کا رشتہ مجھے دینے پر آمادہ تھا، میرا دل چاہتا تھا تجھے گھر سے نکال دوں اور دوسرا بیاہ رچا لوں لیکن اچانک پتہ نہیں کیسے میرے دل نے پلٹا کھایا، تم مجھے دوبارہ اچھی لگنے لگیں، دوسری شادی کا خیال دل سے نکل گیا بلکہ دل کھٹا ہو گیا۔ تم مجھے دوبارہ دنیا کی تمام عورتوں سے زیادہ خوبصورت نظر آنے لگی۔ تمہارا میرے ساتھ حسن سلوک' میری خدمت کرنا تمام چیزیں یاد آنا شروع ہو گئیں۔ وہ خود بخود اپنے راز کھول رہے تھے اور میرے چہرے پر مسکراہٹ تھی، پھر خود ہی ان کا ہاتھ پکڑ کر بولی چلیں چھوڑیں' پرانی باتوں کو کیا یاد کرنا' یہ دیکھیں میں نے نیا سوٹ آپ کی پسند کے کلر کا سلوایا ہے کیسا ہے؟ میرے شوہر سوٹ کی تعریفیں کر رہے تھے اور میرے چہرے پر مسکراہٹ کے ساتھ دل میں خالہ کے لئے دعائیں تھیں اور اللہ تعالیٰ کے کلامِ پاک پہ پختہ یقین ہو گیا تھا اور دل میں اپنے شوہر صاحب کو کہہ رہی تھی'' تجھے کلام پاک سے میں نے باندھا ہے بچو جی'' اب جو بہن اپنے خاوند کے برے رویے یا دوسری شادی کے شوق کا ذکر کرتی ہے میں اسے یہی عمل بتاتی ہوں سب کو، انشاء اللہ فائدہ پہنچتا ہے۔

* * *

نمک کی ڈلی سے سخت جادو اور نظرِ بد ختم

تقریباً کم از کم ایک فٹ لمبی پہاڑی نمک کی ڈلی لے کر اسے اوپر سے دونوں طرف سے تراش کر پہاڑ کی طرح تکون سا بنا لیں، پھر ایک نئی کنگھی لے کر گھر کے تمام افراد باری باری اپنے سر کو کنگھی کر لیں، بالغ نابالغ تمام افراد۔ پہلے ایک فرد اپنے سر میں کنگھی پھیریں جتنے بال آ جائیں وہ کنگھی سے نکال کر سفید کاغذ میں لپیٹ لیں پھر دوسرا فرد اپنے سر کو کنگھی کر کے جتنے بال کنگھی میں آ جائیں وہ سفید کاغذ میں علیحدہ سے لپیٹ لیں اسی طرح تمام افراد اپنے اپنے بال علیحدہ علیحدہ کاغذ میں لپیٹ لیں پھر نمک کی ڈلی میں چھری یا پیچ کس سے آر پار سوراخ کر لیں یا ڈرل مشین سے سوراخ کر لیں، پھر اس سوراخ میں تمام پڑیاں رکھ دیں اور نمک کی ڈلی کو گھر کے کسی بھی جگہ پر حفاظت سے رکھ دیں تو سخت سے سخت جادو اور نظرِ بد گھر سے اور تمام افراد سے ختم ہو جائے گی۔ ان شاء اللہ

* * * * *

ہر مقصد میں کامیابی کا انوکھا تعویذ

اگر بیوی نافرمان ہے تو شوہر یہی طریقہ کر لیں۔ مقدمے میں کامیابی کے لئے اپنے پاس رکھیں اللہ پاک کامیابی دے گا۔ الجھنوں پریشانیوں کے لئے تیر بہدف ہے۔ انشاء اللہ اور اپنے خادم کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔

کسی بھی مقصد میں کامیابی کے لئے یہ تعویز زعفران سے لکھ کر گلے میں ڈال لیں یا بازو پر باندھ لیں۔ سفید کپڑے میں لپیٹ کر پلاسٹک چڑھا لیں۔ گاڑی والے پلاسٹک کوٹنگ کر کے گاڑی میں لگا دیں، دکان کی کامیابی کے لئے دکان میں لگا دیں، جادو اور نظرِ بد ختم ہو گا، شوہر ظالم ہے تو بیوی ایک عدد اپنے پاس رکھے اور ایک لکھ کر پانی میں گھول کر شوہر کو پلا دیں شوہر راہ راست پر آ جائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ حق حق حق موجود

کشتگان	خنجر	تسلیم را	ہر زمان
خنجر	تسلیم را	ہر زمان	از غیب
تسلیم را	ہر زمان	از غیب	جان
ہر زمان	از غیب	جانِ	دیگر است

بحق ھاھا ھوھو ھی ھی

* * *

خاص الخاص عمل میاں بیوی کی محبت کے لئے گارنٹی شدہ سینے کا آزمودہ راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سب سے پہلے تو آپ جیسے مخلص اللہ کے بندے کو دعاؤں کا گلدستہ پیش کرتا ہوں اور پھر آپ سے اپنے لیے دعاؤں اور خاص نگاہوں کی التجا کرتا ہوں۔ اللہ آپ کو سدا سکھی رکھے۔ اس کے خزانوں میں کوئی کمی نہیں۔ حضرت صاحب آج میں اپنے دل کا ایک راز جسے ہیرا کہیں یا موتی تو یہ لفظ نہایت ہی کم ہیں عرض کرنے لگا ہوں۔ بار بار رسالے میں آپ کا اعلان دیکھا تو آج دل کا تحفہ یا راز دل سے عرض کرنے بیٹھ گیا ہوں۔ ایک واقعہ عرض کرنے کے بعد آپ کو تمام مخلوق تک پہنچانے کے لئے یہ راز بھی عرض کر دیتا ہوں۔ ہوا کچھ یوں کہ میرے پاس ایک خاتون اکثر آتی ہے دم کروانے یا کسی نہ کسی طبی معاملے میں بھی تو اللہ نے اس کو شفاء سے ہر بار نوازا خصوصاً روحانی علاج کرنے سے۔ ایک دن وہ اپنی ایک رشتہ دار کو لے کر آئی میں نے دیکھا تو کہنے لگی کہ یہ میری رشتہ دار بہت پریشان ہے اور چونکہ ہم تعویذ دھاگوں دم وغیرہ کو مانتے نہیں پھر بھی اس نے بہت کوشش لیکن مسئلہ حل نہ ہوا آج آپ کے پاس لے آئی کہ اس کا کام ہو جائے۔ پوچھنے پہ انہوں نے بتایا کہ اس کی شادی لاہور ہوئی اور اس کے خاوند قاری اور حافظ قرآن بھی

ہیں وٹہ سٹہ ہوا۔ ٹھیک دو ماہ کے اندر اندر اس کے خاوند نے واپس بھیج دیا اور آج 9 مہینے ہو گئے اس نے اس کو اپنے گھر نہیں داخل ہونے دیا اور اس قاری صاحب کی بہن اپنے گھر ٹھیک ٹھاک بیٹھی ہے لہٰذا ان کو تو سکون ہے اور اب وہ لوگ یہ تقاضا کرتے ہیں کہ اگر تم زیادہ کچھ کرو گے تو ہم اپنی بیٹی کو بھی واپس گھر لے آئیں گے۔ ہر کوشش کی بڑے لوگ دروازے تک لے گئے لیکن وہ صلح پہ راضی نہ ہوئے۔ پھر تعویذ دھاگے بھی کروائے۔ ایک دن وہ کہنے لگے کہ تم جہاں مرضی بھاگ لو مجھ پہ کوئی تعویز دھاگہ اثر نہیں کرتا اور اس کی اس بات نے یہ بات واقعی ثابت کر دکھائی کہ آخر میں ہر عامل یہ کہتا ہے کہ پتہ نہیں وہ کیا پڑھتا رہتا ہے اس پہ اثر نہیں ہوتا۔ اب شاید اللہ آپ کے ہاتھ سے یہ مسئلہ حل کر دے۔

بڑی لمبی کہانی سننے کے بعد میں نے کہا اگر آپ نے میری بات مان لی تو ان شاء اللہ آپ کے قاری صاحب معافی مانگ کر لے جائیں گے اور آپ تو کہتی ہو وہ فون تک نہیں سنتے میں کہتا ہوں کہ ان شاء اللہ وہ گھر تک خود آئیں گے لینے کے لئے۔ کہنے لگی ہفتہ بعد انہوں نے اپنی بیٹی کو لینے اور مجھے طلاق دینے آنا ہے۔ میں نے عرض کی کوئی بات نہیں آپ یہ دیکھو کہ اللہ کے فضل سے قاری صاحب آپ کو طلاق دینے نہیں گھر لے جانے کے لئے آتے ہیں اور آخر وہی ہوا اور اللہ کا فضل ہو گیا 4 دن بعد مجھے فون آیا خوشی سے وہ بہن بولی بھائی مبارک ہو میرا آدھا کام ہو گیا ہے۔ آخر کار ایک مہینہ کے اندر اندر قاری صاحب معافی مانگ کر اور خود آ کر لے گئے وہ ایسا عمل کونسا تھا جو میں نے اتنا یقین سے دیا اور جو میرا نہایت مجرب عمل ہے وہ پیش کرتا ہوں۔ حضرت حکیم صاحب وہ عمل ہے۔ یَا لَطِیْفُ یَا وَدُوْدُ طریقہ یہ کہ رات کو کسی تنہائی والی جگہ بیٹھ جانا ہے۔ سب کاموں سے فارغ ہو کر اور 11 (گیارہ) عدد کالی مرچ پاس رکھ لینی ہے اور پاس آگ بھی جلا لینی ہے۔ لکڑی کی ہو یا گوبر کی کوئی حرج نہیں۔

اول گیارہ بار نماز والا درود پڑھنا ہے۔ پھر ایک سو ایک 101 دفعہ یہ عمل پڑھنا ہے اور ایک کالی مرچ پر دم کر دینا ہے پھر 101 بار پڑھ کر دوسری کالی مرچ پر دم کر دینا ہے اسی طرح ٹوٹل گیارہ مرچیں دم کرنی ہیں اور پھر اپنے کام کے لئے دعا کرنی ہے۔ دعا کرنے کے بعد پھر گیارہ بار درود شریف پڑھنا ہے اور مرچیں آگ میں جلا دینی ہیں ایک ایک کر کے بھی جلا سکتے ہیں اور ساری اکٹھی بھی جلا سکتے ہیں۔ یعنی ایک مرچ دم کرنے کے بعد فوراً بھی آگ میں ڈال سکتے ہیں۔ اپنے کام کا تصور رکھنا ہے کہ میرا خاوند یا میری بیوی کے دل میں اللہ اپنے ان ناموں کی برکت سے محبت ڈال چکا ہے اور اب وہ میری محبت میں تڑپ کر مجھ سے صلح کرے گا۔ انشاءاللہ 11 دن کے اندر اندر کام گارنٹی سے ہو جائے گا اور گھر ایسا بسے گا کہ مثال قائم ہو گی۔

ایک خاص بات عرض ہے کہ اس عمل کو ناجائز جو بھی کرے گا وہ رزلٹ خود دیکھ لے گا۔ بتانے کی ضرورت ہی نہیں۔ بہن بھائی ماں باپ میاں بیوی اور جو کام شریعت میں جائز ہے اس کے لئے کر سکتے ہیں اور اثر اپنی آنکھوں سے دیکھ سکتے ہیں۔ عورت ناغہ کے دن بعد میں پورے کر سکتی ہے۔ یہ عمل جتنا آگے پھیلائیں گے اتنا ہی رزق، عزت، خوشیاں، مرتبے، دنیا اور آخرت میں ملے گا۔ ان شاءاللہ اور تمام قارئین سے التجا ہے کہ میرے لیے اور میری نسلوں کے لئے بھی ضرور دعا کر دیجئے۔

* * *

رشتہ تو ہو گیا مگر شوہر سے نہ بنتی تھی

۱۔ حضرت صاحب میں نے ایک لڑکی کا رشتہ کروایا تھا۔ رشتہ تو وظیفے کی برکت سے ہو گیا تھا مگر شوہر کے ساتھ بنتی نہ تھی۔ اس نے 3 تسبیح بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ کی پڑھنی شروع کی اور 5 وقت کی نماز میں بھی خوب دعائیں مانگتی تھی۔ اب وہ خوش ہے اور اس کی دوسری بہن کا بھی رشتہ مانگ رہے ہیں۔

۲۔ میاں بیوی کی محبت کے لئے 786 بار بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ پڑھ کر پانی پر دم کر کے دیکھیں اور جب بھی اسے کوئی بھی چیز کھانے کے لئے دیں یا پینے کے لئے محبت کی نیت سے چند قطرے اس کے اندر شامل کر دیں اور اس دوران یَاوَدُوۡدُ پڑھتے رہیں۔

۳۔ میاں بیوی کی محبت کثرت سے درود پاک پڑھیں اور نیت محبت کی ہو تو ان شاءاللہ ضرور بہ ضرور بہت زیادہ اثر ہوتا ہے اور بے مثال محبت ہوتی ہے۔

۴۔ میاں بیوی کی محبت حاصل کرنے کا عمل:۔ بِسۡمِ اللّٰهِ پوری پڑھ کر اس آیت شریفہ کو 12 بار سفید (شکر یا گڑ یا مٹھائی) پر پڑھ کر اپنے خاوند یا خاوند بیوی کو کھلائیں تو وہ محبت کا دم بھرنے لگیں گے اور اپنی بیوی کے علاوہ دوسری عورت کا نام نہ لے گا۔ (وَجَعَلۡنَا مِنۡۢ بَيۡنِ اَيۡدِيۡهِمۡ سَدًّا وَّمِنۡ خَلۡفِهِمۡ سَدًّا فَاَغۡشَيۡنٰهُمۡ فَهُمۡ لَا يُبۡصِرُوۡنَ) (سورۂ یٰسین)

میاں بیوی میں لڑائی کو محبت میں تبدیل کرنے کا عمل:۔

جو میاں بیوی ہر وقت لڑتے رہتے ہوں ان کے لئے میٹھی چیز پر 7 بار باوضو پڑھ کر دم کر کے دونوں کو کھلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ دونوں کی لڑائی ختم ہو جائے گی۔ اول آخر 7 بار درود پاک پڑھیں اور پھر یہ آیت پڑھیں۔ فِيۡهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبۡرٰهِيۡمَ (آل عمران 97)

میاں بیوی کی محبت کا خاص عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کے تمام ارکان کا میں انتہائی مشکور ہوں جنہوں نے عوام کو اس پرفتن دور میں سستے سستے علاج مہیا کیے۔ میں چند عمل پیش کر رہا ہوں جو بہت قیمتی ہیں جو بھی ان کو باوضو اور صاف دل سے لکھے گا۔ انشاءاللہ کامیاب ہوگا۔

۱۔ باوضو، قبلہ رو بیٹھ کر لکھیے

۷۸۶

۶۰۰۲	۶۰۱۶	۶۰۱۳	۶۰۰۹
۶۰۱۴	۶۰۰۸	۶۰۰۳	۶۰۱۵
۶۰۰۷	۶۰۱۱	۶۰۱۸	۶۰۰۴
۶۰۱۷	۶۰۰۵	۶۰۰۶	۶۰۱۲

الحب فلاں بن فلاں علیٰ حُبّ فلاں بن فلاں

جو عورت اس نقش کو اپنے پاس رکھے گی شوہر کی نگاہ عزیز ہوگی

نوٹ۔ (صرف بیوی اپنے خاوند کے لئے کرے ورنہ نقصان اٹھائے گی)

۲۔ اول و آخر دس دس بار درود شریف پڑھے اور درمیان اس کے اسم بُدُّوحُ کو بیس تسبیح یعنی 2 ہزار مرتبہ پڑھیے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب تابعدار ہو جائے گا۔ یہ عمل آزمودہ و مجرب ہے۔

3۔ محبت زن و شوہر:

عمل مندرجہ ذیل برائے محبت زن و شوہر بلا ناغہ سات روز تک بجا لاوے ناغہ نہ ہو ورنہ ازسرنو کرنا پڑے گا۔ دعا متذکرہ بصورت ہذا لکھے اور پانی یا شربت میں گھول کر پلائے انشاءاللہ طرفین میں محبت ہوگی۔ یقین لازمی ہے!

یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ یَادَیَّانُ بِحَقِّ یَااَللهُ

4۔ تسخیر کامل:۔

یہ عمل میرا آزمودہ ہے۔ اس میں کامیابی لازم ہے۔ اگر منظور خاطر ہے کہ افسران مہربان پیش آئیں تو دو رکعت نمازِ حاجت بوقت ضرورت پڑھیں' اس کے بعد 21 بار سورۃ فیل پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے چہرے بازو اور پیٹ پر پھیریں۔ جس کے پاس جائے گا وہ مہربانی سے پیش آئے گا۔

* * *

گھریلو جھگڑوں کے خاتمہ کیلئے انوکھا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ ہمیشہ سلامت رہیں' معاشرے میں جو جو مسائل عام ہیں آپ ہمیشہ اس کو اجاگر کرتے ہیں۔ میرے پاس ایک نہیں کئی وظائف ہیں اس لئے کیونکہ میرے پاس عبقری 2013ء سے ہے میرے پاس آپ کی کتابیں خاص طور پر ''کالا جادو کالی دنیا جدید تحقیقات اور وظائف اولیاء'' باکمال ہے۔ اس میں بے شمار عمل میرے آزمائے ہوئے اور تیر بہدف ہیں۔ خاص طور پر بندشوں پر جو آپ نے عمل لکھا ہے کبھی خطا نہیں جاتا۔ پچھلے تین سالوں سے لوگوں میں یہ عمل کر کے بھی اور کروا کر بھی بہت دعائیں سمیٹ رہی ہوں۔ نہ چاہتے ہوئے بھی لوگ اپنے مسائل لاتے ہیں اور نہ چاہتے ہوئے بھی میں ان کو وظائف دیتی رہی۔ بہت سے اعمال کی زکوٰۃ ادا کر چکی ہوں۔ وظیفہ عمل بتانے تو لگی ہوں مگر یقین کریں پورا مہینہ سوچتی رہی ہوں کہ لکھوں یا نہیں؟ وجہ یہ کہ لوگ کہیں اس کا غلط فائدہ نہ اٹھائیں۔ ایسا باکمال عمل ہے۔ آپ کی امانت ہے تو آپ کو نہ بتائیں تو خیانت ہے۔ یہ عمل آپ کی شہرہ آفاق کتاب ''کالی دنیا کالا جادو جدید سائنسی تحقیقات اور وظائف اولیاء'' میں صفحہ نمبر 182 پر ہے۔ برائے حب، سورۃ النمل آیت نمبر 31 کو 70 بار پڑھنا ہے۔

آیت یہ ہے:۔

اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ ﴿نمل ۳۱﴾

مطلب اگر آپ ہار چکے ہیں تو آخری وظیفہ یہی ہوگا۔ آپ کا بتایا یہ عمل میں نے 3 سال سے آزمایا ہے بہت سے لوگوں پر، کبھی میں نے ناجائز نہیں کرکے دیا۔ شائد اسی لئے یہ عمل کبھی خطا نہیں گیا۔ اب جو ناجائز کرے وہ جانے اس کا رب جانے۔ آئندہ بھی لکھتی رہوں گی اور بھی بہت سے موتی ہیں جو آپ کے ہی دیئے ہوئے ہیں۔ شکریہ

* * *

آیت پڑھیں، پانی پر دم کرکے پلادیں اور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میاں بیوی کی محبت کے لئے وظیفہ ارسال کرنے کو کہا تھا تو ایک آزمودہ وظیفہ پیش خدمت ہے۔ (وَمِنْ اٰیٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَ جَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّ رَحْمَةً) (الروم 31)

میاں بیوی میں محبت ہونے کے لئے اس آیت شریفہ کو سات سو سات (707) دفعہ سات دن تک یا 17 دن تک پڑھنا پھر جس کو اپنا کرنا مقصود ہو اسے پانی یا کسی اور چیز پر دم کرکے کھلانا یا پلانا نہایت مجرب اور مفید ہے۔ اعتقاد اور خلوص نیت شرط ہے۔ عمل بہت مجرب اور مفید ہے۔ نوٹ: یہ عمل صرف جائز کیلئے کرسکتے ہیں ناجائز کرنے والا کو سخت نقصان کا اندیشہ ہے۔

نفرتوں رنجشوں کا یقینی خاتمہ! نقش آزمالیں

میاں بیوی میں باہمی محبت کے لئے اور ناچاکی دور کرنے کے لئے یہ نقش بے انتہا مفید ہے۔ نقش کے نیچے فلاں بن فلاں کی جگہ اگر بیوی استعمال کرے تو شوہر اور

اس کی ماں کا نام لکھے اور یہ آیت وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ الانفال ۶۳ 313 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور نقش کو اچھی طرح موم جامہ کر کے اگر مرد استعمال کرے تو بازو پر باندھ لے اور اگر عورت استعمال کرے تو گلے میں پہنے اور روزانہ 101 مرتبہ یا 313 مرتبہ کسی بھی نماز کے بعد یہ آیت ورد میں رکھے ان شاء اللہ آپسی محبت میں اضافہ ہوگا۔ نفرتوں رنجشوں کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کسی کے گھر میں ہر وقت لڑائی رہتی ہو تمام گھر والے دست گریباں رہتے ہوں، بھائی بہن ماں باپ سب لڑتے ہوں غرض کہ گھر کا ماحول میدان جنگ معلوم ہوتا ہو تب بھی اس آیت کو 1100 مرتبہ کسی بھی چیز مثلاً پانی، نمک، شکر وغیرہ پر دم کر کے تمام گھر والے استعمال کریں۔ انشاءاللہ کچھ ہی دنوں میں گھر خوشیوں کا گہوارہ بن جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۸۶۸	۸۸۲	۸۷۸	۸۷۵
۸۷۹	۸۷۴	۸۶۹	۸۸۱
۸۷۳	۸۷۶	۸۸۴	۸۷۰
۸۸۳	۸۷۱	۸۷۲	۸۷۷

یہاں شوہر اپنی بیوی کا اس کی والدہ کے نام کے ساتھ لکھے یا بیوی اپنے شوہر اور اس کی والدہ کا نام لکھے۔

* * *

میاں بیوی کی باہم محبت کے لئے اعمال

زوجین کی محبت اسلامی معاشرے کا بنیادی جزو ہے تاکہ بہترین مومنین کی امت پروان چڑھے۔ زوجین کا باوضو رہنا، روزانہ حسبِ توفیق صدقہ کرنا، کثرت سے استغفار کرنا، روزانہ کسی بھی وقت نمازِ حاجت کا اہتمام کرنا رزقِ حلال کا استعمال کثرت ذکر اور بااہتمام مسنون دعائیں پڑھنا، صبر حکمت اور نماز سے مدد طلب کرنا بنیادی اعمال ہیں۔

سورۃ یوسف کی آیت حُب نمبر 30 (قَدْ شَغَفَهَا حُبّاً ط) ہر نماز کے بعد 121 بار پڑھی جائے۔ سورۃ البقرہ 165 (وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبّاً لِلّٰہِ) کثرت سے پڑھیں۔(یَا وَدُوْدُ) اول وآخر طاق درود شریف کی بعد روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر دعا کریں۔روزانہ صبح شام 100 مرتبہ (لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ) پڑھنے کا اہتمام کریں۔آیت کریم 40 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ (یَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ)70 مرتبہ پڑھ کر دعا مانگیں۔میاں بیوی دونوں روحانی غسل کا اہتمام کریں۔وضو کے بعد 3 گھونٹ دونوں میاں بیوی باہم محبت کی نیت سے پیئیں۔سورۃ الکوثر 129 مرتبہ روزانہ باقاعدگی سے پڑھیں۔صبح وشام روزانہ 100 مرتبہ (یَاخَالِقُ یَالَطِیْفُ یَا وَدُوْدُ) پڑھیں۔(یَاوَدُوْدُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اِنَّکَ رَحِیْمٌ وَّدُوْدُ) (ج۔ر)

* * *

شوہر کی نوکری کا مسئلہ حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے شوہر کو کہیں نوکری نہیں مل رہی تھی۔ ہم نے بذریعہ خط آپ کو تمام مسائل سے آگاہ کیا تو آپ نے ہمیں سورۂ فاتحہ کا وظیفہ دیا جو کہ اس طرح پڑھنا تھا کہ اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف' ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص' سارا دن باوضو زیادہ سے زیادہ پڑھیں۔ میں نے اور میرے شوہر نے یہ عمل شروع کر دیا۔ الحمدللہ شوہر کی نوکری کا مسئلہ حل ہوا۔ مشکلات کے باوجود نوکری الحمداللہ چل رہی ہے۔

آپ نے کہا تھا کہ جو بھی چیز خریدو اس کا صدقہ بھی دیا کرو۔ ہم نے زمین خریدی ابھی رقم پوری نہیں دی تھی، آدھی رہتی تھی، میں نے 5 ہزار صدقہ دے دیا۔ تو ماشاءاللہ سے پوری رقم کی ادائیگی سے پہلے ہی 2 لاکھ کا فائدہ ہو گیا۔

میاں بیوی کی محبت کے لئے:

میں نے یہ عمل میاں بیوی کی محبت کیلئے بہت زیادہ آزمایا ہے۔ سارا دن کھلا پڑھیں۔

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ (طٰهٰ 39)

کسی افسر یا حکمران کے سامنے جانے کیلئے:

(وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿یوسف ۱۸﴾) تین بار پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے ماتھے پر اوپر سے نیچے کی طرف لکیر لگائیں۔ کسی بھی افسر یا حکمران کے سامنے جانے سے پہلے وہ آپ کی بات مان جائے گا۔

* * *

حوالہ جات

ہیڈنگ	مضمون نگار کا نام	شمارہ ماہنامہ عبقری
نظر کا مسنون علاج	(رشیدہ خانم)	(اکتوبر2013)
لاعلاج جادو کا علاج	(عائشہ کلثوم)	(دسمبر2013)
حاسدین کے حسد سے بچنے کے لیے	(ایک بندہ خدا، واہ کینٹ)	(دسمبر2013)
سورۃ الرحمن پڑھیں جنات سے بچیں	(طاہر محمود، عارف والا)	نومبر2013
جنات کی حاضری	(نصر اللہ معاویہ، بورے والا)	جون2014
نظر بد کا عمل	(1۔ج)	(جنوری2014)
نظر بد، سر، آنکھوں کے درد کا شافی روحانی علاج	(محبوب احمد، لودھراں)	(جنوری2014)
نظر بد سے اب گھبرانا چھوڑیں!	(ح۔ش)	(جنوری2014)
ہر حاجت اور جادو کے توڑ کیلئے	(ف۔ن)	(جنوری2014)
منزل سے جادو جنات کا علاج	حکیم عاشق حسین، کراچی	جنوری2014
ایٹم بم وظیفہ اور کالے جادوگر کی معافیاں	صہیب احمد ہاشمی ایڈووکیٹ	دسمبر2012
جادو کے ذریعے ہونے والی طلاق کا آیات قرآنی کے ورد سے بچاؤ	(حکیم مہتاب حسین دہلوی)	جنوری2013
بسم اللہ سے بندشوں کا حل	محمد عمران اسحاق، کراچی	جنوری2013
جادوگر تھا......یا......اللہ کا فضل تھا	(نصیر احمد، ایبٹ آباد)	جنوری2013
14 سالہ پرانا کالا جادو اور بندشیں کیسے ٹوٹیں	(محمد بلال نقشبندی، چکوال)	جنوری2013
ایک عامل کی آپ بیتی	(م۔ا۔ب، ملتان)	جنوری2013
یَاحَفِیْظُ سے جادو ختم اور بندش ٹوٹی	(م۔ا۔ب، ملتان)	جنوری2013
حضور نبی اکرم ﷺ کے خط کے کمال	(م۔ا۔ب، ملتان)	جنوری2013

جادو و جنات کی بندشیں، ایک خط سے نجات	(حکیم عاشق حسین فاروقی' کراچی)	جنوری 2013
تہدیدی نامے نے مکار عاملین سے جان چھڑوادی	(حکیم عاشق حسین فاروقی' کراچی)	جنوری 2013
بیوی بے گناہ نکلی......!!!	(حکیم عاشق حسین فاروقی' کراچی)	جنوری 2013
شادی میں رکاوٹ ڈالنے والا جن	(ج، چ، اوکاڑہ)	(جون 2013)
لڑکی پر آیا جن اور یا قہار	(س، کوہاٹ)	(جون 2013 ص 9)
غیر مسلم جنات اور یا قہار کا عمل	(مرزا فصیح الدین، سکھر)	(ص 9 جون 2013)
موتی مسجد کے جنات نے جھاڑا کیا	(ماسٹر تسلیم رضا حسین، شجاع آباد)	ص 10 جون 2013
یا قہار کا ورد اور رونے کی آوازیں	(ش، سپ)	جون 2013
یا قہار کی کیا بات ہے!	(ر۔ گ)	(جون 2013
نظر بد کے قاتل وار اور ان کا شافی علاج	صہیب احمد ہاشمی	جنوری 2015
جادو جنات میں مبتلا ایک نامور ڈاکٹر	ڈاکٹر ن۔ م	جون 2013
بیماری، جھگڑے، جادو جنات کیلئے وظیفہ درود	آفتاب احمد عرف اسرار علی	اگست 2015
سخت ترین خطرناک جادو کا پلٹنا	ح۔ م۔ ع	اگست 2015
رشتوں کی بندش و جادو ختم	پوشیدہ	اگست 2015
ایک چھوٹی سی آیات، بڑا کام، قارئین عبقری کے نام	کلیم اللہ شیخ' پہاڑ پور	اپریل 2016
آیۃ الکرسی، دل قرآن سے شفاء	ج۔ ر	اپریل 2016
سخت جادو سے جان چھوٹ گئی!	(ش، ل)	
بندش و شدید کالا جادو نجات صرف دو انمول خزانہ	پوشیدہ	جون 2015
سخت ترین سفلی جادو کیسے پلٹا؟	عبداللہ غوری	جولائی 2016
جعلی عامل اور جادو سے جان چھڑوائی؟	م۔ ا، کراچی	نومبر 2016
جادو جنات سے چھٹکارا پانے والے	پوشیدہ	نومبر 2016

دو انمول خزانے نے بائیس سال پرانا جادو ختم کر دیا		دسمبر 2014
افحسبتم اور اذان کے عمل نے جنات کو چیخنے پر مجبور کر دیا	(محمد فاروق اعظم، حاصل پور)	اپریل 2014
بال بال جنات کے جادو سے اٹا ہوا	(محمد سلیم)	(جون 2014)
جسمانی درد اور جنات سے حفاظت	(صہیب ہاشمی، ایڈووکیٹ گوجرانوالہ)	(اگست 2012)
جنات سے نجات اور عبقری کا وظیفہ	(توقیر حیدر)	(فروری 2012)
آیت الکرسی کی برکت سے چڑیل بھاگ گئی	(ذوالفقار علی، لیہ)	(مئی 2011)
جانوروں کو لگی نظر بد کا علاج	(محمود فرمان، شرقپور)	
جادو کے توڑ کیلئے تلوار سے تیز عمل		جون 2015
سحر جادو سفلی کا اثر ختم		مارچ 2016
جادو جنات آسیب ختم		مارچ 2016
نظر بد سے نجات کا ایک عمل آپ کی خدمت میں	(مقدسہ حیدر)	
میاں کو محبت پر مجبور کرنے والا عمل	(محمد فاران ارشد بھٹی، مظفر گڑھ)	جنوری 2018
ہر مقصد میں کامیابی کا انوکھا تعویذ	(حکیم محمد طاہر، حیدر آباد)	جنوری 2018
نمک کی ڈلی سے سخت جادو اور نظرِ بد ختم	(حکیم محمد طاہر، حیدر آباد)	جنوری 2018
خاص الخاص عمل میاں بیوی کی محبت کیلئے	(شاہد علی، منچن آباد)	جنوری 2018
رشتہ تو ہو گیا مگر شوہر سے نہ بنتی تھی	(محمد عدیل جُرمی، سرگودھا)	جنوری 2018
میاں بیوی کی محبت کا خاص عمل	(محمد عدیل جُرمی، سرگودھا)	جنوری 2018
گھریلو جھگڑوں کے خاتمہ کیلئے انوکھا عمل	(سیدہ علیزہ فاطمہ، پاکپتن شریف)	جنوری 2018
شوہر کی نوکری کا مسئلہ حل	(غ۔ش)	جنوری 2018

* * *

جادو جنات اسلام اور جدید سائنس

ایسے لوگ جو حاسدین سے تنگ ہیں، جادو اور جادو گروں سے ڈسے ہوئے ہیں، جنات نے ان کی زندگی برباد کر دی ہے، کاروباری رکاوٹ اور روز بروز زوال، رشتوں کی بندش، بیرونِ ملک جانے میں رکاوٹ، گھریلو جھگڑے آپس کی ناچاقی، اولاد کی نافرمانی اور غم، مسلسل بیماریاں اور پریشانیاں، ہر کام الٹا ہونا اور رکاوٹ، زندگی کے ہر موڑ پر مایوسی و ناامیدی کا سامنا، تعویذات کے اثرات، سحر و آسیب، اولاد کا نہ ہونا، جادو ٹونا، کالے اور شیطانی جادو کے زور کو ختم کرنا، ان تمام مسائل کا حل اس کتاب میں ہے۔ سب سے دلچسپ اور اہم بات یہ ہے کہ ہر غیر شرعی کام، شرک اور بدعت کے عمل کا توڑ اس کتاب میں ہے اور کوئی غیر شرعی عمل اس میں نہیں ہے۔ اس کتاب میں کیا ہے آئیے تھوڑی سی ورک گردانی کرتے ہیں: ۔ ☆ ایک ناکام عامل صوفی صاحب ☆ روحانی وظائف کے ذریعے تعویذات کے اثرات بد سے نجات ☆ ہر قسم کے جادو کیلئے سورۃ مزمل کا عمل ☆ خون کے چھینٹوں سے نجات کیلئے وظیفہ ☆ ”کالے جادو کے ماہر کی زندگی تباہ اور اولاد ہو جاتی ہے“ عبرتناک واقعات ضرور پڑھیں! ☆ کیا عورتوں کو آسانی سے بیوقوف بنایا جا سکتا ہے؟ دلچسپ مضمون ☆ عملیات کے ذریعے کاروباری بندش کا واقعہ ☆ مخصوص انداز میں ہاتھ ملا کر دوسرے عامل کا عمل چھیننا ایک انوکھی حقیقت...... ☆ گھریلو عداوتیں وظائف کے ذریعے ختم ہو سکتی ہیں...... ☆ میاں بیوی کے درمیان محبت پیدا کرنے کا وظیفہ ☆ کھوکھ کی بندش کا علاج...... ضرور پڑھیں! ☆ نظر نیک انسان کی بھی لگ جاتی ہے...... یہ حقیقت ہے ضرور پڑھیں! ☆ علامہ ڈاکٹر محمد اقبال کی مجلس میں ایک روح کی آمد...... ☆ سحر جنون کیسے ہو جاتا ہے......؟ ایک ایسا راز جو شاید پہلے آپ کو معلوم نہ ہو...... اور ایسے ہی بے شمار راز جن کو پڑھ کر آپ کروٹ بدلنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ (قیمت صرف 400/- روپے علاوہ ڈاک خرچ)

پرسکون زندگی کی تلاش نبوی طریقے اور جدید سائنس

پرسکون زندگی کی تلاش کسے نہیں چاہیے ہر شخص اس کا متلاشی ہے دولت، سکون، آرام اور آسائش کیلئے تو اکٹھی کی جاتی ہے لیکن قارئین یاد رکھیں فرق صرف اتنا ہے کہ ایک آسائش ہے دوسرا آرام ہے یہ دو مختلف چیزیں ہیں اگر ایک انسان کے پاس دنیا کا سارا سامان راحت ہے لیکن گھر میں چین نہیں تو یہ گھر جنت نہیں بلکہ جہنم بنا ہوا ہے اسی طرح اگر آسائش کا سامان نہیں کوٹھی، کار مکان نہیں لیکن آرام ہے سکون ہے، کوئی فکر نہیں بظاہر آسائش سے محروم ہے لیکن حقیقت میں جنت ہے تو آئیے ہم وہ زندگی لیں جس میں آرام ہو تو پھر یہ آرام نبوی ﷺ کی زندگی ہی میں میسر ہے۔ اگر آپ کے پاس آسائش ہے اور آرام نہیں تو نبوی ﷺ کو اپنا لیں آسائش کے ساتھ آرام بھی مل جائے گا تو آئیے دیکھیں اور طریقہ وہ عمل ہم بتلاتے ہیں جس کے کرنے سے انسان آرام کو خاص کر لیتا ہے لیکن شرط یہ ہے جس طرح آسائش کو حاصل کرنے سے انسان کو محنت کا سامان لانا پڑتا ہے اس کے بقدر یہاں محنت کم اور فائدہ زیادہ ہوگا۔ آئیے اس کتاب کے چند صفحات کی سیر کرتے ہیں:۔

☆ آئیڈیل زندگی اور خوشی کا تصور ☆ بھینسوں کی نفسیات ☆ ذہنی الجھنیں کیوں پیدا ہوتی ہیں؟ ☆ باہمی تعلقات میں کامیابی کا راز ☆ یوگا سے طاقت اور جوانی ☆ شخصیت تبدیل کرنے کی تکنیک ☆ دھیمی خودکشی ☆ کیا خواب سچے بھی ہوتے ہیں؟ زندگی تو تجربات کی بھٹی ہے۔ ☆ دولت دُنیا... یا ذہنی سکون؟ ☆ ناشگوار احساسات سے جان چھڑائیں ☆ آپ کے آئیڈیل آپ کے قاتل ☆ دائمی اور حقیقی خوشی ☆ خوشی اور غم ساتھ ساتھ ☆ صرف محسن انسانیت ﷺ کی زندگی آئیڈیل زندگی ہے۔ قارئین! یہ کتاب کے صرف چند صفحات کی ہیڈنگز ہیں باقی کتاب میں کیا کیا موتی ہوں گے ان موتیوں کو حاصل کرنے کیلئے ابھی اپنی کاپی بک کروائیں۔ **(قیمت -/250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)**

کالی دنیا کالا جادو

وظائف اولیاء اور سائنسی تحقیقات

جادو حسد سے پیدا ہوتا ہے حسد کی تعریف مفہوم اور وضاحت ☆ ایک بڑے جن کا تفصیلی مکالمہ اور گفتگو جو دلچسپ بھی اور معلوماتی بھی ☆ ایک اور جن کی گفتگو' جب شیخ نے دم کیا تو وہ سامنے آگیا۔ بہت ہی حیرت انگیز ہے۔ ☆ اور اس گفتگو میں بتایا گیا ہے کہ جنات کیوں چمٹ جاتے ہیں اسے ہم جن کی کہانی خود اس کی زبانی کہیں گے۔ ☆ ایک جن نے کہا کہ مجھے اس کی گرل فرینڈ نے جادو کے زور پر اس کی طرف بھیجا ہے۔ یہ انوکھا واقعہ ہے نظر بد کے سچے بیتے واقعات کہ مرغیاں مرگئیں اور گائے پتھرا گئی' کاروبار تباہ' بیٹے کا ایکسیڈنٹ اور خود ڈاکٹروں کا محتاج ہوگیا۔ ☆ شعبدہ باز جادوگروں کے راز فاش ہوتے ہیں۔ یہ واقعات اس لیے پڑھنا ضروری ہیں کہ کہیں ہم کسی کے ہاتھوں جان مال' عزت اور ایمان نہ لٹا بیٹھیں۔

قارئین! سینکڑوں صفحات پر محیط یہ خاص نمبر ہے آپ کو صرف 21 صفحات کا ہلکا سا تعارف کرایا ہے سوچیں اس کے سینکڑوں صفحات میں کیا انکشافات ہوں گے۔ ایک خاص بات :۔ ایک قدیم پرانی ذاتی بیاض اور ایک روحانی عامل کی آزمودہ ذاتی کتاب جو تقریباً 278 صفحات پر مشتمل ہے جو ایک بار چھپ کر تقریباً 50 سال سے پھر نہیں شائع ہوئی اور گمنام ہوگئی وہ پرانی خاص الخاص بیاض اور روحانی زبردست عامل کی ڈائری من وعن خاص نمبر میں شائع کررہے ہیں۔ اس کے ساتھ تقریباً 120 صفحات کا ایک انمول خزانہ جو ایک صدی پرانے روحانی اور دینی خاندان کے معمولات میں چلا آرہا ہے۔ وہ بھی اس بیاض میں شامل کررہے ہیں تاکہ یہ خاص نمبر ایسا خاص نمبر ہو کہ صدیوں لوگوں کے دکھوں کا مرہم بنے۔

صفحات 1000 سے زائد اور قیمت صرف 700 روپے علاوہ ڈاک خرچ)



کشف اور پُراسرار
روحانی قوتوں کا حصول

تحقیق وتالیف
شیخ الوظائف
حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی



سو اولیاء اللہ کے
مشکل کشاء وظائف

تحقیق وتالیف
شیخ الوظائف
حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

عامل کامل
بننے کے راز

تحقیق وتالیف
شیخ الوظائف
حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

گھریلو الجھنوں کا
روحانی اور قرآنی علاج

تحقیق وتالیف
شیخ الوظائف
حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی



ہزار سال پرانے
طبی و روحانی بھید

تحقیق وتالیف
شیخ الوظائف
حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی



باکمال عاملین کے
بے مثال تجربات

تحقیق وتالیف
شیخ الوظائف
حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی


جنات سے
سچی ملاقاتیں

جادو جنات کے
پراسرار حقائق اور
آزمودہ روحانی علاج


اوراد وظائف
کے آنسو اور فریادیں


خاندانی حالات
میرا خاندانی پس منظر


جادو جنات اسلام
اور جدید سائنس

جادو کیسے ہوتا ہے
کیسے ٹوٹتا ہے؟


جنات کا پیدائشی دوست


جنات کی چوریاں روکنے
کا فیصلہ کن عمل

میرے
طبی زندگی
کے ثمرات

620

دفتر ماہنامہ "عبقری"

مرکز روحانیت وامن، عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور
فون: 042-37425801, 0322-4688313
Email: contact@ubqari.org, Website: www.ubqari.org